نمازِ پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم

جس میں مسائلِ نماز کو قرآنِ مجید، احادیثِ مُبارکہ اور آثارِ صحابۂ کرام علیہم الرضوان سے مُدلّل کیا گیا ہے

تالیف: الشیخ مُحمد الیاس فیصل مدینہ منورہ

مکتبہ قاسمیہ

Marfat.com

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

Marfat.com

قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صلوا کما رأیتمونی أصلی
رواہ البخاری

نمازِ پیمبر
صلی اللہ علیہ وسلم

جس میں مسائلِ نماز کو قرآنِ مجید، احادیثِ مبارکہ
اور آثارِ صحابہ کرام علیہم الرضوان سے مدلل کیا گیا ہے

تالیف

شیخ محمد الیاس فیصل مدینہ منورہ

مکتبہ قاسمیہ
الفضل مارکیٹ ۱۷- اُردو بازار لاہور
Ph: 042-37232536, 0321-4220554

Marfat.com

297.9921
ن 66 ا
140891
ا

اس کتاب کے جملہ حقوق تحریری معاہدہ کے
تحت بحق مکتبہ قاسمیہ محفوظ ہیں

نام ..... نمازِ پیمبر ﷺ

مصنف ..... الشیخ محمد الیاس فیصل مدینہ منورہ

اشاعت ہفتم ..... فروری 2016ء

باہتمام ..... حافظ فہیم الدین

ناشر ..... مکتبہ قاسمیہ

قیمت .....

Marfat.com

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر
پیش لفظ	15
دیباچہ	17
کچھ کتاب کے بارے میں	19
احادیث کتاب سے متعلق	21
مقدمہ	22
زعماءامت کی آراء	
طہارت کا بیان	51
پانی کی اقسام	51
آداب استنجاء	54

Marfat.com

بچے کا پیشاب	57
بچی کا پیشاب	57
غسل کا بیان	60
غسل کا مسنون طریقہ	60
فرائض غسل	60
منی سے متعلقہ مسائل	61
حیض	62
نفاس	66
وضو کا بیان	67
فضیلت	67
فرائض	68
سنتیں	68
نواقض وضو	72
موزوں پر مسح	75
مدت مسح	76
مسح کا طریقہ	76
جرابوں پر مسح	77
تیمم کا بیان	83

Marfat.com

تیمم کا طریقہ	83
اوقات نماز	84
ظہر کا مسنون وقت	86
عصر کا مسنون وقت	89
مغرب کا مسنون وقت	90
عشاء کا مسنون وقت	90
فجر کا مسنون وقت	90
اسلاف امت کا عمل	91
اوقات مکروہہ	92
اذان کا بیان	94
فضیلت واہمیت	94
تاریخ اذان	94
کلمات اذان	95
اذان میں شیعی اضافہ	97
اہل بدعت کا اضافہ	98
مسنون کلمات	100
اذان کا جواب	103
اذان کی دعا	103

Marfat.com

اقامت کا بیان	104
مسنون کلمات	104
اقامت کا جواب	105
انگوٹھے چومنا	107
نماز کی مسنون ترکیب	108
لباس	110
سر ڈھانپنا	111
قبلہ رو ہونا	112
قیام	113
نیت	113
تکبیر	113
ہاتھوں کو اٹھانا	114
ہاتھ باندھنے کا طریقہ	115
افضل ثناء	120
تعوذ	122
تسمیہ	122
سورۃ فاتحہ	125
منفرد فاتحہ پڑھے	125

Marfat.com

مقتدی فاتحہ نہ پڑھے	128
بارہ دلائل	128
چند بنیادی حقائق	156
خلاصۂ کلام	156
آمین	158
سورۃ ملانا	164
ظہر وعصر میں آہستہ قرآت	166
رفع یدین (ہاتھوں کو اٹھانا)	167
دس دلائل	167
چند بنیادی حقائق	185
نتائج تحقیق	185
رکوع	187
مسنون کیفیت	187
رکوع کی تسبیح	189
تسمیع وتحمید	189
سجدہ	191
سجدہ کی تسبیح	191
اعضاء سجدہ	192

Marfat.com

جلسہ	193
قیام یا جلسہء استراحت	193
قعدہ	196
تشہد	197
انگلی کا اشارہ	198
قیام	199
درود شریف	200
دعا	201
سلام	202
امام کا متوجہ ہونا	203
مسنون تسبیحات	203
دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا	205
سجدہء سہو کا طریقہ	208
سجدے کی چند صورتیں	212
نماز میں گفتگو	213
شرائط نماز	215
فرائض نماز	216
واجبات نماز	216

Marfat.com

نماز کی سنتیں	217
مکروہات نماز	218
فضیلت جماعت	220
جماعت چھوڑنے کی وعید	221
معیار امامت	221
صف بندی	222
صف اول کی فضیلت	222
امام کی اقتداء	223
سترہ کا بیان	224
نقشہ رکعات نماز	226
ظہر کی رکعات	227
عصر کی رکعات	228
مغرب کی رکعات	228
عشاء کی رکعات	229
وجوب وتر	231
قضاء وتر	232
رکعات وتر	233
دعاء قنوت	235

Marfat.com

رکوع سے پہلے قنوت	237
قعدہء اولی یا سلام	240
رکعات فجر	242
سنن فجر کی ادائیگی	242
جمعہ کی فضیلت	246
جمعہ نہ پڑھنے کی سزا	246
خطبہء مسنونہ	247
رکعات جمعہ	249
مسنون قراءت	252
تراویح	254
تراویح کی تعریف	254
تراویح عہد نبوی میں	254
نماز تراویح خلافت راشدہ میں	257
نمازِ تراویح کی چودہ سو سالہ تاریخ	268
مسجد حرام میں	268
مسجد نبوی میں	269
دو سوال	273
مخلصانہ نصیحت	274

Marfat.com

شبہات کا ازالہ	275
شب قدر	280
نماز تہجد	281
نماز اشراق	282
مغرب وعشاء کے درمیان نوافل	285
بیٹھ کر نوافل پڑھنا	285
نماز عیدین	286
طریقہء نماز	287
چار تکبیریں	287
مسافر کی نماز	292
مسافت کی قصر	293
مدت قصر	294
جمع بین الصلاتین	295
چاند وسورج گرہن کی نماز	300
نماز استسقاء	302
نماز حاجت	304
نماز تسبیح	305
نماز استخارہ	305

Marfat.com

نماز توبہ	307
نماز جنازہ	309
آخری لمحات کا مسنون عمل	309
موت کے بعد کا مسنون عمل	310
طریقہء نماز جنازہ	311
رفع یدین	314
غائبانہ جنازہ	315
خاتمہ	317

Marfat.com

پیش لفظ

مسلمانان برصغیر کی اکثریت احناف اہل السنۃ والجماعۃ پر مشتمل ہے، امت کی اس عظیم طاقت اور وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے لئے انگریز استعمار نے برصغیر میں اپنے بعض خطاب یافتہ، شمس العلماء، خاں بہادر نواب، نواب وقار نواز جنگ بہادر..... وغیرہ افراد کو استعمال کیا، جنہوں نے نماز کے بعض فروعی مسائل کو بنیاد بنا کر یہ پروپیگنڈہ شروع کر دیا کہ احناف کی نماز امام ابوحنفیہ کے اقوال پر مبنی ہے اور دلائل حدیث سے ثابت نہیں، یا یہ کہ ان کے دلائل ضعف احادیث پر مشتمل ہیں..... نتیجۃً بعض لوگ اپنی کم عقلی یا کم مائیگی کی وجہ سے اس پروپیگنڈہ سے متاثر ہونے لگے اور استعماری مفادات کی تکمیل کے لئے ایک نیا فرقہ معرض وجود میں آ گیا، صد افسوس کہ امت اسلامیہ کی بدلتی ہوئی عالمی صورتحال اور اس کے تقاضوں سے بے خبر اس نومولود فرقہ کی سرگرمیاں تا ہنوز جاری ہیں جو ہر گلی محلہ میں ان فروعی اختلافات کو اجاگر کر کے امت میں تفریق وانتشار کی خلیج کو وسیع تر کر رہا ہے، اور ریت کے ڈھیر کے پیچھے بیٹھ کر آہنی دیواروں پر پتھر پھینک رہا ہے۔

اس پس منظر میں یہ ضرورت محسوس کی گئی کہ احناف اہل السنۃ والجماعت کے دلائل کو ایک کتابی دستاویز کی صورت میں جمع کر دیا جائے تا کہ حنفی حضرات اس کو پڑھ کر ان کے منفی پروپیگنڈے سے محفوظ رہیں، نیز مخالفین کا یہ پروپیگنڈہ اگر کسی غلط فہمی اور اخلاص کی بناء پر ہے تو وہ بھی اپنی معلومات درست کر لیں اور امت مسلمہ کی حالت زار پر رحم کرتے ہوئے اس کا شیرازہ مزید بکھرنے سے رک جائیں۔ اس کتاب کی اشاعت کے

Marfat.com

پہلے دن سے ہم یہی آس لگائے بیٹھے ہیں مگر ع

اے بسا آرزو کہ خاک شد

کے مصداق ماحول گواہ ہے کہ اس نومولود استعماری فرقے کے طرزِ عمل میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، جس سے واضح اشارہ ملتا ہے کہ ان کے اس تفریقی طرزِ عمل کے اصل محرکات کچھ اور ہیں اور ان کی ڈوری کہیں اور سے ہل رہی ہے۔

اس سب کے باوجود ہم پرامید ہیں کہ اس گروہ میں اگر ایک شخص بھی مخلص اور حقیقت پسند ہوا تو وہ میدان میں اترے گا اور اپنے متعصب واعظوں اور کم علم اماموں کو مخاطب کر کے کہے گا:

تم نے باور کرایا تھا کہ ہم غیر مقلدوں کی نماز صحیح بخاری وصحیح مسلم سے ثابت ہے اور حنفیوں کے پاس امام ابوحنیفہ کے اقوال کے علاوہ کوئی دلیل نہیں، ہم کم علم تمہاری اندھی تقلید میں تم پر اعتماد کر بیٹھے لیکن جب نماز کے دلائل سے متعلق احناف کی کتابوں کا غیر جانبدارانہ مطالعہ کیا تو ہماری آنکھیں کھل گئیں اور یقین ہو گیا کہ تم نے ہمیں اندھیرے میں رکھا۔ تمہارے بلند بانگ دعوؤں کی حقیقت سراب نکلی۔

الغرض کتاب ''**نمازِ پیمبر** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' آپ کے سامنے ہے، جس کے مختلف ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کے نفع کو مزید عام کریں اور اس کے مؤلف وناشر کو بہتر اجر عطا کریں۔

فقیر الی اللہ

محمد الیاس فیصل عفا اللہ عنہ

۱۰/صفر ۱۴۲۵ھ

Marfat.com

دیباچہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے نماز پیمبر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے پہلے ایڈیشن کو قبولیت عامہ نصیب ہوئی کہ مختلف طبقوں میں اس کے مفید اثرات مرتب ہوئے۔ چونکہ نماز کی ادائیگی کے وقت جب آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کا مفہوم ذہن میں ہو تو نماز میں خشوع وخضوع کا پیدا ہونا ایک یقینی امر ہے جو کہ نماز کی روح ہے۔

نیز اس کتاب کو پڑھنے سے اہل سنت وجماعت کا یہ یقین مزید پختہ ہو گیا کہ ان کی نماز کا طریقہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے عین مطابق ہے۔

آج کل ایک ایسا گروہ بھی معرض وجود میں آ گیا ہے جن کے مذہبی افکار کا خلاصہ نماز کے چند اختلافی مسائل کو ہوا دینا ہے۔ ان کے ہاں سنت کا ایک نرالا معیار ہے کہ جو کام وہ خود کریں اسے سنت کا عنوان دیتے ہیں اور ہر اُس کام کو خلاف سنت گردانتے ہیں جس پر جمہور اہل اسلام عمل پیرا ہیں۔ ان میں اکثریتی طبقہ تو سادہ لوح اَن پڑھ عوام کا ہے جو اس اندازِ فکر کے حامل کسی بھی امام مسجد یا واعظ کے مقلد ہیں۔ جب کہ دوسرا طبقہ وہ ہے جو ابتدائی قسم کی سطحی معلومات رکھتا ہے اور بعض مصنّفین وواعظین کی تقلید کی وجہ سے اس زعم میں مبتلا ہے کہ یہی طرز فکر حدیث سے ثابت ہے۔ ان میں تیسرا طبقہ اس مسلک کے ذمہ دار لوگوں پر مشتمل ہے جو اپنے مسلک کے بانی واکابرین کی تعلیمات اور ان کے

Marfat.com

وضع کردہ امتیازی اصولوں کو حرفِ آخر سمجھتا ہے اور اس ساری صورت حال کو عوام کی نظروں سے اوجھل رکھنے کے لئے یہ لوگ حدیث کے ساتھ اپنی وابستگی کا اظہار کرتے ہیں اور یہ تاثر دیتے ہیں کہ دوسرے تمام مسلمان حدیث پر عمل نہیں کرتے۔

اس صورت حال کے پیش نظر قرآن وحدیث اور آثار صحابہ کی روشنی میں نماز کے اہم مسائل کو مرتب کر دیا گیا تا کہ اس مغالطہ کا ازالہ ہو جائے۔ الحمد للہ کہ اول الذکر دونوں طبقوں پر اس کتاب کا مثبت اور مفید اثر ہوا۔ نیز انہیں اپنے موقف کی کمزوری کا احساس بھی ہوا۔

موجودہ ایڈیشن میں اس طرز فکر کے بانی وزعماء کی بعض تحقیقات بھی شامل کر دی گئی ہیں تا کہ تیسرا طبقہ بھی ان حقائق کا بغور جائزہ لے اور امت اسلامیہ کو مزید منتشر ہونے سے بچانے کی فکر کرے اور اتحاد بین المسلمین کی مساعی میں شریک ہو۔

اللہ تعالیٰ کی خصوصی عنایت شامل حال ہوئی کہ یہ ایڈیشن مفید اضافوں اور نئی کتابت وطباعت کے ساتھ منظر عام پر آیا۔ اس کتاب کا انفرادی مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ باجماعت نماز کے بعد چند احادیث کا سننا سنانا بھی بہت مفید رہے گا۔

آخر میں تمام مخلصین اور خصوصاً محترمی مولانا عبدالرؤف فاروقی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس ایڈیشن کی اشاعت میں دلچسپی لی۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مزید نافع اور زادِ آخرت بنائے۔ آمین یارب العالمین۔

محمد الیاس فیصل

ریاض الجنۃ، مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

المدینۃ المنورۃ

۱۶ رجب ۱۴۰۵ھ

بروز جمعہ سات بجکر پینتیس منٹ

Marfat.com

کچھ کتاب کے بارے میں

ضرورت کتاب

ایک عرصہ سے اردو زبان میں ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ جس میں مسنون نماز سے متعلقہ آیات واحادیث کو یکجاء جمع کر دیا جائے تا کہ:

۱- عوام وخواص کے ذہن میں پیدا ہونے والے اور پیدا کئے جانے والے شبہات رفع ہو سکیں۔

۲- نماز کے اہم مسائل اور دلائل سے ہر نمازی واقف ہو سکے۔

۳- نماز کے ہر رکن کی ادائیگی کے وقت جب ذہن میں یہ تصور ہو کہ پیغمبر عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع میں ایسا کر رہا ہوں تو خشوع وخضوع میں اضافہ ہوگا۔

انداز کتاب

کتاب کا انداز خالص علمی ہے، ہر مسئلہ کے ساتھ اس کی دلیل کا بھی ذکر ہے۔ کتاب کی ترتیب میں تفسیر وحدیث ودیگر علوم کی تقریباً ایک صد کتب سے مدد لی گئی ہے۔ بعض اختلافی مسائل کی تشریح وتوضیح اور دلائل کا موازنہ حاشیہ میں ذکر کر دیا گیا ہے۔ حدیث کی کتاب کا حوالہ دیتے وقت صفحہ نمبر درج کرنے کے بجائے متعلقہ باب کا ذکر کیا گیا ہے تا کہ مختلف ایڈیشنوں میں بوقت رجوع آسانی ہو، عربی عبارات کا ترجمہ بامحاورہ کیا گیا ہے۔ قاری کی آسانی کے لئے مضامین کے اصلی وفرعی عنوانات قائم کر دیئے گئے ہیں اور ہر ہر پیراگراف کو نمبر وار بیان کیا گیا ہے۔

Marfat.com

مشمولات کتاب

کتاب کا آغاز پانی سے متعلقہ مسائل سے ہوتا ہے پھر وضو اور غسل کے مسائل، اوقات نماز، اذان، نماز کے اہم مسائل اور صلوات خمسہ کے علاوہ دیگر فرض کفایہ، مسنون ونفل نمازوں کا ذکر بھی آ گیا ہے۔ اس طرح یہ کتاب اپنے موضوع میں کافی حد تک جامع ہے۔

Marfat.com

احادیث کتاب سے متعلق

ایک تجزیہ - ایک تنبیہ

اس کتاب میں کل اکتیس [۳۱] قرآنی آیات اور تین سو دس [۳۱۰] احادیث و آثار وارد ہیں، جن میں سے ایک سو سینتالیس احادیث صحیح بخاری شریف و صحیح مسلم شریف کی ہیں، جب کہ اٹھاسی احادیث صحاح ستہ کی دوسری چار کتب (سنن ترمذی، سنن ابی داؤد، سنن نسائی اور سنن ابن ماجہ سے لی گئی ہیں اور باقی پچہتر (۷۵) احادیث دیگر معتبر کتب حدیث، موطا امام مالک، سنن بیہقی اور طحاوی وغیرہ) سے نقل کی گئی ہیں، گویا نصف سے کچھ کم احادیث تو صحیح بخاری و صحیح مسلم کی ہیں، اور بقیہ احادیث کو نقل کرنے میں بھی صحت وثبوت کا اہتمام کیا گیا ہے، بلکہ بیشتر احادیث کے ساتھ حضرات محدثین کا تبصرہ بھی نقل کر دیا گیا ہے، کہ یہ حدیث سند صحیح کے ساتھ ثابت ہے۔ اس تحقیق و تجزیہ کا ایک فائدہ تو یہ ہے کہ کتاب کے مطالعہ کے دوران احادیث کی صحت وثبوت کے بارے میں قاری کا ذہن مطمئن ہوگا، دوسرا بعض لوگوں کی اس غلط فہمی کا مداوا بھی ہوگا جو انہوں نے احادیث نبویہ کے بارے میں پھیلا رکھی ہے کہ بلا تحقیق ہر اس حدیث کو ضعیف کہہ دیتے ہیں، جو ان کے مزعومہ موقف کے خلاف ہو۔

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مقدمہ

فرض مسلم

ہر مسلمان کا فرض منصبی ہے کہ عقیدۂ توحید ورسالت کو صحیح معنی ومفہوم کے ساتھ اپنائے رہے۔ نیز زندگی کے تمام پہلوؤں سے متعلق اسلامی تعلیمات سیکھے اور اپنی زندگی کو اس نظامِ الٰہی کے مطابق گزارے، دوسروں کو اس کی دعوت دے، اور اس نظام کے عملی قیام اور غلبہ کے لئے انفرادی واجتماعی کوشش کرتا رہے۔

زندگی کے رہنما اصول

یہاں یہ سوال ابھرتا ہے کہ مسلمان کی یہ پوری زندگی کن اصولوں کی پابند ہو۔ اس سلسلہ میں قرآن کریم کی یہ آیت کریمہ ہماری رہنمائی کرتی ہے۔

یاأیها الذین آمنوا أطیعوا الله وأطیعوا الرسول وأولی الأمر منکم فان تنازعتم فی شیء فردوه إلی الله والرسول إن کنتم تؤمنون بالله والیوم الآخر ذلك خیر واحسن تاویلا (النساء۔۵۹)

"اے ایمان والو، اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اور اپنے میں سے اہل اختیار کی اطاعت کرو۔ پھر اگر تم میں باہم اختلاف ہو جائے کسی چیز میں تو اس کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف لوٹا لیا کرو، اگر تم اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔ یہی بہتر ہے اور انجام کے لحاظ

140191

Marfat.com

سے بھی خوشتر ہے۔"

اس آیت کے ذیل میں امام رازی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ "دین کی سمجھ رکھنے والے حضرات کا کہنا ہے کہ شریعت کی چار بنیادیں ہیں۔

نمبر ۱: قرآن کریم.....نمبر ۲: سنت مطہرہ.....نمبر ۳: اجماع.....نمبر ۴: قیاس

اطیعوا اللہ سے مراد قرآن کریم ہے۔ اطیعوا الرسول سے سنت مطہرہ مراد ہے۔ واولی الامر منکم سے معلوم ہوا کہ اجماع امت حجت ہے اور "فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ والرسول" سے معلوم ہوا کہ قیاس حجت شرعیہ ہے۔ ❶

علامہ ابن خلدون فرماتے ہیں

واتفق جمهور العلماء ان هذه هی اصول الادلة وان خالف بعضهم فی الاجماع والقیاس الا انه شذوذ ❷

جمہور علماء اس بات پر متفق ہیں کہ بنیادی دلائل یہی چار ہیں گو کہ اجماع وقیاس میں بعض کو اختلاف ہے، لیکن اس اختلاف کی حیثیت شذوذ سے زیادہ کچھ نہیں ہے۔

مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

حضرات غیر مقلدین کے شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ تقلید شخصی کے عنوان کے ذیل میں لکھتے ہیں:

"عام رائے کے مطابق دین کے اصول چار ہیں۔ قرآن، حدیث، اجماع امت، قیاس مجتہد، سب سے مقدم قرآن شریف ہے پھر علی سبیل المراتب، قرآن وحدیث کو سمجھنے کے لئے علم لغت قواعد، صرف ونحو وعلم معانی، بیان، اصول فقہ وغیرہ ذریعے ہیں۔ جو مسئلہ

---

❶ تفسیر کبیر، رازی، ج ۱۰۔ ص ۱۴۳ تا ۱۴۷۔

❷ ابن خلدون، مقدمہ۔ ص ۴۰۳ طبع دار البیان۔

Marfat.com

قرآن حدیث سے بطریق مذکورہ ہماری سمجھ ناقص میں نہ مل سکے۔تو جس مسئلہ پر تمام امت کا اجماع ہوگا وہ قابل عمل ہے اور جو مسئلہ اس طرح بھی نہ مل سکے اس میں کسی مجتہد کا قیاس (بشرائط اصول فقہ جن کا ذکر آگے آتا ہے) قابل عمل ہوگا۔"[1]

ذیل میں اختصار کے ساتھ ہر ہر دلیل کی تشریح کی جاتی ہے۔

۱-قرآن

یہ وہ ضابطہ حیات ہے جو اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی دنیوی واخروی کامیابی کے لئے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتارا۔جن لوگوں نے اس سے فائدہ اٹھایا اور اپنی انفرادی واجتماعی زندگی کو اس کے مطابق گزارا انہیں متقین کا لقب دیا گیا۔

ذلك الكتاب لا ريب فيه هدى للمتقين (البقرہ،۲)

"یہ کتاب کہ جس میں کوئی شبہ نہیں۔متقین کے لئے ہدایت ہے۔"

مسلمان کی زندگی کے تمام معاملات میں قرآن کریم کو اولین اور بنیادی حیثیت حاصل ہے۔

وما اختلفتم فيه من شيء فحكمه الى الله (شوری،۱۰)

"اور جس چیز میں تم اختلاف کرتے ہو اس کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے۔"

۲-حدیث شریف

حدیث سے مراد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات ومعمولات ہیں نیز حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے وہ اعمال جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں ہوئے ہوں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر کسی قسم کا انکار نہ کیا ہو۔اس مکمل مفہوم میں حدیث کا تعلق وحی الٰہی سے ہے۔

وما ينطق عن الهوى إن هو الا وحى يوحى (النجم:۳،۴)

"اور وہ اپنی خواہش نفسانی سے باتیں نہیں کرتے، ان کا تو تمام تر

---

[1] ثناء اللہ امرتسری۔اہل حدیث کا مذہب۔ص ۵۴۔

Marfat.com

کلام وحی ہی ہے جو ان پر بھیجی جاتی ہے۔"

وحی قرآن اور وحی حدیث میں یہ فرق ہے کہ قرآن کریم کے مفاہیم والفاظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ ہیں، جب کہ حدیث میں صرف مفہوم ومعنی کی وحی ہوتی تھی جس کا اظہار آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات ومعمولات سے ہوتا تھا۔ مختصر الفاظ میں قرآن کو وحی جلی اور حدیث کو وحی خفی کہتے ہیں۔

قرآن کریم میں بعض مسائل کا ذکر تفصیلاً ہے۔ بعض کا اجمالاً اور بعض مسائل وضاحت سے بیان ہوئے ہیں جب کہ بعض کا ذکر اشارات میں ہوا ہے تو حدیث میں قرآنی علوم ومعارف کی تشریح وتوضیح کی گئی ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

وانزلنا إليك الذكر لتبين للناس ما نزل إليهم

(النحل۔ ۴۴)

"اور ہم نے آپ پر یہ نصیحت نامہ اتارا ہے تا کہ آپ لوگوں کو کھول کر ظاہر کر دیں جو ان کے پاس بھیجا گیا ہے۔"

قرآن کریم میں حدیث شریف کے دلیل وحجت ہونے کو یوں بیان کیا گیا ہے کہ:

وما اٰتٰكم الرسول فخذوه ومانهاكم عنه فانتهوا

(الحشر۔ ۷)

"اور رسول جو کچھ تمہیں دے دیا کریں وہ لے لیا کرو اور جس سے وہ تمہیں روک دیں رک جایا کرو۔"

الغرض معلوم ہوا کہ قرآن وسنت ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان قرآن کے ساتھ سنت کو بھی حجت ودلیل مانتا ہے کہ اسی عقیدہ میں اس کی ہدایت ونجات کا راز ہے اور قرآن وسنت میں سے کسی ایک کی صحت کا انکار گمراہی اور تباہی کا باعث ہے۔

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

ترکت فیکم امرین لن تضلوا بعدھما، کتاب اللہ وسنتی

(حاکم)

"میں تم میں دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں جن کو تھامے رکھنے کے بعد تم کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ ایک اللہ کی کتاب اور دوسری سنت۔"

Marfat.com

۳-اجماع

علماء وفقہاء امت کا کسی مسئلہ میں متفق ہونا اجماع کہلاتا ہے۔ واضح رہے اجماع کا مرتبہ قرآن وسنت کے بعد ہے۔ اجماع کا تعلق ایسے نئے مسائل سے ہے جن کے اصول وقواعد قرآن وسنت میں ذکر ہوں، لیکن تفصیلات اور کیفیت کا تعین نہ ہو یا پھر ایک ہی مسئلہ کی کیفیت میں مختلف قسم کے نصوص وارد ہوں اور ناسخ ومنسوخ کا تعین نہ ہو تو شواہد وقرائن کی روشنی میں علماء امت ایک جانب کو متعین کر دیتے ہیں، جیسے تکبیرات جنازہ کی تعداد میں اختلاف تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں چار تکبیروں پر حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع ہو گیا۔

(الف) اجماع کی حجیت قرآن وسنت سے ثابت ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين له الهدى ويتبع غير سبيل المومنين نوله ما تولى ونصله جهنم وساءت مصيرًا (النساء، ۱۱۵)

"اور جو کوئی بعد اس کے کہ اس پر ہدایت کی راہ کھل چکی ہے، رسول کی مخالفت کرے گا اور مومنین کے رستہ کے علاوہ کسی اور رستہ کی پیروی کرے گا، ہم اسے کرنے دیں گے جو کچھ وہ کرتا ہے اور پھر ہم اسے جہنم میں جھونکیں گے اور وہ برا ٹھکانہ ہے۔"

(ب) ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما ..... إن الله لا يجمع امتى على ضلالة ويد الله على الجماعة من شذ شُذ فى النار۔ (ترمذی)

"حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کبھی بھی میری امت کو گمراہی پر جمع نہیں ہونے دے گا اور اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت پر ہوتا ہے جو جماعت سے نکل گیا وہ جہنم میں ڈال دیا گیا۔"

(ج) ابن قیم فرماتے ہیں:

Marfat.com

ولم یزل ائمة الاسلام علی تقدیم الکتاب علی السنة،
والسنة علی الاجماع، وجعل الاجماع فی المرتبة الثالثة ❶

"ہمیشہ سے تمام ائمہ اسلام کا یہی مذہب رہا ہے کہ قرآن کا درجہ سنت سے پہلے ہے اور سنت کا مقام اجماع پر مقدم ہے اور اجماع تیسرے نمبر پر ہے۔"

(د) خود علامہ وحید الزماں رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

والاجماع القطعی حجة ومنکرہ کافر ❷

"کہ اجماع قطعی حجت اور دلیل ہے اور جو شخص اس کو حجت نہ مانے وہ کافر ہے۔"

۴- قیاس (چوتھی بنیاد)

دو چیزوں میں ظاہری یا معنوی برابری کرنے کو قیاس کہتے ہیں۔ وہ یوں کہ ایک نیا مسئلہ یا اس کی کوئی نئی صورت و کیفیت پیدا ہو جائے جس کا ذکر قرآن وسنت میں نہیں ہے۔ البتہ اس کے مشابہ ایک اور مسئلہ مذکور ہے، تو اس نئے مسئلہ کو اس سابقہ مسئلہ پر قیاس کر کے اس پر بھی وہی حکم لگائیں گے۔ جیسے کوئی نیا نشہ آور مشروب یا کھانا تیار کیا گیا ہو تو اس کا تذکرہ قرآن وسنت میں نہیں ملے گا۔ البتہ شراب کی حرمت قرآن وسنت میں موجود ہے، چونکہ شراب نشہ آور ہے لہٰذا یہ مشروب بھی حرام ہے چونکہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ گویا نئی نشہ آور چیز کو سابقہ نشہ آور چیز پر قیاس کر کے اس پر بھی وہی حکم لگا دیا گیا۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ کسی نئے حکم کو ثابت کرنے کا نام قیاس نہیں بلکہ قرآن وسنت میں پہلے سے موجود حکم کو ظاہر کرنے کا نام قیاس ہے۔ حضرات فقہاء رحمۃ اللہ علیہم کی اصطلاح میں کہتے ہیں کہ "قیاس مظہر حکم ہے مثبت حکم نہیں ہے۔"

۲- نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ قیاس کا براہِ راست تعلق قرآن وسنت سے ہے۔

۳- نیز معلوم ہوا کہ جو مسائل قرآن وسنت واجماع سے ثابت ہیں۔ ان میں قیاس نہیں چلتا۔

---

❶ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ اعلام الموقعین۔ ج ۲۔ ص ۲۴۸۔ مطابع الاسلام مصر۔

❷ وحید الزماں۔ نزل الابرار۔ ج ۱۔ ص ۶۔

Marfat.com

(الف) دلیل قرآنی

قرآن کریم میں قیاس کی طرف یوں اشارہ کیا گیا ہے کہ:

فان تنازعتم فی شیء فردوہ إلی اللہ والرسول. الآیۃ

"پھر اگر تم میں باہم اختلاف ہو جائے کسی چیز میں تو اس کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف لوٹا لیا کرو۔" (النساء۔۵۹)

اس کی تفسیر میں امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "اس سے مراد یہ ہے کہ نئے پیش آنے والے مسئلہ کو قرآن سے ثابت شدہ مسئلہ کی طرف لوٹانا، جب دونوں میں مناسبت و مشابہت ہو۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ قیاس حجت شرعیہ ہے۔ ❶

(ب) دلیل نبوی

عہد نبوی میں خود آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے بوقت ضرورت قیاس کیا۔ اختصار کے پیش نظر ذیل میں ایک ایک مثال پیش کی جاتی ہے۔

۱۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بنو خثعم کا ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ "میرا مسلمان باپ بوڑھا ہے، سفر کی طاقت نہیں رکھتا اور حج اس پر فرض ہو چکا ہے، تو کیا میں اس کی طرف سے حج بدل کر سکتا ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا تم اولاد میں سب سے بڑے ہو؟ اس نے اثبات میں جواب دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اگر تمہارے والد پر کوئی قرض ہوتا اور تم اس کو ادا کر دیتے تو کیا یہ قرض اس کی طرف سے ادا ہو جاتا؟ اس نے عرض کیا: جی ہاں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ پھر اس کی طرف سے حج بھی ادا کر لو۔ (نسائی)

(اس مثال میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج بدل کی ادائیگی کو قرض کی ادائیگی پر قیاس کیا باہمی مشابہت کی وجہ سے)۔

۲۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجنے لگے تو پوچھا: "اگر کوئی فیصلہ کرنا پڑا تو کیسے کرو گے۔" حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ کتاب

❶ رازی رحمۃ اللہ علیہ۔ تفسیر کبیر ج۔۱۰۔ ص ۱۴۶۔

Marfat.com

اللہ سے فیصلہ کروں گا۔ اگر کتاب اللہ میں نہ ملا تو پھر؟ سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیصلہ کروں گا۔ اگر سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ میں نہ ملا تو پھر؟ اپنی رائے کے ساتھ اجتہاد کر کے فیصلہ کروں گا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس ترتیب اور اس جواب سے خوش ہو کر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا۔ ''تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نمائندہ کو ایسی چیز کی توفیق دی جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی ہوں۔ (ابوداؤد، ترمذی)

(ج) دلیل اجماعی

ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الصحابة اول من قاسوا واجتهدوا فالصحابة رضى الله عنهم مثلوا الوقائع بنظائرها وشبهوها بامثالها وردوا بعضها إلى بعض فى احكامها وفتحوا للعلماء باب الاجتهاد ونهجوا لهم طريقه ❶

''حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے سب سے پہلے قیاس اور اجتہاد کیا، ملتے جلتے واقعات کے حکم کو ایک دوسرے کی طرف لوٹا دیا اور علماء کے لئے اجتہاد کا دروازہ کھول دیا اور اجتہاد کا طریق کار متعین کر دیا۔''

گزشتہ سطور سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی کہ قرآن کریم، سنت نبوی، اجماع امت اور قیاس فقیہ، بالترتیب دلائل شرعیہ ہیں۔ ان سب کے باوجود بعض معتزلہ، بعض شیعہ، بعض ظاہریہ (اور اس دور میں ان کے افکار کے علمبردار) قیاس کو دلیل نہیں مانتے۔ ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ میں جمہور اہل اسلام سے علیٰحدہ راہ اختیار کرنے والے جن لوگوں کی طرف اشارہ کیا ہے وہ یہی ہیں۔

(الف) علم فقہ کا تعارف: دلائل شرعیہ کے مختصر ذکر کے بعد

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ سطور میں علم فقہ کا مختصر تعارف کرا دیا جائے، نیز

❶ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ، اعلام الموقعین۔ ج ۱۔ ص ۲۱۷ مطابع الاسلام۔ مصر۔

Marfat.com

فقہ حنفی کا انداز ترتیب وتدوین، فقہ حنفی کے علمی ماخذ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بلند پایۂ علمی مقام واضح کیا جائے۔ اس سے بہت سی غلط فہمیوں کو ختم کرنے میں مدد ملے گی چونکہ بعض سطحی علم اور ظاہری انداز فکر رکھنے والے لوگ مختلف غلط فہمیوں کا شکار ہیں۔

گزشتہ صفحات سے معلوم ہوگیا کہ اہل سنت والجماعت کے نزدیک شرعی دلائل قرآن وسنت، اجماع وقیاس ہیں۔ مسلمان کی زندگی میں پیش آنے والے مسائل واحکام کو انہی دلائل کی روشنی میں مرتب ومدون کردیا گیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ ان دلائل کا ذکر بھی موجود ہے اس مرتب ومدون مجموعہ کا نام علم فقہ ہے۔ فقہ کی تعریف سے اس امر کا بخوبی اندازہ ہوسکے گا۔

الفقه علم بالاحكام الشرعية من ادلتها التفصيلية۔

(فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت)

کہ دلائل تفصیلیہ (قرآن، سنت، اجماع، قیاس) سے مسائل شرعیہ کو جاننا فقہ ہے۔ (اس تفصیل کے بعد یہ غلط فہمی رفع ہوگئی ہے کہ فقہ کوئی الگ اور زائد چیز ہے)

شاید یہی وجہ ہے کہ مشہور غیر مقلد عالم جناب وحید الزمان رحمۃ اللہ علیہ نے علم فقہ کو تمام علوم سے افضل قرار دیا ہے۔ وہ اپنی فقہ کی مشہور کتاب نزول الابرار کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

وبعد فان اعلى العلوم قدراً واجلا عزاً وفخراً علم الفقه المستنبط من الكتاب والسنة فانه عن مكائد الشيطن جنة [1]

"کہ علم فقہ تمام علوم میں اعلیٰ وارفع اور عظیم المرتبت علم ہے جو قرآن وسنت سے مستنبط وماخوذ ہے اس لئے کہ یہ علم شیطانی تدبیروں کے مقابلہ میں ڈھال کا کام دیتا ہے۔"

(ب) فقہ حنفی کا انداز ترتیب وتدوین

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر فقہاء حنفیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فقہ کی تدوین میں جس سنہری ترتیب کو بطور اصول پیش نظر رکھا ہے اس کی ایک جھلک ملاحظہ ہو۔

[1] وحید الزماں۔ نزول الابرار۔ ج ۱۔ ص ۲۔

Marfat.com

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے میں قرآن کریم کی طرف رجوع کرتا ہوں جو چیز قرآن کریم میں نہ ملے اس کو سنت سے اور اُن آثار سے لیتا ہوں جو سند صحیح کے ساتھ منقول ہیں۔ اگر کتاب وسنت میں کوئی مسئلہ نہ ملے تو حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال کی طرف رجوع کرتا ہوں اور ان کے اقوال سے باہر نہیں جاتا، حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد جب تابعین کی باری آتی ہے۔ تو مجھے بھی اختیار ہے کہ میں اجتہاد کروں۔

كتب ابوجعفر إلى ابى حنيفه رحمۃ اللہ علیہ: ويقول بلغنى انك تقدم القياس على الحديث فرد عليه قائلاً ليس الامر كما بلغك يا امير المومنين انما أعمل اولاً بكتاب الله، ثم بسنة رسوله ثم باقضية الخلفاء الاربعة ثم باقضية بقية الصحابة۔ ثم أقيس بعد ذلك اذا اختلفوا ❶

عباسی خلیفہ ابوجعفر نے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو لکھا۔ ''مجھے اطلاع ملی ہے کہ آپ قیاس کو حدیث پر مقدم کرتے ہیں۔'' امام نے جواب میں لکھا۔ ''اے امیر المومنین آپ کو جو افواہ پہنچی ہے وہ حقیقت نہیں۔ میں اولاً کتاب اللہ پر عمل کرتا ہوں۔ پھر سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عمل کرتا ہوں پھر خلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم کے فیصلوں کی طرف رجوع کرتا ہوں اگر پھر بھی مطلوبہ حکم نہ ملے تو بقیہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے فیصلوں کی طرف رجوع کرتا ہوں اور اس کے بعد والے مرحلہ میں اگر اختلاف ہو تو پھر میں قیاس سے کام لیتا ہوں۔''

اس قسم کے ایک اور پروپیگنڈہ کو رد کرتے ہوئے امام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''كذب والله، وافترى علينا من يقول عنا إننا نقدم القياس على النص وهل يحتاج بعد النص إلى قياس؟'' ❷

''اللہ کی قسم وہ جھوٹ کہتا ہے اور ہم پر بہتان باندھتا ہے جو یہ کہتا ہے کہ ہم نص پر قیاس کو مقدم کرتے ہیں اور نص کے بعد پھر قیاس کی

❶ الشعرانی۔ المیزان۔ ج ۱۔ ص ۶۲۔ المطبعۃ الازہریۃ۔
❷ الشعرانی۔ المیزان۔ ج ۱۔ ص ۶۱۔ المطبعۃ الازہریۃ۔

Marfat.com

ضرورت ہی کیا رہ جاتی ہے؟"

اس طرح امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اوروں کو بھی اسی انداز کی دعوت دیتے ہیں اور کتاب وسنت کی موجودگی میں رائے زنی سے روکتے ہیں۔

وليس لاحد أن يقول برأيه مع كتاب الله ولا مع سنة رسوله ولا مع ما أجمع عليه اصحابه وأما ما اختلفوا فيه فنتخير من أقاويلهم أقربه إلى كتاب الله أو إلى السنة ونجتهد وما جاوز ذلك فالاجتهاد بالرأى لمن عرف الاختلاف وقاس [1]

"کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ کتاب اللہ، سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں اپنی رائے سے کوئی بات کہے، البتہ جب حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے مختلف اقوال منقول ہوں تو ہم وہ قول منتخب کرنے کی کوشش کریں گے جو قرآن وسنت کے زیادہ قریب ہو اور ان کے علاوہ (تابعین کے) اختلاف کی صورت میں اجتہاد کیا جائے گا جو اجتہاد کا اہل ہو۔"

اس تفصیل سے فقہ حنفی کا انداز اور طریق کار بالکل واضح ہو گیا اور ان افواہوں کی حقیقت بھی سامنے آ گئی جو امت مسلمہ میں اختلاف وانتشار پیدا کرنے کے لئے پھیلائی گئی ہیں۔

فقہ حنفی کے علمی مآخذ

کوفہ میں پندرہ سو حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم تشریف لائے جن کے علوم کوفہ میں پھیلے۔ اس طرح کوفہ مرکز علوم کتاب وسنت بن گیا۔ ابن سعد نے طبقات میں جن مشہور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام ذکر کئے ہیں۔ ان میں حضرات: علی رضی اللہ عنہ، سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، سعد بن زید رضی اللہ عنہ، عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، ابوقتادۃ رضی اللہ عنہ، ابوموسیٰ انصاری رضی اللہ عنہ، ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، سلمان فارسی رضی اللہ عنہ، براء بن عازب رضی اللہ عنہ، زید بن ارقم رضی اللہ عنہ، وائل بن حجر

[1] ابن حجر، الخیرات الحسان۔ دار الکتب العربیۃ۔

Marfat.com

رضی اللہ عنہ، خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

ان سب حضرات کے علوم کوفہ اور گرد ونواح میں پھیلے جب کہ اہل کوفہ پر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا علمی رنگ خوب چڑھا۔ کوفہ کے سات بڑے علماء وفقہاء آپ ہی کے شاگرد ہیں۔ جن میں حضرت علقمہ بن قیس نخعی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۶۲ھ سب سے نمایاں ہیں۔ حضرت علقمہ کے بعد یہ علمی قیادت حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد ہوئی۔ جنہیں علماء وفقہاء کوفہ کی زبان کا لقب دیا گیا حضرت ابراہیم کے بعد حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ اس منصب پر فائز ہوئے تا آنکہ ۱۵۰ھ میں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے علمی اسلوب کو عروج پر پہنچا دیا۔

کوفہ کے اہم علمی مرکز ہونے کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ امام حاکم نے اپنی کتاب ''معرفۃ الحدیث'' میں مشہور علماء تابعین وتبع تابعین کا ذکر کیا ہے، جو اس قابل ہیں کہ مشرق ومغرب سے آ کر ان سے علوم حدیث کو پڑھا جائے۔ اس میں مدینہ منورہ کے ۴۰ مکۃ مکرمۃ کے ۲۱ اور کوفہ کے ۲۰۱ علماء کا ذکر کیا ہے۔ ❶

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا علمی مقام

(الف) گزشتہ سطور سے کوفہ کی علمی مرکزیت واضح ہوئی، نیز کہ اس میں کس قدر جلیل القدر علماء موجود تھے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاد یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شہر کے علوم حدیث کا پورا ذخیرہ جمع کر لیا تھا اور اس میں آپ کی مخصوص توجہ ان احادیث کی طرف ہوتی تھی جن کا تعلق آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آخری زندگی سے ہوتا۔ ❷

(ب) خود امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ اپنا ذاتی تجربہ نقل کرتے ہیں کہ جب امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کسی مسئلہ کا حکم بتا دیتے تو میں کوفہ کے دیگر علماء کے پاس جاتا کہ اس حکم میں ان کے پاس کیا دلیل ہے؟ اگر دو تین حدیثیں مزید مل جاتیں اور حضرت امام کی خدمت میں عرض کرتا تو آپ فرماتے کہ فلاں حدیث صحیح نہیں، فلاں حدیث غیر

---

❶ محمد عوامۃ: اثر الحدیث الشریف۔ ص ۸۷۔ مطبعۃ محمد ہاشم

❷ محمد عوامۃ: اثر الحدیث الشریف ص۔ ۸۶ تا ۸۸۔ مطبعۃ محمد ہاشم۔

Marfat.com

معروف ہے اور اس لئے میں۔ نے ان کا ذکر نہیں کیا تھا۔ ایک دفعہ میں نے عرض کیا کہ آپ کو ان تفصیلات کا کیسے علم ہے، حالانکہ یہ تو آپ کے فتویٰ کی تائید میں ہیں؟ آپ فرماتے ہیں کہ اصل میں کوفہ کے علم کا مجموعہ میرے پاس ہے۔ ❶

(ج) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے صرف اہل کوفہ کے علوم پر ہی اکتفا نہیں کیا، بلکہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے علماء سے بھی استفادہ کیا۔ خصوصاً سفر ہائے حج کے دوران، واضح رہے کہ آپ نے زندگی میں ۵۵ دفعہ حج کیا۔ ❷

(د) یہی وجہ ہے کہ علامہ صالحی رحمۃ اللہ علیہ نے عقود الجمان میں اور ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ''الخیرات الحسان'' میں ذکر کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے اساتذہ کو شمار کیا گیا تو ان کی تعداد چار ہزار تک پہنچ گئی۔ ❸

علم حدیث میں امام رحمۃ اللہ علیہ کے اس بلند پایہ مقام کے ذیل میں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس شبہ کی حقیقت بھی بیان کر دی جائے کہ ''امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو سترہ احادیث یاد تھیں۔''

۱- جو شخص دیانت دارانہ طور پر امام رحمۃ اللہ علیہ کی حیات اور ان کی تعلیمات کو پڑھے وہ اس شبہ کی کثافت کا بخوبی اندازہ لگا سکتا ہے۔

۲- امام رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں نے پندرہ مسانید مرتب کئے ہیں جن میں خاص طور پر امام صاحب کی مرویات جمع کی گئی ہیں۔ گو کہ اس مناسبت سے بعض دیگر حضرات کی مرویات بھی شامل کر لی گئی ہیں۔ پھر خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے ۶۶۵ھ میں ان تمام مسانید کو یکجا کر کے اس مجموعہ کا نام ''جامع المسانید'' رکھا اور وہ طبع شدہ ہے۔

۳- امام رحمۃ اللہ علیہ کے اساتذہ کی تعداد ۴۰۰۰ چار ہزار ہے اگر ہر ہر استاد سے ایک ایک حدیث بھی حاصل کی ہو تو آپ کی مرویات کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے۔ (الزامی جواب)

۴- امام کے مجتہد ہونے پر امت کا اجماع ہے، یہ کیونکر ممکن ہے کہ علماء امت ایک ایسے شخص کو مجتہد مان لیں جس کا علمی سرمایہ ۱۷ احدیثیں ہوں۔

---

❶ اثر الحدیث الشریف۔ ص ۸۸۔ مطبعۃ محمد ہاشم۔

❷ محمد عوامۃ: اثر الحدیث الشریف۔ ص ۸۵ تا ۸۹ مطبعۃ محمد ہاشم۔ سباعی: السنۃ ومکانتہا فی التشریع الاسلامی۔ ص ۴۱۳۔ المکتب الاسلامی۔

❸ ایضاً

Marfat.com

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی علمی وفقہی مجلس مشاورت

اس عظیم مجلس مشاورت تفصیلات ڈاکٹر سباعی رحمۃ اللہ علیہ نے ''السنة ومكانتها فی التشریع الاسلامی'' میں ابوزہرہ رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' میں اور ڈاکٹر مصطفی نے ''الائمۃ الاربعہ'' میں بیان کی ہیں، مختصراً یہ کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے تدوین فقہ میں اپنے ذاتی علوم پر ہی اکتفا نہیں کیا، بلکہ چالیس چوٹی کے علماء پر مشتمل ایک مجلس قائم کی، جس میں ہر ہر مسئلہ پر تفصیلی گفتگو ہوتی اور پھر آخر میں جو حکم دلائل سے ثابت ہوجاتا اس کو لکھا جاتا۔ حتیٰ کہ کبھی ایک مسئلہ پر تین تین تک دن بحث وتمحیص ہوتی رہتی، نیز اس قدر احتیاط تھی کہ اگر ایک رکن بھی موجود نہ ہوتا تو اس کی انتظار کیا جاتا اور اس سے مشورہ کرکے مسئلہ کو آخری شکل دی جاتی اس مجلس میں اس دور کے بڑے بڑے مفسرین محدثین وفقہاء شامل تھے۔ [1]

آخر میں اس جملہ پر ہم اس موضوع کو مکمل کرتے ہیں کہ ''جس فقہ حنفی کی بنیاد قرآن وسنت اجماع وقیاس ہوں، جس کی تدوین میں ایسے جلیل القدر علماء شامل ہوں۔ ہر ہر مسئلہ میں اس قدر غور وخوض واحتیاط سے کام لیا گیا ہو اور خیر القرون میں جس کی تدوین مکمل ہوئی ہو جسے اللہ رب العزت نے مشرق ومغرب، عرب وعجم میں شرف قبولیت سے نوازا ہو، وہ اپنی افادیت اور بقاء میں کسی تصدیق وتحسین کسی حمد وثناء کی محتاج نہیں اور نہ کسی کی تائید یا تردید ہی سے اس کے جمال میں فرق آئے گا۔

اجتہاد وتقلید

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انتہائی اختصار کے ساتھ اس اہم مسئلہ کی توضیح کردی جائے۔ سب سے پہلے اجتہاد کی تعریف، اجتہاد کی شرائط، تقلید کی تعریف، عوام کا مسئلہ؟ قرآن وسنت، اجماع امت، دلائل عقلیہ اور اسلاف امت کے ارشادات کی روشنی میں اس مسئلہ کا معتدل حل اور بصورت دیگر راہ اعتدال چھوڑنے کے مفاسد کا ذکر کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

---

[1] ابوزہرہ ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ص ۲۱۳۔ دار الفکر العربی۔ السباعی ''السنۃ ومکانتہا'' ص ۴۲۷۔ المکتب الاسلامی۔ الشبکۃ ''الائمۃ الاربعہ'' ص ۶۵۔ دار الکتاب المصری۔

Marfat.com

اجتہاد کی تعریف

لغت میں اجتہاد کا مادہ ''ج، ہ، د'' ہے ج کے پیش اور زبر کے ساتھ طاقت کوشش اور محنت کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

علامہ زبیدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

الاجتهاد بذل الوسع فی طلب الامر والمراد به رد القضية من طريق القياس الى الكتاب والسنة ❶

''اجتہاد کہتے ہیں کہ کسی چیز کی تلاش میں اپنی پوری طاقت خرچ کرنا اور اس سے مراد یہ ہے کہ کسی مسئلہ کو قیاس کے واسطہ سے کتاب وسنت کی طرف لوٹانا۔''

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اصطلاحی تعریف کرتے ہیں کہ:

الاجتهاد بذل المجتهد وسعه فی طلب العلم باحكام الشريعة ❷

''احکام شریعت کا علم حاصل کرنے کے لئے مجتہد کا اپنی توانائیوں کو صرف کرنا اجتہاد کہلاتا ہے۔''

اجتہاد کی شرائط

اس موضوع پر بہت سے علماء واسلاف امت نے تفصیلاً بحث کی ہے۔ علامہ آمدی رحمۃ اللہ علیہ نے احکام میں، امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے المستصفیٰ میں، ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ نے مقدمہ میں شرائط اجتہاد کا ذکر کیا ہے۔

یہ ایک انتہائی اہم پہلو ہے، جسے بعض لوگ نظر انداز کئے ہوئے ہیں، حالانکہ جس عالم وفقیہ میں اجتہاد کی تمام شرائط موجود ہوں وہی اس کا اہل ہے، جیسے کہ نماز کی شرائط میں سے ایک شرط باوضو ہونا ہے۔ اگر کوئی شخص بلا وضو نماز پڑھ لے تو ایسی نماز صحیح اور مقبول تو

---

❶ الزبیدی۔ تاج العروس۔ ج ۲۔ ص ۳۳۰۔

❷ المستصفیٰ۔ ج ۲۔ ص ۳۷۸۔ مکتبۃ الجندی مصر۔

Marfat.com

کجا، الٹا اس کی تباہی کا باعث ہوگی۔ یونہی معاملہ ہے اس شخص کا کہ جو اجتہاد کے سمندر میں تیرنا نہ جانتا ہو اور اس میں کود جائے۔

ذیل میں علامہ شوکانی کی بیان کردہ شرائط اجتہاد کو مختصراً نقل کیا جاتا ہے۔

شرط اول

مجتہد کے لئے ضروری ہے کہ علوم عربیہ صرف، نحو، بلاغت وغیرہ پر عبور رکھتا ہو، عربی زبان کے نشیب وفراز، اسلوب بیان سے واقف ہو، چونکہ قرآن وسنت جو کہ اجتہاد کی بنیاد ہیں عربی زبان میں ہیں۔ (ملخص)۔ ❶

شرط دوم

علوم القرآن میں مہارت رکھتا ہو، خصوصاً تفسیر منقول، اسباب نزول، علم ناسخ ومنسوخ سے بخوبی واقف ہو۔ ❷

شرط سوم

علوم حدیث پر دسترس ہو، علوم حدیث کی اصطلاحات، علم اسماء الرجال سے واقف ہو اور اپنے زمانہ کے وسائل کے مطابق اسے ان تمام احادیث کا علم ہو جو متعلقہ مسائل میں وارد ہوئی ہیں۔ ❸

شرط چہارم

جن مسائل پر علماء امت کا اجماع منعقد ہو چکا ہے۔ ان سے واقف ہو۔ ❹

اور یہ سب اس لئے کہ اگر اس کو یہی معلوم نہ ہو کہ کونسا حکم قرآن وسنت میں منصوص ہے کونسا نہیں؟ نیز کس کس مسئلہ پر اجماع منعقد ہو چکا ہے تو خطرہ ہے وہ منصوص اور

---

❶ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ۔ ارشاد الفحول۔ ص ۲۵۱۔ (المقصد السادس فی الاجتہاد)

❷ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ۔ ارشاد الفحول۔ ص ۲۵۰۔

❸ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ۔ ارشاد الفحول۔ ص ۲۵۱۔

❹ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ۔ ارشاد الفحول۔ ص ۲۵۱۔

Marfat.com

متفقہ مسائل میں بھی اجتہاد کرنے لگے۔ حالانکہ اجتہاد کا تعلق صرف ایسے مسائل کے ساتھ ہے جو قرآن وسنت واجماع میں وضاحت وصراحت کے ساتھ مذکور نہ ہوں۔ علاوہ ازیں اگر وہ قرآن وسنت کا صحیح فہم نہیں رکھتا تو یقینا اجتہاد میں غلطی کرے گا۔ کہیں ضعیف احادیث کو بنیاد بنائے گا تو کہیں منسوخ احکام پر فتویٰ دے گا۔

شرط پنجم

اجتہاد واستنباط کے اصول وقواعد جانتا ہو یعنی علم اصول فقہ کا ماہر ہو۔ ❶

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ نے مجتہد کے لئے اس علم کی خصوصی اہمیت کا تذکرہ کیا ہے چونکہ اجتہاد واستنباط کے ساتھ اس کا بہت گہرا تعلق ہے۔

شرط ششم

اجتہاد چونکہ علمی فقہی اور عقلی کاوش کا نام ہے لہٰذا ضروری ہے کہ مجتہد اعلیٰ درجہ کا ذہین اور عقلی وفکری صلاحیتوں کا مالک ہو، نیز متقی وپرہیزگار ہو کہ اس کے اجتہاد میں خواہش پرستی کا عمل دخل نہ ہو۔

تقلید کی تعریف

تقلید کی مختلف تعریفات کی جاتی ہیں کچھ تعریفات میں لغوی معنی کا غلبہ ہوتا ہے اور کچھ تعریفات میں مصنف کے ذاتی افکار کا دخل ہوتا ہے۔ حضرات مقلدین جس عقیدہ کے ساتھ مجتہد کی تقلید کرتے ہیں اس کی صحیح ترجمانی سید محمد موسیٰ کی تعریف سے ہوتی ہے۔

التقليد أن يعتمد الانسان فى فهم الحكم من الدليل على غيره لا على نفسه ❷

"دوسرے شخص نے جو مسئلہ دلیل کے ساتھ سمجھا ہے۔ اس پر اعتماد کر کے اسے مان لینا اور خود یہ (اجتہادی) کاوش نہ کرنا۔"

---

❶ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ۔ ارشاد الفحول۔ ص ۲۵۲

❷ محمد موسیٰ۔ الاجتہاد ص ۵۶۷

Marfat.com

اس تعریف میں تقلید کا صحیح تصور پیش کیا گیا ہے کہ:

نمبر ۱: تقلید یقیناً کسی مجتہد کی ہوگی۔

نمبر ۲: اور صحیح مجتہد وہی ہے جو دلائل شرعیہ کی روشنی میں اجتہاد کرے۔

نمبر ۳: مقلد میں چونکہ اجتہاد کی شرائط نہیں لہٰذا وہ مجتہد کی تحقیق پر اعتماد کر لیتا ہے۔

عوام کو تقلید کا حکم

جو شخص عالم نہیں اسے چاہئے کہ عالم سے پوچھ لیا کرے، جو شخص مجتہد نہیں یقیناً اسے مجتہد سے پوچھ کر عمل کرنا چاہئے۔ ارشاد ربانی ہے۔

دلیل نمبر ۱

فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون (النحل۔ ۴۳)

اگر تم خود نہیں جانتے تو اُن لوگوں سے پوچھ لیا کرو جو جانتے ہیں۔

علامہ آمدی رحمۃ اللہ علیہ الاحکام میں فرماتے ہیں: یہ خطاب ہر ہر مکلف کو ہے۔ لہٰذا جو چیز بھی کسی کو معلوم نہ ہو وہ دوسرے سے سوال کرے۔ ❶

ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس آیت سے مراد عوام ہیں۔ ❷

دلیل نمبر ۲

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

عن جابر رضی اللہ عنہ وفيه ----- الا سألوا اذ لم يعلموا فإنما شفاء العي السؤال۔ (ابوداؤد)

دلیل نمبر ۳: اجماع اُمت

اس بات پر علماء امت کا اجماع بھی منعقد ہو چکا ہے کہ عوام اور ہر غیر مجتہد تقلید کرے۔

---

❶ آمدی الاحکام۔ ج ۳۔ ص ۱۹۸ دار الفکر۔

❷ ابن عبدالبر۔ جامع بیان العلم ج ۱۔ ص ۱۴۰۔

Marfat.com

علامہ آمدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

العامی ومن لیس له اهلیة الاجتهاد وان کان محصلا بعض العلوم المعتبرة فی الاجتهاد، یلزمه اتباع قول المجتهدین والأخذ بفتواه عند المحققین الأصولیین، ومنع ذلك بعض المعتزلة البغدادیین، والمختار انما هو المذهب الأول ویدل علیه النص والاجماع والمعقول .....أما الاجماع فهو أنه لم تزل العامة فی زمن الصحابة والتابعین قبل حدوث المخالفین یستفتون المجتهدین ویتبعونهم فی الاحکام الشرعیة والعلماء منهم یبادرون إلی اجابة سؤالهم من غیر إشارة الی ذکر الدلیل، ولا ینهونهم عن ذلك من غیر نکیر فکان اجماعاً علی جواز اتباع العامی للمجتهد مطلقاً ❶

"کہ عام آدمی اور ہر وہ شخص جس میں اجتہاد کی اہلیت نہیں گو کہ وہ اجتہاد سے متعلقہ بعض علوم کو جانتا بھی ہو، اس کو مجتہدین کی اتباع اور ان کے فتوی پر عمل کرنا لازم ہے محقق علماء اصول کا یہی نظریہ ہے۔ البتہ بغداد کے بعض معتزلہ ایسی تقلید سے روکتے ہیں۔ ان میں پہلا نظریہ صحیح ہے جو قرآن وسنت اجماع امت اور دلائل عقلیہ سے ثابت ہے۔ اجماع امت یہ ہے کہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین کے زمانہ میں عوام مجتہدین سے مسائل پوچھتے اور احکام شرعیہ میں ان کی پیروی کرتے اور علماء بلاتردد ان کے سوالات کا جواب دیتے اور عوام کو مسئلہ بتاتے وقت وہ دلیل کا ذکر ضروری نہ سمجھتے اور عوام کو اس انداز پر پوچھنے اور عمل کرنے سے نہ روکتے تھے، تو یہ اجماع ہے کہ بغیر کسی قید کے عوام مجتہد کی اتباع کر سکتے ہیں۔"

---

❶ فتاویٰ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ۔ ج ۲۰۔ ص ۲۰۳۔ مکتبہ المعارف المغرب۔

Marfat.com

علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد

والذی علیه جماهیر الأمة أن الاجتهاد جائز فی الجملة والتقلید جائز فی الجملة لا یوجبون الاجتهاد علی کل احد ویحرمون الاجتهاد وإن الإجتهاد جائز للقادر علی الاجتهاد والتقلید جائز للعاجز عن الاجتهاد، فأما القادر علی الاجتهاد فهل یجوز له التقلید هذا فیه خلاف والصحیح أنه یجوز حیث عجز عن الاجتهاد اما لتکافئو الادلة واماالضیق الوقت عن الاجتهاد او لعدم ظهور دلیل له، فإنه من حیث عجز سقط عنه وجوب ما عجز عنه وانتقل إلی بدله وهو التقلید کما لو عجز عن الطهارة بالماء ❶

"جمہور علماء امت کا یہی مسلک ہے کہ اجتہاد اور تقلید اپنی اپنی جگہ جائز ہے ہر شخص پر اجتہاد واجب اور تقلید حرام نہیں، اور ہر شخص پر تقلید واجب اور اجتہاد حرام نہیں، بلکہ جو شخص اجتہاد کا اہل ہے اس کے لئے اجتہاد جائز ہے اور جو شخص اجتہاد کا اہل نہیں اس کے لئے تقلید جائز ہے اب یہ کہ جو شخص اجتہاد کا اہل ہے وہ تقلید کر سکتا ہے یا نہیں، اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ صحیح مسلک یہی ہے کہ اس کے لئے بھی تقلید جائز ہے چونکہ عملاً اس نے اجتہاد نہیں کیا۔ یا تو اس لئے کہ متعلقہ مسئلہ میں وارد شدہ دلائل برابر ہیں یا قلت وقت کی وجہ سے وہ اجتہاد نہ کر سکا یا اس کو ایک مسئلہ میں خاص دلیل نہیں ملی۔ بہر حال جب وہ عملاً اجتہاد سے عاجز ہو تو جو چیز اس پر واجب تھی (اجتہاد) وہ ساقط ہو گئی اور اب وہ اس کے متبادل پر عمل کرے گا اور وہ تقلید ہے۔ جیسے کہ کوئی شخص پانی کے ساتھ وضو کرنے سے عاجز ہو جائے تو تیمم کرے۔"

---

❶ فتاویٰ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ۔ ج ۲۰۔ ص ۲۰۳۔ مکتبہ المعارف المغرب۔

Marfat.com

شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد

حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ العقد الجید میں فرماتے ہیں کہ تقلید دو طرح کی ہے ایک واجب ہے اور دوسری حرام ہے۔

تقلید واجب یہ ہے کہ جو شخص کتاب وسنت کے علوم سے واقف نہیں، وہ نہ تو خود مسائل کا حکم تلاش کرسکتا ہے اور نہ استنباط ہی کرسکتا ہے۔ ایسے شخص کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ کسی فقیہ سے پوچھ لے کہ اس مسئلہ میں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا تعلیمات ہیں؟ اور پھر اس پر عمل کرے چاہے یہ مسئلہ کسی نص میں صراحۃً مذکور ہو، یا استنباط شدہ ہو، یا کسی منصوص حکم پر قیاس کیا گیا ہو۔ اس طرح درحقیقت وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث پر ہی عمل پیرا ہے اور اس کیفیت کے صحیح ہونے پر ہر ہر صدی کے علماء کا اتفاق ہے اور اس تقلید صحیح کی علامت یہ ہے کہ مجتہد کے قول پر عمل کرنا مشروط ہے اس شرط کے ساتھ کہ وہ سنت کے مطابق ہو۔ اس لئے اگر کہیں یہ مسئلہ سنت کے خلاف نکل جائے تو سنت پر عمل کیا جائے گا اور حضرات ائمہ نے اس کا حکم دیا ہے۔

اور تقلید حرام یہ ہے کہ مجتہد کو یہ سمجھنا کہ وہ ایسے مقام پر فائز ہے کہ غلطی کر ہی نہیں سکتا۔ حتی کہ اگر کوئی حدیث صحیح اس کے مخالف ہو تو پھر بھی مجتہد کی بات کو نہ چھوڑے۔ [1]

علامہ وحید الزماں رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد

علامہ موصوف بھی عوام کے لئے نفس تقلید کو لازمی قرار دیتے ہیں۔ ہاں اگر کسی مسئلہ میں نصوص کی مخالفت لازم آتی ہو تو ایسے موقع پر عمل نہ کرے۔ وہ لکھتے ہیں:

ولا بد للعامی من تقلید مجتهد أو مفتی [2]

"کہ عام آدمی (غیر مجتہد) کے لئے کسی مجتہد یا بڑے عالم کی تقلید ضروری ہے۔"

---

[1] شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ۔ العقد الجید۔ ص ۴۲۔ المطبعۃ السلفیۃ قاہرہ

[2] وحید الزمان۔ نزل الابرار۔ ج ۱۔ ص ۷۔

Marfat.com

خلاصہ کلام

گزشتہ سطور میں دلائل شرعیہ کی روشنی میں اجتہاد وتقلید کی حقیقت واضح ہوئی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ:

۱- اجتہاد کرنا دلائل شریعت سے ثابت ہے۔

۲- جس شخص میں اجتہاد کی شرائط موجود ہوں وہی اجتہاد کا اہل ہے۔

۳- جو شخص قران وسنت سے ناواقف ہے وہ لازماً مجتہدین پر اعتماد کر کے ان کی تقلید کرے۔

۴- جس نے اجتہاد سے متعلقہ کچھ علوم حاصل کئے ہوں مگر مجتہد کی تمام شرائط اس میں نہ ہوں۔ وہ بھی لازماً مجتہدین کی تقلید کرے۔

۵- اگر کوئی شخص درجہ اجتہاد کو پہنچ بھی چکا ہو مگر اجتہاد نہ کر سکے تو اس کے لئے بھی تقلید جائز ہے۔

۶- عام علماء اور عوام کو مجتہدین کی تقلید سے روکنا معتزلہ کا مذہب ہے۔

۷- مجتہد پر اعتماد کر کے اس کی تقلید اس لئے کی جاتی ہے کہ وہ جو کچھ بتاتا ہے۔ قرآن وسنت کی روشنی میں بتاتا ہے۔

ترک تقلید اور اس کے علمبردار

گزشتہ صفحات میں دلائل کی روشنی سے واضح کر دیا گیا کہ جو شخص اجتہاد کا اہل ہے اس کے لئے اجتہاد کرنا جائز ہے اور جو اجتہاد کا اہل نہیں اس کے لئے تقلید واجب ہے۔ لیکن ان سب کے باوجود ایک طبقہ اس بات پر مصر ہے کہ جو شخص اجتہاد کا اہل نہیں ہے وہ بھی اجتہاد کرے اور تقلید حرام ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس نظریہ کی حقیقت اور اس کے مقاصد بیان کرنے سے پہلے اس کی تاریخ بیان کر دی جائے۔

۱- جمہور علماء امت کے مقابلہ میں معتزلہ اس نظریہ کے علمبردار تھے۔ [1]

۲- ابن حزم ظاہری کا بھی یہی کہنا تھا کہ ہر عام وخاص اجتہاد کرے اور تقلید مطلقاً

---

[1] آمدی۔ الاحکام۔ ج ۲۔ ص ۲۵۰۔ دار الفکر۔

Marfat.com

حرام ہے۔ ❶

۳- پھر اس نظریہ کے علمبردار شوکانی اور صنعانی ہیں۔ ❷

۴- ظاہریہ اور معتزلہ کے اس نظریے کے علمبردار ہند و پاک میں غیر مقلدین کے نام سے معروف ہیں۔

عدم تقلید اور اس کی حقیقت

شرائط اجتہاد کے بغیر کسی کا اجتہاد کرنا ایسا ہی ہے جیسے نماز کی شرائط پوری کئے بغیر بلا وضو نماز پڑھنا۔ اور اجتہاد کی اہلیت کے بغیر اجتہاد کرنے کی مثال ایسی ہے جیسے کسی جاہل کو وزیر تعلیم اور کسی ان پڑھ کو سپریم کورٹ کا جج بنا دینا۔ ایسا ہونا عملاً ناممکن ہے۔ اس لئے دیکھتے ہیں کہ دعوائے عدم تقلید کے باوجود ہر شخص مقلد ہے اور اپنے طبقہ کے عام علماء وائمہ مساجد کے اقوال کی تقلید کرتا ہے۔

اب اہل سنت والجماعت اور اس طبقہ کی تقلید میں فرق صرف یہ ہے کہ اہل سنت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور اس پایہ کے علماء وفقہاء ومجتہدین کی تقلید کرتے ہیں، جن کے امام ومجتہد ہونے پر امت کا اجماع ہے۔ جن کا تعلق خیر القرون سے ہے اور یہ لوگ ایسے علماء کی تقلید کرتے ہیں جن میں شرائط اجتہاد ہی پوری نہیں جس میں بنیادی غلطی یہ ہے کہ عام عالم اور امام مسجد جو اجتہاد کا اہل نہیں وہ اجتہاد کرتا ہے اور عوام بھی ایسے شخص کی تقلید کرتے ہیں نہ تو یہ اجتہاد صحیح ہے اور نہ ہی تقلید صحیح ہے۔ ایسے اجتہاد وتقلید کی بابت سید موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

واما اعتماد الشخص على نفسه وفهمه من غير ان يكون أهلا للإجتهاد كما هو دأب بعض الناس اليوم، فاخذ بالتشهي واعتماد على الهوىٰ وليس بتقليد ولا اجتهاد ❸

---

❶ ابن حزم۔ الاحکام۔ ج ۶۔ ص ۱۶۶۔ مطبعۃ السعادۃ مصر۔

❷ شوکانی۔ القول المفید اور دیگر تالیفات

❸ سید محمد موسیٰ۔ الاجتہاد ص ۵۶۸ تا ۵۷۱۔

Marfat.com

"جو شخص اجتہاد کی اہلیت نہ رکھتا ہو اور اپنی ذات اور اپنی سمجھ پر اعتماد کر بیٹھے جیسے کہ آج کل بعض لوگ کرتے ہیں نہ تو یہ تقلید صحیح ہے نہ اجتہاد بلکہ یہ اپنی شہوت کی اتباع اور خواہش پرستی ہے۔" ❶

عدم تقلید کے مفاسد

تاریخ کے ہر طالب علم پر یہ حقیقت واضح ہے کہ جس طبقہ نے بھی "قرآن وسنت اجماع وقیاس" کی بابت اہل سنت والجماعت کے منہج کو اختیار کرنے کے بجائے اپنی ذاتی سوچ ذاتی عقل وفہم کو اپنا منہج بنایا ان سے مختلف فتنے نمودار ہوئے۔ اگر معتزلہ نے اپنی عقل پر زیادہ بھروسہ کیا تو کیسے کیسے فتنے نمودار ہوئے۔ اسی طرح اُسی منہج کو جب ہندو پاک میں اپنایا گیا تو حسب سابق اس تجربہ کے بھی وہی نتائج برآمد ہوئے جسے اس طبقہ فکر کے بانی مخلص زعماء نے محسوس کیا اور بروقت اس کی نشاندہی کردی۔ ذیل میں چند حضرات کے تجربات وارشادات کو نقل کیا جاتا ہے۔

۱- مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ کا پچیس سالہ تجربہ (مشہور غیر مقلد عالم)

پچیس برس کے تجربہ سے ہم کو یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ جو لوگ بے علمی کے ساتھ مجتہد مطلق، اور مطلق تقلید کے تارک بن جاتے ہیں آخر اسلام کو سلام کر بیٹھتے ہیں۔ کفر، ارتداد وفسق کے اسباب دنیا میں اور بھی بکثرت موجود ہیں، مگر دیندار کے بے دین ہوجانے کے لئے بے علمی کے ساتھ ترک تقلید بڑا بھاری سبب ہے۔ گروہ اہل حدیث جو بے علم یا کم علم ہوکر ترک تقلید کے مدعی ہیں وہ ان نتائج سے ڈریں۔ اس گروہ کے عوام آزاد اور خود مختار ہوتے جارہے ہیں۔ ❷

نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ کا بے باک تجزیہ

ایک دفعہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ زائد بن احمد کی مجلس میں حاضر ہوئے تو یہ حدیث سنی۔

---

❶ سید محمد موسیٰ۔ الاجتہاد ص ۵۶۸ تا ۵۷۱۔

❷ محمد حسین بٹالوی۔ رسالہ اشاعت السنۃ نمبر ۲۔ جلد ۱۱، ۱۸۸۸ء

Marfat.com

''من حسن اسلام المرء ترکه ما لا یعنیه''

اور فرمایا کہ فی الحال یہی کافی ہے اس پر عمل کر کے مزید سنوں گا۔ نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ اس واقعہ کو نقل کر کے لکھتے ہیں کہ یہ تو عقل مند لوگوں کا حال تھا جب کہ آج کل جاہلوں کا ایک گروہ ہے۔ جس کی حدیث دانی کا بیشتر حصہ اس سے عبارت ہے کہ حضرات محدثین ومجتہدین کے اختلافی مسائل میں سے عبادات پر زیادہ زور دیتے ہیں، لیکن روزمرہ زندگی کے معاملات کو یکسر نظر انداز کئے ہوئے ہیں ان کی اتباع کا دارومدار ان اختلافی مسائل کو ہوا دینے پر ہے۔ اسی لئے یہ لوگ اہل حدیث کے اصل رستہ سے بھٹکے ہوئے ہیں انہیں معاملات سے متعلق احادیث کا کچھ فہم نہیں ہے۔ ان کی علمی استعداد کا یہ عالم ہے کہ قواعد حدیث کے مطابق وہ حدیث سے ایک مسئلہ کا استنباط بھی نہیں کر سکتے۔ اسی لئے ان کو حدیث پر عمل کرنے کی توفیق نہیں ہوتی اور توفیق کیونکر ہو وہ شیطان کے مکر وفریب کے سبب حدیث پر عمل کرنے اور اس کی اتباع کے بجائے زبانی دعووں پر اکتفا کرتے ہیں (کہ ہم اہل حدیث ہیں) ان کے خیال میں دین کا خلاصہ یہی ہے گویا وہ مسلمانوں میں سے پیچھے رہ جانے والے طبقہ کے ساتھ رہ جانا چاہتے ہیں۔ میں نے ان کو بارہا آزمایا ہے۔ ان کے ہر چھوٹے بڑے کا یہی وطیرہ ہے۔ میں نے ان میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ وہ مخلص مسلمانوں کے رستہ پر چلتا ہو یا نیک لوگوں کی پیروی کا خواہاں ہو۔ بلکہ ان کو دیکھا ہے کہ کمینی دنیا کو جمع کرنے میں مگن ہیں۔ مال وجاہ کے لالچی ہیں۔ اس سلسلہ میں انہیں حلال وحرام کی بھی کوئی تمیز نہیں ہے۔ ان کا دل اسلام کی چاشنی سے محروم ہے۔ مسلمانوں کے مسائل ومعاملات میں پتھر دل واقع ہوئے ہیں۔ جیسے کوئی کم عقل سرکش ہوتا ہے۔

املتهم ثم تاملتهم
فلاح فی ان لیس فیهم فلاح

میں نے ان سے بہت امیدیں وابستہ کی تھیں۔ پھر غور وخوض کے بعد
واضح ہو گیا کہ ان میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

اور جس قوم کے قول وعمل میں تضاد ہو وہ کیونکر کامیاب ہو سکتی ہے۔ یہ مخلوق کی بہترین ہستی کی باتیں کرتے ہیں لیکن یہ خود مخلوق کے بدترین لوگ ہیں۔ جب ان سے کوئی

Marfat.com

مسئلہ پوچھا جائے تو ٹھیک جواب دیتے ہیں، لیکن جب خود انہیں وہ کام کرنے پر قدرت ہوجاتی ہے تو پھر کسی چیز کی پرواہ کئے بغیر دل کھول کر وہ کام کرتے ہیں۔

عجبت من شیخی ومن زهد
ومن ذکره النار و أهوالها
یکره أن یشرب فی فضة
ویسرق الفضة إن نالها

مجھے اپنے شیخ اس کے تقوے اور جہنم کی سختیوں کے تذکرہ پر تعجب ہوتا ہے وہ چاندی کے گلاس میں پانی پینے کو مکروہ گردانتا ہے لیکن موقع مل جائے تو چاندی کے اس برتن کو چوری کرنے سے بھی نہیں چوکتا۔

مجھے حیرت ہوتی ہے کہ یہ لوگ کیسے اپنے آپ کو پکے موحد (توحیدی) کہتے ہیں اور دوسروں کو مشرک وبدعتی قرار دیتے ہیں۔ نیز یہ بہت متعصب ہیں اور دینی امور میں غلو سے کام لیتے ہیں ان کی ساری محنت اور وقت بے مقصد کاموں میں ضائع ہورہا ہے۔ یہ خود تنگی میں مبتلا ہیں اور دوسروں کو بھی پریشان کررکھا ہے۔ یہ اصول وقانون کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔ لہٰذا صحیح بات قبول کرنے کی استعداد چھن گئی ہے۔ انہوں نے رسالت سے اعراض کیا ہے۔ لہٰذا گمراہی کے گہرے گڑھے میں جا گرے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کو دیکھنا ایسا ہی تکلیف دہ ہے جیسے آنکھ میں تنکا پڑ جائے یا گلے میں کانٹا پھنس جائے یا نفسیاتی تکلیف ہو یا روح بیمار ہو۔ گویا دل ودماغ کو کوفت ہوتی ہے ان سے انصاف کا سلوک کروگے تو ان کی طبائع اس کو برداشت نہ کریں گی اور اگر ان سے انصاف کی امید رکھو تو یونہی ہے جیسے ثریا ستارہ کو ہاتھ لگانا۔ ان کے دل اُلٹے ہیں۔ ان کا مقصد ان کی نظروں سے اوجھل ہے، یہ خیالات کی دنیا میں رہتے ہیں اسی لئے محروم رہتے ہیں۔ یہ اپنی علمی گہرائی کے بلند بانگ دعوے کرتے ہیں۔ حتی کہ کثرت ہذیان کے سبب ان کے منہ سے جھاگ بہنے لگا ہے۔ بخدا ان کے پاؤں بھی علم کے قطرہ سے تر نہیں ہوئے، نہ ان کی عقل ہی اس سے صیقل ہوئی ہے نہ علم کی روشنی سے ان کی اندھیری راتیں منور ہوئی ہیں نہ علم کے نور سے ان کے دل ہی چمکے ہیں۔ کاپیوں کی پیشانی ان کے علمی رشد وہدایت پر خوش ہونے کے بجائے ان کے قلم کی سیاہی سے روئی ہے۔ یہ جو کچھ کررہے ہیں وہ دین نہیں بلکہ زمین میں ایک بہت بڑا فتنہ وفساد ہے۔ اگر یہ

Marfat.com

لوگ اپنے قول وعمل میں مخلص ہوتے، انہیں علم نافع کی طلب ہوتی، اللہ کا ڈر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حیا ہوتی تو دنیا کا میل کچیل جمع نہ کرتے اور نیکوں کا لبادہ اوڑھ کر ان کی جیسی شکل وصورت بنا کر ناواقف اور جاہل طبقہ کو اپنے دام میں نہ پھنساتے، مسلمانوں کا مال ناجائز طریقہ سے نہ کھاتے، دنیا کو آخرت پر ترجیح نہ دیتے، قرآن پر عمل کرنے کے بجائے محض اس کا نام لینے پر اور علم حدیث کی رسمی وسطحی حیثیت پر اکتفانہ کرتے، اپنے قیمتی وقت اور صلاحیتوں کو نیک کاموں میں خرچ کرتے شب وروز دنیاداروں کی صحبت میں نہ گزارتے، زندگی کے تمام معاملات میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو اپنا مرکز ومحور نہ بناتے اور اگر تقریر وافتاء کے میدان میں اترتے تو اس کا حق ادا کرتے جیسا کہ ان سے پہلے کے اہل حدیثوں اور موحدین نے اپنے زمانہ میں عملاً کر کے دکھایا ہے۔ لہٰذا صرف ایسے لوگوں کو قرآن وسنت کی اتباع اور اس کی طرف دعوت دینے کا حق حاصل تھا اور قرآن وحدیث بھی صرف ایسے لوگوں کے لئے آگ سے بچاؤ کا سامان ہے۔ نہ کہ ان جعلی لوگوں کے لئے جن کا قرآن وحدیث کے ساتھ تعلق صرف دعوے کی حد تک ہے اور ان کا کتاب وسنت والا نعرہ صرف ریاکاری ہے۔

نعوذ بالله من أناس
تشيخوا قبل أن يشيخوا

إحدودوا وا نحنوا رياءً
فاحذرهم إنهم فخوخ

ہم ایسے لوگوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں جو بوڑھے بزرگ ہونے سے پہلے ہی بتکلّف اپنے آپ کو بوڑھا بنا رہے ہیں۔ وہ دوسروں کو اپنے بڑھاپے کا تاثر دینے کے لئے کبڑے ہو کر چلتے ہیں۔ ان لوگوں سے بچ کر رہنا ان کے کبڑے ہونے کی مثال ایسی ہے جیسے کنڈی کا سرا شکار پکڑنے کے لئے مڑا ہوا ہوتا ہے۔

خدا کی قسم جس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کا خوف ہے وہ اس قسم کی جرأت نہیں کرتا۔ واضح رہے کہ کوئی بھی منصف مزاج ان کے کردار کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھتا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اور سب مسلمانوں کو دین کے روپ میں دنیا جمع کرنے والوں کے شر سے محفوظ

Marfat.com

رکھے اور ہمیں مداہنت، منافقت اور جاہلوں کی صحبت سے بچائے رکھے۔ ❶

نوٹ: **نمازِ پیمبر** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گزشتہ اشاعت میں نواب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اس تجزیہ کا خلاصہ پیش کیا گیا تھا، بعض مخلص غیر مقلد دوستوں کو خیال گزرا کہ شاید نواب صاحب کا اصل مضمون کچھ مختلف ہو، لہٰذا اب قائد و قوم کے باہمی تاثرات و تبصرہ کو حرف بحرف نقل کر دیا ہے۔ گویا ان مخلصین کے ارشاد کی تعمیل میں عربی تحریر کو اردو اسلوب میں منتقل کرنے کی جسارت کی ہے۔ معذرت خواہ ہوں، جن حضرات کو غیر مقلدین کے قریب بیٹھنے کا اتفاق ہوا ہے یا وہ ان کے لٹریچر کا مطالعہ کرتے ہیں انہیں ان حقائق کے سمجھنے میں بہت آسانی ہوگی۔

۳- قاضی عبدالواحد صاحب خانپوری رحمۃ اللہ علیہ (مشہور غیر مقلد عالم)

پس اس زمانے میں جھوٹے اہل حدیث مبتدعین مخالفین سلف صالحین جو حقیقت ماجاء الرسول سے جاہل ہیں۔ وہ صفت میں وارث اور خلیفہ ہوتے ہیں شیعہ و روافض کے۔ یعنی جس طرح شیعہ پہلے زمانوں میں باب اور دہلیز کفر و نفاق کے تھے اور مدخل ملاحدہ و زنادقہ کے تھے اسلام کی طرف اس طرح یہ جاہل بدعتی اہل حدیث اس زمانہ میں باب اور دہلیز اور مدخل ہیں ملاحدہ زنادقہ منافقین کے بعینہٖ مثل شیعوں کے..... مقصود یہ ہے کہ رافضیوں میں ملاحدہ تشیع ظاہر کر کے حضرت علی اور حسنین رضی اللہ عنہم کی غلو کے ساتھ تعریف کر کے سلف کو ظالم کہہ کر گالی دے دیں۔ اور پھر جس قدر الحاد و زندقہ پھیلائیں کچھ پرواہ نہیں، اس طرح ان جہال بدعتی کاذب اہل حدیثوں میں ایک دفعہ رفع یدین کر کے تقلید کا رد کرے اور سلف کی ہتک کرے۔ مثل امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے جن کی امامت فی الفقہ اجماع امت کے ساتھ ثابت ہے اور پھر جس قدر کفر بدا عتقادی اور الحاد اور زندیقیت ان میں پھیلا دے بڑی خوشی سے قبول کرتے ہیں اور ایک ذرہ چیں بجبیں بھی نہیں ہوتے۔ اگرچہ علماء اور فقہاء اہل سنت ہزار دفعہ ان کو متنبہ کریں۔ ہرگز نہیں سنتے۔ ''سبحان اللہ ما اشبہ اللیلۃ بالبارحۃ'' اور سر اس کا یہ ہے کہ وہ مذہب و عقائد اہل السنۃ والجماعت سے نکل کر اتباع سلف سے مستنکف و مستکبر ہو گئے ہیں۔ ❷

---

❶ نواب صدیق حسن خاں بھوپالی رحمۃ اللہ علیہ۔ الحطۃ فی ذکر صحاح الستۃ۔ ص ۱۵۳ تا ۱۵۵۔ اسلامی اکیڈمی، لاہور

❷ قاضی عبدالواحد۔ لاظہار کفر ثناء اللہ بجمیع اصول آمنت باللہ۔ ص ۲۶۲۔

Marfat.com

نوٹ: ان مشاہدات وتاثرات میں بعض سخت الفاظ استعمال کئے گئے ہیں جن سے ہمارا متفق ہونا ضروری نہیں۔کمال امانت کی وجہ سے حرف بہ حرف نقل کر دیئے گئے ہیں۔

محمد شفیق اسعد
فاضل مدینہ یونیورسٹی
مدینہ منورۃ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد لله رب العالمين۔ والصلوة والسلام على رحمة للعالمين
محمد عبدالله ورسوله، وعلى آله من اهل بيته واصحابه
ومن تبعهم إلى يوم الدين۔ اما بعد۔

طہارت کا بیان

پانی یا مٹی کے ساتھ شرعی طریقہ پر صفائی ونظافت کو طہارت کہتے ہیں۔
جیسے: وضو، غسل، تیمم۔

پانی کی اقسام

پانی تین طرح کا ہوتا ہے۔

۱- عام پانی
۲- ناپاک پانی
۳- استعمال شدہ پانی

(۱) عام پانی اور اس کا حکم

اس سے مراد ہر وہ پانی ہے جس کی رنگت، ذائقہ اور بو طبعی حالت پر ہو۔ جیسے سمندر، دریا، نہر، چشمہ، کنوئیں اور بارش کا پانی۔ یہ پانی پاک ہے اور اس سے پاکی حاصل کی جاسکتی ہے۔

(الف) ارشاد ربانی ہے:

وينزل عليكم من السماء ماء ليطهركم به (انفال۔۱۱)

Marfat.com

"اور اللہ تعالیٰ نے آسمان سے تم پر پانی اتارا ہے تا کہ اس کے ذریعے تمہیں پاک کردے۔"

وأنزلنا من السماء ماء طهوراً (فرقان۔۴۸)

"اور ہم نے آسمان سے اتارا پانی، جس سے پاکی حاصل کی جاتی ہے۔"

(ب) ارشادِ نبوی ہے: "هو الطهور ماءه" (ترمذی)

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سمندر کے پانی کی بابت پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "سمندر کا پانی پاک ہے۔"

(۲) ناپاک پانی

اس سے مراد وہ پانی ہے جو اپنی طبعی حالت پر نہ ہو، بلکہ اس کا رنگ، ذائقہ یا بو بدل گئی ہو اور اس پر علماء امت کا اجماع ہے۔ علامہ شوکانی لکھتے ہیں:

الإجماع على أن المغير بالنجاسة ريحاً أو لوناً أو طعماً نجس

(نیل الأوطار۔ ج ۱۔ ص ۳۵)

"نجاست کی وجہ سے جس پانی کی بو، رنگ یا ذائقہ بدل جائے اس کے ناپاک ہونے پر امت کا اجماع ہے۔"[1]

---

[1] جب پانی زیادہ مقدار میں ہو، جیسے نہر، دریا، یا بڑا حوض تو وہاں یہ تبدیلی ہی بنیاد ٹھہرے گی، لیکن اگر پانی تھوڑی مقدار میں ہو۔ جیسے بالٹی، مٹکے وغیرہ کا پانی تو ذرا سی نجاست گرنے سے بھی ناپاک ہو جائے گا۔ گو کسی وصف میں تبدیلی نہ ہوئی ہو۔ ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

عن ابی هريرة رضی الله عنه ان النبی صلی الله عليه وسلم قال إذا استيقظ أحدكم من نومه فلا يغمس يده فی الاناء حتی يغسلها فإنه لا يدری اين باتت يده. (مسلم. كراهية غمس المتوضئ)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جب کوئی صبح کو بیدار ہو تو اپنا ہاتھ برتن میں ڈالنے سے پہلے تین دفعہ دھوئے چونکہ اسے معلوم نہیں کہ سوتے میں ہاتھ کہاں کہاں لگتا رہا۔"

معلوم ہوا کہ تھوڑا پانی اس قدر معمولی نجاست سے بھی ناپاک ہو جاتا ہے جس کا ہاتھ پر لگا ہونا محتمل ہے اور ظاہر ہے کہ اس سے پانی کا کوئی وصف نہیں بدلتا۔

Marfat.com

(۳) استعمال شدہ پانی

یہ وہ پانی ہے جسے ایک دفعہ وضو یا غسل کے لئے استعمال کیا گیا ہو۔ یہ بذات خود پاک ہے لیکن اس سے دوبارہ پاکی حاصل نہیں ہوسکتی فقہاء کی اصطلاح میں اسے طاہر غیر مطہر کہتے ہیں۔

(ج) عن أبی موسیٰ رضی الله عنه قال دعا النبی صلی الله علیه وسلم بقدح فیه ماء فغسل یدہ ووجهه فیه ومج فیه ثم قال لهما اشربا منه وافرغا علی وجوهکما ونحورکما۔

(بخاری الغسل والوضوء فی المخضب)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیالہ میں پانی منگوایا، اس میں اپنا دست مبارک اور چہرہ انور دھویا۔ اُسی میں کلی کی۔ پھر ان (ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ و بلال رضی اللہ عنہ) سے فرمایا کہ اس میں سے کچھ پی لو، اور باقی اپنے چہرہ اور گریبان پر بہالو۔

(د) عن ابی هریرة رضی الله عنه ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لا یغتسل أحدکم فی الماء الدائم وهو جنب۔ فقالوا یا أبا هریرة کیف یفعل؟ قال یتناوله تناولا۔

(مسلم النہی عن الاغتسال)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''کوئی بھی شخص ٹھہرے پانی میں غسل جنابت نہ کرے۔''

لوگوں نے پوچھا، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ پھر کیا کرے؟ فرمایا ''ضرورت کا پانی باہر نکال لے۔''

پہلی حدیث سے معلوم ہوا کہ استعمال شدہ پانی پاک ہے، اس کو پینا، یا جسم پر بہانا درست ہے۔ جب کہ دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ استعمال شدہ پانی دوبارہ استعمال کے قابل نہیں رہتا۔ یعنی طاہر تو ہے مطہر نہیں۔

یہی مسلک ہے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ، زہری رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر

Marfat.com

فقہاء امت کا۔

آداب استنجاء

(۱) بیت الخلاء میں ایسے اوراق وغیرہ نہ لے جائے جن میں اللہ کا نام یا متبرک کلام ہو۔

(۲) نظروں سے اوجھل ہوجائے۔ صحرا میں ہوتو ساتھیوں سے دور چلا جائے آبادی میں ہوتو بیت الخلاء استعمال کرے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رفع حاجت کے لئے اتنی دور نکل جاتے کہ سب کی نظروں سے اوجھل ہوجاتے۔ (ابوداؤد: کتاب الطہارۃ)

(۳) بیت الخلاء میں بایاں پاؤں داخل کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھے۔

بسم اللہ اللّٰھم إنی اعوذبك من الخبث و الخبائث

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت الخلاء جانے سے پہلے یہ دعا پڑھتے۔

بخاری: مایقول عند الخلاء (مسلم: مایقول اذا اراد الخلاء)

"اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں۔ خبیث شیاطین اور خبیث عادات سے۔"

بیت الخلاء سے نکلتے وقت دایاں پاؤں پہلے نکال کر کہے۔ غفرانك

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ بیت الخلاء سے نکل کر کہتے:

"اے اللہ تیری مغفرت کا طالب ہوں۔" (ترمذی: مایقول اذا خرج)

(۴) غسل خانہ میں پیشاب نہ کرے۔ ہاں اگر غسل خانہ میں علیٰحدہ جگہ بنائی ہوتو ہرج نہیں، چونکہ اس میں وساوس کا اندیشہ نہیں رہتا۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہرگز تم میں سے کوئی بھی حمام میں پیشاب نہ کرے پھر اس میں وضو کرے چونکہ اکثر وساوس کا سبب یہی ہے۔ (ابوداؤد: البول فی المستحم)

(۵) ٹھہرے ہوئے یا جاری پانی میں پیشاب نہ کرے۔

Marfat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ٹھہرے پانی میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا۔ (مسلم: النہی عن البول فی الماء۔ بخاری: الماء الدائم)

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ جاری پانی میں پیشاب کرنے سے بھی منع فرمایا۔ (طبرانی)

(٦) راستہ میں یا سایہ والی جگہ میں پیشاب نہ کرے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان دو جگہوں سے بچو جو لعنت کا سبب ہیں صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ کون سی ہیں؟ ارشاد فرمایا جو شخص رستہ یا سایہ میں رفع حاجت کرے۔ (مسلم: کراھة التبرز فی الطریق)

(٧) جانور کے بل میں پیشاب نہ کرے۔ مبادا کہ سوراخ میں موجود جانور کو تکلیف ہو تو وہ اس کو تکلیف دے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوراخ میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا۔ (ابوداؤد: النہی عن البول فی الجحر)

(٨) اس حالت میں بات چیت نہ کرے حتیٰ کہ سلام کا جواب بھی نہ دے۔ اگر چھینک آئے تو الحمدللہ دل میں کہے۔ اگر دعا پڑھنا بھول جائے تو بھی دل میں پڑھے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رفع حاجت میں تھے کہ ایک گزرنے والے نے سلام کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا جواب نہ دیا۔

(حسن صحیح، ترمذی: کراھیة رد السلام)

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب دو آدمی ستر کھولے رفع حاجت کی حالت میں باہم گفتگو کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان پر سخت ناراض ہوتے ہیں۔ (ابوداؤد: کراھیة الکلام)

معلوم ہوا کہ اس حالت میں گفتگو کرنا غضب الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے، لہٰذا اس بری عادت سے بچنا چاہئے۔

(٩) اپنے جسم اور کپڑوں کو نجاست سے بچائے رکھے۔ چونکہ اس سے نہ بچنا عذاب قبر کا باعث ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گزر دو قبروں

Marfat.com

پر سے ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ یہ دونوں عذاب میں مبتلا ہیں اور عذاب کا سبب کوئی بڑی چیز نہیں۔ ان میں سے ایک چغل خور تھا جب کہ دوسرا پیشاب سے نہ بچتا تھا۔

(مسلم : الدلیل علی نجاسة البول)

حضرت عبدالرحمان سے روایت ہے کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے کہا گیا۔ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو تمہیں ہر چیز کی تعلیم دی ہے حتی کہ بول و براز کی بھی۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ہاں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں رفع حاجت میں قبلہ کی طرف منہ یا پشت کرنے سے روکا ہے۔ دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے سے روکا ہے۔ تین ڈھیلوں سے کم استعمال کرنے سے روکا ہے اور لید یا ہڈی کے ساتھ استنجا کرنے سے روکا ہے۔

(مسلم : الإستطابة)

(۱۰) قبلہ کا احترام کرے کہ اس حالت میں نہ تو اس طرف منہ کرے نہ پشت۔

(۱۱) استنجا بائیں ہاتھ سے کرے چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دائیں ہاتھ سے ساتھ استنجا کرنے سے منع فرمایا ہے۔

دایاں ہاتھ تو صاف ستھرے کاموں کے لئے ہے۔

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ رفع حاجت کے وقت اپنے عضو کو دایاں ہاتھ نہ لگائے اور نہ دائیں ہاتھ سے استنجا ہی کرے۔

(بخاری : لایمسك ذکرہ بیمینہ مسلم : حبہ للتیامن)

(۱۲) تین ڈھیلے استعمال کرے یا جن سے صفائی حاصل ہو سکے اور پھر پانی کو مزید نظافت کے لئے استعمال کرے۔

فیه رجال یحبون ان یتطهروا واللہ یحب المطهرین

(التوبہ۔۱۰۸)

"اس بستی میں ایسے لوگ ہیں جو نظافت کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب صاف ستھرا رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔"

اس آیت کے نزول کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل قبا سے پوچھا کہ طہارت کی بابت تمہارا خاص عمل کیا ہے تو انہوں نے کہا ہم ڈھیلے کے بعد پانی استعمال کرتے ہیں۔

Marfat.com

(۱۳) ہڈی اور گوبر لید وغیرہ کو صفائی کے لئے استعمال نہ کرے۔

(۱۴) بچہ کا پیشاب ناپاک ہے۔

دودھ پیتے بچہ کا پیشاب ناپاک ہے اور اس پر اسلاف امت کا اجماع منعقد ہو چکا ہے لہٰذا اس کو دھونا ضروری ہے۔

قال النووی : اعلم أن هذا الخلاف إنما هو فی کیفیة تطهیر الشیء الذی بال علیه الصبی ولا خلاف فی نجاسته وقد نقل بعض اصحابنا اجماع العلماء علی نجاسة بول الصبیّ (شرح مسلم للنووی: باب حکم بول طفل الرضیع)

"علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس چیز پر بچہ نے پیشاب کیا ہے اس کو پاک کرنے کی کیفیت میں تو اختلاف واقع ہوا ہے، لیکن اس کے ناپاک ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں اور بعض علماء نے بچہ کے پیشاب کی نجاست پر اجماع امت نقل کیا ہے۔"

(۱۵) اگر بچی کپڑے پر پیشاب کردے تو اس کو پاک کرنے کے لئے زیادہ اہتمام سے دھونا چاہئے جب کہ بچہ کے پیشاب کو دھونے میں اتنے زیادہ مبالغہ کی ضرورت نہیں۔

عن علی رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال فی الرضیع یغسل بول الجاریة۔ وینضح ◆1 بول الغلام (طحاوی: حکم بول الغلام والجاریة)

◆1 بچہ کے پیشاب سے کپڑے کو پاک کرنے کے بارے میں جتنی روایات آئی ہیں ان میں مندرجہ ذیل الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ نمبر ۱۔ فصبه علیه (پانی بہایا)۔ نمبر ۲، فاتبعه' بالماء۔ (پانی بہایا) نمبر ۳، ینضح۔ نمبر ۴، یرش۔ یہ بات تو بالکل واضح ہے کہ پانی بہانے کا لفظ اس وقت استعمال ہوتا ہے، جب اس چیز کو دھونے میں زیادہ مبالغہ نہ کیا ہو۔ اسی طرح احادیث میں ینضح اور یرش کے معنیٰ بھی دھونا ہے۔

نمبر ۳۔ ینضح، بمعنی دھونا، عن اسماء قالت جاءت امرأة إلی النبی صلی الله علیه وسلم فقالت احدانا یصیب ثوبها من دم الحیضة کیف تصنع به. بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دودھ پیتے بچے کی بابت فرمایا۔ بچی کا پیشاب مبالغہ سے دھویا جائے گا اور بچہ کے پیشاب کو ہلکا سا دھونا کافی ہے۔"

جیسا کہ دوسری روایت میں ہے:

عن عائشة رضی الله عنها قالت اُتی رسول الله صلی الله علیه وسلم بصبی یرضع فبال فی حجرہٖ فدعا بماء فصبه علیه (مسلم: حکم بول الطفل الرضیع)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک دودھ پیتا بچہ لایا گیا جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں پیشاب کردیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی منگوایا اور اس پر بہادیا۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ قال تحته، ثم تقرصه بالماء ثم تنضحه ثم تصلی فیه.

(مسلم: باب نجاسة الدم وکیفیة غسله)(قال النووی رحمۃ اللہ علیہ: تنضحه' ای تغسله)

علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں نضح کے معنی ہے دھونا کہ جب ایک عورت نے حیض کے خون کی بابت پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے دھونے کا حکم دیا۔

قال ابن حجر والخطابی فی روایة اسماء رضی اللہ عنہا بان معنیٰ النضح الغسل.

علامہ ابن حجر اور علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ حضرت اسماء والی روایت میں نضح کے معنی دھونا ہے۔

۴۔"رش" بمعنی دھونا۔

عن اسماء بنت ابی بکر رضی الله عنها ان امرأة سالت النبی صلی الله علیه وسلم عن الثوب یصیبه الدم من الحیضة فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم حتیه، ثم اقرصیه بالماء، ثم رشیه وصلی فیه. (ترمذی، ماجاء فی غسل دم الحیض من الثوب)

قال المبارکفوری رحمه الله: قرص کا معنی ہے انگلیوں سے کپڑے کو ملنا تاکہ وہ خون تحلیل ہوکر نکلنے کے قابل ہوجائے۔

ثم رشیه ای صبی الماء علیه.

پھر اس پر رش کرے یعنی اس پر پانی بہائے۔ (تحفۃ الاحوذی۔ ج۱۔ ص ۴۲۴)

الغرض دودھ پیتے بچے کے پیشاب کو دھونا ضروری ہے اور بعض کا یہ کہنا کہ اس پر چھینٹے مار دینا کافی ہے، صحیح نہیں ہے۔ نیز یہ کہ پیشاب ناپاک ہے اور چھینٹے مارنے سے تو وہ کپڑے میں باقی رہے گا۔ وہ کپڑا جوں کا توں ناپاک رہے گا۔

Marfat.com

(۱۶) اس مسئلہ پر بھی علمائے امت کا اجماع ہے کہ جب بچہ کھانے پینے لگ جائے تو اس کے پیشاب کو بقیہ نجاستوں کی طرح اچھی طرح دھویا جائے۔

قال النووی : اما اذا اکل الطعام علی جهة التغذیة فانه یجب الغسل بلا خلاف۔ (شرح مسلم)

"کہ بچہ جب غذا کے طور پر کھانا کھانے لگ جائے تو اس کے پیشاب کو دھونا ہی واجب ہے اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔"

Marfat.com

غسل کا بیان

۲۳-غسل کا مسنون طریقہ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غسل جنابت فرماتے تو ابتداءً ہاتھ دھوتے، پھر دائیں ہاتھ سے پانی ڈال کر بائیں ہاتھ سے مقام مخصوص کو دھوتے پھر وضو فرماتے، جیسے نماز کے لئے وضو کیا جاتا ہے پھر پانی ڈال کر انگلیوں سے بالوں کو جڑوں تک پہنچاتے۔ جب بال تر ہو جاتے تو پھر تین چلو پانی لیتے پھر اپنے سارے جسم پر پانی بہاتے پھر پاؤں دھوتے۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے، پھر انگلیوں سے بالوں کو جڑوں تک پانی پہنچاتے جب جلدتر ہو جاتی تو پھر جسم پر تین مرتبہ پانی بہاتے۔

(مسلم: صفة غسل الجنابة۔ بخاری: تخلیل الشعر)

(۲۴) فرائض غسل

۱- کلی کرنا۔

۲- ناک میں پانی ڈالنا۔

۳- سارے جسم پر ایک دفعہ پانی بہانا کہ ذرا سی جگہ بھی خشک نہ رہے۔

ارشاد ربانی ہے:

وإن كنتم جنبا فاطهروا..... (المائدة۔٦)

"اور اگر تم جنابت کی حالت میں ہو تو خوب اہتمام سے طہارت حاصل کرو۔"

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، جس نے غسل

Marfat.com

جنابت میں بال برابر جگہ بغیر دھوئے چھوڑ دی تو اس کے ساتھ آگ سے ایسا اور ایسا کیا جائے گا۔ (ابوداؤد: الغسل من الجنابۃ)

(۲۵) جن چیزوں سے غسل واجب ہوتا ہے وہ یہ ہیں

۱- جماع ۲- خروج منی
۳- حیض ۴- نفاس

(۲۶) جماع

جماع سے غسل واجب ہوجاتا ہے چاہے انزال ہو یا نہ ہو۔
حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

اذا جلس بين شعبها الاربعة ثم جهدها فقد وجب الغسل وفی روایة لمسلم وإن لم ينزل۔

(مسلم: بيان أن الغسل۔ بخاری: اذا التقی الختانان)

"جب کوئی چار اعضاء کے درمیان بیٹھے اور کوشش کرے تو اس پر غسل واجب ہوگیا چاہے انزال نہ ہو۔"

(۲۷) خروج منی

شہوت کی حالت میں تیزی کے ساتھ منی نکلنے سے ◆۱ غسل واجب ہوجاتا ہے،

◆۱ منی، مذی اور ودی میں فرق:

منی: سفید گاڑھا لیسدار مادہ ہے جو بوقت شہوت دفق کے ساتھ خارج ہوتا ہے اس کے خروج کے بعد عضو میں سستی پیدا ہوجاتی ہے۔ اس کے خروج سے غسل واجب ہوتا ہے۔

مذی: وہ بے رنگ لیسدار مادہ ہے جو لوازماتِ جماع کے وقت شہوت کی حالت میں بغیر دفق کے نکلتا ہے اور کبھی اس قطرہ کا خروج محض شہوانی خیال کی وجہ سے بھی ہوجاتا ہے اس کے بعد طبیعت میں کاہلی پیدا نہیں ہوتی۔ اس کے خروج سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

ودی: سفید مادہ ہے جو گاڑھا ہونے میں منی کے مشابہ ہے۔ اس کا خروج کبھی پیشاب سے پہلے یا بعد ہوتا ہے۔ اس کے خروج سے صرف وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

Marfat.com

اس میں نیند اور بیداری کی دونوں حالتیں برابر ہیں۔ نیز مرد و عورت کا بھی ایک ہی حکم ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مذی کی بابت پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ مذی نکلے تو وضو کافی ہے اور منی نکلے تو غسل کرنا ہوگا۔

(حسن صحیح، ترمذی: ماجاء فی المنی والمذی)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کی صفت حیا حق بیان کرنے میں مانع نہیں ہوتی۔ تو کیا جب عورت کو احتلام ہو تو اس پر غسل واجب ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں غسل واجب ہوگا۔ جب وہ احتلام کے آثار دیکھے۔

(بخاری: اذا احتلمت۔ مسلم: وجوب الغسل علی المرأۃ)

احتلام کی تین صورتیں

(۲۸) (الف) واضح رہے کہ احتلام کے بعد خواب یاد ہو اور منی کے آثار بھی ہوں تو غسل واجب ہوگا اور اگر خواب یاد ہو منی کے آثار نہ ہوں تو غسل واجب نہ ہوگا اور اگر خواب یاد نہ ہو صرف منی کے آثار ہوں تو بھی غسل واجب ہوگا۔

(ب) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس شخص کی بابت دریافت کیا جو کپڑوں کو بھیگا ہوا پائے، لیکن اس کو خواب یاد نہ ہو؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر غسل لازم ہے۔ نیز پوچھا کہ جس شخص نے خواب دیکھا ہو لیکن کپڑا خشک ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس پر غسل نہیں ہے۔ (ترمذی: فیمن یستیقظ فیری)

(۲۹) (الف) احادیث نبویہ کی روشنی میں یہی معلوم ہوتا ہے کہ منی ایک ناپاک مادہ ہے۔ اگر کپڑے کو لگ جائے تو اس کا ازالہ ضروری ہے ورنہ نماز نہیں ہوگی۔

(ب) عن عمرو بن میمون قال سألت سلیمان بن یسار عن المنی یصیب ثوب الرجل أیغسله ام یغسل الثوب؟ فقال أخبرتنی عائشة رضی الله عنها أن رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یغسل المنی ثم یخرج إلی الصلوة فی ذلك الثوب وأنا انظر إلی اثر الغسل فیه۔ (مسلم: بابُ حکم المنی)

وفی روایة قالت عائشة رضی الله عنها کنت اغسله من

Marfat.com

ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم فيخرج إلى الصلوة
واثر الغسل فى ثوبه بقع الماء (بخاری: باب غسل المنی وفرکہ)

حضرت عمرو بن میمون نے حضرت سلیمان بن یسار سے پوچھا کہ اگر منی کپڑے میں لگ جائے تو صرف ناپاک جگہ کو دھوئے یا کہ پورے کپڑے کو؟ حضرت سلیمان نے کہا کہ مجھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منی کو دھوتے پھر اسی کپڑے میں نماز کے لئے تشریف لے جاتے اور کپڑے پر دھونے کا نشان مجھے نظر آ رہا ہوتا۔

ایک دوسری روایت میں ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑے سے منی کو دھوتی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے لئے تشریف لے جاتے اور کپڑے پر دھونے کا نشان ہوتا۔

(ج) اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم اور جمہور فقہاء رحمۃ اللہ علیہم کا بھی یہی مسلک ہے کہ منی ناپاک ہے۔ حتی کہ علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ (فالصواب أن المنی نجس ویجوز تطهيره باحدى الأمور۔) صحیح بات یہ ہے کہ منی ناپاک ہے اور کسی ایک طریقے سے اس کو پاک کرنا جائز ہے۔ (نیل الاوطار۔ ص ٦٧)

علامہ مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: كلام الشوكانى هذا حسن جيد کہ شوکانی کی بات بہتر ہے اور وزنی ہے۔ (تحفۃ الاحوذی۔ ج ۱۔ ص ۳۷۵)

(۳۰) ازالہ منی کا طریقہ

اگر منی کسی ایسے کپڑے پر خشک ہو جائے کہ کھرچنے سے مکمل زائل ہو جائے تو صرف کھرچنا ہی کافی ہے اور اگر کپڑا گیلا ہو تو اس کو دھونا ضروری ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مسلک ہے اس سلسلہ میں جتنی احادیث وارد ہوئی ہیں۔ اس سے ان سب پر عمل ہو جائے گا۔

قالت عائشة رضى الله عنها وانى لأحكه من ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم يابساً بظفرى۔ (مسلم: باب حكم المنى)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑے سے خشک منی کو کھرچ دیا کرتی تھی۔"

Marfat.com

قالت عائشة رضی الله عنها ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یغسل المنی ثم یخرج إلی الصلوة۔

(مسلم: باب حکم المنی)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منی کو دھو کر پھر نماز کے لئے جاتے۔"

اور ایک دوسری روایت میں ان دونوں حالتوں کی وضاحت ہے۔

عن عائشة رضی الله عنها قالت کنت أفرك من ثوب رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کان یابساً وأغسله اذا کان رطباً۔ (دار قطنی)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کپڑے پر منی اگر خشک ہوتی تو میں کھرچ دیتی اور اگر تر ہوتی تو میں دھو دیتی۔"

واضح رہے کہ کھرچ کر زائل کرنے سے یہ شبہ نہ ہونا چاہئے کہ منی پاک ہے چونکہ علامہ مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

من قال بطهارة المنی مستدلاً برواية افرك اجيب بان ذلك لا يدل علی طهارة انما يدل علی كيفية التطهير۔

(ملخص تحفۃ الاحوذی)

"کہ کھرچنے والی روایت منی کی پاکی پر دلالت نہیں کرتی، بلکہ یہ تو خود اس کو پاک کرنے کی ایک کیفیت ہے۔"

(۳۱) جب عورت ماہانہ ایام سے فارغ ہو تو غسل کرے اور پھر سے نمازیں شروع کردے اس پر ایام حیض کی نمازوں کی قضا واجب نہیں۔

ولا تقربوهن حتی يطهرن فإذا تطهرن فاتوهن من حيث امركم الله (البقرة۔ ۲۲۲)

"اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں ان سے قربت نہ کرو، پھر جب وہ پاک ہو جائیں تو ان کے پاس آؤ جس جگہ اللہ نے تمہیں اجازت

Marfat.com

دے رکھی ہے۔"

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ بنت ابی جیش رضی اللہ عنہا کو استحاضہ کی بیماری تھی۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو رگ کا خون ہے حیض کا نہیں۔ البتہ جب حیض آئے تو نماز چھوڑ دو جب ختم ہو جائے تو غسل کر کے نماز پڑھو۔ (بخاری: اقبال المحیض)

(۳۲) ماہانہ ایام میں شرعی پابندیاں

حائضہ عورت اپنے ماہانہ ایام میں نماز روزہ چھوڑ دے۔ پاک ہونے کے بعد روزہ کی قضا کرے نماز کی قضا نہیں ہے۔ نیز اس حالت میں قرآن پاک پڑھنا۔ اس کو ہاتھ لگانا، مسجد میں داخل ہونا۔ طواف کعبہ کرنا منع ہے اور خاوند سے ہمبستری بھی جائز نہیں۔

حضرت معاذۃ فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا۔ ''کیا سبب ہے کہ حائضہ عورت روزہ قضا کرتی ہے نماز نہیں۔''

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ''کیا تم حروریہ ہو''؟ میں نے عرض کیا نہیں لیکن مسئلہ کی وضاحت چاہتی ہوں''۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ''جب ہماری یہ حالت ہوتی تو بس ہمیں روزہ کی قضا کا حکم دیا جاتا تھا نماز کی قضا کا نہیں۔'' (مسلم: وجوب قضاء الصوم لا الصلوۃ)

(۳۳) مستحاضہ عورت کا مسئلہ

جس عورت کے ایام دس سے متجاوز ہو جائیں تو اس کو چاہئے کہ وہ دس دن کے بعد غسل کر کے نماز شروع کر دے۔ پھر ہر نماز کے لئے وضو کر لیا کرے۔ بار بار غسل کی ضرورت نہیں۔

عن عائشة رضی الله عنها قالت جاء ت فاطمة ابنة ابی جیش إلی النبی صلی الله علیه وسلم فقالت یا رسول الله صلی الله علیه وسلم إنی امرأة استحاض فلا اطهر أفادع الصلوة؟ قال لا انما ذلك عرق ولیست بالحیضة فإذا أقبلت الحیضة فدعی الصلوة وإذا أدبرت فاغسلی عنك

Marfat.com

الدم وصلی قال أبو معاویة فی حدیثه وقال توضاء لکل صلوة حتی یجیء ذالك الوقت۔ (ترمذی باب المستحاضہ)

وفی البخاری ثم توضاء لکل صلوة حتی یجیء ذالك الوقت

(بخاری: باب غسل الدم)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ''فاطمہ بنت ابی جیش رضی اللہ عنہا آئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مستحاضہ عورت ہوں کبھی اس سے پاک نہیں ہوتی کیا نماز چھوڑ دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''نہیں چونکہ یہ رگ کا خون ہے حیض کا نہیں، لہٰذا صرف ایام حیض میں نماز چھوڑ و بعد ازاں غسل کر کے نماز شروع کر دو اور ہر نماز کے لئے وضو کر لیا کرو۔''

(۳۴) نفاس

وضع حمل کے بعد جتنے دن خون آئے وہ نفاس کے ایام شمار ہوں گے۔ اس دوران عورت پر ایام حیض والی پابندیاں عائد رہیں گی۔ واضح رہے کہ نفاس کی کم از کم مدت کا تعین مشکل ہے۔ لہٰذا جونہی خون آنا بند ہو جائے تو غسل کر کے نماز وغیرہ شروع کر دے۔ البتہ نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے۔ جب کہ چالیس دن تک خون آتا رہے۔ اگر اس کے بعد بھی خون آئے تو وہ نفاس کا نہیں بلکہ کسی اور عارضہ کی وجہ سے ہے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ عہد نبوی میں نفاس والی عورتیں چالیس دن تک شرعی پابندیوں سے مستثنیٰ رہتیں اور ہم اپنے چہروں پر زرد بوٹی ملا کرتی تھیں۔

(ترمذی: کم تمکث النفساء)

امت کا اجماع

تمام صحابہ رضی اللہ عنہم حضرات تابعین رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے بعد تمام علماء کا اجماع ہے کہ نفاس والی عورتیں چالیس دن کی نماز چھوڑ دیں گی۔ البتہ جو عورت اس مدت سے پہلے ہی طہر محسوس کرے وہ غسل کر کے نماز شروع کر دے۔ (ترمذی: باب کم تمکث النفساء)

Marfat.com

وضو کا بیان

(۳۵) وضو کی فضیلت واہمیت

(الف) شریعت اسلامیہ کا ہر ہر عمل اپنی جگہ بہت اہم ہے۔ وضو کی اہمیت کا اندازہ اس سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ وضو کئے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی، بلکہ ایسا کرنے والا گنہگار ہوتا ہے اور وضو کی فضیلت کے لئے اتنا کافی ہے کہ نمازی کے اعضائے وضو قیامت کے دن چمک رہے ہوں گے۔

(ب) حضرت معصب بن سعد رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ طہارت کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی اور خیانت کے مال میں سے صدقہ قبول نہیں ہوتا۔ (مسلم: وجوب الطہارۃ)

(ج) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ارشاد نبوی نقل کرتے ہیں کہ ''بے وضو کی نماز قبول نہیں ہوتی تا آنکہ وہ وضو کرے۔'' (بخاری: لاتقبل صلوٰۃ بغیر طہور)

(د) حضرت نعیم مجمر کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مسجد کی چھت پر چڑھا آپ رضی اللہ عنہ نے وضو کر کے فرمایا: کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن میری امت اس حال میں بلائی جائے گی کہ اس کے اعضاء وضو روشن چمکدار ہوں گے۔ لہٰذا تم میں سے جو بھی اپنی اس چمکدار جگہ کو مزید لمبا کرنا چاہے کرلے۔ (کہ اعضائے وضو کو مقررہ مقام سے آگے تک دھوئے)۔

(بخاری: فضل الوضوء، مسلم: استحباب إطالۃ الغرۃ)

Marfat.com

(۳۶) فرائض وضو

۱- پیشانی سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک دھونا۔
۲- کہنیوں سمیت ہاتھوں کو دھونا۔
۳- سر کا مسح کرنا۔
۴- ٹخنوں سمیت پاؤں دھونا۔

وضو کرتے وقت ان چار فرائض کا اہتمام ضروری ہے ورنہ وضو نہیں ہوگا۔
ارشاد ربانی ہے:

یا ایها الذین امنوا اذا قمتم الی الصلوة فاغسلوا وجوهکم وأیدیکم إلی المرافق وامسحوا برؤسکم وأرجلکم إلی الکعبین (المائدہ۔٦)

سنن وضو

(۳۷) تسمیہ: وضو کرنے سے پہلے ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' پڑھنی چاہئے۔
(۳۸)(الف) مسواک کرنا:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ ''اگر مجھے امت کے مشقت میں پڑ جانے کا خطرہ نہ ہوتا تو میں ضرور انہیں حکم دیتا کہ ہر نماز کے وقت مسواک کیا کریں۔ (مسلم: باب السواک)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ مسواک منہ کو پاک صاف کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا سبب ہے۔ (نسائی: الترغیب فی السواک)

(ب) روزہ کی حالت میں مسواک کرنا سنت ہے۔

عن عامر بن ربیعة رضی الله عنه قال رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم مالا احصی یتسوك وهو صائم

(حسن، ترمذی: ماجاء فی السواک للصائم)

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بے شمار دفعہ

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو روزہ کی حالت میں مسواک کرتے دیکھا۔

(۳۹) تین بار ہاتھ دھونا۔

(جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو سنت نبویہ کے مطابق وضو کر کے دکھلایا تو آپ رضی اللہ عنہ نے شروع میں تین مرتبہ ہاتھوں کو دھویا۔ (مسلم: صفۃ الوضوء)

(۴۰) تین دفعہ کلی کرنا۔ ''ثم مضمض'' (مسلم)

پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کلی کی۔

(۴۱) تین دفعہ ناک صاف کرنا۔ ''واستنثر'' (مسلم)

پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ناک صاف کی۔

(۴۲) اعضاء وضو کو تین تین دفعہ دھونا۔

ثم غسل وجهه ثلاث مرات ثم غسل يده اليمنىٰ إلى المرفق ثلاث مرات ثم غسل يده اليسرى ثم مسح رأسه ثم غسل رجله اليمنى إلى الكعبين ثلاث مرات ثم غسل اليسرى مثل ذلك (مسلم: صفۃ الوضوء)

پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے چہرہ اور دائیں بائیں ہاتھ کو کہنیوں تک تین تین دفعہ دھویا پھر سر کا مسح کر کے دائیں بائیں پاؤں کو تین دفعہ دھویا۔

(۴۳) داڑھی کا خلال کرنا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داڑھی کا خلال کیا کرتے تھے۔ (حسن صحیح، ترمذی: ماجاء فی تخلیل اللحیۃ)

(۴۴) انگلیوں کا خلال کرنا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم وضو کرو تو ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کر لیا کرو۔'' (حسن صحیح۔ ترمذی: ماجاء فی تخلیل الأصابع)

(۴۵) دائیں اعضاء کو پہلے دھونا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جوتا پہننے، کنگھی کرنے، وضو، غسل اور دیگر تمام معاملات میں دائیں طرف

Marfat.com

سے شروع کرنا پسند فرماتے۔ (بخاری: التیمن فی الوضوء۔ مسلم: حبہ للتیامن)

(۴۶) اعضاء کو مَل کر اہتمام سے دھونا

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا اور اعضاء کو ملتے ہوئے فرمانے لگے ''اس طرح'' کرنا چاہئے۔

(۴۷) ترتیب سے اور پے در پے وضو کرنا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ سے لے کر آج تک امت مسلمہ کا مسلسل عمل اس کی واضح دلیل ہے۔

(۴۸) کانوں کا مسح: سر کا مسح کر لینے کے بعد اسی پانی سے کانوں کا مسح کرنا۔ کانوں کے مسح کے لئے نیا پانی لینے کی ضرورت نہیں، چونکہ کان بھی تو سر کا ایک جزو ہیں۔ جیسا کہ عمل نبوی اور ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم ہوتا ہے۔

عن الربیع انها رأت النبی صلی الله علیه وسلم یتوضأ قالت مسح رأسه ومسح ما اقبل منه وما ادبر وصدغیه واذنیه مرة واحدة (حسن صحیح۔ ترمذی: ان المسح مرة)

''حضرت ربیع رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا۔ وہ کہتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سر کے اگلے پچھلے حصہ اور کانوں کا مسح ایک ہی دفعہ کرتے۔''

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:

''الاذنان من الرأس'' (حسن، ترمذی۔ ماجاء أن الاذنین من الرأس)

کہ ''کان سر کا حصہ ہیں۔''

(۴۹) گردن کا مسح کرنا

سر اور کانوں کا مسح کر لینے کے بعد اسی پانی سے گردن کا مسح کرنا۔

عن موسی بن طلحة قال من مسح قفاه وقی الغل یوم القیامة۔ قال ابن حجر هذا وان کان موقوفاً فله حکم الرفع لان هذا لا یقال من قبل الرای۔ (التلخیص الجیر۔ ج ۱۔ ص ۹۲)

Marfat.com

"حضرت موسیٰ بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے گردن سمیت سر کا مسح کیا وہ قیامت کے دن گردن میں بیڑیاں پہنانے سے بچ گیا۔ علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ موقوف حدیث مرفوع حدیث کے حکم میں ہے۔ چونکہ ظاہر ہے کہ ایسی بات اپنی طرف سے تو نہیں کہی جاسکتی۔"

علامہ بغوی رحمۃ اللہ علیہ، ابن سید الناس رحمۃ اللہ علیہ، شوکانی رحمۃ اللہ علیہ کا میلان بھی اس طرف ہے۔ (نیل الاوطار۔ ج ا۔ ص ۲۰۴)

نواب صدیق حسن خاں رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی کی تائید کی ہے اور کہا ہے کہ گردن پر مسح کرنے کو بدعت کہنا غلط ہے۔ نیز یہ کہ تلخیص الحبیر کی مندرجہ بالا روایت اور اس سلسلہ کی دیگر روایات قابل استدلال ہیں۔ خصوصاً جب کہ کوئی حدیث ان کے مخالف نہیں ہے۔

(بدور الاہلۃ۔ ص ۲۸)

(۵۰) وضو کے بعد کلمہ شہادت پڑھنا

عن عمر رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مامنكم من أحد يتوضأ فيسبغ الوضوء ثم يقول "اشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له واشهد أن محمداً عبده ورسوله" إلا فتحت له أبواب الجنة الثمانية يدخل من أيها شاء (مسلم: باب الذكر المستحب عقب الوضوء)

"حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو وضو کرے اور خوب اہتمام سے کرے پھر یہ کلمات کہے:

اشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له واشهد ان محمداً عبده ورسوله

یقیناً اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس میں سے چاہے داخل ہو۔"

Marfat.com

(۵۱) تحیۃ الوضو

وضو کے بعد دو رکعتیں تحیۃ الوضوء کے طور پر ادا کرنا۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بھی وضو کرے اور خوب اچھی طرح وضو کرے۔ پھر ظاہر و باطن کی مکمل توجہ وانہماک کے ساتھ دو رکعت نماز ادا کرے یقیناً اس کے لئے جنت واجب ہو گئی۔

(مسلم: الذکر المستحب عقب الوضوء)

نواقض وضو

(۵۲) پاخانہ یا پیشاب کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

ارشاد ربانی ہے:

اوجاء احد منکم من الغائط (سورۃ المائدہ۔۶)

"یا تم میں سے کوئی شخص بول و براز کر کے آئے۔"

(۵۳) ریاح کا خروج بھی ناقض وضو ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مسجد میں نماز کا انتظار کرنے والے شخص کو نماز کا ثواب ملتا رہتا ہے جب تک کہ وہ بے وضو نہ ہو ایک عجمی شخص نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ حدث سے کیا مراد ہے تو انہوں نے بتایا کہ ہوا کا خارج ہونا۔ (بخاری: من لم یر الوضوء)

(۵۴) مذی اور ودی کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اس کے بعد وضو کر لینا کافی ہے غسل کرنا ضروری نہیں (ان کی تفصیل موجبات غسل کے دوسرے سبب کے حاشیہ میں گزر گئی)۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مذی کی بابت پوچھا تو آپ نے فرمایا "مذی سے وضو اور منی سے غسل لازم ہوتا ہے۔"

(ترمذی: ماجاء فی المنی والمذی)

Marfat.com

(۵۵) نیند ناقض ہے

عن صفوان بن عسال قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأمرنا إذا كنا سفراً ان لا ننزع خفافنا ثلاثة ايام وليالیهن إلا من جنابة لكن من غائط وبول ونوم۔

(حسن صحیح۔ترمذی: المسح علی الخفین)

"حضرت صفوان کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں تلقین کرتے کہ سفر کی حالت میں تین دن تک موزے اتارنے کی ضرورت نہیں، ہاں اگر جنابت ہوجائے تو موزے اتار دیں (اور غسل کریں) البتہ پیشاب پاخانہ اور نیند کی وجہ سے موزے اتارنے کی ضرورت نہیں ہے (بلکہ وضو کے وقت مسح کر لینا کافی ہے) اس حدیث میں پیشاب و پاخانہ اور نیند کا ایک ہی حکم بیان ہوا ہے کہ ہر دو کی طرح نیند بھی ناقض وضو ہے۔"

کھڑے کھڑے یا بغیر سہارا لگائے یا نماز کی کسی ہیئت پر سونے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

عن أنس رضى الله عنه قال كان اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ينتظرون العشاء الاخرة حتى تخفق رؤسهم ثم يصلون ولا يتوضؤن۔ (ابوداؤد: باب الوضوء من النوم)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثار صحابہ نماز عشاء کے انتظار میں ہوتے۔ اسی اثناء میں نیند کی وجہ سے ان کے سر جھک جاتے پھر وہ یونہی نماز پڑھتے اور وضو نہ کرتے تھے۔"

(۵۶) قے اور نکسیر ناقض وضو ہے۔

عن أبي الدرداء رضى الله عنه إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قاء فتوضأ (اَصح شیء فی الباب)

Marfat.com

قال الترمذی ''وقد رأی غیر واحد من أهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم من التابعین الوضوء من القیء والرعاف'' (ترمذی: باب الوضوء من القیء والرعاف)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قے آ گئی تو آپ نے وضو فرمایا۔''

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اکثر حضرات صحابہ اور تابعین کا مسلک یہی ہے کہ قے اور نکسیر سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

(ب) عن ابن عباس رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم إذا رعف احدکم فی صلاته فلینصرف فلیغسل عنه الدم ثم لیعد وضوءه ولیستقبل صلاته۔

(معجم طبرانی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اگر نماز میں کسی کو نکسیر آ جائے تو وہ نماز توڑ دے پھر خون دھو کر وضو کرے اور نئے سرے سے نماز پڑھے۔''

اور خود نواب صدیق حسن خاں بھی لکھتے ہیں:

قیئ ورعاف وقلس ناقض وضو است وحدیث قاء فتوضأ حسن است (بدور الأهلیة۔ ص ۳۰)

قئ، نکسیر اور ابکائی سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور حدیث ''قاء فتوضأ'' حسن درجہ کی ہے۔

(۵۷) خون استحاضہ ناقض وضو ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک استحاضہ عورت حضرت فاطمہ بنت ابی جیش کو حکم دیا:

''ثم توضاء لکل صلوة'' (بخاری: باب غسل الدم)

''کہ پھر ہر نماز کے لئے مستقل وضو کیا کر۔''

چونکہ استحاضہ کے خون سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور غسل واجب نہیں ہوتا۔

Marfat.com

موزوں پر مسح کا بیان

(۵۸) چمڑے کے وہ موزے جن میں پاؤں ٹخنوں تک چھپے رہیں یا وہ اونی سوتی جرابیں جن پر چمڑا لگایا گیا ہو۔ یا وہ جرابیں جو چمڑے کی طرح سخت و موٹے کپڑے کی ہوں تو اسلاف محدثین وفقہاء امت نے ان کو بھی موزوں کے حکم میں شمار کیا ہے۔ ان پر مسح کرنا جائز ہے۔

چونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موزوں پر مسح فرمایا۔

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کرایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کے دوران موزوں پر مسح کیا، حضرت مغیرہ نے عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نے یہ موزے باوضو حالت میں پہنے تھے۔ (مسلم: المسح علی الرأس والخفین، بخاری: إذا دخل رجلیہ)

علامہ مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ فقہاء نے جرابوں پر مسح کے لئے کچھ شرطیں لگائی ہیں تا کہ وہ موزوں کے حکم میں ہو کر ان احادیث کے ضمن میں داخل ہو جائیں جو موزوں کی بابت وارد ہوئی ہیں لہٰذا بعض نے شرط لگائی کہ اُن پر چمڑا لگا ہو اور بعض نے کہا کہ موٹے سخت کپڑے کے ہوں تو مسح جائز ہے۔ ایک اور دوسری جگہ پر علامہ نے خود اس تفصیل کو راجح قرار دیا ہے۔ (تحفۃ الأحوذی)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موزوں پر مسح فرمایا۔ (بخاری: المسح علی الخفین)

(۷۰) علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ موزوں کے مسح پر تمام صحابہ متفق ہیں اور یہ مسئلہ ستر سے زیادہ صحابہ سے منقول ہے اور جس کسی نے اس مسئلہ میں مخالفت کی۔ ان کی موافقت بھی منقول ہے۔'' (فتح الباری۔ ج ۱۔ ص ۳۰۵۔ باب المسح علی الخفین)

Marfat.com

(۵۹) مدت مسح

مسافر کے لئے مسح کی مدت تین دن تین راتیں اور مقیم کے لئے ایک دن ایک رات ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسافر کے لئے مسح کی مدت تین دن تین راتیں مقرر فرمائی اور مقیم کے لئے ایک دن ایک رات۔

(مسلم: التوقیت فی المسح علی الخفین)

(۶۰) مسح کا طریقہ

ہاتھ کی انگلیاں پانی سے بھگو کر تین انگلیاں پاؤں کے پنجے پر رکھ کر اوپر کی طرف کھینچے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر دینی مسائل کی بنیاد صرف عقل پر ہوتی تو موزے کا زیریں حصہ بالائی حصہ کی نسبت مسح کے لئے زیادہ موزوں تھا۔ حالانکہ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موزوں کے بالائی حصہ پر مسح فرمایا کرتے تھے۔ (قال فی التلخیص اسنادہ صحیح، ابوداؤد: کیف المسح)

Marfat.com

جرابوں پر مسح کا بیان

(۶۱)(الف) اونی، سوتی، نائیلون وغیرہ کی جرابوں پر مسح کرنا جائز نہیں۔ ◆۱ چونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے جرابوں پر مسح کرنا ثابت نہیں۔ لہٰذا جرابوں پر مسح کرنے سے وضو صحیح نہ ہوگا۔ نتیجۃً نماز نہیں ہوگی۔

◆۱ اس اہم مسئلہ میں چونکہ عام لوگ غلطی میں مبتلا ہیں لہٰذا ذیل میں اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔ جرابوں پر مسح کے جواز میں چھ قسم کے دلائل پیش کئے جاتے ہیں۔

۱- عن مغيرة النبى صلى الله عليه وسلم ومسح على الجوربين و النعلين. (ترمذی)

۲- عن ابى موسى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم توضأ و مسح على الجوربين و النعلين. (بيهقى. ابن ماجه)

۳- عن بلال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسح على الخفين و الجوربين (طبرانی)

۴- قال ابن حجر رواه الطبرانى بسندين، رواة احدهما ثقات.

۵- استدل ابن القيم بعمل بعض الصحابة.

۶- عن ثوبان قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية فأصابهم البرد فلما قدموا على النبى صلى الله عليه وسلم شكوا اليه ما أصابهم من البرد فأمرهم أن يمسحوا على العصائب و التساخين. (ابوداؤد)

ذیل میں ان دلائل کا ترتیب وار جائزہ بحوالہ تحفۃ الاحوذی پیش کیا جاتا ہے۔

پہلی دلیل کا جائزہ

عن مغيرة قال توضأ النبى صلى الله عليه وسلم و بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

قال المبارکفوری رحمۃ اللہ علیہ والحاصل عندی أنه لیس فی باب المسح علی الجوربین حدیث صحیح مرفوع خالٍ عن الکلام۔ (تحفة الاحوذی۔ ج۱۔ص ۳۳۳)

"علامہ مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ پوری تحقیق کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ جرابوں پر مسح کرنا کسی مرفوع حدیث سے ثابت نہیں جو محدثین کی جرح وتنقید سے خالی ہو۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ مسح علی الجوربین والنعلین

علماء محدثین رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے قطعاً استدلال نہیں کیا جاسکتا۔ چونکہ

۱- امام بیہقی اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ: یہ حدیث منکر ہے۔
سفیان ثوری، عبدالرحمن ابن مہدی، امام احمد بن حنبل، ابن المدینی اور امام مسلم جیسے جلیل القدر علماء نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔
امام مسلم فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے راوی ابوقیس اور ہذیل نے اس حدیث کے بقیہ تمام راویوں کی مخالفت کی ہے۔ چونکہ سب نے صرف موزوں پر مسح کو نقل کیا ہے۔ لہٰذا ابوقیس وہذیل جیسے راویوں کی وجہ سے قرآن کو نہیں چھوڑا جاسکتا۔

۲- علامہ نووی فرماتے ہیں کہ حفاظ حدیث اس روایت کے ضعیف ہونے پر متفق ہیں لہٰذا امام ترمذی کا یہ کہنا قبول نہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۳- عبدالرحمن بن مہدی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث میرے نزدیک غیر مقبول ہے۔

۴- امام نسائی فرماتے ہیں کہ کسی ایک راوی نے بھی ابوقیس کی طرح اس روایت کو نقل نہیں کیا حضرت مغیرہ سے صحیح طور پر صرف موزوں پر مسح کرنا منقول ہے۔

۵- امام ابوداؤد فرماتے ہیں کہ عبدالرحمن ابن مہدی اس حدیث کو بیان نہیں کیا کرتے تھے چونکہ حضرت مغیرہ سے جو مشہور روایت منقول ہے اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا موزوں پر مسح کرنا منقول ہے۔ اس میں جرابوں کا تذکرہ نہیں ہے۔

۶- حضرت علی ابن المدینی فرماتے ہیں کہ اس روایت کو حضرت مغیرہ سے اہل مدینہ اہل کوفہ اور اہل بصرہ نے نقل کیا، لیکن جب ہذیل نے نقل کیا تو اس میں جرابوں پر مسح کا اضافہ کردیا۔ اور سب لوگوں کی مخالفت کی۔

۷- علامہ مبارک پوری فرماتے ہیں کہ ابوقیس نے تمام راویوں کی مخالفت کی ہے۔ نیز بہت سے علماء حدیث نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے باوجود یہ کہ انہیں ثقہ راوی کی زیادتی والا باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

مشہور غیر مقلد عالم میاں نذیر حسین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ اونی، سوتی جرابوں پر مسح جائز ہے یا نہیں ہے.....؟ وہ جواب کے شروع میں لکھتے ہیں ''مذکورہ جرابوں پر مسح جائز نہیں ہے، کیونکہ اس کی صحیح دلیل نہیں اور مجوزین نے جن چیزوں سے استدلال کیا ہے اس میں خدشات ہیں''۔ (آگے خدشات کا ذکر ہے.....)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ مسئلہ معلوم تھا۔ لہٰذا میرے نزدیک ان کا ضعیف قرار دینا مقدم ہے۔ ترمذی کے حسن صحیح کہنے پر۔ (تحفۃ الأحوذی)

دوسری دلیل کا جائزہ

عن أبی موسی أن رسول الله صلی الله علیه وسلم توضأ ومسح علی الجوربین والنعلین. (ابن ماجہ۔ بیہقی)

۱- علامہ مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عیسیٰ بن سنان کو اختلاط ہو جایا کرتا تھا وہ ضعیف الحدیث ہے۔

۲- امام بیہقی فرماتے ہیں اس روایت میں دو کمزوریاں ہیں۔ (۱) امام احمد، ابن معین، ابوزرعہ نسائی نے عیسیٰ سنان کو ضعیف قرار دیا ہے۔

۳- نیز امام بیہقی فرماتے ہیں کہ ضحاک بن عبدالرحمن کا سماع ابوموسیٰ سے ثابت نہیں لہٰذا روایت منقطع ہے۔

۴- امام ابوداؤد فرماتے ہیں کہ یہ روایت نہ تو متصل ہے نہ قوی ہے۔

تیسری دلیل کا جائزہ

عن بلال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمسح علی الخفین و الجوربین (طبرانی)

۱- زیلعی فرماتے ہیں کہ اس کی سند میں یزید بن أبی زیاد ہے اور وہ ضعیف ہے۔

۲- حافظ بن حجر تقریب میں فرماتے ہیں کہ ضعیف ہے بڑھاپے میں اس کی حالت بدل گئی تھی اور وہ شیعہ تھا۔

۳- اس کی سند میں اعمش راوی مدلس ہے۔ اس نے عنعن سے روایت کی ہے اور اس کا سماع حکم سے ثابت نہیں ہے۔

چوتھی دلیل کا جائزہ

قال ابن حجر رواه الطبرانی بسندین رواة احدهما ثقات

۱- علامہ مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں گو کہ اس روایت کی ایک سند کے راوی ثقہ ہیں، لیکن اس میں بھی اعمش راوی ہے جو کہ مدلس ہے اور اس نے عنعن سے روایت کی ہے اور بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

آخر میں فرماتے ہیں:

والحاصل أنه لم يقم على جواز المسح على الجوربة المسئولة عنه دليل لامن الكتاب ولا من السنة ولا من الإجماع ولا من القياس الصحيح كما عرفت۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ — مدلس راوی کا عنعنہ قبول نہیں ہے۔

۲- تمام راوی ثقہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس روایت کا متن بھی صحیح ہو۔ چونکہ یہاں ثقہ راوی مدلس ہے اور وہ اپنے استاد سے عنعنہ کے ساتھ روایت کرتا ہے۔

پانچویں دلیل کا جائزہ

استدل ابن القيم بعمل بعض الصحابة

۱- علامہ مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ موزوں پر مسح کی بابت بہت سی احادیث منقول ہے جن کے صحیح ہونے پر علماء کا اجماع ہے۔ اس معیار کی احادیث کی وجہ سے ظاہر قرآن کو چھوڑ کر ان پر بھی عمل کیا گیا۔ جب کہ جرابوں پر مسح کی بابت جو روایات منقول ہیں ان پر جو تنقید ہوئی ہے وہ آپ دیکھ چکے ہیں پس اس قسم کی ضعیف روایت کی وجہ سے ظاہر قرآن کو کیونکر چھوڑا جا سکتا ہے؟

۲- بعض حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم جو جرابیں استعمال فرماتے تھے۔ وہ اتنی باریک نہ ہوتی تھیں کہ پاؤں پر خود بخود ٹھہر نہ سکیں۔ اور ان کو پہن کر طویل مسافت پیدل طے نہ ہو سکے، بلکہ وہ موٹی اور سخت ہوا کرتی تھیں۔ جو موزوں کے حکم میں تھیں۔ لہٰذا وہ موزوں پر مسح والی احادیث کے ضمن میں شامل ہیں اور میرے نزدیک یہی بات واضح ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی کہنا ہے کہ ان حضرات نے جن جرابوں پر مسح کیا وہ موزوں کی مانند تھیں۔

الغرض جب حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کی جرابوں کی تفصیل معلوم ہو گئی تو اب موٹی باریک ہر قسم کی جراب پر مسح کو جائز کہنا صحیح نہیں رہا۔

چھٹی دلیل کا جائزہ

عن ثوبان قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية فأصابهم البرد فلما قدموا على النبى صلى الله عليه وسلم شكوا إليه ما أصابهم من البرد فأمرهم أن يمسحوا على العصائب والتساخين

بعض حضرات تساخین کے لفظ سے استدلال کرنے کی کوشش کرتے ہیں، مگر یہ صحیح نہیں۔

۱- یہ حدیث منقطع ہے ابن ابی الحاکم کتاب المراسیل ص ۲۲ میں امام احمد بن حنبل بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

الغرض مندرجہ بالا جرابوں پر مسح کی کوئی دلیل نہیں نہ تو قرآن کریم سے نہ سنت سے نہ اجماع سے اور نہ قیاس صحیح سے جیسے کہ آپ نے دیکھ لیا۔ (محمد نذیر حسین۔ فتاویٰ نذیریہ۔ ج ا۔ ص ۳۲۷۔ ص ۳۳۳)

(ب) نیز یہ صورتحال ایک سخت وعید کے ضمن میں آتی ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس نے وضو میں ایڑیوں کو نہیں دھویا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

''ویل للأعقاب من النار'' (مسلم: وجوب غسل الرجلین)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ راشد بن سعد کا سماع ثوبان سے ثابت نہیں ہے۔

(ملخص تحفۃ الاحوذی۔ ج ا۔ ص ۳۳۰ تا ۳۴۰)

۲- نیز لغۃً بھی تساخین کے تین معنی کئے گئے ہیں۔ لہٰذا صرف جرابوں کے مسح پر استدلال کرنا کسی طرح صحیح نہیں ہے۔

۱- ابن اثیر کتاب النھایۃ میں فرماتے ہیں کہ تساخین سے مراد موزے ہیں۔

۲- حمزہ اصفہانی فرماتے ہیں کہ یہ ٹوپی کی ایک قسم ہے۔ علماء اسے پہنا کرتے تھے۔

۳- دوسرے علماء لغت کا کہنا ہے کہ اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جس سے پاؤں کو گرمایا جائے چاہے وہ موزے ہوں جراب ہوں یا کوئی اور چیز۔

۴- بلوغ المرام میں اس روایت کے بعد خود راوی کی وضاحت موجود ہے کہ تساخین سے مراد موزے ہیں۔ (بلوغ المرام: مسح الخفین)

الغرض اسی لئے علامہ مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ بھی فرماتے ہیں کہ:

والحاصل عندی أنه لیس فی باب المسح علی الجوربین حدیث صحیح مرفوع خالٍ عن الکلام. (تحفۃ الاحوذی۔ ج ا۔ ص ۳۳۳)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جرابوں پر مسح کے بارہ میں کوئی صحیح مرفوع حدیث موجود نہیں جو جرح وتنقید سے خالی ہو۔

اور خود غیر مقلد عالم مولانا ابوسعد شرف الدین رحمۃ اللہ علیہ بھی معترف ہیں کہ ''یہ (جرابوں پر مسح) نہ قرآن سے ثابت ہوا نہ حدیث مرفوع صحیح سے نہ اجماع نہ قیاس صحیح سے نہ چند صحابہ کے فعل اور اس کے دلائل سے اور غسل رجلین (پاؤں کا دھونا) نص قرآنی سے ثابت ہے لہٰذا خف چرمی (موزہ) کے سوا جراب پر مسح کرنا ثابت نہیں۔ (ثناء اللہ امرتسری۔ فتاویٰ ثنائیہ۔ ج ا۔ ص ۴۲۳)

Marfat.com

''ایسی خشک ایڑیوں کے لئے ہلاکت ہو آگ سے.....''

جب ایڑیاں خشک رہ جانے پر اتنی سخت وعید ہے تو جرابوں پر مسح کرنے سے پورا پاؤں خشک رہ جاتا ہے۔

Marfat.com

تیمم کا بیان

(۶۲) جب وضو یا غسل کے لئے پانی نہ ملے، یا پانی کے استعمال سے بیمار ہوجانے یا مرض بڑھ جانے کا اندیشہ ہوتو تیمم کرنا جائز ہے۔

ارشادِ ربانی ہے:

وإن كنتم مرضى او على سفر أو جاء أحد منكم من الغائط أو لمستم النساء فلم تجدوا ماءً فتيمموا صعيدا طيباً فامسحوا بوجوهكم وأيديكم منه ما يريد الله ليجعل عليكم من حرج ولكن يريد ليطهركم وليتم نعمته عليكم لعلكم تشكرون.

(مائدہ۔۶)

"اور اگر تم بیمار ہوجاؤ، یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی طبعی حاجت سے فارغ ہوکر آئے یا تم جماع کرکے آؤ اور پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمم کرلیا کرو، (وہ یوں کہ) چہرہ اور ہاتھوں پر مٹی مل لو، جونکہ اللہ تعالیٰ تمہیں حرج میں مبتلا کرنا نہیں چاہتا، بلکہ وہ تو تمہیں پاک کرنا چاہتا ہے نیز اس طرح اپنی نعمت کی تکمیل چاہتا ہے۔ تاکہ تم اس کا شکریہ ادا کرو۔"

(۶۳) تیمم کا طریقہ

تیمم کی نیت کرکے دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر انہیں جھاڑ دے اور دونوں ہاتھوں کو منہ

Marfat.com

پر اس طرح پھیرے کہ کوئی جگہ باقی نہ رہ جائے۔ پھر دوسری مرتبہ دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر بائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں دائیں ہاتھ کی انگلیوں کے سروں کے نیچے رکھ کر کھینچتا ہوا کہنی تک لے جائے پھر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی دائیں ہاتھ کے اوپر کی طرف کہنی سے انگلیوں تک کھینچتا ہوا لائے، اور بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے اندر کی جانب کو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی پشت پر پھیرے۔ پھر اسی طرح دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی پشت پر پھیرے پھر انگلیوں کا خلال کرے، اگر انگوٹھی پہنی ہو تو اس کے نیچے بھی ہاتھ پھیرنا ضروری ہے چونکہ اگر بال برابر جگہ بھی یونہی چھوٹ گئی تو تیمم صحیح نہ ہوگا۔

عن جابر رضی الله عنه قال جاء رجل فقال اصابتنی جنابة وإنی تمعکت فی التراب فقال صلی الله علیه وسلم اضرب، وضرب بیدیه الارض فمسح وجهه ثم ضرب بیدیه فمسح بهما إلی المرفقین۔ قال البیهقی اسناده صحیح۔ (بیهقی: کیف التیمم)

"حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص آیا کہنے لگا مجھے غسل جنابت کی حاجت ہوگئی (تو پانی نہ ہونے کے سبب بطور تیمم) مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس طرح ہاتھ مار، اور خود دونوں ہاتھ زمین پر مار کر چہرہ کا مسح کیا۔ پھر دونوں ہاتھ مار کر کہنیوں سمیت ہاتھوں کا مسح کیا۔"

اوقات نماز

(۶۴) (الف) فجر کا وقت: صبح صادق سے طلوع آفتاب تک رہتا ہے۔

ظہر کا وقت: زوال آفتاب سے اشیاء کا سایہ دوگنا ہونے تک رہتا ہے۔

عصر کا وقت: وقت ظہر کے اختتام سے غروب آفتاب تک رہتا ہے۔

مغرب کا وقت: غروب آفتاب سے غروب شفق ابیض تک رہتا ہے۔

عشاء کا وقت: شفق ابیض کے غروب سے طلوع صبح صادق تک رہتا ہے۔

Marfat.com

(ب) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے اوقات نماز کی بابت دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دو دن کی نمازیں ہمارے ساتھ پڑھ۔ زوال آفتاب ہوا۔ تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے اذان دی۔ پھر اقامت کہی۔ پھر ابھی سورج سفید ہی تھا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے عصر کی اذان واقامت کہی۔ پھر غروب آفتاب پر مغرب کی اور غروب شفق پر عشاء کی نماز پڑھی۔

دوسرے دن حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپ کے ارشاد کے مطابق ظہر کو مؤخر کیا تا آنکہ موسم نسبتاً ٹھنڈا ہو گیا اور عصر کی نماز کو پہلے دن سے مؤخر کیا تاہم سورج ابھی بلند ہی تھا اور مغرب کی نماز غروب شفق سے پہلے پڑھی جب کہ عشاء کو رات کے تہائی حصہ تک مؤخر کیا اور فجر کی نماز خوب روشنی ہونے پر ادا فرمائی۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ اوقات نماز کی بابت پوچھنے والا کہاں ہے؟

سائل حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ان اوقات کے درمیان تمہاری نمازوں کا وقت ہے۔ (مسلم: اوقات الصلوٰۃ الخمس)

(ج) عن عبداللہ بن رافع أنه سأل اباهريرة رضى الله عنه عن وقت الصلوة فقال ابوهريرة أنا أخبرك، صل الظهر إذا كان ظلك مثلك والعصر اذا كان ظلك مثليك والمغرب إذا غربت الشمس والعشاء ما بينك وبين ثلث الليل وصل الصبح بغبش يعنى الغلس۔

(موطا مالك رحمہ اللہ: باب وقوت الصلوة)

"حضرت عبداللہ بن رافع نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نماز کے اوقات کی بابت پوچھا تو آپ نے فرمایا۔ میں تمہیں بتلاتا ہوں، جب تیرا سایہ تیرے برابر ہو جائے، تو ظہر کی نماز ادا کر اور جب یہ سایہ دوگنا ہو جائے تو عصر کی نماز ادا کر اور غروب آفتاب پر مغرب کی نماز پڑھ۔ جب کہ عشاء کا وقت رات کے تہائی حصہ تک ہے اور فجر کی نماز اندھیرے میں ادا کر۔"

Marfat.com

ظہر کا مسنون و مستحسن وقت

(۶۵)(الف) نمازوں کے مجموعی اوقات کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ نمازوں کے مسنون و مستحب وقت کو بھی بیان کر دیا جائے۔

موسم سرما ہو تو زوال آفتاب کے بعد نماز ظہر کا جلد ادا کرنا مسنون ہے جب کہ گرمی کے موسم میں اتنی تاخیر مسنون ہے کہ گرمی کی تیزی کم ہو جائے۔

(ب) آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گرمیوں کا عمل

عن أبي ذر رضی الله عنه قال أذن مؤذن النبی صلی الله علیه وسلم الظهر فقال أبرد، ابرد، أو قال انتظر انتظر وقال شدة الحر من فيح جهنم فإذا اشتد الحر فأبردوا عن الصلوة حتی رأينا فئ التلول۔

(بخاری: باب ابراد الظهر فی شدة الحر)

"حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مؤذن بارگاہِ رسالت نے ظہر کی اذان دینا چاہی تو ارشاد نبوی ہوا، موسم کو ٹھنڈا ہونے دو، ٹھنڈا ہونے دو، یا فرمایا "مزید انتظار کرو، مزید انتظار کرو، چونکہ گرمی کی شدت جہنم کے اثرات میں سے ہے لہٰذا جب گرمی شدت اختیار کر جائے تو موسم ٹھنڈا ہونے پر نماز پڑھا کرو (یونہی ہم نماز کو مؤخر کرتے رہے) تا آنکہ ہمیں ٹیلوں کے سائے بھی نظر آنے لگے۔"

عن أبي هريرة رضی الله عنه أنه قال إن رسول الله صلی الله

Marfat.com

علیه وسلم قال إذا اشتد الحر فأبردوا الصلوة فإن شدة الحر من فيح جهنم۔

(مسلم : استحباب الابراد بالظهر فی شدة الحر)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب گرمی زیادہ ہوجائے تو نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھا کرو چونکہ گرمی کی شدت جہنم کے اثر سے ہے۔"

نیز امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس موضوع کی روایات حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت صفوان رضی اللہ عنہ، حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہیں۔ (ترمذی: تاخیر الظہر)

(ج) آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سردیوں کا عمل

عن أنس رضی الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى الظهر حين زالت الشمس۔ (وهو احسن حديث فی الباب)(ترمذی: ما جاء فی تعجيل ظهر)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب زوال آفتاب ہوگیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھی۔"

عن انس رضی الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا كان الحر أبرِد بالصلوة وإذا كان البرد عجل۔ ◆1

(نسائی: تعجيل الظهر فی البرد)

◆1 الغرض تمام احادیث شریفہ کو پیش نظر رکھنے سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ سردیوں میں نماز ظہر کو جلدی ادا کرنا اور گرمیوں میں کچھ تاخیر کرنا پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری سنت ہے۔ لیکن علم حدیث سے سطحی تعلق رکھنے والے بعض لوگ سردی وگرمی میں نماز ظہر جلدی ادا کرتے ہیں۔ حالانکہ نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادہ اور مشہور غیر مقلد مصنف مولانا نورالحسن خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔

"وافضل اوقات اول وقت ہر نماز است مگر آنچہ دلیل بخصیص پرداختہ مثل تاخیر عشاء وابراد ظہر در حر۔" (النبج المقبول۔ ص ۲۳)

بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ گرمیوں میں نماز تاخیر سے، اور سردیوں میں جلدی پڑھتے۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ کہ تمام نمازوں کو ابتدائی وقت میں پڑھنا افضل ہے سوائے ان نمازوں کے جن کی تاخیر دلائل سے ثابت ہے۔ جیسے عشاء کو مؤخر کرنا اور نماز ظہر کو گرمیوں میں ٹھنڈے وقت پڑھنا۔

(ب) نیز علامہ وحید الزمان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"وافضل الصلوٰۃ الصلوٰۃ فی اول وقتها إلا صلوٰۃ العشاء فالأفضل تاخیرها عند عدم المشقة والا صلوٰۃ الظهر فیبرد بها فی شدة الحر۔"

(نزول الأبرار۔ ج۔ ص،ہ)

کہ ابتدائی وقت میں نماز پڑھنا افضل ہے۔ جب کہ عشاء کو مؤخر کرنا اور گرمیوں میں نماز ظہر کو ٹھنڈے وقت پڑھنا بہتر ہے۔

Marfat.com

عصر کا مسنون وقت

(٦٦)(الف) جب ہر چیز کا سایہ (اصل سایہ کے علاوہ) دوگنا ہوجائے تو عصر کا وقت شروع ہوجاتا ہے اور غروب آفتاب تک رہتا ہے، لیکن جب آفتاب بہت نیچا اور زرد ہوجائے تو اس وقت نماز مکروہ ہوتی ہے۔

(ب) عن علی بن شیبا ن قال قدمنا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینة فکان یؤخر العصر ما دامت الشمس بیضاء نقیة"۔(ابوداؤد: وقت صلاۃ العصر)

"حضرت علی بن شیبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب ہم مدینہ منورہ بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے تو آپ کا معمول یہ تھا کہ آپ عصر کی نماز کو مؤخر فرماتے۔ جب تک کہ سورج سفید اور صاف رہتا۔"

(ج) عن أبی هريرة رضی اللہ عنه صل ا لظهر إذا كان ظلك مثلك والعصر إذا كان ظلك مثليك... الحديث

(موطا مالک رحمہ اللہ: وقوت الصلوۃ)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تیرا سایہ تیرے برابر ہوجائے تو ظہر کی نماز پڑھ اور سایہ دوگنا ہوجائے تو عصر کی نماز پڑھ۔"

(د) عن انس بن مالك قال كنا نصلی العصر ثم يذهب الذاهب إلی قباء فيأتيهم والشمس مرتفعة۔

(مسلم: استحباب التبکیر بالعصر)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم عصر کی نماز پڑھ چکتے، پھر قبا

Marfat.com

جانے والا جب وہاں پہنچتا تو سورج ابھی اونچا ہی ہوتا۔"

(٦٧) مغرب کا مسنون وقت

آفتاب غروب ہوتے ہی نماز مغرب کی ادائیگی مسنون ہے اور بلا عذر تاخیر مکروہ ہے۔

عن سلمة رضی الله عنه قال: کنا نصلی مع النبی صلی الله علیه وسلم المغرب إذا توارت بالحجاب۔

(بخاری: وقت المغرب)

"حضرت سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ سورج چھپتے ہی ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز ادا کیا کرتے تھے۔"

عشاء کا مسنون وقت

(٦٨) تقریباً ایک تہائی رات تک مستحب وقت ہے، اسی وقت میں رہتے ہوئے جس قدر زیادہ تاخیر ہو وہ مسنون ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"اگر مجھے امت کے مشقت میں مبتلا ہونے کا خدشہ نہ ہوتا تو میں انہیں ضرور حکم دیتا کہ نماز عشاء کو رات کے ایک تہائی یا نصف حصہ تک مؤخر کیا کریں۔" (حسن صحیح، ترمذی: تاخیر صلوٰۃ العشاء)

فجر کا مسنون وقت

(٦٩) فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہو کر طلوع آفتاب تک رہتا ہے۔ اگر اس وقت کے دو حصے کئے جائیں تو اصطلاح شریعت میں پہلا نصف غلس اور دوسرا اسفار کہلاتا ہے۔ اکثر و بیشتر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسفار میں نماز پڑھتے تھے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ اسفار میں نماز پڑھنے کا اجر و ثواب بہت زیادہ ہے۔

عن رافع بن خدیج قال قال رسول الله صلی الله علیه

Marfat.com

وسلم استفروا بالفجر فإنه أعظم للاجر۔

(حسن صحیح، ترمذی: ماجاء فی الاسفار بالفجر)

"حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا فجر کی نماز کو خوب روشنی ہونے پر (اسفار میں) پڑھو کہ اس کا ثواب بہت زیادہ ہے۔"

نواب صدیق حسن خان اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

"پس بدرستیکہ اسفار بہ فجر بزرگ تر است برای فرد و ثواب شمار زیرا کہ ثواب نماز بقدر ثواب جماعت است و جماعت در اسفار زیادہ می باشد از تغلیس غالباً" (مسک الختام۔ ج ۱۔ ص ۲۴۳)

یہ صحیح ہے کہ فجر کی نماز اسفار کی حالت میں پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔ چونکہ نماز کا ثواب جماعت کے ثواب کی مناسبت سے ہوتا ہے اور اسفار میں نماز پڑھنے سے عموماً شرکائے جماعت کی تعداد غلس میں نماز پڑھنے کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔

(ب) اسلاف امت کا عمل

وقد رأى غير واحد من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم والتابعين الاسفار بصلاة الفجر۔

(ترمذی: باب ماجاء فی الاسفار بالفجر)

"اور اسی پر جمہور حضرات صحابہ کا عمل تھا اور اکثر صحابہ اور تابعین نماز فجر کو اسفار میں پڑھنے کے قائل تھے۔"

Marfat.com

اوقات مکروہہ

(۷۰) مندرجہ ذیل اوقات میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔

(الف) فجر کی نماز کی بعد سے سورج نکلنے تک نوافل پڑھنا مکروہ ہے۔ البتہ فوت شدہ فرض نماز کی قضا پڑھ سکتے ہیں۔

(ب) طلوع آفتاب سے اس کے بلند ہونے تک (یہ تقریباً بیس منٹ کا وقت ہے) اس دوران نوافل پڑھنا مکروہ ہے۔ حتی کہ فرض نماز کی قضا بھی جائز نہیں۔

زوال کے وقت بھی نوافل اور فرائض پڑھنا مکروہ ہے۔

(ج) نصف النہار کے وقت بھی نوافل وفرائض پڑھنا مکروہ ہے۔

(د) عصر کی نماز کے بعد دھوپ کے زرد ہونے تک نوافل پڑھنا مکروہ ہے۔

(ہ) دھوپ زرد ہونے کے بعد سے غروب آفتاب تک نوافل وفرائض پڑھنا مکروہ ہے۔

حضرت عمرو سلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا۔

''اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے ایسی چیز بتلایئے جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتائی ہو اور مجھے معلوم نہ ہو۔ خاص طور پر نماز کے متعلق بتلایئے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''صبح کی نماز پڑھ کر کوئی اور نماز پڑھنے سے رکے رہو تا آنکہ آفتاب طلوع ہو کر بلند ہو جائے۔ چونکہ آفتاب شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور اس وقت سورج پرست کفار اسے سجدہ کرتے ہیں۔ جب سورج کچھ بلند ہو جائے تو پھر نماز پڑھو، چونکہ ہر نماز بارگاہ الٰہی میں پیش کی جاتی ہے البتہ جب نیزہ بے سایہ ہو جائے (نصف النہار کے

Marfat.com

وقت) تو نماز نہ پڑو، چونکہ یہ جہنم کو دہکانے کا وقت ہے۔ اور جب سایہ بڑھنا شروع ہوجائے تو پھر نماز پڑھو چونکہ نماز اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کی جاتی ہے۔ جب عصر کی نماز پڑھ چکو تو پھر دوسری نماز سے رک جاؤ تا آنکہ سورج ڈوب جائے چونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے اور اس وقت سورج پرست کفار سورج کو سجدہ کرتے ہیں۔'' ❶ (مسلم: الاوقات التی نھی عن الصلوۃ فیھا)

عن أبي سعيد الخدري رضی الله عنه يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول، لا صلوة بعد الصبح حتى ترتفع الشمس ولا صلوة بعد العصر حتى تغيب الشمس۔

(بخاری: لا یتحری الصلوۃ قبل الغروب)

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔ ''صبح کی نماز کے بعد آفتاب کے بلند ہونے تک اور کوئی نماز نہیں ہے اور عصر کی نماز کے بعد غروب آفتاب تک اور کوئی نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے۔''

---

❶ طلوع آفتاب کے وقت ہر بستی کا بڑا شیطان اس طرح کھڑا ہوجاتا ہے کہ سورج اس کے دو سینگوں کے درمیان سے طلوع ہوتا نظر آئے تاکہ وہ دیگر شیاطین وجنات کو تاثر دے سکے کہ یہ سورج پرست عناصر مجھے سجدہ کررہے ہیں۔

Marfat.com

اذان کا بیان

(۷۱) اذان کی فضیلت واہمیت

حضرت طلحہ کے چچا کہتے ہیں میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا کہ مؤذن نے آ کر نماز کی اطلاع دی تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''اذان دینے والوں کی گردنیں قیامت کے دن سب سے لمبی ہوں گی۔'' (مسلم: باب فضل الاذان)

(۷۲) تاریخ اذان

ایک دفعہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے جانثار صحابہ رضی اللہ عنہم سے مشورہ کیا کہ نماز کی اطلاع کے لئے کون سا طریقہ عمل میں لایا جائے؟ اس دور کے وسائل کے مطابق بعض نے یہ رائے دی کہ جب نماز کا وقت آئے تو پہاڑ کی چوٹی پر آگ جلا دی جائے۔ یہ دیکھ کر ہم سب جمع ہو جایا کریں گے۔ بعض نے کہا کہ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر یا گلیوں میں گھوم کر کوئی بلند آواز شخص نماز کا اعلان کرے، بعض نے ناقوس کی آواز پر جمع ہونے کا مشورہ دیا۔

ایک رات حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ اور بعض دیگر حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کو خواب میں اذان کا منظر دکھایا گیا۔ انہوں نے آ کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اطلاع دی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس طریقہ کو پسند فرمایا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اسی نہج پر اذان دینے کا حکم دیا۔

Marfat.com

قرآن کریم نے اس طریق کار کے منجانب اللہ ہونے پر مہر تصدیق ثبت کردی۔ ارشاد ربانی ہے۔

وإذا ناديتم إلى الصلوة اتخذوها هزوا ولعبا ذلك بأنهم قوم لايعقلون (سورۃ المائدہ۔۵۸)

"اور جب تم لوگوں کو نماز کی طرف بلاتے ہو تو یہ لوگ (اس آواز پر لبیک کہنے کے بجائے) اس کو ہنسی اور کھیل بنا لیتے ہیں۔ یہ اس سبب سے ہے کہ یہ لوگ عقل سے کام نہیں لیتے۔"

(۷۳) کلمات اذان

(الف) اذان کے یہ کلمات اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر و متعین ہیں اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پسندیدہ ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ میں یہی اذان حرمین شریفین کی فضاؤں میں گونجتی رہی۔ حضرات صحابہ و تابعین و اسلاف امت کا مسلسل عمل گواہ ہے کہ انہوں نے اسی اذان کو اپنائے رکھا اور اس میں اپنی طرف سے کوئی ترمیم و اضافہ نہ کیا۔ ❶

---

❶ ہمارا ایمان ہے کہ ہماری نجات اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت اور اولیاء و اسلاف اور فقہاء امت کی مکمل اتباع میں ہے۔ اہل سنت و جماعت کا مسلک یہی ہے۔ لہٰذا ہمیں صرف وہی اذان دینی چاہئے جو مسنون و منقول ہے۔ بعض شیعہ نے اذان کے وسط میں اور بعض مبتدعین نے اذان کے شروع میں جو اضافہ کیا ہے وہ قرآن و سنت کی رو سے صحیح نہیں ہے۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھ اظہار محبت کے لئے بعض شیعہ نے اذان میں "اشهد ان امير المؤمنين وامام المتقين علياً ولى الله" الخ وغیرہ کلمات کا اضافہ کیا ہے۔ ذخیرہ احادیث میں کہیں ان الفاظ کا پتہ نہیں ملتا۔ نیز داخلی شہادت کے طور پر پتہ چلتا ہے کہ یہ الفاظ دور نبوی میں موجود نہ تھے۔ اس کے بعد خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں موجود نہ تھے۔ خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں موجود نہ تھے۔ خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے زمانے میں موجود نہ تھے۔

خلیفہ چہارم حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے دور میں موجود نہ تھے۔ نیز حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محبت کا تقاضا ہے کہ وہی اذان دی جائے جو ان کے دور خلافت میں دی جاتی تھی۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

صاحب مجالس فرماتے ہیں:

قد غیرت هذه السنة فی هذا الزمان فی اکثر البلدان لأن أهلها یؤذنون بانواع النغمات والإلحان.... ثم انهم لحرصهم علی التغنی لم یکتفوا بکلمات الاذان بل زادوا علیها بعض الکلمات من الصلوة والتسلیم علی النبی صلی الله علیه وسلم وإن کان مشروعا بنص الکتاب والسنة وکان من اکبر العبادات واجلها لکن اتخاذها عادة فی الاذان علی المنارة لم یکن مشروعاً اذ لم یفعلها أحد من الصحابة والتابعین ولاغیرهم من أئمة الدین ولیس لأحد أن یضع العبادات إلا فی مواضعها التی وضعها فیها الشرع ومضی علیها السلف ألاتری أن قراء ة القرآن مع کونها من أعظم العبادات لا یجوز للمکلف أن یقرأها فی الرکوع ولا فی السجود ولا فی القعدة لأن کلا منها لیس محلاً۔ (مجالس الأبرار۔ ص ۳۰۷)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ لہٰذا ایسے الفاظ جو خیر القرون میں نہیں یقیناً سیاسی یا مذہبی گروہ بندی کا نتیجہ ہیں اور اس کی واضح دلیل یہ ہے کہ مشہور شیعہ محقق شیخ طوسی نے کتاب الاستبصار کے باب عدد الفصول فی الاذان والإقامة (کلمات اذان واقامت) کی حدیث نمبر ۲، ۳، ۴، ۵، میں کلمات اذان واقامت کا ذکر کیا ہے لیکن مندرجہ بالا کلمات شہادت کا ذکر نہیں۔

(محمد بن حسن طوسی الاستبصار۔ ج ۱۔ ص ۳۰۵)

بلکہ شیعہ کے رئیس المحدثین ابوجعفر محمد علی الصدوق المتوفی ۳۸۱ھ نے من لا یحضره الفقیه باب الاذان والإقامة کی حدیث نمبر ۳۵ میں پوری اذان درج کی ہے جس میں حی علی الفلاح کے بعد صرف حی علی خیر العمل کا اضافہ ہے اس کے بعد وہ لکھتے ہیں۔

قال مصنف هذا الکتاب هذا هو الأذان الصحیح لایزاد فیه ولا ینقص منه، والمفوضة لعنهم الله قد وضعوا أخباراً وزادوا فی الأذان محمد وآل محمد خیرالبریة مرتین وفی بعض روایاتهم بعد اشهد أن محمداً رسول الله اشهد أن علیاً ولی الله مرتین ومنهم من روٰی بدل ذلك اشهد أن علیا امیرالمؤمنین حقاً مرتین. ولاشك فی أن علیا ولی الله وأنه امیرالمؤمنین حقاً و أن محمداً وآله صلوات الله علیهم خیرالبریة ولکن لیس ذلك فی اصل الأذان.

ابوجعفر الصدوق: فقیه من لا یحضر الفقیه. ج ۱ ص ۱۸۸۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"آج کل اکثر مقامات پر مسنون اذان میں تبدیلی ہوچکی ہے۔ اولاً تو یوں کہ مؤذن لوگ اذان کے کلمات کو گا گا کر مختلف لہجوں میں ادا کرتے ہیں۔ پھر جب راگ ورنگ کے دلدادہ طبقہ کے ذوق کی تکمیل نہ ہوئی تو انہوں نے اذان کے موجودہ کلمات کو ناکافی سمجھا اور درود شریف کا اضافہ کرلیا (اس لئے ہم دیکھتے ہیں کہ ہندو پاک میں اذان سے قبل یہ اضافہ لاؤڈ سپیکر کے بعد کی پیداوار ہے) گوکہ درود شریف کا پڑھنا قرآن وسنت کی رو سے مستحسن اور بہت بڑی عبادت ہے، لیکن اسے اذان کا جزو بنالینا جائز نہیں۔ اس لئے کہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم، حضرات تابعین رحمۃ اللہ علیہم اور دیگر ائمہ وفقہاء امت میں سے کسی نے بھی ایسا نہیں کیا۔ شریعت اسلامیہ نے عبادات کو جس مقام وجس کیفیت پر رکھا ہے، خصوصاً جس پر اسلاف امت کا عمل جاری ہے اس میں تبدیلی کا اختیار کسی کو نہیں ہے۔ اس مسئلہ کی توضیح کے لئے یہ مثال کافی ہے کہ "تلاوت کلام پاک باوجود یہ کہ بہت بڑی عبادت ہے، لیکن کسی شخص کے لئے جائز نہیں کہ وہ رکوع، سجدہ یا قعدہ، میں قرآن پڑھے چونکہ ان میں سے کوئی جگہ بھی تلاوت کا محل نہیں ہے۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ اس کتاب کا مصنف کہتا ہے کہ یہی وہ صحیح اذان ہے جس میں کمی بیشی جائز نہیں ہے اللہ تعالیٰ شیعہ کے فرقہ مفوضہ پر لعنت بھیجے کہ انہوں نے احادیث گڑھی ہیں اور اذان میں محمد وآل محمد خیر البریۃ کا اضافہ کیا ہے اور بعض میں انہوں نے اشھد ان محمدا رسول اللہ کے بعد اشھد أن علیاً ولی اللہ کا جملہ دو دفعہ بڑھالیا ہے۔ جب کہ بعض نے اشھد ان علیاً امیر المومنین حقاً کا جملہ دو دفعہ بڑھایا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ علی اللہ کے ولی ہیں اور وہ برحق امیر المومنین ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل مخلوق میں بہتر ہیں، لیکن یہ کلمات اذان کا حصہ بالکل نہیں۔

الغرض سابقہ تحقیق سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ شہادت علی کے مروجہ کلمات اذان کا حصہ نہیں بلکہ شیعہ محدث نے تو ایسا کرنے والوں پر لعنت بھیجی ہے۔

اب اہل تشیع کی اذان کے ردعمل میں اگر کوئی شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تعریف ومنقبت کے طور پر اذان میں اضافہ کرے تو یقیناً یہ اضافہ بھی بدعت اور غیر مسنون شمار ہوگا باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(د) صاحب مجالس کا یہ اصول بڑا وزنی اور واضح ہے کہ جن عبادات کی کیفیت وحیثیت متعین ہے ان میں حذف یا زیادت کا اختیار کسی کو نہیں۔ اس کی ایک اور واضح مثال یہ ہے کہ جو شخص نماز ظہر کے پہلے قعدہ میں تشہد کے بعد عمداً درود شریف پڑھے گا تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر بھول کر پڑھے تو سجدہ سہو کرنا ہوگا۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ چونکہ اسلام نے سنت و بدعت کا جو معیار قائم کیا ہے وہ مسلک و مشرب اور شخصیات کی جکڑ بندیوں سے بالاتر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی سنی بھی اسلامی عبادات میں اضافہ کرے گا تو یہ اضافہ بدعت اور خلاف سنت ہی ہوگا۔

اذان سے پہلے درود

پاک و ہند میں بعض مبتدعین نے اذان سے قبل درود شریف کا اضافہ کیا۔

۱- جائزہ از روئے قرآن

ارشاد ربانی ہے:

إن الله وملائكته يصلون على النبي يا أيها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما. (الاحزاب آیت نمبر ۵۶)

اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو تم بھی ان پر درود و سلام پڑھا کرو۔

یہ آیت خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی اور کون ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ بڑھ کر اس کے مفہوم و مراد سے واقف ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب عادت یہ آیت بھی حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کو سمجھائی۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ کی تعلیمات کے مطابق اس پر عمل کیا۔ اگر اس آیت کے مفہوم میں اذان سے قبل درود شریف پڑھنا بھی ہوتا تو یقیناً آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور بتلاتے اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم ضرور اس پر عمل پیرا ہوتے، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ میں اذان سے قبل درود شریف نہ پڑھا گیا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم قرآنی مفاہیم سے بخوبی واقف تھے۔ جن میں ابن عباس رضی اللہ عنہما جیسے سید المفسرین بھی موجود تھے۔ اس کے باوجود حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے اذان سے قبل درود شریف نہ پڑھا۔ معلوم ہوا کہ اذان سے قبل درود شریف قرآنی نقطہ نظر سے صحیح نہیں۔

اب اگر اس دور میں کوئی شخص اس درود کو آیت کے مفہوم میں داخل کرے تو بارگاہِ الٰہی کی گستاخی ہوگی، کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اذان کے جو کلمات عطا ہوئے۔ ان میں ایک چیز کی کمی تھی جسے اب پورا کیا گیا۔ نیز اس سے بارگاہِ رسالت کی گستاخی ہوگی کہ یا تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آیت کا مکمل مفہوم معلوم نہ تھا یا معلوم تھا، مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو نہیں بتلایا۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

چونکہ قعدہ اولیٰ میں درود شریف نہیں قعدہ ثانیہ میں ہے۔ اس سے واضح ہوا کہ شریعت اسلامیہ نے جہاں درود شریف متعین کیا ہے اس کو وہاں سے ہٹانا جائز نہیں اور جہاں متعین نہیں وہاں بڑھانا جائز نہیں۔

مشہور حنفی محقق علامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ نے فتح القدیر شرح ہدایۃ میں اس بات کی تصریح کی ہے ملاحظہ ہو:

أو تاخير القيام إلى الثالثة بسبب الزيادة على التشهد ساهياً ولو بحرف من الصلاة على النبى صلى الله عليه وسلم۔

(فتح القدیر۔ ج۱۔ ص۵۰۲)

اگر تیسری رکعت کے لئے کھڑے ہونے میں تاخیر ہوگئی اور بھول کر درود شریف پڑھ لیا تو سجدہ سہو کرنا پڑے گا۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ نیز یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ میں جو اذان دی جاتی تھی وہ قدرے قابل اصلاح تھی اور درود شریف کے اضافے کی متقاضی تھی۔

نیز اس سے شان صحابہ رضی اللہ عنہم میں گستاخی ہوگی کہ یا تو وہ قرآنی مراد سے ناواقف تھے یا واقف ہونے کے باوجود انہوں نے اس محبوب عمل کو چھوڑے رکھا۔

۲- جائزہ از روئے سنت

(الف) مسنون اذان کی تمام تفصیلات آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتلادی تھیں۔ مؤذن کا انتخاب، اذان کے دوران جواب، اذان کے بعد کی دعا وغیرہ۔

اگر اذان سے قبل درود شریف مسنون و مستحب ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت کو یہ بھی بتادیتے، لیکن ذخیرہ احادیث میں کہیں بھی اس کا پتہ نہیں ملتا۔

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا تقاضا ہے کہ ہمیں بھی وہی اذان پسند ہو جو خود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسند تھی۔ ہم وہی مسنون اذان دیں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ میں حرمین شریفین و دیگر مساجد کی مقدس فضاؤں میں گونجتی رہی۔

(ب) عشق و محبت کے زبانی داعی نہیں بلکہ کردار و عمل کے غازی اپنے تن من دھن کو قربان کردینے والے سچے محب اور عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم تھے۔ اگر اذان میں یہ اضافہ کسی درجہ میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرب کا سبب ہوتا تو سب سے پہلے یہ کام حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کرتے۔ خصوصاً بارگاہِ رسالت کے مؤذنین جن میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ،

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

مسنون اذان کے کلمات

(۷۴) الله اكبر، الله اكبر، الله اكبر، الله اكبر، اشهد أن لا إله الا الله، اشهد أن لا إله إلا الله، اشهد أن محمداً رسول الله، اشهد أن محمداً رسول الله، حى على الصلوة، حى على الصلوة، حى على الفلاح، حى على الفلاح، الله اكبر، الله اكبر، لاإله إلا الله۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ، سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ، حضرت ابومحذورۃ رضی اللہ عنہ چونکہ وہ بارگاہ رسالت کے مزاج آشنا تھے۔لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا بلکہ سچی محبت کے تقاضوں کو پورا کیا کہ وہی مسنون اذان دیتے رہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسند تھی۔ الغرض اذان میں اس اضافہ کو محبت کا لبادہ اوڑھانے کی کوشش نہیں کی جاسکتی۔

(ج) اذان میں اس قسم کا اضافہ تو بڑی دور کی بات ہے، سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دلدادہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم تو عام مسنون اوراد واذکار میں بھی ذرہ بھر آمیزش کو برداشت نہ کرتے تھے گوکہ وہ آمیزش بظاہر کتنی ہی دل آویز کیوں نہ ہو۔

ملاحظہ فرمائیں:

عن نافع أن رجلا عطس إلى جنب ابن عمر فقال الحمد لله والسلام على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ابن عمرو أنا اقول الحمد لله والسلام على رسول الله وليس هكذا علمنا رسول الله صلى الله عليه وسلم علمنا أن نقول الحمد لله على كل حال.

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پہلو میں بیٹھے ہوئے ایک شخص نے چھینک مار کر کہا۔ الحمد لله والسلام على رسول الله، اس پر فوراً ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حمد وسلام کا تو میں بھی قائل ہوں، لیکن اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایسا نہیں سکھایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتلایا کہ ہم اس موقع پر صرف الحمد لله کہا کریں۔

غور طلب امر یہ ہے کہ بذات خود السلام على رسول الله کوئی قابل اعتراض جملہ نہیں۔ جب ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک عام مسنون ذکر الحمد لله پر السلام على رسول الله کا اضافہ منظور نہیں تو خود صاحب سنت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اذان جیسے اہم معاملہ میں باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ناقوس بنانے کا حکم دیا تا کہ ناقوس بجا کر لوگوں کو نماز کے لئے جمع کیا جائے۔ تو میں نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا جو ناقوس اٹھائے ہوئے ہے۔ میں نے کہا یہ ناقوس بیچو گے؟ اس نے کہا کہ تم اس کو کیا کرو گے؟ میں نے کہا اس سے نماز کے لئے لوگوں کو جمع کریں گے۔ اس نے کہا تمہیں اس سے بہتر چیز نہ بتادوں؟ میں نے کہا ضرور! اس نے کہا اچھا تو پھر تم یہ کہا کرو (ترجمہ) اللہ سب سے بڑا ہے (۴ دفعہ) میں (صدق دل) سے گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی عبادت کے قابل نہیں۔ (۲ دفعہ) میں (میں صدق دل سے) گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں (۲ دفعہ) نماز کے لئے آؤ (۲ دفعہ) کامیابی کی طرف آؤ (۲ دفعہ) اللہ سب سے بڑا ہے (۲ دفعہ) اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔ (الحدیث)

(قال الزیلعی ھذا ثابت صحیح) (ابوداؤد: باب کیف الاذان)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ الصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ کا اضافہ کیونکر منظور ہوگا؟

علماء امت اور علماء بریلویہ کا تجزیہ

گزشتہ سطور سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی، کہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عہد مبارک میں اذان سے پہلے اور بعد یہ اضافہ نہیں تھا، اس طرح خلافت راشدہ، خلافت بنی امیہ، خلافت عباسیہ اور پھر قریب زمانہ میں خلافت عثمانیہ تک اذان اپنی اصلی حالت میں باقی رہی۔ اس دوران آٹھویں صدی میں بعض لوگوں نے اذان میں اضافہ کیا تو علماء امت نے ان کو سختی سے روک دیا اور اس کے بدعت ہونے کا فتویٰ دیا، ملاحظہ ہو۔ علامہ ابن حجر مکی ہیثمی لکھتے ہیں:

وردت احاديث أخر بنحو تلك الاحاديث السابقة ولم نر فى شئ منها التعرض للصلاة عليه صلى الله عليه وسلم قبل الأذان ولا إلى محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم بعده ولم نر ايضاً فى كلام ائمتنا تعرضا لذلك ايضاً فحينئذ كل واحد من هٰذين ليس بسنة فى محله المذكور فيه فمن اتى بواحد منهما فى ذٰلك معتقدا سنيته فى ذلك المحل المخصوص نهى عنه ومنع منه لانه باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۷۵) فجر کی اذان میں حی علی الفلاح کے بعد دو دفعہ الصلوٰۃ خیر من النوم کہنا چاہئے۔

عن أبی محذورۃ وفیہ۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فإن کان صلوۃ الصبح قلت الصلوۃ خیر من النوم۔ الصلوۃ خیر من النوم۔ (الحدیث)

(قال العظیم آبادی حدیث صحیح) (ابوداؤد: کیف الأذان)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ تشریع بغیر دلیل ومن شرع بلا دلیل یزجر عن ذلك وینهی عنه. (الفتاویٰ الکبریٰ الفقہیۃ، ج ۱۔ص ۱۳۱)

اسقسم کی اور احادیث بھی ہیں، لیکن کسی بھی حدیث میں اذان سے قبل درود شریف اور اذان کے بعد محمد رسول اللہ کہنے کا ذکر تک نہیں، نیز ہمارے ائمہ کے کلام میں بھی اس مسئلہ کا نشان نہیں ملتا۔ اس طرح یہ دونوں چیزیں اذان میں مسنون نہیں ہیں، لہٰذا جو شخص بھی اس مقام پر یہ عمل سنت سمجھ کر کرے گا اُسے روکا جائے گا۔ چونکہ یہ تو بلا دلیل ایک مسئلہ کو شریعت کی طرف منسوب کرنا ہے اور ایسا کرنے والے کو سختی کے ساتھ روک دیا جائے گا۔

علامہ مفتی محمد حسین نعیمی لکھتے ہیں: اذان کے کلمات مقرر ہیں۔ اس میں کمی بیشی کرنا یا ان کے آگے پیچھے درود شریف یا قرآن کریم کی آیات بلا فصل ملانا بدعت ہے اور عبادت میں خلل ڈالنے کے مترادف ہے۔ اذان کے ساتھ اول درود شریف کو لازم قرار دینا یا اہل سنت کا شعار بنانا بھی بدعت ہے او رعبادت معہودہ میں تحریف کرنے کی کوشش ہے۔ (ملخص) فتویٰ مفتی محمد حسین نعیمی، جامعہ نانعیمیہ، لاہور انوار الصوفیہ میں ہے: قرون اولیٰ میں بلکہ پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے کہیں بھی اذان سے پہلے بلند آواز سے تسمیہ یا صلاۃ وسلام پڑھنا مشروع نہیں ہے۔ دراصل یہ زوائد وہابیوں دیوبندیوں کی ضد سے یا نعت خواں قسم کے مؤذنین نے پیدا کئے ہیں، یہ رسم جو اسلام میں معہود نہیں تھی جہلاء پڑھاتے چلے جارہے ہیں اور علماء کرام خاموش ہیں، پتہ نہیں کیا وجہ ہے؟ (ملخص انوار الصوفیہ تر (جمان استانہ علی پور شریف) جنوری ۱۹۷۸ء۔ دارالعلوم حزب الاحناف کا فتویٰ: فجر ہونے سے پہلے لاؤڈ اسپیکر پر بلند آواز سے درود شریف پڑھنا جائز نہیں۔ فتویٰ دارالعلوم حزب الاحناف، لاہور۔ ۲۲/اکتوبر ۱۹۷۸ء

الغرض اذان سے پہلے یا بعد درود شریف وغیرہ کا اضافہ قرآن وسنت واقوال صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت نہیں ہے اور خود بریلوی مکتب فکر کے علماء نے بھی اس کو بدعت اور ناجائز قرار دیا ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ تمام بریلوی حضرات گروہی رجحانات کو بالائے طاق رکھ کر ان حقیقت پسندانہ تعلیمات پر عمل کریں۔

Marfat.com

"حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر صبح کی نماز کا وقت ہوتو دو دفعہ الصلوۃ خیر من النوم کہا کرو۔"

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مسنون یہ ہے کہ فجر کی اذان میں مؤذن جب حی علی الفلاح کہہ لے تو الصلوۃ خیر من النوم کہے۔

(قال البیہقی اسنادہ صحیح) (بیہقی: التثویب فی اذان الصبح)

اذان کا جواب دینا

(۷۶) اذان کے آداب کا تقاضا ہے کہ اس دوران ادھر ادھر کی بات چیت نہ کرے بلکہ کلمات اذان پر غور کرے اور مؤذن کے ساتھ ساتھ یہ کلمات دہراتا جائے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"جب تم اذان سنو تو وہی کلمات دہراؤ جو مؤذن کہتا ہے۔"

(مسلم: استحباب القول مثل قول المؤذن۔ بخاری: مایقول اذا سمع المنادی)

اذان کے بعد دعا

(۷۷) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اذان سننے کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اس کے لئے میری شفاعت حلال ہوگئی۔

(بخاری: الدعاء عند النداء)

دعا یہ ہے:

اللّٰھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلوٰۃ القائمۃ آت محمداً ن الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاماً محمودا الذی وعدتہ۔

Marfat.com

اقامت کا بیان

(۷۸)(الف) اقامت کے مسنون کلمات یہ ہیں

اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اشھد أن لا إلہ الا اللہ، اشھد أن لا إلہ إلا اللہ، اشھد أن محمداً رسول اللہ، اشھد أن محمداً رسول اللہ، حی علی الصلوۃ، حی علی الصلوۃ، حی علی الفلاح، حی علی الفلاح، قد قامت الصلاۃ، قد قامت الصلاۃ، اللہ اکبر، اللہ اکبر، لاإلہ إلا اللہ۔

(ب) مؤذن رسول حضرت ابومحذورۃ کا عمل

عن ابن محیریز أنہ سمع أبا محذورۃ یقول "علمنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الاقامۃ سبع عشرۃ کلمۃ

"ابن محیریز نے حضرت ابومحذورۃ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ مجھے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اقامت کے سترہ کلمات سکھائے تھے۔"

واضح رہے کہ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ سے جو مرفوع روایت نقل کی ہے اس میں بھی سترہ کلمات اقامت کا ذکر ہے۔ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو صحیح کہا ہے۔

(ج) مؤذن رسول حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کا عمل بھی یہی تھا۔

عن عبید مولی سلمۃ بن الاکوع أن سلمۃ بن الأکوع کان یثنی الإقامۃ۔ (طحاوی: الإقامۃ کیف ھی؟)

Marfat.com

"حضرت عبید فرماتے ہیں کہ سلمۃ بن الاکوع اقامت کے دوہرے کلمات کہا کرتے تھے (یعنی اشھد ان لا إله إلا الله سے آخری اللہ اکبر تک تمام کلمات دو دفعہ کہا کرتے تھے)۔"

(د) حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا آخری عمل ❶

عن الأسود بن يزيد أن بلالاً كان يثنى الأذان ويثنى الاقامة۔ (مصنف عبدالرزاق، اسنادہ صحیح، آثار السنن۔ ج۱۔ ص۵۳)

"حضرت اسود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان و اقامت کے کلمات دو دو دفعہ کہا کرتے تھے۔"

(۷۹) تکبیر کہنے والے کے ساتھ انہی کلمات کو دہراتے جانا مسنون ہے

عن أبي أمامة رضى الله عنه أن بلالاً أخذ فى الإقامة فلما أن قال قد قامت الصلوة قال النبى صلى الله عليه وسلم أقامها الله وأدامها الله وقال فى الإقامة كنحو حديث عمر رضى الله عنه فى الأذان۔ (ابوداؤد: مايقول إذا سمع الإقامة)

---

❶ عن أنس رضى الله عنه قال امر بلال أن يشفع الأذان ويؤتر الاقامة. (مسلم: الأمر بشفع الأذان)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا گیا کہ اذان کے کلمات دوہرے اور اقامت کے کلمات اکہرے کہا کریں۔

لہٰذا حضرت بلال رضی اللہ عنہ ابتدائی ایام میں اقامت کے کلمات ایک ایک دفعہ کہتے تھے، لیکن جب یہ حکم منسوخ ہوا تو پھر آپ آخری عمر تک اقامت کے کلمات دو دفعہ کہا کرتے تھے۔

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ثم ثبت هو من بعد على التثنية فى الإقامة بتواتر الاثار فى ذلك فعلم أن ذلك هو ما أمر به. (طحاوى: الإقامة كيف هى؟)

پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا مستقل عمل اقامت دہری کہنے کا رہا جس پر روایات متواترہ دلالت کرتی ہیں اس سے معلوم ہوا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اسی کا حکم دیا گیا تھا۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت شروع کی جب وہ قدقامت الصلوٰۃ پر پہنچے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب میں فرمایا: ''اقامها الله وأدامها الله'' اور باقی اقامت کا جواب اذان کی طرح دیا جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ذکر ہوا۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ خود علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابومحذورۃ رضی اللہ عنہ کی روایت کو بنیاد بتاتے ہوئے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ابتدائی عمل کو منسوخ قرار دیتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

وهو متاخر عن حديث بلال الذى فيه الا مر بإيتار الاقامة لأنه بعد فتح مكة لأن أبا محذورة من مسلمة الفتح وبلالاً امر بافراد الإقامة اول ما شرع الأذان فيكون ناسخاً وقد روىٰ ابو الشيخ أن بلالاً اذن بمنى ورسول الله صلى الله عليه وسلم ثم مرتين مرتين وأقام مثل ذلك إذا عرفت هذا تبين لك أن احاديث تثنية الإقامة صالحة للإحتجاج بها لما أسلفناه واحاديث إفراد الإقامة وان كانت أصح منها لكثرة طرقها وكونها فى الصحيحين لكن أحاديث التثنية مشتملة على الزيادة فالمصير اليها مع تاخر تاريخ بعضها كما عرفناك.(شوكانى: نيل الأوطار. ج.۲. ص.۲۱. باب صفة الأذان....)

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ والی روایت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی ایک روایت سے مؤخر ہے جس میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اکہری اقامت کہنے کا حکم دیا گیا تھا۔ چونکہ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اکہری اقامت کہنے کا حکم شروع شروع میں دیا گیا تھا۔ لہٰذا حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ والی روایت نے سابقہ حکم کو منسوخ کر دیا، بلکہ ابوالشیخ نے نقل کیا ہے کہ جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے منیٰ میں اذان دی تو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی وہاں موجود تھے۔ تو وہ اذان واقامت ایک جیسی تھی اور اس میں دو دو دفعہ کلمات کو دہرایا گیا ہے۔ جب تمہیں یہ تفصیل معلوم ہوگئی تو واضح ہوگیا کہ جن احادیث میں دہری اقامت کا ذکر ہے وہ دلیل بن سکتی ہیں اور اکہری اقامت والی احادیث طرق مختلفہ اور صحیحین میں وارد ہونے کی وجہ سے گو کہ زیادہ صحیح ہیں لیکن دہری اقامت والی احادیث میں ایک زیادہ چیز کا تذکرہ ہے۔ لہٰذا ان کی طرف رجوع کرنا لازم ہے۔ خاص طور پر اس لئے بھی کہ ان میں آخری زمانہ کا تذکرہ ہے جیسے کہ ہم بتا چکے ہیں۔

Marfat.com

انگوٹھے چومنا

(۸۰) مسنون اذان مسنون اقامت اور اس دوران مسنون اعمال کا ذکر ہوا۔ الغرض جو اعمال بھی مستحسن تھے وہ ہمیں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتا دیئے۔ اب اس میں اپنی طرف سے پیوند لگانا ہم اہلسنت وجماعت کو زیب نہیں دیتا کہ یہ شان نبوت میں گستاخی ہے جیسا کہ بعض مبتدعین اذان واقامت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام نامی پر انگوٹھے چومتے ہیں۔ ذخیرہ ❶ احادیث میں کہیں اس کا پتہ نہیں ملتا۔

---

❶ ذخیرۂ قرآن وسنت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام نامی پر انگوٹھے چومنے کا ذکر نہیں ملتا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کو جائز ثابت کرنے کے لئے من گھڑت قصوں کا سہارا لیا جاتا ہے۔

ایک قصہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے کہ جسے علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ المقاصد الحسنہ باب المیم میں نقل کر کے خود فرمایا کہ "ولا یصح" یہ واقعہ سرے سے صحیح ہی نہیں ہے۔

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ کی پوری عبارت درج ذیل ہے۔

ذکرہ الدیلمی فی الفردوس من حدیث أبی بکر لما سمع قول المؤذن اشهد أن محمداً رسول الله قال هذا وقبل باطن الأغلتین السابتین ومسح علی عینیه فقال صلی الله علیه وسلم من فعل مثل ما فعل خلیلی فقد حلت له شفاعتی "ولا یصح."

ایک اسی قسم کا قصہ حضرت خضر علیہ السلام کی طرف منسوب کیا گیا ہے جس کی بابت خود علامہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وکذا ما اورده ابو العباس أحمد بن أبی بکر الرداد الیمانی المتصوف فی کتابه موجبات الرحمة وعزائم المغفرة بسند فیه مجاهیل مع انقطاعه عن الخضر علیه السلام. (المقاصد الحسنه: باب المیم)

ترجمہ: "اور اسی طرح وہ قصہ بھی غلط ہے جس کو ابوالعباس یمنی صوفی نے اپنی کتاب "موجبات الرحمة وعزائم المغفرة" میں درج کیا ہے، چونکہ اس کی سند میں بہت سے باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

نماز کی مسنون ترکیب

(۸۱) جب نماز پڑھنے لگو تو قبلہ رخ ہو کر کھڑے ہو جاؤ، پھر جو نماز پڑھنی ہے اس کی نیت دل سے کرو، مثلاً یہ کہ ''فجر کی نماز اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے پڑھتا ہوں۔'' پھر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھاؤ، ہتھیلیاں اور انگلیاں قبلہ رخ رہیں اور انگوٹھے کانوں کی لو کے مقابل ہوں۔ اس وقت اللہ اکبر کہہ کر دونوں ہاتھ ناف کے نیچے باندھ لو۔ دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ نا معلوم (مجہول) لوگ ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ کہ خضر علیہ السلام کے ساتھ سرے سے راوی کی ملاقات ہی ثابت نہیں۔''

ایک اور قصہ حضرت طاؤس کی طرف منسوب ہے کہ انہوں نے شمس بن نصر سے سنا کہ جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام نامی پر انگوٹھے چومے وہ اندھا نہیں ہوگا۔

خود علامہ سخاوی اس کو نقل کر کے فرماتے ہیں کہ ''ولا یصح فی المرفوع من ھذا شئی۔'' ان سب باتوں میں سے ایک بھی مرفوعاً ثابت نہیں۔

اور جناب احمد رضا خاں صاحب بریلویؒ بھی اس حقیقت کے معترف ہیں کہ انگوٹھے چومنا کسی بھی صحیح مرفوع حدیث سے ثابت نہیں تو آجا کے بعض ضعیف اور مجروح قصے ہیں جن کا سہارا لیا جاتا ہے اور یہ تو ایک حقیقت ہے کہ اسلامی تعلیمات کی بنیاد ٹھوس حقائق اور مضبوط دلائل پر رکھی گئی ہے۔ من گھڑت قصے کہانیوں پر نہیں۔ ملاحظہ ہو۔ وہ لکھتے ہیں:

''اذان میں وقت استماع نام پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انگوٹھوں کے ناخن چومنا آنکھوں پر رکھنا کسی حدیث صحیح مرفوع سے ثابت نہیں۔ یہ جو کچھ اس میں روایت کیا جاتا ہے کلام سے خالی۔ پس جو اس کے لئے ایسا ثبوت مانے یا اسے مؤکد جانے یا نفس ترک کو باعث زجر و ملامت کہے وہ بے شک غلطی پر ہے۔ ہاں بعض احادیث ضعیفہ مجروحہ میں تقبیل ابہامین وارد ہے۔'' (احمد رضا خاں۔ مجموعہ رسائل۔ ج ۲۔ ص ۱۵۵)

یہاں بعض علماء کو ایک غلطی لگی کہ ''یہ باتیں ضعیف ہیں اور فضائل میں ضعیف باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

پر رکھو اور نظر سجدہ کی جگہ رہے ہاتھ باندھ کر آہستہ آہستہ سبحانك اللّٰھم ۔۔ پڑھو، پھر اعوذ باللہ۔۔۔ بسم اللہ۔۔۔ پڑھ کر سورۃ فاتحہ پڑھو۔ پھر آہستہ سے آمین کہہ کر کوئی سورت یا ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیات پڑھو۔ لیکن اگر تم امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہو تو سبحانك اللّٰھم۔۔۔ پڑھ کر خاموش کھڑے رہو۔ پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں جاؤ۔ پیٹھ کو سیدھا رکھو اور انگلیوں کو کھول کر ان سے گھٹنوں کو پکڑ لو، رکوع میں تین یا پانچ مرتبہ تسبیح پڑھو، پھر سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہوئے سیدھے کھڑے ہو جاؤ اور ربنا لك الحمد کہو۔ اگر امام کے پیچھے ہو تو امام صرف سمع اللہ لمن حمدہ کہے اور مقتدی صرف ربنا لك الحمد کہے، پھر تکبیر کہتے ہوئے سجدہ میں جاؤ۔ پہلے دونوں گھٹنے پھر دونوں ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی رکھو، ہاتھوں کی انگلیاں قبلہ رخ رہیں۔ کہنیاں پسلیوں سے اور پیٹ رانوں سے علیحدہ رہے۔ کہنیاں زمین پر مت بچھاؤ۔ سجدے میں تین یا پانچ مرتبہ تسبیح کہو، پھر پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ اٹھا کر تکبیر کہتے ہوئے بیٹھ جاؤ۔ پھر تکبیر کہتے ہوئے دوسرا

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ کمزور روایتوں پر بھی عمل کر لیا جاتا ہے'' لیکن اگر ان باتوں کے ثبوت کا ضعیف احتمال بھی ہو تو شاید ان کا کہنا درست ہوگا۔ جب کہ یہ باتیں سرے سے من گھڑت اور موضوع ہیں تو کسی درجہ میں بھی عمل کی بنیاد نہیں بن سکتیں۔ ملاحظہ ہو:

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الأحاديث التى رويت فى تقبيل الأنامل وجعلها على العينين عند سماع اسمه صلى الله عليه وسلم عن المؤذن فى كلمة الشهادة كلها موضوعات. (تيسر المقال)

کہ دوران اذان کلمہ شہادت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام نامی پر انگوٹھے چومنے کی تمام روایات من گھڑت (موضوع) ہیں۔

اور علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ:

ويجوز ويستحب العلم فى الفضائل والترغيب والترهيب بالحديث الضعيف مالم يكن موضوعاً وقال ''اما الموضوع فلا يجوز العمل به بحال'' (القول البدیع ص ۱۹۵ تا ۱۹۶)

کہ فضائل اور ترغیب و ترہیب میں ضعیف روایت پر عمل کرنا جائز اور مستحسن ہے۔ بشرطیکہ من گھڑت نہ ہو۔ چونکہ من گھڑت (موضوع) بات پر عمل کرنا کسی حال میں جائز نہیں۔

Marfat.com

سجدہ کرو، پھر تکبیر کہتے ہوئے اٹھو، اٹھنے میں پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ پھر گھٹنے اٹھا کر پنجوں کے بل سیدھے کھڑے ہوجاؤ کھڑے ہوکر ہاتھ باندھ لو اور بسم اللہ اور سورہ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھو۔ اگر امام کے پیچھے ہو تو خاموش کھڑے رہو۔ پھر اسی طرح رکوع، قومہ، سجدہ، جلسہ، دوسرا سجدہ کرو۔ دوسرے سجدے سے اٹھ کر بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھ جاؤ۔ دایاں پاؤں کھڑا رہے اور ہاتھوں کو رانوں پر رکھو اور التحیات پڑھو۔ جب اشھد أن لا إله پر پہنچو تو سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے اور بڑی انگلی سے حلقہ باندھ لو اور چھنگلیا اور اس کے پاس والی چھوٹی انگلی کو بند کرلو اور شہادت کی انگلی اٹھا کر اشارہ کرو لا إله پر انگلی اٹھاؤ اور إلا الله پر جھکا لو اور یہ حلقہ اخیر تک باندھے رکھو، اگر دو رکعت والی نماز ہے تو تشہد ختم کر کے درود شریف پڑھو، پھر دعا پڑھ کر دائیں بائیں سلام پھیر دو اور اگر تین یا چار رکعت والی نماز ہو تو تشہد کے بعد درود شریف پڑھنے کے بجائے تکبیر کہتے ہوئے کھڑے ہوجاؤ اور تیسری یا چوتھی رکعت پوری کر کے سلام پھیر دو۔

فرائض کی تیسری یا چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد کوئی سورت پڑھنا ضروری نہیں۔ البتہ سنن ونوافل کی تیسری، چوتھی رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ ملانا ضروری ہے۔

اس اجمال کے بعد ذیل میں اہم نقاط کی تفصیل اور دلائل پیش کئے جاتے ہیں۔

کپڑے پہننا

(۸۲) صاف ستھرے کپڑے پہن کر نماز پڑھنی چاہئے۔ واضح رہے کہ مرد کے لئے کم از کم ناف سے گھٹنوں تک جسم کو چھپانا ضروری ہے۔ جب کہ عورت کے لئے چہرہ اور ہاتھ پاؤں کے علاوہ بقیہ سارا بدن چھپانا ضروری ہے ورنہ نماز نہیں ہوگی۔

ارشاد ربانی ہے:

یا بنی آدم خذوا زینتکم عند کل مسجد (الأعراف ۳۱)

"اے آدم کی اولاد ہر نماز کے وقت آرائش اختیار کرو۔"

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ "ران ستر ہے (یعنی اس کو چھپانا ضروری ہے) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھٹنے کو ڈھانپ

Marfat.com

دیا۔" (بخاری: مایذکر فی الفخذ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر کپڑا وسیع ہوتو پورے جسم پر لپیٹ لیا کرو ورنہ لنگی کی طرح باندھ لیا کرو۔ (بخاری: إذا کان الثوب ضیقاً)

سر ڈھانپنا

(۸۳) نماز کے آداب میں سے یہ ہے کہ پورا لباس پہن کر نماز پڑھے اور سر کو بھی ڈھانپ کر رکھے بلکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع میں ہر شخص کو عام حالات میں سر ڈھانپ کر رکھنا چاہئے۔ ہاں اگر مجبوری کی وجہ سے ننگے سر نماز پڑھی تو نماز ہو جائے گی، لیکن کپڑا ہوتے ہوئے بھی ننگے سر نماز پڑھنا اور ننگے سر رہنا خلاف سنت ہے۔ ❶

عن أنس بن مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكثر القناع۔۔۔۔ (شمائل ترمذی۔ ص۱۷)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر اوقات اپنے سر مبارک کو کپڑے سے ڈھانپ کر رکھتے تھے۔"

---

❶ خود مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

صحیح مسنون طریقہ نماز کا وہی ہے جو آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بالدوام ثابت ہوا ہے یعنی بدن پر کپڑے اور سر ڈھکا ہوا ہو پگڑی سے یا ٹوپی سے۔ (ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ: فتاویٰ ثنائیہ۔ ج۱۔ص ۵۲۵)

نیز مولانا ابوسعید شرف الدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

(ننگے سر) نماز ادا ہو جائے گی مگر سر ڈھانپنا اچھا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز میں اکثر عمامہ یا ٹوپی رکھتے تھے۔۔۔۔ مگر یہ بعض کا جو شیوہ ہے کہ گھر سے پگڑی یا ٹوپی سر پر رکھ کر آئے ہیں اور ٹوپی یا پگڑی قصداً اتار کر ننگے سر نماز پڑھنے کو اپنا شعار بنا رکھا ہے اور پھر اس کو سنت کہتے ہیں بالکل غلط ہے۔ یہ فعل سنت سے ثابت نہیں ہاں اس فعل کو مطلقاً ناجائز کہنا بھی بیوقوفی ہے ایسے ہی برہنہ سر کو بلاوجہ شعار بنانا بھی خلاف سنت ہے اور خلاف سنت بے وقوفی ہی تو ہوتی ہے۔ (ثناء اللہ امرتسری: فتاویٰ ثنائیہ۔ ج۱۔ص ۵۲۳)

مولانا غزنوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اگر ننگے سر نماز فیشن کی وجہ سے ہے تو نماز مکروہ ہے اگر خشوع کے لئے ہے تو تشبہ بالنصاریٰ ہے، اسلام میں سوائے احرام کے ننگے سر رہنا خشوع کے لئے نہیں ہے، اگر سستی کی وجہ سے ہے تو منافقین کی عادت ہے، غرض ہر لحاظ سے ناپسندیدہ ہے۔ (فتاویٰ علماء اہل حدیث۔ ج۴۔ص ۲۹۱)

Marfat.com

استقبال قبلہ

(۸۴)(الف) نماز پڑھتے وقت ضروری ہے کہ نمازی کا رخ قبلہ کی طرف ہو، مسلمانوں کا قبلہ خانہ کعبہ ہے۔

ارشاد ربانی ہے:

قدنری تقلب وجهك فی السماء فلنولینك قبلة ترضها فول وجهك شطر المسجد الحرام وحیث ما کنتم فولوا وجوهکم شطره ..... (الآیة۔ بقرة۔ ۱۴۴)

"بیشک ہم دیکھتے ہیں بار بار اٹھنا تیرے منہ کا آسمان کی طرف تو یقینا پھیریں گے ہم تجھ کو جس قبلہ کی طرف تو راضی ہے، اب پھیر اپنا منہ مسجد حرام کی طرف اور جس جگہ تم ہوا کرو اپنا منہ اس کی طرف پھیرو۔"

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب نماز پڑھنے کا ارادہ ہو تو کامل وضو کرو پھر قبلہ رو ہو کر نماز پڑھو۔ (مسلم: واجبات الصلوٰۃ)

(ب) استقبال قبلہ نماز کی بنیادی شرط ہے جیسے باوضو ہونا، کپڑوں، بدن، جگہ کا پاک ہونا، نماز کی بنیادی شرائط ہیں، اسی اہمیت کے پیش نظر ارشاد ربانی ہے کہ "تم جہاں کہیں بھی ہو (نماز پڑھتے وقت) قبلہ رخ ہو جاؤ۔"

یہی وجہ ہے کہ اگر نمازی کا رخ لمحہ بھر کے لئے بھی جہت قبلہ سے پھر جائے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ بس اور ریل گاڑی وغیرہ میں نماز پڑھتے وقت استقبال قبلہ۔ ❶

❶ بعض لوگ گاڑی میں نماز پڑھنے کے لئے تیمم کر لیتے ہیں، حالانکہ اگر نماز کے مقرر وقت میں پانی ملنا ممکن ہو تو تیمم کرنا صحیح نہ ہوگا اور اگر حالات کا اندازہ ہو کہ راستہ میں وضو کا انتظام نہ ہو سکے گا تو دیگر ضروریات سفر کی طرح پانی بھی ساتھ رکھا جائے، نیز قبلہ رخ ہوئے بغیر جس طرف بھی رُخ ہو نماز پڑھ لیتے ہیں یہ نماز صحیح نہیں۔ اس پر مزید کہ یہ نماز بیٹھ کر اشاروں سے پڑھی جاتی ہے، جو صحیح نہیں چونکہ قیام فرض ہے اور دیگر ارکان کی صحیح اور مکمل ادائیگی بھی ضروری ہے اور اشاروں سے نماز پڑھنا اس وقت روا ہے جب اور کوئی ممکنہ صورت نہ رہے، جب کہ یہاں اولاً تو سفر کے لئے ایسے مناسب وقت کا انتخاب کیا جائے جس میں نمازیں ب آسانی ادا ہو سکیں۔ ثانیاً نماز کے لئے بس وغیرہ رکوانے کی بات چیت بھی ہو سکتی ہے۔ ورنہ کم از کم مقررہ اسٹاپ پر جتنی دیر گاڑی رکتی ہے اس میں فرض رکعات تو ادا کی جا سکتی ہیں۔

Marfat.com

اور دیگر تمام شرائط وارکان کا خیال رکھنا ضروری ہے ورنہ نماز نہ ہوگی۔

قیام

(۸۵) صحت مند آدمی کے لئے کھڑے ہوکر نماز پڑھنا ضروری ہے۔ اگر کوئی شخص اس سے معذور ہوتو بیٹھ کر نماز پڑھنے کی اجازت ہے اور اگر بیٹھنے کی ہمت بھی نہ ہوتو لیٹ کر نماز پڑھے۔ ایسی حالتوں میں سجدہ کے لئے رکوع سے زیادہ جھکے۔ اگر ایسا بھی نہ کر سکے تو نماز کو مؤخر کرنے کی اجازت ہے چونکہ اس کے بعد رکوئی مرحلہ نہیں اور آنکھوں کے اشارہ سے نماز نہیں ہوتی۔

واضح رہے کہ نوافل میں اختیار ہے چاہے کھڑے ہوکر ادا کرے یا بیٹھ کر۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کھڑے ہوکر نماز پڑھو اگر اس کی طاقت نہ ہوتو بیٹھ کر ورنہ لیٹ کر تو بہر حال نماز ادا کرو۔ (بخاری: إذا لم یطق قاعداً...)

نیت

(۸۶) نیت دل کا ارادہ ہے نماز پڑھنے سے پہلے متعین کرے کہ نماز فرض ہے یا سنت، یا جماعت ہے یا علحدہ، کتنی رکعات ہیں اور پانچ نمازوں میں سے کون سی نماز ہے؟ پس دل ہی دل میں ان امور کی تعیین کافی ہے۔ لیکن اگر کسی کو وساوس آتے ہوں اور وہ نماز شروع کر کے توڑ دیتا ہو یا نماز کے خشوع وخضوع اور دھیان میں کمی آتی ہو اس خیال سے کہ کہیں نیت میں غلطی تو نہیں ہوگئی؟ اس کے لئے بہتر یہ ہے کہ وہ زبان سے بھی یہ کلمات دہرالے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تمام اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

(الحدیث (بخاری: کیف کان بدء الوحی))

تکبیر

(۸۷) اللہ اکبر کہتے ہوئے نماز شروع کرے، تکبیر کے بعد سلام پھیرنے تک نماز کے

Marfat.com

علاوہ خارجی کام حرام ہو گئے، اسی لئے اسے تکبیر تحریمہ کہتے ہیں اور پھر ہر ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہونے کے وقت تکبیر کہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ جب نماز کا ارادہ فرماتے تو نماز کے لئے کھڑے ہوتے وقت اللہ اکبر کہتے۔ پھر رکوع میں جاتے وقت تکبیر کہتے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے سمع اللہ لمن حمدہ کہتے۔ پھر کھڑے ہو کر ربنا لك الحمد کہتے پھر دونوں دفعہ سجدہ میں جاتے ہوئے تکبیر کہتے اور نماز مکمل ہونے تک یونہی تکبیر کہتے اور دوسری رکعت میں تشہد کے بعد اٹھتے ہوئے بھی تکبیر کہتے۔ (بخاری: باب التکبیر إذا قام من السجود)

ہاتھوں کو اٹھانا

(۸۸)(الف) تکبیر کہتے ہوئے ہاتھوں کو کانوں تک اٹھانا چاہئے۔ اس طور پر کہ ہتھیلیاں اور انگلیاں قبلہ رخ رہیں اور انگوٹھے کانوں کی لو کے بالمقابل ہوں۔

عن براء بن عاذب قال كان النبی صلی الله علیه وسلم إذا كبر لافتتاح الصلوة رفع يديه حتى يكون ابهاماه قريباً من شحمتی اذنيه۔ (طحاوی: رفع الیدین فی افتتاح الصلوۃ)

"حضرت براء بن عاذب فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ جب نماز شروع کرنے کی تکبیر کہتے تو ہاتھوں کو اتنا اٹھاتے کہ دونوں انگوٹھے کانوں کی لو کے برابر ہو جاتے۔"

(ب) يقول ابوهريرة رضی الله عنه كان رسول الله صلی الله علیه وسلم إذا قام إلى الصلوة رفع يديه مداً۔

(ترمذی: نشر الاصابع عند التکبیر)

وفی روایة مسلم عن قتادة أنه رأى نبی الله صلی الله علیه وسلم وقال حتى يحاذى بهما فروع أذنيه۔

(مسلم: استحباب رفع الیدین حذو المنکبین)

Marfat.com

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو ہاتھوں کو اچھی طرح اٹھاتے اور صحیح مسلم میں حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا وہ ہاتھوں کو کانوں کی لو تک اٹھاتے تھے۔" ❶

دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑنا

(۸۹) (الف) اللہ اکبر کہہ کر دونوں ہاتھ اس طور پر باندھے کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رہے اور انگوٹھے اور چھنگلیا کا حلقہ بنا کر گٹے کو پکڑ لے اور باقی تین انگلیاں بائیں کلائی پر رہیں۔ ❷

---

❶ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی کبھی کندھوں تک ہاتھ اٹھاتے تھے جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عمل کانوں تک اٹھانے کا بھی تھا اور کانوں کی لو تک بھی۔ یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ صرف کندھوں تک ہاتھ اٹھاتے ہیں اور دوسرے طبقہ کی بابت علامہ شوکانی فرماتے ہیں کہ وہ ہاتھوں کو کانوں سے بھی اونچا اٹھاتے ہیں۔ (نیل الأوطار۔ ج ۱۔ ص ۱۸۹)

مگر فقہاء حنفیہ کی نظر چونکہ صرف ایک حدیث پر نہیں بلکہ احادیث پر ہوتی ہے اس لئے وہ فرماتے ہیں کہ "تکبیر کہتے وقت اس طرح ہاتھ اٹھاؤ کہ تمام احادیث پر عمل ہو سکے کہ ہاتھ کی انگلیاں کانوں کے برابر انگوٹھے کانوں کی لو کے اور ہتھیلیاں کندھوں کے برابر ہوں۔

❷ اس سلسلہ میں تین قسم کے عمل منقول ہیں۔

۱- دائیں کلائی کو بائیں کلائی پر رکھنا۔

عن سهل بن سعد قال كان الناس يؤمرون أن يضع الرجل اليد اليمنى علا ذراعه اليسرى فى الصلوة. (بخاری: وضع اليمنى على اليسرى)

۲- دائیں ہتھیلی کو بائیں ہتھیلی کی پشت پر رکھنا۔

۳- دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑنا۔" یہی وجہ ہے کہ بعض لوگ صرف پہلی حدیث پر عمل کر کے بقیہ احادیث کو چھوڑ دیتے ہیں۔ لیکن فقہاء حنفیہ کی نظر چونکہ احادیث پر وسیع ہے۔ لہٰذا ان کے ہاں مسنون و مستحسن ہے کہ ان تمام صورتوں کو جمع کیا جائے۔ چونکہ ابوداؤد کی روایت عاصم سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی تینوں صورتوں کو جمع فرمایا کہ دائیں ہاتھ کا کچھ حصہ بائیں ہتھیلی پر اور کچھ کلائی پر رکھا۔ ساتھ ہی ساتھ یہ کہ دوسری روایات میں ہاتھ کو پکڑنے کی وضاحت بھی ہے۔

Marfat.com

عن عاصم بن کلیب قال فیه..... ثم وضع یدہ الیمنی علی ظهر کفه الیسری والرسغ والساعد.... الحدیث۔

(ابوداؤد: رفع الیدین فی الصلوۃ)

"حضرتِ عاصم بن کلیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دائیں ہاتھ کو اس طرح رکھا کہ وہ بائیں ہتھیلی کی پشت اور گٹے اور کلائی پر تھا۔"

(ب) عن قبیصة عن أبیه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یئومنا فیأخذ شماله بیمینه۔

(حسن، ترمذی: ماجاء فی وضع الیمین علی الشمال)

"حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ کے والد فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں نماز پڑھاتے وقت اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑا کرتے تھے۔"

ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا

(۹۰)(الف) حالت قیام میں ہاتھوں کو ناف کے نیچے باندھنا مسنون ہے۔ ◆1

◆1 ناف کے نیچے ہاتھ باندھے جائیں یا سینہ پر؟ اس پر کوئی قطعی و یقینی نص موجود نہیں، البتہ دونوں طرف ایسی روایات موجود ہیں جس پر علمائے سند نے کلام کیا ہے، تاہم ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کی روایات نسبتاً زیادہ واضح اور ثابت ہیں۔ ذیل میں سینہ پر ہاتھ باندھنے کے دلائل اور ان کا تجزیہ پیش کیا جاتا ہے۔

دلائل

۱- عن وائل بن حجر قال صلیت مع النبی صلی الله علیه وسلم فوضع یدہ الیمنیٰ علی الیسری علی صدرہٖ. (ابن خزیمة)

۲- عن هلب قال رأیت النبی صلی الله علیه وسلم یضع یدہ' علی صدرہٖ

(مسند احمد)

۳- عن طاؤس قال کان النبی صلی الله علیه وسلم یضع باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

قال علی رضی اللہ عنہ السنة وضع الکف علی الکف فی الصلاۃ تحت السرۃ۔ (ابوداؤد: وضع الیمنی علی الیسری)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت یہ ہے کہ نماز میں ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھ کر ناف کے نیچے باندھا جائے۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ یدہ الیمنی علی یدہ الیسری ثم یشد بینهما علی صدرہٖ وهو فی الصلوۃ. (مراسیل ابی داؤد)

۴- عن ابن عباس رضی اللہ عنهما قال ضع یدك الیمنی علی الشمال عند النحر

جائزہ دلیل نمبر ۱

عن وائل بن حجر قال صلیت..... الحدیث

یہ حدیث تین طرح سے منقول ہے۔ (الف) مصنف بن ابی شیبہ میں وائل بن حجر کی اسی روایت میں "علی صدرہ" (سینہ پر) کے بجائے "تحت السرۃ" (ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے) کے الفاظ ہیں۔

(ب) ابن خزیمہ کی نقل کردہ روایت میں "علی صدرہ" کے الفاظ ہیں۔

ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ اعلام الموقعین۔ ج ۳۔ ص ۹ پر فرماتے ہیں۔ "أنه لم یقل علی صدرہٖ غیر مؤمل بن اسماعیل" کہ اس حدیث کو نقل کرنے والوں میں مؤمل بن اسماعیل کے علاوہ کسی نے بھی علی صدرہ کے الفاظ نقل نہیں کئے۔ جس کی بابت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "منکر الحدیث" کہ اس کی بیان کردہ حدیثیں منکر ہیں۔

امام ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وہ آخر عمر میں بہت غلطیاں کیا کرتا تھا۔" نیز یہ کہ اس روایت کی سند میں سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں جن کا اپنا مسلک یہ ہے کہ ناف کے نیچے ہاتھ باندھے جائیں اگر یہ روایت قابل عمل ہوتی تو حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ ضرور اس پر عمل پیرا ہوتے۔

(ج) وائل بن حجر کی روایت کو بزاز نے بھی نقل کیا ہے اس میں "علی صدرہ" کے بجائے "عند صدرہ" کے الفاظ ہیں۔

علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس میں ایک راوی محمد بن حجر ہے "لہ مناکیر" کہ جو بہت سی منکر روایات کا راوی ہے۔

الغرض یہ روایت تین طرح سے منقول ہے ایک میں تو ناف کے نیچے ہاتھ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(ب) عن أنس قال ثلاث من اخلاق النبوة تعجيل الافطار وتاخير السحور ووضع اليد اليمنى على اليسرى فى الصلاة تحت السرة۔ (جوهر النقى۔ باب وضع اليدين على الصدر)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ باندھنے کا ذکر ہے۔ دوسرے میں مؤمل بن اسماعیل اور تیسرے میں محمد بن حجر جیسے راوی ہیں۔ پھر اس سے کیونکر استدلال ممکن ہے؟

جائزہ دلیل نمبر ۲

عن هلب قال رأيت..... الخ

(الف) تفرد به سماك بن حرب ولينه غير واحد وقال النسائى. إذا تفرد بأصل لم يكن حجة

اس کی روایت میں سماک بن حرب نے تفرد اختیار کیا ہے اور اس کو بہت سے محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ سماک جب تفرد اختیار کرے تو اس کی روایت دلیل نہیں بن سکتی۔

(ب) اس روایت کی سند میں حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ اگر یہ روایت قابل استدلال وعمل ہوتی تو وہ خود بھی اس پر عمل کرتے، جب کہ وہ بھی ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کے قائل ہیں۔

جائزہ دلیل نمبر ۳

عن طاؤس قال كان..... الحديث

(الف) علامہ نیموی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

(ب) یہ روایت مرسل ہے۔ (ملخص معارف السنن۔ ج۔ ص ۴۳۵ تا ۴۴۵)

جائزہ دلیل نمبر ۴

عن ابن عباس رضى الله عنه قال ضع يدك اليمنىٰ.... الخ

(الف) اس کی سند میں یحییٰ بن ابی طالب ہے جس کی بابت موسیٰ بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اشهد أنه يكذب''

میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کی عادت جھوٹ بولنے کی تھی۔

''وخط ابوداؤد على حديثه''

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے نقل کردہ احادیث کو حذف کر دیا تھا۔ (میزان الاعتدال: ج ۳۔ ص ۲۶۳)

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین چیزیں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق نبوت میں سے ہیں۔

۱- وقت ہونے پر جلد افطار کر لینا۔

۲- سحری آخری وقت میں کھانا۔

۳- نماز میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے باندھنا۔

(ج) دلیل عقلی

عقلی دلیل اور فطری عادت کے مطابق جب انتہائے ادب و تعظیم مقصود ہو تو انسان ناف کے نیچے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔

(د) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ، اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ، ابواسحاق المروزی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ سب ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کے قائل ہیں۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا مشہور مسلک، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک روایت بھی یہی ہے۔

ثناء

(۹۱)(الف) اللہ اکبر کہہ کر ناف کے نیچے ہاتھ باندھے امام ہو یا مقتدی آہستہ آواز سے یہ ثناء پڑھے۔

سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى
جداك ولا إله غيرك۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ (ب) اس کی سند میں "عمرو" راوی ہے جس کی بابت علامہ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

منكر الحديث ..... (جوہر النقی۔ ج ۲۔ ص ۳۰)

کہ اس کی بیان کردہ روایت منکر ہوتی ہے۔

(ج) اس کی سند میں "روح" راوی ہے جس کی بابت ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"يروى الموضوعات ولا تحل الرواية عنه۔"

کہ وہ من گھڑت روایتیں نقل کرتا ہے اس سے روایت کرنا حلال نہیں۔

"قال الحاكم، ليس بالقوىٰ۔"

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ کوئی قوی نہیں ہے۔

Marfat.com

"اے اللہ تو شریکوں سے پاک ہے۔ بے عیب ہے تیری تعریف کرتا ہوں، تیرے نام میں بڑی برکت ہے، تیری شان سب سے اونچی ہے، اور تیرے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں۔"

ارشاد ربانی ہے:

وسبح بحمد ربك حين تقوم. (الطور۔۴۸)

حضرت ضحاک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ ہے کہ یہ ثناء پڑھا کرو۔

''سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالىٰ جدك ولا إله غيرك۔'' (ابن الجوزی: زاد المسیر۔ ج۸۔ ص۶۰)

عن عبدة أن عمر رضی اللّٰه عنه كان يجهر بهؤلاء الكلمات يقول ''سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالىٰ جدك ولا إله غيرك'' ۔مسلم، حجة من قال لا يجهر بالبسملة)

رواه الدار قطني وفيه يسمعنا ويعلمنا۔

قال المنذری وقد روی هذا الكلام من عمر مرفوعاً إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الدار قطني وهو الصحيح (عون المعبود۔ ج۔۲۔ ص۴۷۹)

حضرت عبدۃ سے منقول ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ (لوگوں کو تعلیم کے لئے) ان کلمات کو بلند آواز سے پڑھتے تھے۔

''سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالىٰ جدك ولا إله غيرك۔''

دار قطنی کی روایت میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہمیں سکھانے اور بتانے کے لئے سناتے تھے۔ منذری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ثناء حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بھی منقول ہے۔ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ صحیح ہے۔

(ب) افضل ثناء

امام بن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

Marfat.com

فأفضل انواع الاستفتاح ما کان ثناء محضاً۔

''سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى جدك ولا إله غيرك''۔(ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ: قاعدہ فی انواع الاستفتاح۔ ص۲۸)

نماز کے شروع میں سب سے بہتر پڑھی جانے والی چیز وہ ہے جو محض ثناء ہی ثناء ہو اور وہ ہے:

سبحانك اللّٰهم وبحمدك وتبارك اسمك وتعالى جدك ولاإله غيرك۔

(ج) قال الشوكانی، قال المصنف وجهر به عمر احيانا بمحضر من الصحابة ليتعلمه الناس مع أن السنة إخفاء يدل على أنه الأفضل و أنه الذی كان النبی صلى الله عليه وسلم يداوم عليهٖ غالباً۔(نیل الاوطار۔ ج۲۔ ص۲۱۲)

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مصنف نے کہا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ صحابہ کی موجودگی میں کبھی کبھی بلند آواز سے ثناء پڑھ لیتے تا کہ لوگوں کو اس کا پتہ چل جائے باوجود یکہ اس کو آہستہ آواز سے پڑھنا ہی مسنون ہے اور یہ عمل دلالت کرتا ہے کہ یہی ثناء پڑھنا افضل ہے اور یہی وہ ثناء ہے جس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر پڑھا کرتے تھے۔

(د) عمل صحابہ رضی اللہ عنہم

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہی منقول ہے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت جابر رضی اللہ عنہ، حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اور حضرت بن عمر رضی اللہ عنہ سے۔(ترمذی: مایقول عندافتتاح الصلوٰۃ)

شوکانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سعید بن منصور نے اپنی سنن میں نقل کیا ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی یہی ثناء پڑھا کرتے تھے۔ دار قطنی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اور ابن المنذر نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہی نقل کیا ہے۔

(شوکانی: نیل الاوطار۔ ج ۲۔ ص ۲۱۱)

Marfat.com

تعوذ

(۹۲) ثناء پڑھنے کے بعد منفرد اور امام کو چاہئے کہ پست آواز سے یہ تعوذ پڑھے۔[1] اور مقتدی ثناء پڑھ کر خاموش ہوجائے۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ میں شیطانی پھندوں سے بچنے کے لئے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔

ارشاد ربانی ہے:

فاذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ من الشیطن الرجیم

(النحل۔۹۸)

"جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود کے حملوں سے بچنے کے لئے اللہ کی پناہ حاصل کرلیا کرو۔"

عن الحسن أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یتعوذ باعوذ باللہ من الشطین الرجیم۔ "(تلخیص الجیر۔ص ۲۳۰)

"حضرت حسن فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پناہ حاصل کرنے کے لئے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھتے تھے۔"

تسمیہ

(۹۳) (الف) تعوذ کے بعد امام آہستہ آواز سے تسمیہ پڑھے اور مقتدی خاموش رہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللہ کے نام کے ساتھ شروع کرتا ہوں جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل تسمیہ بلند آواز سے پڑھنے کا نہیں تھا۔

(ب) عن أنس رضی اللہ عنہ قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وأبی بکر وعمر وعثمان فلم اسمع احدا منہم

---

[1] تعوذ کا معنیٰ ہے "پناہ حاصل کرنا" منفرد وہ ہے جو بغیر جماعت کے اکیلا نماز پڑھے، مقتدی وہ ہے جو امام کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرے۔

Marfat.com

یقرأ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

(مسلم: حجة من لا یجهر بالبسملة)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پیچھے نمازیں پڑھیں، لیکن کسی ایک کو بھی بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے ہوئے نہیں سنا۔"

(ج) عن أنس رضی اللہ عنه ان النبی صلی اللہ علیه وسلم وأبا بکر و عمر کانوا یفتتحون الصلوة بالحمد للہ رب العالمین۔

(بخاری: ما یقرأ بعد التکبیر)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز کی قرأت الحمد للہ رب العالمین سے شروع کیا کرتے تھے۔"

عن البراء رضی اللہ عنه قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یخفی بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

(جامع المسانید۔ ج۱۔ص ۳۴۷)

"حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بسم اللہ الرحمن الرحیم آہستہ سے پڑھا کرتے تھے۔"

خلفاء راشدین، دیگر صحابہ اور تابعین کا عمل

(د) قال الترمذی، والعمل علیه عند اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم منهم ابوبکر وعمر وعثمان وعلی وغیرهم ومن بعدهم من التابعین وبه یقول الثوری وابن المبارك، واحمد واسحاق. لا یرون أن یجهر بسم اللہ الرحمن الرحیم قالوا ویقولها فی نفسه۔

(ترمذی: ما جاء فی ترك الجهر بسم اللہ الرحمن الرحیم)

Marfat.com

"امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جمہور صحابہ کا عمل بھی یہی تھا۔ جن میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ بھی ہیں اور ان کے بعد تابعین کا بھی یہی مسلک تھا۔ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ، ابن المبارک رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ، اسحاق رحمۃ اللہ علیہ، یہ سب کے سب تسمیہ اونچی پڑھنے کے قائل نہ تھے، بلکہ کہتے تھے کہ تسمیہ آہستہ پڑھی جائے۔"

(۹۴) الغرض معلوم ہوا کہ نماز میں بلند آواز سے تسمیہ نہیں پڑھنی چاہئے چونکہ احادیث نبویہ کی روشنی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت خلفاء راشدین کی سنت حضرات صحابہ تابعین اور بقیہ اسلاف امت کا عمل یہی ہے۔ ◆1

◆1 بعض لوگ بلند آواز سے تسمیہ پڑھنے کے لئے نعیم مجمر کی روایت سے استدلال کرتے ہیں۔

عن نعيم المجمر قال صليت وراء أبي هريرة فقرأ بسم الله الرحمن الرحيم ثم قرأ بام القرآن۔

جس کی بابت علامہ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

۱- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے آٹھ سو شاگردوں میں سے جن میں صحابہ اور تابعین بھی ہیں کسی نے بھی بآواز بلند تسمیہ پڑھنے کو نقل نہیں کیا، سوائے نعیم مجمر کے، لہٰذا یہ حدیث معلول ہے۔

۲- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف یہ نسبت نعیم مجمر کا وہم ہے۔

۳- امام بخاری و مسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں بسم اللہ کا ذکر نہیں کیا۔

۴- نعیم مجمر کی روایت میں تسمیہ کی زیادتی کو زیادتی ثقہ کہہ کر قبول نہیں کیا جاسکتا چونکہ اس مسئلہ میں صحیح مسلک یہ ہے کہ زیادتی تب قبول ہوتی ہے کہ اس کا راوی معتمد ہو اور جس نے یہ اضافہ نقل نہیں کیا، وہ اسی جیسا یا اس سے کم ہو، حالانکہ نعیم مجمر کی اس زیادتی کی بابت غالب گمان ہے کہ یہ ضعیف ہے۔

۵- بالفرض اگر یہ روایت صحیح ہوتی تو بھی اس سے جہر تسمیہ پر استدلال نہیں ہوسکتا چونکہ اس میں مطلقاً تسمیہ پڑھنے کا ذکر ہے۔ بلند آواز سے پڑھنے کا ذکر نہیں۔ (نصب الرایۃ۔ ص ۳۳۶)

۶- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح وشام کی جہری نمازوں میں بلند آواز سے تلاوت کرتے تھے۔ اگر وہ تسمیہ بھی جہراً پڑھتے ہوتے تو یقیناً سب کو معلوم ہوتا، اور پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ یہ کیوں فرماتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین میں سے کسی نے بھی تسمیہ اونچی آواز سے نہیں پڑھی؟ پھر حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ اس کو بدعت شمار کیوں کرتے؟ اور پھر آج تک محراب نبوی میں اہل مدینہ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

سورۃ فاتحہ

(۹۵) تسمیہ کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھے

اگر نمازی امام ہے تو فجر، مغرب، عشاء، کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ بلند آواز

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ کا مسلسل عمل ترک جہر پر کیوں ہے؟

الغرض اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ نعیم مجمر کی روایت سے جہر تسمیہ پر استدلال صحیح نہیں۔

اور اس کے علاوہ کوئی اور صحیح روایت بھی نہیں ملتی جس سے جہر تسمیہ سنت ثابت ہو۔

اس لئے علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''فصحيح تلك الاحاديث غير صريح و صريحها غير صحيح۔'' (زاد المعاد۔ ج ۱۔ ص ۲۰۷)

اس سلسلہ میں جو احادیث صحیحہ وارد ہیں ان میں جہر تسمیہ کی تصریح نہیں ہے اور جن روایات میں جہر تسمیہ کی تصریح ہے وہ صحیح نہیں ہیں۔

نیز امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وقد اتفق أهل المعرفة أنه ليس فى الجهر حديث صحيح ولم يرو اهل السنن من ذلك شيئاً وإنما يوجد الجهر بها فى أحاديث موضوعة وإنما كثر الكذب فى أحاديث الجهر لأن الشيعة ترى الجهر وهم من أكذب الناس فوضعوا أحاديث لبسوا بها على الناس أمر دينهم ولهٰذا يوجد فى كلام ائمة أهل السنة مثل سفيان الثورى رحمۃ اللہ علیہ، من السنة المسح على الخفين وترك الجهر بالبسملة، كما يذكرون تقديم أبى بكر وعمر رضى الله عنهما لأنهم كان عندهم شعار الرافضة.

(مختصر فتاوی ابن تیمیہ۔ ص ۴۸۔ ص ۴۶)

اہل علم کا اتفاق ہے کہ تسمیہ اونچی پڑھنے کے بارے میں کوئی صحیح حدیث موجود نہیں جسے اہل سنن نے نقل کیا ہو، البتہ اونچی بسم اللہ پڑھنے کا تذکرہ من گھڑت روایات میں ضرور ملتا ہے، ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ اس کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں، نماز کے دوران اونچی تسمیہ کے مسئلہ میں جھوٹی روایات اس لئے بہت ہیں کہ شیعہ کا نظریہ بھی یہی ہے اور وہ سب سے جھوٹے ہیں۔ لہٰذا انہوں نے جھوٹی روایتیں گھڑ کر اس دینی مسئلہ کو مشتبہ بنا دیا۔ یہی وجہ ہے کہ سفیان ثوری اور دیگر ائمہ اہل سنت نے فرمایا کہ موزوں پر مسح کرنا اور تسمیہ آہستہ پڑھنا اہل سنت ہونے کی پہچان ہے جیسا کہ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

سے پڑھے اور ظہر و عصر کی نماز میں آہستہ۔

اگر نمازی امام کی اقتداء میں نماز پڑھ رہا ہے تو خاموش رہے۔

اگر اکیلا نماز پڑھ رہا ہے تو وہ بھی تسمیہ کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ، إِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ، صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ. (الفاتحة)

"ہر طرح کی تعریف کے لائق صرف اللہ ہے جو سارے جہانوں کو پالنے والا ہے۔ نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ اے اللہ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھی سے مدد مانگتے ہیں تو ہم کو سیدھا راستہ دکھا، ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے اپنا فضل کیا جو تیرے غضب سے محفوظ رہے اور جو بھٹکے ہوئے نہیں۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ کو مقدم ماننا اہل سنت کی علامت ہے چونکہ ان کے برعکس دوسری چیزیں شیعہ کی نمایاں علامات ہیں۔

نواب صاحب کا ارشاد

نیز خود نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ طریقہ نماز بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بسم اللہ آہستہ پڑھے۔ ملاحظہ ہو۔

"بعدہ بسملہ گوید آہستہ و احتیاط دریں است زیرا کہ روایت مختلف آمدہ است در بودن و نبودن بسملہ آیتی از فاتحہ و صحیح شدہ است از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم افتتاح کردن نماز بالحمد و عدم جہر بسم اللہ۔۔۔"

(نواب صدیق حسن خاں: مسک الختام۔ ج ۱۔ ص ۳۷۹)

کہ نماز میں تعوذ کے بعد تسمیہ آہستہ پڑھے کہ احتیاط کا تقاضا یہی ہے چونکہ تسمیہ سورہ فاتحہ کی آیت ہے یا نہیں اس میں مختلف قسم کی روایات ملتی ہیں لیکن یہ بات تو پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرأت کا آغاز الحمد سے کیا، نیز یہ کہ تسمیہ بلند آواز سے نہیں پڑھی۔"

اب رکعت کے شروع میں تسمیہ بلند آواز سے پڑھنے والے حضرات کو چاہئے کہ وہ اپنی مسلکی اور گروہی وابستگی کو بالائے طاق رکھ کر اپنی نمازوں کا آغاز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق کیا کریں۔

Marfat.com

(۹۶) منفرد سورۃ فاتحہ پڑھے

منفرد وہ شخص ہے جو اکیلا نماز پڑھے۔ ایسے شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھے۔

عن عبادة بن الصامت رضی الله عنه يبلغ به النبی صلی الله عليه وسلم لا صلوة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب۔"

صحیح مسلم: وجوب قراءة الفاتحة فی كل ركعة)

"حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی۔"

اس حدیث کی تشریح کے لئے ہم حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، حضرات تابعین و محدثین رحمۃ اللہ علیہ کی طرف رجوع کرتے ہیں، چونکہ وہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطلوبہ مفہوم و مراد کو بخوبی سمجھتے تھے۔

۱- حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اکیلا نماز پڑھے۔ اس کے لئے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے، لیکن اگر امام کے پیچھے ہو تو ضروری نہیں ہے۔ اسی لئے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاد اور ایک عظیم محدث امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے بھی حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ والی اس حدیث کو منفرد پر ہی محمول کیا ہے جسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

معنى قول النبی صلی الله عليه وسلم لا صلوة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب إذا كان وحده، واحتج بحديث جابر حيث قال من صلى ركعة لم يقرأ فيها بأم القرآن فلم يصل إلا أن يكون وراء الإمام قال احمد فهذا رجل من أصحاب النبی صلی الله عليه وسلم تأول قول النبی صلی الله عليه وسلم لا صلوة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب أن هذا إذا كان وحده۔ (ترمذی: ترك القراءة خلف الإمام)

لا صلوة لمن لم يقرا بفاتحة الكتاب کا مفہوم یہ ہے کہ جب کوئی شخص

Marfat.com

اکیلا نماز پڑھ رہا ہو تو سورۃ فاتحہ پڑھے بغیر اس کی نماز نہیں ہوگی، اس کی دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جس نے ایک رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز نہیں ہوگی۔ إلا یہ کہ وہ امام کے پیچھے ہو۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاد امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد مبارک کا مفہوم وہ ہے جو ایک جلیل القدر صحابی رحمۃ اللہ علیہ نے سمجھا ہے کہ لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب والی حدیث منفرد کے بارے میں ہے۔

۲- حضرت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ سے بھی منقول ہے کہ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث منفرد کے بارہ میں ہے ملاحظہ ہو ابوداؤد شریف میں ہے۔

عن عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ یبلغ به النبی صلی الله علیه وسلم قال لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب فصاعداً،

قال سفیان لمن یصلی وحدہ۔ (ابوداؤد: من ترک القراءۃ)

حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب فصاعداً اس شخص کی بابت ہے جو اکیلا نماز پڑھ رہا ہو۔

الغرض واضح ہوگیا کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سلف صالحین رحمۃ اللہ علیہ اور محدثین رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ حدیث منفرد کے بارے میں ہے۔ لہٰذا اس حدیث سے قطعاً یہ استدلال نہیں کیا جاسکتا کہ امام کے ساتھ مقتدی کو بھی سورۃ فاتحہ پڑھنی چاہئے۔

(۹۷) مقتدی سورۃ فاتحہ نہ پڑھے

تعلیمات قرآنیہ اور ارشادات نبویہ کے مطالعہ سے یہ بات نکھر کر سامنے آجاتی ہے کہ باجماعت نماز میں مقتدی کو سورۃ فاتحہ اور زائد سورۃ نہیں پڑھنی چاہئے۔

(۹۸) دلیل نمبر ۱

ارشاد ربانی ہے:

وإذا قرئ القرآن فاستمعوا له وأنصتوا لعلکم ترحمون

(اعراف ۲۰۴)

Marfat.com

"اور جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو غور سے سنو اور خاموش رہو تا کہ
تم پر رحم کیا جائے۔"

(الف) ذیل میں اس آیت کی تفسیر حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، حضرات تابعین اور حضرات مفسرین ومحدثین کے حوالہ سے نقل کی جاتی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت نماز اور خطبہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ (تفسیر ابن کثیر۔ ج ۲۔ ص ۲۸۱)

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاد امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس بات پر امت اسلامیہ کا اجماع ہے۔

أجمع الناس على أن هذه الآية فى الصلوة۔ (المغنى۔ ج ۱۔ ص ۴۹۰)
اس بات پر سبھی متفق ہیں کہ یہ آیت نماز کے بارے میں نازل ہوئی۔

امام زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ اور ابو العالیۃ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

كانوا يقرأون خلف الامام فنزلت وإذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون (المغنى۔ ج ۱۔ ص ۴۹۰)

"کہ بعض لوگ امام کے پیچھے قرأت کیا کرتے تھے تو یہ حکم نازل ہو گیا کہ جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو غور سے سنو اور خاموش رہو۔"

عن بشير بن جابر رضی اللہ عنہ قال صلى ابن مسعود رضى الله عنه فسمع ناساً يقرؤن مع الإمام فلما انصرف قال أما ان لكم ان تفهموا أما ان لكن ان تعقلوا واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا كما أمر۔ (تفسير ابن كثير۔ ج ۲۔ ص ۲۸۰)

"حضرت بشیر بن جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی تو انہوں نے محسوس کیا کہ بعض لوگ امام کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ نماز کے بعد آپ نے ایسے لوگوں کو ڈانٹتے ہوئے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ جب قرآن پڑھا جائے تو اس کو غور سے سنو اور خاموش رہو اس کے باوجود تم اس بات کو نہیں سمجھتے، کیا اب بھی

Marfat.com

تمہارے سمجھنے کا وقت نہیں آیا۔"

اس تفصیل سے یہ حقیقت بالکل واضح ہوگئی کہ یہ آیت نماز کے بارے میں نازل ہوئی لہٰذا جب امام قرآن پڑھ رہا ہو تو مقتدی خاموش رہیں۔

(ب) یہاں یہ حقیقت بھی پیش نظر رہے کہ اس آیت میں دو قسم کے حکم ہیں۔

(۱) غور سے سنو (۲) خاموش رہو

ان دونوں پر عمل صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب مقتدی امام کے ساتھ سورۃ فاتحہ نہ پڑھے۔ چاہے امام اونچی قرأت کر رہا ہو۔ یا آہستہ، البتہ اتنا ضرور ہے کہ جو مقتدی جہری نمازوں میں امام کے ساتھ پڑھے گا۔ اس نے مندرجہ بالا دونوں حکموں کی خلاف ورزی کی کہ نہ تو امام کی قرأت کو غور سے سنا اور نہ ہی خاموش رہا اور جو مقتدی سری نمازوں میں امام کے ساتھ پڑھے گا۔ اس نے دوسرے حکم کی مخالفت کی کہ خاموش نہیں رہا۔ اسی لئے مشہور مفسر امام ابوبکر جصاص رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

دلت الأية على النهى عن القراءة خلف الإمام فيما يجهر به، فهى دالة على النهى فيما يخفى، لأنه أوجب الإستماع والإنصات عند قراءة القرآن ولم يشترط فيه حال الجهر من الإخفاء فإذا جهر فعلينا الإستماع والإنصات، وإذا خفى فعلينا الإنصات بحكم اللفظ لعلمنا بأنه قارئ للقرآن. (أحكام القران۔ ج ۳۔ ص ۳۹)

اس آیت کی رو سے جس طرح جہری نمازوں میں مقتدی کو امام کے ساتھ پڑھنے سے روکا گیا ہے۔ اس طرح سری نمازوں میں بھی امام کے ساتھ پڑھنے سے روکا گیا ہے۔ چونکہ تلاوت قرآن کے وقت اس کو سننا اور خاموش رہنا ضروری ہے۔ اس میں جہری نماز کی کوئی تخصیص نہیں ہے۔ الغرض جب امام بلند آواز سے بڑھ رہا ہو تو ہم پر اس کا سننا اور خاموش رہنا ضروری ہے اور جب وہ آہستہ پڑھ رہا ہو تو خاموش رہنا بہر حال ضروری ہے چونکہ ہمیں معلوم ہے کہ امام قرآن پڑھ رہا ہے۔

(ج) اس آیت سے یہ نتائج معلوم ہوئے۔

Marfat.com

☆ یہ آیت قرآنیہ نماز میں فاتحہ خلف الامام کی بابت نازل ہوئی ہے۔

☆ جب امام بلند آواز سے قرآن پڑھ رہا ہو تو اس کو غور سے سننا اور خاموش رہنا واجب ہے۔

☆ جب امام آہستہ آواز سے قرآن پڑھ رہا ہو تو مقتدی کو خاموش رہنا چاہئے۔

☆ اس آیت میں خاموشی کا حکم ہے اور اس پر عمل اُسی صورت میں ممکن ہے جب مقتدی خود نہ پڑھے۔

☆ اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت اس شخص کی طرف متوجہ ہوتی ہے جو نماز میں قرآن کو غور سے سنے اور خاموش رہے۔

☆ جو مقتدی امام کے ساتھ قرأت کرتا ہے اس نے اس حکم پر عمل نہیں کیا۔

لہٰذا آج کل جو لوگ اپنی مسلکی مجبوریوں کی وجہ سے اس آیت پر عمل کرنے کے بجائے اس کی دور دراز خانہ ساز تاویلیں کرتے ہیں انہیں بھی چاہئے کہ وہ قرآن کریم کی اس آیت پر عمل کیا کریں۔

(۹۹) دلیل نمبر ۲

ارشاد ربانی ہے:

لاتحرك به لسانك لتعجل به إن علينا جمعه وقرآنه، فإذا قرأناه فاتبع قرآنه ثم إن علينا بيانه.

(القیامۃ۔ ۱۶ تا ۱۹)

"(اللہ کے نبی) آپ اس (قرآن) کو جلدی جلدی لینے کے لئے اس پر زبان نہ ہلایا کیجئے یہ تو ہمارے ذمہ ہے اس کا جمع کر دینا اور اس کا پڑھوانا جب ہم اسے پڑھنے لگیں تو آپ اس کے تابع ہو جایا کیجئے۔ پھر اس کا بیان کرا دینا بھی ہمارے ذمہ ہے۔"

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کی تفسیر میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت نقل کرتے ہیں:

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ فی قوله لا تحرك به لسانك لتعجل به،

Marfat.com

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعالج من التنزيل شدة، وكان مما يحرك شفتيه.... فأنزل الله تعالى لا تحرك به لسانك لتعجل به إن علينا جمعه وقرآنه قال جمعه لك فى صدرك وتقرءه فإذا قرأناه قال فاستمع له، ثم إن علينا بيانه ثم إن علينا أن تقرئه فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد ذالك إذ أتاه جبريل استمع فإذا انطلق جبريل قرأه النبى صلى الله عليه وسلم كما قرأه۔

(بخاری: کتاب الوحی)

"حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نزول قرآن کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سخت مشقت ہوتی اور (حضرت جبریل علیہ السلام کی ساتھ ساتھ پڑھنے کے لئے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونٹ ہلاتے، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی کہ آپ اس کو جلدی جلدی لینے کے لئے اس پر زبان نہ ہلایا کیجئے، یہ تو ہمارے ذمہ ہے اس کو جمع کر دینا اور پڑھوانا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اس سے مراد ہے کہ قرآن کو سینہ میں جمع کر دینا اور پڑھوانا، جب ہم اسے پڑھنے لگیں تو آپ اس کے تابع ہو جایا کیجئے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اس کا معنیٰ یہ ہے کہ قرآن کو غور سے سنیں اور چپ رہیں پھر اس کا بیان کر دینا بھی ہمارے ذمہ ہے، یعنی اس کا پڑھوانا، اس آیت کے نزول کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ جب حضرت جبریل علیہ السلام آتے تو آپ غور سے قرآن سنتے جب وہ واپس چلے جاتے تو پھر آپ پڑھتے جیسے حضرت جبریل علیہ السلام نے پڑھا تھا۔

(بخاری شریف)

☆ فإذا قرأناه فاتبع قرآنه۔ جب ہم پڑھنے لگیں تو آپ اس کے تابع ہو جایا کیجئے۔ اس آیت میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا گیا ہے کہ جب ہم قرآن پڑھیں تو آپ اس کی اتباع کریں اور اس وقت خود نہ پڑھیں اور حضرت

Marfat.com

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی وضاحت کردی کہ اتباع سے مراد یہ ہے کہ غور سے سنیں۔ اسی لئے اس آیت کے نزول کے بعد آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن کو غور سے سنتے اور تکمیل جبریل کے بعد خود پڑھتے۔

☆ جب نماز سے باہر تلاوت قرآن کے موقع پر حکم الٰہی اور عمل نبوی بغور سننے اور خاموش رہنے کا ہے تو نماز کے دوران اس کا اہتمام اور بھی زیادہ ہونا چاہئے۔ واضح رہے کہ یہ خاصیت وآداب صرف قرآن کے لئے ہے۔ لہٰذا سورۃ فاتحہ اور زائد سورۃ کے علاوہ بقیہ تسبیحات وتکبیرات مقتدی کو بھی پڑھنی ہوں گی۔

(۱۰۰) دلیل نمبر ۳۔ مقتدی خاموش رہے

صحیح مسلم شریف کی درج ذیل حدیث میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام اور مقتدی کی ذمہ داریوں کا تعین فرمادیا ہے۔ بعض میں تو امام اور مقتدی شریک ہیں جب کہ بعض میں شریک نہیں۔ لہٰذا حکم نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق امام اور مقتدی کو اپنی اپنی ذمہ داریوں کی تکمیل کرنی چاہئے۔ اس سلسلے میں مسلم شریف کی روایت بطریق حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ ملاحظہ ہو۔

عن أبي موسى قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم خطبنا فبين لنا سنتنا وعلمنا صلوتنا فقال إذا صليتم فأقيموا صفوفكم ثم ليئومكم أحدكم فإذا كبر فكبروا وإذا قرأ فانصتوا وإذا قرأ غير المغضوب عليهم ولا الضالين فقولوا آمين يجبكم الله فإذا كبر وركع فكبروا واركعوا فإن الامام يكبر قبلكم ويرفع قبلكم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فتلك بتلك وإذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللّٰهم ربنا لك الحمد يسمع الله لكم فإن الله تبارك وتعالى قال على لسان نبيه صلى الله عليه وسلم سمع الله لمن حمده وإذا كبر فسجد فكبروا واسجدوا۔ (صحیح مسلم: التشهد فی الصلاۃ)

Marfat.com

"حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور راہِ سنت دکھائی ہمیں نماز پڑھنے کا طریقہ بتاتے ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم نماز پڑھنے لگو تو اپنی صفوں کو سیدھا کرلیا کرو۔ پھر تم میں سے کوئی ایک امامت کرائے جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ قرآن پڑھنے لگے تو تم خاموش ہوجاؤ اور جب وہ غیر المغضوب علیهم ولا الضالین پڑھ لے تو تم آمین کہو، اللہ تمہاری دعا قبول کرے گا اور جب وہ تکبیر کہہ کر رکوع کرے تو تم بھی تکبیر کہہ کر رکوع کرو۔ واضح رہے کہ امام تم سے پہلے رکوع میں جاتا ہے اور تم سے پہلے اٹھتا ہے۔ جب امام سمع الله لمن حمده کہے تو تم اللّٰهم ربنا لك الحمد کہو۔ اللہ تعالیٰ تمہاری دعائیں قبول کرے گا چونکہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے توسط سے یہ بتایا ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی تعریف کرکے دعا مانگے اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو قبول کرتا ہے اور جب امام تکبیر کہہ کر سجدہ کرے تو تم بھی تکبیر کہہ کر سجدہ کرو۔" (مسلم شریف)

علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو امام احمد امام مسلم امام اسحاق نے صحیح قرار دیا ہے لہٰذا اس پر کسی طرح کا کلام اثر انداز نہیں ہوتا۔

(رسائل دینیہ سلفیہ۔ ص ۵۴)

☆ صحیح مسلم شریف کی یہ حدیث فاتحہ خلف الامام ◆۱ کے مسئلہ میں بالکل واضح ہے، چونکہ اس میں نماز با جماعت کی تصریح ہے۔

◆۱ چند بنیادی حقائق

فاتحہ خلف الامام کا مسئلہ سمجھنے کے لئے یہ جان لینا ضروری ہے کہ اس مسئلہ میں مختلف آراء ہیں۔ ذیل میں مختصراً ان آراء کو بیان کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی ان کے قوی یا ضعیف ہونے کی بابت بھی ضروری وضاحت کی جاتی ہے۔

۱۔ پہلی رائے

سری و جہری تمام نمازوں میں امام کے پیچھے مقتدی سورۃ فاتحہ اور کوئی سورۃ نہ پڑھے۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

باجماعت نماز کے دوران امام اور مقتدی کے کاموں کا تعین کر دیا گیا اور جہاں دونوں میں کچھ فرق ہے اس کی بھی وضاحت کر دی۔ مثلاً امام تکبیر تحریمہ کہے تو تم بھی تکبیر کہو وہ تکبیر کہہ کر رکوع کرے تو تم بھی تکبیر کہہ کر رکوع کرو۔ وہ تکبیر کہہ کر سجدہ کرے تو تم بھی تکبیر کہہ کر سجدہ کرو۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

۲-دوسری رائے

سری نمازوں میں سورۃ فاتحہ پڑھے جہری نمازوں میں نہ پڑھے۔

۳-تیسری رائے

سورۃ فاتحہ پڑھنے کے دوران اور آخر میں امام جو وقفہ کرے، مقتدی اس میں سورۃ فاتحہ پڑھ لے۔

۴- تمام نمازوں میں امام کے پیچھے مقتدی پر سورۃ فاتحہ پڑھنا واجب ہے۔

تجزیہ

پہلا مسلک راجح ہے چونکہ قرآن کریم، احادیث شریفہ اور آثار صحابہ رضی اللہ عنہم سے یہی ثابت ہوتا ہے۔ جیسا کہ مندرجہ بالا دلائل سے واضح ہو گیا۔

دوسری رائے

درج ذیل وجوہ کی بناء پر دوسری رائے مرجوح ہے۔

۱- قرآنی تعلیمات کی رو سے جب نماز میں قرآن پڑھا جائے تو اس کو سننا اور خاموش رہنا ضروری ہے۔ اس میں جہری اور سری نمازوں کی تفریق نہیں کی گئی۔ لہٰذا ہمیں بھی یہ تفریق نہیں کرنی چاہئے۔

۲- مسلم شریف میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث بڑی واضح ہے کہ کسی نماز میں بھی امام کے پیچھے نہیں پڑھنا چاہئے۔

۳- حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ چاروں رکعات میں مقتدی نہ پڑھے اور ظاہر ہے چار رکعات والی نمازوں میں سے ظہر و عصر میں مکمل اور عشاء کی دو رکعات میں آہستہ قرأت کی جاتی ہے۔ الغرض جہری و سری دونوں طرح کی نمازوں میں متقدی امام کے ساتھ نہ پڑھے اور ان میں تفریق کرنا صحیح نہیں کہ جہری نمازوں میں تو مقتدی نہ پڑھے اور سری نمازوں میں پڑھ لے۔

تیسری رائے

دلائل کے نقطہ نظر سے یہ تیسرا قول بھی کمزور ہے۔ علامہ صنعانی نے غیر مقلد باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

☆ امام مقتدی کے متفرق کاموں کی وضاحت یوں کی کہ جب امام قرأت شروع کرے تو تم خاموش ہو جاؤ اور جب وہ سورۂ فاتحہ ختم کر کے ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو، اس طرح جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللھم ربنا لك الحمد کہو۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ ہونے کے باوجود بلوغ المرام کی شرح سبل السلام میں اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

ثم اختلف القائلون بوجوب قرأتها خلف الامام فقيل فى محل سكتاته بين الآيات وقيل فى سكوته بعد تمام قراء ة الفاتحة ولا دليل على هذين القولين. (سبل السلام۔ج۱۔ص۲۸۷)

فاتحہ خلف الامام کے قائلین کا بھی اختلاف ہے بعض کا کہنا ہے کہ (امام کی قرأت کے دوران) ہر آیت کے بعد والے وقفہ میں سورۃ فاتحہ پڑھتا جائے۔ جب کہ بعض یہ کہتے ہیں کہ امام سورہ فاتحہ پڑھ چکے تو مقتدی سورۃ فاتحہ پڑھے۔ لیکن یہ دونوں قول بلا دلیل ہیں۔

چوتھی رائے کا تجزیہ

پاک و ہند کے غیر مقلدین عوام کو اپنا یہ مسلک بتاتے ہیں کہ باجماعت نماز میں سری و جہری تمام نمازوں میں مقتدی کے لئے سورۃ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے۔ یہ چوتھا قول دلائل کے اعتبار سے تو بہت زیادہ ہی کمزور ہے ذیل میں اس قول کا مرحلہ وار جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

پہلا مرحلہ

قرآن کریم کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قول کی کوئی واضح وصریح دلیل قرآن کریم میں موجود نہیں ہے کہ مقتدی کے لئے سورۃ فاتحہ پڑھنی ضروری ہے، جب کہ قرآن کریم سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جب امام قرآن پڑھے تو مقتدی غور سے سنے اور خاموش رہے۔

دوسرا مرحلہ حدیث شریف

قرآن کریم کے بعد دوسری دلیل آنحضور ﷺ کی احادیث مبارکہ ہیں اور حدیث کا علم رکھنے والوں پر یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہے کہ کوئی ایک صحیح حدیث بھی ایسی نہیں جس میں آپ ﷺ نے حکم دیا ہو کہ امام کے پیچھے ہر نماز میں مقتدی پر سورۃ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے اس سلسلہ میں حضرات غیر مقلدین جو دلیل بھی پیش کرتے ہیں وہ یا تو مرفوع نہیں ہے، یا وہ ضعیف ہے یا ان میں نماز باجماعت کی صراحت نہیں ہے۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

☆ اس حدیث مبارک کے الفاظ اور اسلوب میں غور کرنے سے واضح ہو جاتا ہے کہ باجماعت نماز میں قرآن پڑھنا صرف امام کی ذمہ داری ہے۔ چونکہ ارشاد نبوی

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ یہاں یہ بات پیش نظر رہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فاتحہ خلف الامام سے متعلق بعض روایات کو ایک رسالہ میں جمع کیا ہے جس میں بہت سی روایات ضعیف ہیں۔ نیز بہت سی روایات میں ہے کہ جہری نمازوں میں مقتدی کو سورۃ فاتحہ نہیں پڑھنی چاہئے۔ اب حضرات غیر مقلدین اکثر و بیشتر ان ضعیف روایات کو ذکر کرتے ہیں جن میں فاتحہ پڑھنے کا ذکر ہے، لیکن ان روایات کے ضعیف و کمزور ہونے کو چھپاتے ہیں بلکہ یہ مغالطہ دیتے ہیں کہ اس رسالہ کی روایات بھی صحیح بخاری شریف کے معیار کی ہیں۔ نیز یہ حضرات اسی رسالہ کی ان روایات کو بھی عوام سے چھپاتے ہیں جن میں جہری نماز کے دوران مقتدی کے لئے سورۃ فاتحہ نہ پڑھنے کا ذکر ہے۔ الغرض ذیل میں ان حضرات کے اہم دلائل کا تجزیہ پیش کیا جاتا ہے تاکہ سادہ لوح عوام متنبہ رہیں۔

۱- حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی روایت: حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں فجر کی نماز پڑھ رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرأت گراں گزری تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے بعد پوچھا شاید کہ تم امام کے پیچھے پڑھتے ہو۔ ہم نے اثبات میں جواب دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صرف سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرو چونکہ اس کو پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

تجزیہ

شروع میں یہ عرض کر دینا مناسب ہے حضرات غیر مقلدین کی مضبوط ترین دلیل یہ روایت ہے، جس کا تجزیہ آئندہ سطور میں پیش ہوگا اور اس سے اندازہ ہو سکے گا کہ جب ان کی مضبوط ترین دلیل کا یہ حال ہے تو بقیہ دلائل کا کیا حال ہوگا؟

ضعف کی پہلی وجہ

واضح رہے کہ یہ روایت مختلف طرق سے منقول ہے اور نسبتاً اس کا مضبوط سلسلہ سند وہ ہے جس میں محمد بن اسحاق ہے۔ لہٰذا ذیل میں اسی سلسلہ کا ضعف بیان کر دیا جاتا ہے تاکہ بقیہ طرق کا بخوبی اندازہ ہو سکے۔

حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ والی روایت کی سند میں ایک راوی محمد بن اسحاق ہے جس کی بابت:

قال الدار قطني لا يحتج به، قال سليمان التيمي كذاب، قال مالك دجال من الدجاجلة قال يحيٰ القطان أشهد أن محمد بن اسحاق كذاب۔ (میزان الاعتدال۔ ج ۳۔ ص ۴۶۹ تا ۴۷۱)

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے جب امام پڑھنے لگے تو تم خاموش ہو جاؤ۔ یہاں ایک طرف امام کو پڑھنے والا قرار دیا گیا ہے اور دوسری طرف مقتدیوں کو خاموش رہنے کا حکم دیا ہے۔ لہٰذا مقتدی نہ تو سورۂ فاتحہ پڑھے نہ ہی کوئی اور سورۃ پڑھے۔ نیز اس حدیث میں ارشاد ہے کہ جب امام غیر المغضوب علیھم ولا الضالین پڑھے تو تم آمین کہو۔ یہاں بھی امام کو ہی پڑھنے والا قرار دیا گیا ہے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ دار قطنی فرماتے ہیں کہ محمد بن اسحاق کی بات قابل استدلال نہیں ہے، سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ بہت جھوٹا تھا۔ مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دجالوں میں سے ہے۔ یحییٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد بن اسحاق جھوٹا ہے۔

دوسری وجہ

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ امامت کا یہ واقعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مابین پیش نہیں آیا، بلکہ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ اور بعض تابعین کے مابین پیش آیا ہے (لہٰذا سورۃ فاتحہ پڑھنے سے متعلق اس حکم کی نسبت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کرنا صحیح نہیں ہے) لیکن چونکہ اس واقعہ کے الفاظ دوسری مرفوع حدیث سے ملتے جلتے تھے تو بعض شامی راویوں کو مغالطہ ہوا اور انہوں نے اس کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی اس روایت کو اس طرح نقل نہیں کیا بلکہ اس میں امامت کا یہ تذکرہ ہی نہیں۔

(فتاویٰ ابن تیمیہ۔ ج ۲۳۔ ص ۲۸۷)

تیسری وجہ

مشہور محدث علامہ محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ نے قرأت فاتحہ خلف الامام کی بابت حضرت عبادۃ والی اس روایت پر تفصیلی بحث کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی سند میں آٹھ قسم کا اضطراب ہے اور اس کے متن میں تیرہ قسم کا اضطراب ہے۔ (معارف السنن۔ ج ۳۔ ص ۲۰۲)

چوتھی وجہ

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وهذا الحديث معلل عند أئمة الحديث بأمور كثيرة ضعفه احمد وغيره من الأئمة. (فتاوی ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ۔ ج ۲۳۔ ص ۲۸۶)

اس حدیث کو ائمہ حدیث نے مختلف وجوہ کی بنا پر ضعیف و کمزور قرار دیا ہے حتی کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاد امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے ائمہ نے بھی اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

☆ اس حدیث میں سورۃ فاتحہ کی تصریح وتعیین بھی موجود ہے۔ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو۔ جب وہ پڑھنے لگے تو تم خاموش ہو جاؤ۔ جب وہ غیر المغضوب

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

قال النیموی رحمۃ اللہ علیہ حدیث عبادۃ بن الصامت فی التباس القراءۃ قد روی بوجوہ کلها ضعیفة. (آثار السنن۔ ج ۱۔ ص ۷۹)

مشہور محدث علامہ نیموی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی جس روایت میں التباس قرأت کا ذکر ہے اس کے سب طرق ضعیف اور کمزور ہیں۔ آثار السنن کے حاشیہ میں اس کی مکمل تفصیل موجود ہے۔

پانچویں وجہ

مشہور غیر مقلد عالم شیخ البانی صاحب کی تحقیقات کو حضرات غیر مقلدین حرف آخر سمجھتے ہیں ان کی تحقیق کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ والی یہ حدیث منسوخ ہے۔ ملاحظہ ہو:

نسخ القرأة خلف الإمام

"جہری نمازوں میں فاتحہ خلف الامام منسوخ ہے۔"

اس عنوان کے ذیل میں لکھتے ہیں:

وكان قد اجاز مؤتمين أن يقرئوا بها وراء الامام فی الصلوة الجهرية ثم نهاهم عن القراءۃ كلها فی الجهرية..... وجعل الإنصات لقرأة الإمام من تمام الإتمام فقال انما جعل الإمام ليئوتم به فإذا كبر فكبروا وإذا قرء فانصتوا...

شروع میں مقتدیوں کو امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کی اجازت تھی (آگے حضرت عبادۃ کی یہی حدیث بیان کر کے لکھتے ہیں) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہری نمازوں میں مقتدی کو ہر قسم کی قرأت سے روک دیا۔۔۔۔ اور امام کی قرأت کے وقت مقتدی کی خاموشی کو اقتدا کے لوازمات میں سے قرار دیا۔ ارشاد نبوی ہوا۔ امام کا مقصد ہی یہ ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے وہ یوں کہ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ پڑھنے لگے تو تم خاموش ہو جاؤ۔ (صفۃ صلاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ص ۹۳)

الغرض یہ حدیث منسوخ ہے نیز یہ اس قدر ضعیف ہے کہ اس کی بنیاد پر واضح قرآنی آیات ونبوی احادیث کو نہیں چھوڑا جا سکتا اور اس سے فاتحہ خلف الامام پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے۔

۲۔ حضرات غیر مقلدین کی دوسری دلیل

"لا صلاة لمن يقرأ بفاتحة الكتاب"

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

علیھم ولا الضالین تک پہنچ جائے تو تم آمین کہو۔ اب ظاہر ہے کہ تکبیر کے بعد اور غیر المغضوب علیھم ولا الضالین تک جو کچھ پڑھا گیا ہے یہ سورۃ فاتحہ ہی تو ہے اور اسی دوران مقتدیوں کو خاموش رہنے کا حکم دیا ہے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ ''جو شخص سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی۔''

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جب حضرات غیر مقلدین کو قرآن کریم سے اور صریح و مرفوع احادیث سے کوئی دلیل نہیں ملتی تو اس حدیث کو فاتحہ خلف الامام کی بنیاد بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

تجزیہ

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ دینی مسائل میں صرف ایک آدھ حدیث کو دیکھ کر بقیہ کو نظر انداز کر کے کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، بلکہ اس مسئلہ سے متعلق جتنی آیات و احادیث منقول ہوں، ان سب کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ فقہاء محدثین کا یہی امتیازی نشان ہوتا ہے۔ گو کہ محدود اور سطحی معلومات رکھنے والے لوگ ایک آدھ حدیث کو دیکھ کر اس کی صحیح مراد متعین کئے بغیر اپنے فہم و ذوق کے مطابق اس پر عمل شروع کر دیتے ہیں اور بزعم خویش اس خوش فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ ہم بھی حدیث پر عمل کر رہے ہیں اور بس اسی نسبت سے اپنے آپ کو اہل حدیث سمجھنے لگتے ہیں۔ واضح رہے کہ اصل اہل حدیث وہی لوگ ہیں جن کا علمی افق اتنا وسیع ہے کہ ہر مسئلہ سے متعلقہ آیات و احادیث و عمل صحابہ رضی اللہ عنہم پر ان کی نظر ہے اور اسی کے مطابق اُن کا عمل ہے۔

اب فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں اگر صرف یہی ایک حدیث ہوتی تو شاید غیر مقلد حضرات کا مطلوبہ استدلال صحیح ہوتا، لیکن اس سلسلہ کی بقیہ روایات کو پیش نظر رکھنے سے اس حدیث کا جو مفہوم متعین ہوگا وہی صحیح ہے۔ ملاحظہ ہو۔

۱- ترمذی شریف میں ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو منفرد پر محمول کیا ہے چونکہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کا یہی مفہوم بتایا ہے۔

قال احمد صلی اللہ علیہ وسلم فھذا رجل من أصحاب رسو ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تاول قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا صلاۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب أن ھذا إذا کان وحدہ. (ترمذی: ترک القرأۃ)

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد مبارک کا یہ مفہوم وہ ہے جو ایک جلیل القدر صحابی نے سمجھا ہے کہ لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب والی حدیث منفرد کے بارے میں

ہے۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

☆ الغرض حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم تو یہی ہے کہ جب امام پڑھے تو تم خاموش ہو جاؤ ہم اہل سنت و جماعت اسی پر عمل کرتے ہیں۔ لیکن اس حدیث کے مقابلہ

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

۲- ابوداؤد شریف میں حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث منفرد کے بارے میں ہے۔

لاصلوة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب فصاعداً، قال سفيان لمن يصلي وحده. (ابوداؤد شریف)

حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لاصلوة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب فصاعداً والی حدیث اکیلے نماز پڑھنے والے کے بارے میں ہے۔

۳- الغرض اس حدیث شریف کا جو مفہوم ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سمجھا، جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے استاد نے ترجیح دی ہے اور جسے ابوداؤد و ترمذی نے نقل کیا ہے، لہٰذا ہمیں تو وہی مفہوم زیادہ پسند ہے۔

۴- دوسری روایات کو سامنے رکھنے سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ امام کی قرأت مقتدی کے لئے کافی ہے اسی لئے ایسے وقت میں مقتدی کو سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بجائے خاموش رہنے کا حکم دیا گیا ہے ملاحظہ ہو۔

دلیل نمبر ۱، دلیل نمبر ۲، دلیل ۴، دلیل نمبر ۸، دلیل نمبر ۹، الغرض مقتدی تو اس حدیث کی زد میں آتا ہی نہیں ہے۔ چونکہ اس حدیث میں اس شخص کی نماز کی نفی کی گئی ہے جس کو سورۃ فاتحہ پڑھنی چاہئے تھی مگر اس نے نہیں پڑھی اور وہ منفرد ہے۔ جہاں تک مقتدی کا مسئلہ ہے تو اس کی طرف سے سورۃ فاتحہ پڑھی جا چکی ہے۔

علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ بات قرآن وسنت سے ثابت ہے کہ امام کی قرأت مقتدی کو بھی شامل ہے۔

وقد ثبت بالكتاب والسنة وبالإجماع أن انصات المأموم لقرأة إمامه يتضمن معنى القراءة معه وزيادة. (فتاوی ابن تیمیة۔ ج۲۲۔ ص۲۹۰)

تحقیق یہ بات قرآن کریم حدیث شریف اور اجماع امت کے ساتھ ثابت ہے کہ امام کی قرأت کی وجہ سے مقتدی کا خاموش رہنا ہی اس کے پڑھنے کے حکم میں ہے، بلکہ اس کو قراءۃ کے ثواب کے ساتھ خاموش رہنے سے متعلق حکم کی تعمیل کا ثواب بھی ملتا ہے۔

نیز یہ کہ قرآن کریم وسنت نبویہ کی رو سے مقتدی کو خاموش رہنے کا حکم مل چکا ہے۔ اب جو مقتدی ان تعلیمات کے مطابق خاموش رہے اور سورۃ فاتحہ نہ پڑھے تو اس پر یہ فتویٰ کیونکر لگایا جا سکتا ہے کہ اس کی نماز صحیح نہیں ہوئی؟

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

میں حضرات غیر مقلدین کہتے ہیں کہ جب امام پڑھے تو تم بھی پڑھو۔ اب قارئین خود ہی فیصلہ کرلیں کہ کس کی بات ماننی چاہئے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

۵- مسلم شریف میں اسی حدیث کی بعض سندوں میں فصاعداً کا لفظ بھی منقول ہے۔ یعنی جو شخص سورۃ فاتحہ اور اس کے بعد کوئی سورۃ یا چند آیات زائد نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی، لیکن اس کے باوجود حضرات غیر مقلدین بھی کہتے ہیں کہ مقتدی یہ زائد سورۃ نہ پڑھے، آخر ایک ہی حدیث میں یہ تفریق کیونکر ہے؟ کہ مقتدی پر سورۃ فاتحہ کو لازمی قرار دیتے ہیں اور زائد سورۃ پڑھنے سے روکتے ہیں؟ جب کہ حدیث میں دونوں کا ذکر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرات غیر مقلدین سادہ لوح عوام کے سامنے حدیث شریف کا ایک حصہ تو بیان کرتے رہتے ہیں۔ ''لاصلاۃ لمن یقرأ بفاتحة الکتاب'' لیکن اس کے دوسرے حصہ کو چھپائے رکھتے ہیں چونکہ یہ ان کے مسلک کے خلاف ہے۔

۶- قرآن کریم احادیث نبویہ شریفہ اور اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم کو پیش نظر رکھ کر اس حدیث کا جو مفہوم بیان کیا گیا ہے اس سے تمام نصوص میں مطابقت وموافقت قائم رہتی ہے کہ لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب والی حدیث منفرد کے بارے میں ہے اور دیگر آیات واحادیث میں مقتدی کو خاموش رہنے کا حکم دیا گیا ہے، لیکن اگر اس حدیث کا وہ مفہوم لیا جائے جو حضرات غیر مقلدین بیان کرتے ہیں تو پھر اس کا تقاضا ہوگا کہ امام کے پیچھے مقتدی بھی پڑھیں جب کہ قرآنی آیت اور دیگر احادیث میں خاموش رہنے کا حکم ہے، گویا کہ اس مفہوم سے نصوص میں تعارض وٹکراؤ پیدا ہوجائے گا۔ نتیجۃً دور دراز کی تاویلیں کرنی پڑیں گی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت نقل کی جاتی ہے جس میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کو کہا گیا ہے۔

تجزیہ

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے خود ہی اس روایت کی بابت تصریح فرمادی ہے ملاحظہ ہو۔

وقد قیل عن أبی قلابة عن أنس بن مالك ولیس بمحفوظ.

(سنن بیہقی۔ ج ۲۔ ص ۱۶۶)

جو روایت ابوقلابہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کی ہے وہ محفوظ نہیں ہے۔

الغرض ان دلائل کے تجزیہ سے یہ بات واضح ہوگئی کہ حضرات غیر مقلدین کے باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۱۰۱) دلیل نمبر ۴

عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم إنما جعل الإمام ليؤتم به فإذا كبر فكبروا وإذا قرأ فأنصتوا وإذا قال غير المغضوب عليهم ولا الضالين فقولوا آمين واذا ركع فاركعوا.....

(سنن ابن ماجه: باب إذا قرأ فأنصتوا)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ پاس ان کے موقف کی کوئی دلیل حدیث شریف میں نہیں اور جن سے وہ استدلال کرنے کی کوشش کرتے ہیں یا تو وہ ضعیف ہیں یا ان سے مطلوبہ استدلال صحیح نہیں ہے۔

تیسرا مرحلہ

قرآن کریم اور سنت نبویہ شریفہ کی رو سے مسئلہ فاتحہ خلف الامام کے دلائل کا تجزیہ کر دیا گیا۔ ذیل میں حضرات غیر مقلدین کے ان دلائل کا تجزیہ پیش کیا جاتا ہے جن کا تعلق آثار صحابہ کے ساتھ ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بنیادی حقیقت پیش نظر رہے کہ

۱- حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مختلف آثار منقول ہیں اکثر میں تو امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے سے روکا گیا ہے جب کہ بعض میں پڑھنے کا ذکر بھی آیا ہے۔ اب وہ آثار یقیناً راجح ہیں جس میں امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھنے کا ذکر ہے چونکہ ان کی تائید قرآن کریم اور احادیث صحیحہ مرفوعہ سے ہوتی ہے۔

۲- یہاں یہ حقیقت بھی ملحوظ رہے کہ اس تیسرے مرحلہ میں بھی حضرات غیر مقلدین کے اکثر دلائل سند کے اعتبار سے کمزور ہیں جیسے کہ آئندہ تفصیل سے واضح ہوگا۔

حدیث ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ

۱- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص نماز میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نامکمل ہے۔ کسی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ جب ہم امام کے پیچھے ہوں تو؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''اقرأبها فی نفسك'' اپنے نفس میں پڑھ لیا کرو۔۔۔۔ (آگے سورۃ فاتحہ کی فضیلت کا بیان ہے)

۲- جزء القراءۃ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب امام پڑھے تو تم بھی پڑھو۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

فقال له ابوبكر فحديث أبي هريرة رضی اللہ عنہ فقال هو صحيح يعنى وإذا قرأفأنصتوا فقال هو عندى صحيح۔

(صحيح مسلم شريف: التشهد فى الصلاة)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

تجزیہ

۱- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے دو طرح کی روایات منقول ہیں اس روایت سے بظاہر امام کے پیچھے پڑھنے کی اجازت معلوم ہوتی ہے۔ جب کہ ان کی دوسری حدیث میں صراحت ہے کہ جب امام قرأت شروع کرے تو تم خاموش ہو جاؤ (امام مسلم نے صحیح مسلم شریف میں اس حدیث کو صحیح کہا ہے) اور یہی قول راجح ہے چونکہ جب ایک ہی شخص سے دو طرح کی روایات منقول ہیں تو وہ روایت راجح ہوگی جس کی تائید قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے ہوتی ہے۔

۲- یہ ایک حقیقت ہے کہ وہ مسئلہ راجح ہے جس کے دلائل قوی ہیں اور دلائل سے یہ حقیقت معلوم ہو چکی کہ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ میں امام کے پیچھے پڑھنے سے روکا گیا ہے اور صراحت کے ساتھ خاموش رہنے کا حکم دیا ہے جب کہ قرآن کریم کی کسی آیت اور کسی حدیث صحیح مرفوع میں فاتحہ خلف الامام پڑھنے کا حکم نہیں ہے۔ فاتحہ خلف الامام کے جو دلائل بیان کئے جاتے ہیں وہ ضعیف ہیں، امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح ملاحظہ ہو۔

لكن الذين ينهون عن القراء ة مع الامام هم جمهور السلف والخلف ومعهم الكتاب والسنة الصحيحة والذين أوجبوها على المأموم فى حال الجهر هكذا فحديثهم قد ضعفه، الائمة ورواه ابوداؤد. (رسائل دینیۃ، تنوع العبادات۔ ۵۴)

جمہور سلف صالحین قرأت خلف الامام سے روکتے ہیں۔ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے اور بعض لوگوں کا یہ دعویٰ کہ جہری نمازوں میں بھی امام کے ساتھ پڑھنا واجب ہے ان کا استدلال ابوداؤد کی حدیث سے ہے جس کو ائمہ حدیث نے ضعیف قرار دیا ہے۔

معلوم ہوا کہ امام کے پیچھے نہ پڑھنا قرآن وسنت سے ثابت ہے جب کہ پڑھنے کے دلائل کمزور ہیں اور یہ حقیقت بھی معلوم ہے کہ صحابی قرآن کی آیت اور حدیث صحیح مرفوع کے مرتبے و پایہ کا نہیں ہے، لہٰذا جو موقف قرآن کریم اور حدیث شریف سے ثابت ہے وہ قوی اور راجح ہے۔

۳- اگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فاتحہ خلف الامام پڑھنے کا ذکر ہے تو دوسرے بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے یہ بھی منقول ہے کہ انہوں نے فاتحہ خلف الامام سے روکا ہے جیسا باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ امام کا مقصد ہی یہ ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے اور اس کی اقتداء یہ ہے کہ جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ پڑھنے لگے تو تم خاموش ہو جاؤ اور جب وہ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایات میں گزرا اور قرآن وحدیث کے دلائل اس پر مستزاد ہیں۔

۴- آخر میں ایک اہم بات پیش نظر رہے کہ اس سارے استدلال کی بنیاد "اقرأ بها فی نفسك" پر ہے۔ جس کا ترجمہ یہ کیا جاتا ہے کہ امام کے پیچھے آہستہ آواز سے پڑھا کرو۔ لیکن اس جملہ کا یہ ترجمہ کوئی حتمی ویقینی نہیں اس کے اور معنیٰ بھی آئے ہیں جیسا کہ بخاری ومسلم کی درج ذیل روایات میں غور کرنے سے واضح ہوگا جو کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی منقول ہیں۔

عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال إن الله تجاوز عن أمتی ما حدثت به أنفسها مالم تعمل أو تتكلم قال قتادة إذا طلق فی نفسه فليس بشیء (بخاری: الطلاق فی الإغلاق)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کی امتیازی حیثیت یہ ہے کہ ان کے دل ہی دل میں جو باتیں ہوئی ہیں اللہ تعالیٰ ان پر کوئی گرفت نہیں کرتے۔ الا یہ کہ وہ ان پر عمل کریں یا اپنی زبان سے ادا کریں۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے دل ہی دل میں بیوی کو طلاق کا سوچے اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

☆ اس حدیث میں دل ہی دل کی گفتگو کو حدیث نفس قرار دیا گیا ہے جس پر مواخذہ نہیں ہے جب کہ انہی باتوں کا زبان سے ذکر کرنا قابل مواخذہ ہے۔

☆ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کے کلام میں بھی طلق فی نفسہ کے الفاظ ہیں یعنی دل میں طلاق کا سوچے۔

☆ معلوم ہوا کہ فی نفسہ کا اطلاق دل ہی دل میں کچھ کہنے پر بھی ہوتا ہے۔ لہٰذا مندرجہ بالا حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے اس جملہ "اقرأ بها فی نفسك" میں بھی دونوں احتمال ہیں۔ پہلا تو یہ ہے کہ زبان کے ساتھ آہستہ پڑھے اور دوسرا یہ ہے کہ دل ہی دل میں پڑھے تو معلوم ہوا کہ یہ حدیث زبان کے ساتھ آہستہ پڑھنے کے بارے میں صریح نہیں ہے۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے ایک شاگرد ابوبکر نے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کی بابت پوچھا تو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے، یعنی جس میں وإذا قرأ فأنصتوا کا جملہ آیا ہے وہ میرے نزدیک صحیح ہے۔

☆ اس حدیث کی تشریح حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ والی سابقہ روایت سے ملتی جلتی ہے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ مسلم شریف کی دوسری حدیث ملاحظہ ہو اس میں بھی فی نفسہ کا استعمال ہوا ہے۔

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الله عز وجل انا عند ظن عبدي بي وأنا معه حين يذكرني ان ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي وإن ذكرني في ملاءٍ ذكرته في ملاءٍ هم خير منهم. (صحيح مسلم: الحث على ذكر الله)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ عز وجل نے فرمایا بندہ میرے بارے میں جس قسم کا گمان رکھتا ہے میں اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں۔ جب وہ میرا ذکر کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں بھی اپنے نفس میں اس کا ذکر کرتا ہوں اور اگر وہ کسی مجمع میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں ایسے مجمع میں اس کا ذکر کرتا ہوں جو اس کے مجمع سے کہیں بہتر ہے۔

☆ اس حدیث شریف میں بھی دل میں ذکر کرنا وارد ہے اور ذکرنی فی نفسہ کے الفاظ ہیں اس سے بھی معلوم ہوا کہ فی نفسہ ہی کا استعمال جہاں آہستہ پڑھنے میں ہوتا ہے۔ وہاں دل میں پڑھنے پر بھی ہوتا ہے لہٰذا حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فاتحہ خلف الامام پر استدلال کرنا بہت ہی کمزور ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا اثر

حضرات غیر مقلدین فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں اس روایت سے استدلال کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:

یحییٰ بکاء کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے فاتحہ خلف الامام کی بابت پوچھا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ان کے ہاں فاتحہ پڑھ لینے میں کوئی حرج نہ تھا۔ (جزء القراءۃ)

تجزیہ

۱- اس میں ایک راوی یحییٰ بن مسلم البکاء ہے جس کو علامہ ابن معین نے ضعیف قرار دیا ہے۔

(المیزان۔ ج ۴۔ ص ۴۰۹)

۲- دلیل نمبر ۸ اور نمبر ۹ کے ضمن میں روایات صحیحہ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا مسلک نقل کر دیا گیا کہ وہ فاتحہ خلف الامام کے قائل نہیں تھے اور دلیل نمبر ۹ کے ضمن میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

☆ اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتادیا کہ امام کا مقصد یہ ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے اور اقتداء یہ ہے جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو جب وہ پڑھنے لگے تو خاموش ہوجاؤ۔ معلوم ہوا کہ امام کے پڑھتے وقت جو شخص خاموش نہیں ہوتا اس نے امام کی صحیح اقتداء نہیں کی، اب ظاہر ہے کہ اگر کوئی شخص امام کی تکبیر کے وقت تکبیر نہ کہے، امام رکوع میں چلا جائے اور وہ کھڑا رہے تو ایسے شخص کی اقتداء کیونکر صحیح ہوگی؟ ایسے ہی وہ شخص ہے جو امام کے پڑھنے کے وقت خاموش رہنے کے بجائے پڑھنے لگے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ کی تصریح موجود ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا یہی قول صحیح ہے اس سے بھی معلوم ہوگیا کہ ان کی طرف اس دوسرے قول کی نسبت صحیح نہیں ہے۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا قول

حضرت عبداللہ بن ہذیل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ امام کے پیچھے فاتحہ پڑھ لیا کروں تو انہوں نے اثبات میں جواب دیا۔ (جزء القراءۃ)

تجزیہ

اس میں ایک راوی عیسیٰ بن ابی عیسیٰ ابوجعفر الرازی ہے جو کہ ضعیف ہے ملاحظہ ہو۔

قال احمد والنسائی لیس بالقوی، قال الفلاس سیئ الحفظ قال ابن حبان ینفرد بالمناکیر عن المشاھیر وقال ابوزرعة یھم کثیراً

(المیزان۔ ج۳۔ ص۳۱۹)

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابوجعفر الرازی قوی نہیں ہے امام فلاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کا حافظہ خراب ہے، ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مشہور لوگوں کی طرف منکر روایتیں منسوب کرتا تھا ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کو وہم بہت ہوتا تھا۔

یہ تھے حضرات غیر مقلدین کے چند مشہور دلائل جس سے اندازہ ہوجاتا ہے کہ ان کے بقیہ دلائل بھی کس قدر کمزور ہیں؟ ان میں وہ دلائل بھی ہیں جن کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ میں نقل کیا ہے۔ اس مختصر تجزیہ سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے اس رسالہ کی روایات کا وہ معیار نہیں جو صحیح بخاری شریف کا ہے۔ عموماً سادہ لوح عوام مغالطہ میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ لہٰذا ان دلائل کا مختصر تجزیہ کردیا گیا۔

Marfat.com

(۱۰۲) دلیل نمبر ۵

عن أبي هريرة رضى الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا قال القارئ غير المغضوب عليهم ولاالضالين فقال من خلفه آمين، فوافق قوله أهل السماء غفر له ما تقدم من ذنبه۔

(صحیح مسلم شریف: التسمیع التأمین)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب قرآن پڑھنے والا غیر المغضوب علیهم ولا الضالین کہے اور اس کے مقتدی آمین کہیں تو جس کی آمین آسمان والوں کی آمین کی موافق ہوگی اس کے سابقہ گناہ معاف ہوجائیں گے۔"

☆ یہ حدیث نماز باجماعت کے بارے میں بالکل واضح ہے۔

☆ اس حدیث میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن پڑھنے والوں کا اطلاق صرف امام پر کیا ہے، معلوم ہوا کہ باجماعت نماز میں قرآن پڑھنا صرف امام کی ذمہ داری ہے اور اگر امام ومقتدی سب کے ذمہ پڑھنا ہوتا تو امام کی تخصیص نہ کی جاتی۔

اس حدیث میں یہ بھی صراحت ہے کہ سورۃ فاتحہ صرف امام پڑھے گا۔ اسی لئے فرمایا کہ جب قرآن پڑھنے والا (امام) غیر المغضوب علیهم ولاالضالین کہے تو مقتدی آمین کہے۔

(۱۰۳) دلیل نمبر ۶

عن أبي هريرة رضى الله عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم إذا أمن القارئ فأمنوا فإن الملائكة تؤمن۔

(صحیح بخاری شریف: کتاب الدعوات۔ باب التأمین)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا جب قرآن پڑھنے والا آمین کہے تو تم بھی آمین کہو، بے شک فرشتے بھی آمین کہتے ہیں۔"

☆ گزشتہ حدیث کی طرح یہ حدیث بھی بڑی واضح ہے جو کہ نماز باجماعت کے بارے میں ہے اور اس میں بھی صرف امام کو پڑھنے والا قرار دیا گیا ہے گویا امام کے علاوہ باقی سب خاموش رہیں، البتہ جب امام آمین کہے تو مقتدی بھی آمین کہیں، اب اگر امام کی طرح مقتدی بھی پڑھنے لگ جائیں تو ان دونوں حدیثوں کی مخالفت لازم آئے گی۔

☆ الغرض صحیح بخاری شریف اور صحیح مسلم شریف کی ان دو حدیثوں سے بھی واضح ہو گیا کہ صرف امام ہی پڑھنے والا ہوتا ہے۔ مقتدی خاموش رہتے ہیں۔

(۱۰۴) دلیل نمبر ۷ حالت رکوع میں شمولیت

جو شخص رکوع کی حالت میں امام کے ساتھ شریک ہو جائے اس کی وہ رکعت مکمل شمار ہوتی ہے۔ حالانکہ اس نے سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی۔ یہ بڑی واضح اور صریح دلیل ہے۔ قرأت فاتحہ مقتدی پر فرض نہیں ہے۔ درج ذیل بخاری شریف کی روایت سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ نیز جمہور اسلاف امت کا مسلک بھی یہی ہے۔

(الف) عن أبي بكرة رضى الله عنه أنه انتهى إلى النبى صلى الله عليه وسلم وهو راكع فركع قبل ان يصل إلى الصف فذكر ذلك للنبى صلى الله عليه وسلم فقال زادك الله حرصاً ولا تعد۔ (صحیح بخاری: إذا ركع دون الصف)

ذكر ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ، عن الحسن عن الطبرانى فقال أيكم صاحب هذا النفس قال خشيت أن تفوتنى الركعة معك۔

(فتح الباری۔ إذا ركع دون الصف)

"حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکوع کی حالت میں تھے، تو حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے صف میں شامل ہونے سے پہلے ہی رکوع

Marfat.com

کرلیا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے اس شوق کو بڑھائے، آئندہ ایسا نہ کرنا (کہ صف میں شامل ہونے سے پہلے ہی نماز شروع کردو)۔"

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فتح الباری شرح بخاری میں اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ طبرانی نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ نماز کے بعد آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ کس نے ایسا کیا تو حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں نے ایسا کیا تا کہ آپ کے ساتھ میری یہ رکعت فوت نہ ہوجائے۔

☆ اس روایت سے معلوم ہوا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کے شوق کو سراہتے ہوئے انہیں دعا دی اور آئندہ صف میں شامل ہونے سے پہلے ہی نماز شروع کرنے سے روکا۔

☆ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ جلدی سے رکوع میں شریک ہوگئے تا کہ یہ رکعت فوت نہ ہوجائے اور جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اس بات کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں نماز لوٹانے کا حکم نہیں دیا، گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی مہر تصدیق ثبت فرمادی کہ رکوع میں شامل ہونے والے کی وہ رکعت شمار ہوتی ہے۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا استدلال

مشہور محدث امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت اور حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ وحضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے بھی یہی عمل نقل کیا جاتا ہے اور ان روایات کا عنوان قائم کرتے ہوئے یوں استدلال کیا ہے:

باب من ركع دون الصف وفي ذلك دليل على إدراك الركعة ولولا ذلك لما تكلفوه۔ (سنن بیہقی۔ ج ۲۔ ص ۹۰)

"یہ باب ان لوگوں کے بیان میں ہے جنہوں نے صف تک پہنچنے سے پہلے ہی رکوع کرلیا اور یہ عمل دلیل ہے کہ اس سے ان کا مقصد اس

Marfat.com

رکعت کو حاصل کرنا تھا۔ ورنہ انہیں اس جدوجہد کی کیا ضرورت تھی؟"

(ب) حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کا نظریہ

ذیل میں رکوع کی حالت میں شامل ہونے والے مقتدی کی بابت حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے آثار نقل کئے جاتے ہیں۔ یہ حضرات بھی اسی کے قائل ہیں کہ رکوع میں شامل ہونے والے مقتدی کی وہ رکعت شمار ہوتی ہے۔

إن زيد ابن ثابت وابن عمر كانا يفتيان الرجل إذا انتهى إلى القوم وهم ركوع أن يكبر تكبيرة وقد أدرك الركعة قالا وإن وجدهم سجودًا سجد معهم ولم يعتد بذلك۔

(مصنف عبدالرزاق۔ ج۲۔ ص۲۷۸)

"حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فتویٰ دیا کرتے تھے کہ جو شخص جماعت کو رکوع کی حالت میں پائے وہ تکبیر کہہ کر رکوع کرلے تو اس نے اس رکعت کو پالیا، البتہ اگر وہ سجدہ کی حالت میں شریک ہو تو اس کی یہ رکعت شمار نہیں ہوگی۔"

عن ابن مسعود رضی الله عنه قال من فاته الركوع فلا يعتد بالسجود۔ (مصنف عبدالرزاق۔ ج۲۔ ص۲۸۱)

"حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس شخص کا رکوع چھوٹ جائے۔ اور وہ سجدہ میں شریک ہو تو اس کی یہ رکعت شمار نہیں ہوگی۔"

☆ مندرجہ بالا روایات اس مسئلہ میں بالکل صریح ہیں کہ رکوع میں شامل ہونے والے کی وہ رکعت شمار ہوتی ہے اور اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ مقتدی پر سورۃ فاتحہ ضروری نہیں ورنہ ایسے شخص کی رکعت کیونکر شمار ہو سکتی ہے جس نے سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی؟ مگر افسوس کہ ان صریح روایات کے باوجود بعض لوگ کہتے ہیں کہ رکوع میں شامل ہونے والے کی وہ رکعت شمار نہیں ہوگی۔

Marfat.com

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث مبارک اور حضرت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ارشادات رکوع میں شامل ہونے والے مقتدی کی بابت صراحت سے منقول ہے جب کہ کسی ایک حدیث سے بھی اس صراحت کے ساتھ ثابت نہیں کہ رکوع میں شامل ہونے والے کی اس رکعت کا اعتبار نہیں۔

(ج) جمہور علماء امت کا مسلک

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فتاویٰ میں نواب صدیق حسن خاں رحمۃ اللہ علیہ نے بدور الأھلۃ میں علامہ شمس الحق عظیم آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے عون المعبود میں اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے نیل الأوطار میں اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ جمہور علماء امت کا مسلک یہی ہے کہ رکوع میں شامل ہونے والے کی وہ رکعت شمار ہوگی امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

والمسبوق إذا لم يتسع وقت قيامه لقراءة الفاتحة فإنه يركع مع إمامه ولا يتم الفاتحة باتفاق الأئمة وإن كان فيه خلاف فهو شاذ۔ (مختصر فتاوی ابن تیمیۃ۔ص ۵۹)

"جماعت میں تاخیر سے شامل ہونے والے شخص کو سورۃ فاتحہ پڑھنے کا وقت نہ ملے تو وہ امام کے ساتھ رکوع میں شامل ہو جائے اور فاتحہ نہ پڑھے۔ اس پر تمام ائمہ رحمۃ اللہ علیہم کا اتفاق ہے اور اس سلسلہ میں اختلاف کی حیثیت شذوذ کے مترادف ہے۔"

نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

واعتداد لاحق بر کعتے کہ رکوعش دریافتہ مذہب جمہور است مگر جماعتے از اہل علم در آن خلاف کردہ۔ (بدور الأہلۃ)

جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ رکوع میں ملنے والے کی پوری رکعت شمار ہوگی مگر بعض علماء اس کے مخالف ہیں:

الغرض موصوف کو بھی اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ جمہور کا مسلک یہی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ موصوف اپنی مسلکی مجبوریوں کی وجہ سے جمہور علماء کا رستہ چھوڑ گئے ہیں۔

مشہور غیر مقلد عالم علامہ شمس الحق عظیم آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے عون المعبود میں لکھا ہے

Marfat.com

کہ علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے ابتداء نیل الاوطار میں یہی فرمایا ہے کہ رکوع میں شامل ہونے سے وہ رکعت شمار نہیں ہوتی لیکن بال آخر فتح الربانی فی فتاوی الشوکانی میں اس قول سے رجوع کیا اور جمہور کے مسلک کو راجح قرار دیا چونکہ اس کے دلائل موجود ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

(عون المعبود : الرجل یدرك الإمام ساجداً)

الغرض بخاری شریف کی روایت حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فتاویٰ اور جمہور علماء امت کے مسلک سے معلوم ہو گیا کہ رکوع میں شامل ہونے والے کی رکعت شمار ہوتی ہے اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے غیر مقلد ہونے کے باوجود بال آخر اسی موقف کو راجح قرار دیا چونکہ یہ موقف دلائل کے اعتبار سے بہت مضبوط ہے اور یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ مقتدی پر فاتحہ پڑھنا ضروری نہیں ہے۔

(۱۰۵) دلیل نمبر ۷ مقتدی بالکل قرأت نہ کرے

عن عطاء بن یسار أنه أخبره أنه سأل زید بن ثابت رضی الله عنه عن القراءة مع الإمام فقال لا قراءة مع الإمام فی شیءٍ۔ (صحیح مسلم : سجود التلاوة)

"حضرت عطاء بن یسار نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ امام کے ساتھ ساتھ مقتدی کو بھی قرأت کرنی چاہئے یا نہیں تو صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ کسی نماز میں بھی مقتدی کو امام کے ساتھ قرأت نہیں کرنی چاہئے۔"

☆ صحیح مسلم شریف کی یہ روایت امام اور مقتدی کے مسئلہ میں بالکل واضح ہے۔

☆ اس حدیث میں مقتدی کو امام کے ساتھ پڑھنے سے صراحت کے ساتھ روک دیا گیا ہے۔

☆ فی شیءٍ کے الفاظ بتا رہے ہیں کہ امام کی موجودگی میں مقتدی کو کسی قسم کی قرأت نہیں کرنی چاہئے نہ تو سورۃ فاتحہ اور نہ ہی کوئی اور سورۃ۔

☆ نیز شیءٍ کے الفاظ سے معلوم ہوا کہ سری و جہری ہر قسم کی نماز میں مقتدی کو امام کے پیچھے پڑھنے کی اجازت نہیں ہے۔

Marfat.com

(۱۰۶) دلیل نمبر ۸۔ امام کی قرأت مقتدی کے لئے کافی ہے

عن نافع أن ابن عمر رضی اللہ عنہما کان إذا سئل ھل یقرأ خلف الإمام؟ قال إذا صلی أحدکم خلف الإمام فحسبہ قراءۃ الامام وإذا صلی وحدہ فلیقرء قال وکان عبداللہ بن عمر لا یقرء خلف الإمام۔

(موطا امام مالک: ترک القراءۃ خلف الإمام)

"حضرت نافع فرماتے ہیں کہ جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سوال کیا جاتا کہ کیا مقتدی امام کے پیچھے قرأت کرے؟ تو آپ رضی اللہ عنہ فرماتے کہ جب کوئی شخص امام کے پیچھے نماز پڑھتا ہے تو امام کی قرأت اس کے لئے کافی ہے، البتہ جب وہ اکیلا نماز پڑھے تو پھر قرأت کرے۔ حضرت نافع فرماتے ہیں کہ خود حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی امام کے پیچھے نہیں پڑھتے تھے۔"

علامہ نیموی رحمۃ اللہ علیہ نے آثار السنن۔ ج ۱۔ ص ۸۹ پر اس روایت کو صحیح کہا ہے۔

(۱۰۷) دلیل نمبر ۸

عن ابن عمر رضی اللہ عنہما أنہ کان یقول من صلی وراء الإمام کفاہ قراءۃ الإمام قال قال البیھقی ھذا ھو الصحیح عن بن عمر رضی اللہ عنہما من قولہ۔

(سنن بیھقی: من قال لا یقرأ خلف الامام)

"حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص امام کی اقتداء میں نماز پڑھے اس کے لئے امام کی قرأت کافی ہے۔ امام بیہقی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہی قول صحیح ہے۔"

☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی دونوں روایات میں باجماعت نماز کی صراحت موجود ہے۔

Marfat.com

☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بالکل وضاحت سے بتادیا کہ امام کی قرأت مقتدی کے لئے کافی ہے۔

☆ یہاں یہ بھی تصریح موجود ہے کہ صرف منفرد قرأت کرے گا۔

☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جیسے جلیل القدر صحابی کا مسلک ومعمول بھی یہی تھا کہ امام کے پیچھے مقتدی کو سورۃ فاتحہ اور سورۃ نہیں پڑھنی چاہئے۔

(۱۰۸) دلیل نمبر ۱۰۔ امام کے پیچھے قرأت نہیں ہے

عن جابر رضی الله عنه يقول من صلى ركعة لم يقرأ فيها بأم القرآن فلم يصل إلا أن يكون وراء الإمام۔ (حسن صحيح)

(ترمذی: ترك القراءة خلف الإمام، موطا امام مالك، باب تجب قرأة فاتحة الكتاب)

"حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے ایک رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی اس کی نماز صحیح نہیں ہوئی إلا یہ کہ وہ امام کے پیچھے ہو۔"

☆ اس حدیث میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے سورۃ فاتحہ کا مسئلہ بالکل واضح فرمادیا کہ منفرد ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھے گا۔

☆ جو شخص امام کی اقتداء میں نماز پڑھے وہ سورۃ فاتحہ نہیں پڑھے گا۔

☆ اس حدیث میں سورۃ فاتحہ کی تعیین بھی ہے اور نماز باجماعت کی تصریح بھی ہے لیکن پھر بھی بعض لوگ کہتے ہیں کہ نماز باجماعت میں مقتدی سورۃ فاتحہ ضرور پڑھے۔

(۱۰۹) دلیل نمبر ۱۱۔ مقتدی چاروں رکعات میں سورۃ فاتحہ پڑھے

عن ابراهيم أن عبدالله بن مسعود رضى الله عنه لم يقرأ خلف الإمام لا فى الركعتين الأوليين ولا فى غيرهما۔

(تجامع المسانید۔ ج۱۔ ص۳۱۰)

"حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے نہ تو پہلی دو رکعتوں میں اور نہ

Marfat.com

ہی آخری دو رکعتوں میں۔"

☆ اس روایت سے بھی صراحتاً معلوم ہوگیا کہ امام کے پیچھے چاروں رکعات میں مقتدی قرأت نہیں کرے گا۔

☆ قرأت کا لفظ سورۃ فاتحہ اور زائد سورۃ دونوں کو شامل ہے لہٰذا مقتدی نہ تو سورۃ فاتحہ پڑھے گا نہ ہی کوئی سورۃ۔

(۱۱۰) دلیل نمبر ۱۲۔ جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور جمہور علماء رحمۃ اللہ علیہم امت کا مسلک

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق پر حضرات غیر مقلدین بہت اعتماد کرتے ہیں۔ لہٰذا ذیل میں ان کی تحقیق پیش کی جارہی ہے جس میں انہوں نے قرآن وسنت کو بنیاد بنایا ہے:

والأمر باستماع قرأة الإمام والإنصات له مذكور فى القرآن وفى السنة الصحيحة وهو اجماع الأمة فيما زاد على الفاتحة وهو قول جماهير السلف من الصحابة وغيرهم فى الفاتحة وغيرها۔ (رسائل دينية: تنوع العبادات۔ ص۵۵)

"امام کی قرأت سننے اور خاموش رہنے کا حکم قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے، سورۃ فاتحہ اور اس کے بعد والی سورۃ کی بابت جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور دیگر علماء امت کا یہی مسلک اور سورۃ فاتحہ کے بعد والی سورۃ کی قرأت کے وقت مقتدی کے سننے اور خاموش رہنے پر تو ساری امت کا اجماع ہے۔"

(۱۱۱) خلاصہ کلام

گزشتہ تحقیق سے واضح ہوگیا کہ:

۱- قرآنی نقطہ نظر سے مقتدی کو امام کی قرأت سننے اور خاموش رہنے کا حکم ہے۔

۲- امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنا قرآن کریم سے ثابت نہیں ہے۔

۳- جو مسئلہ قرآن کریم سے ثابت ہے وہ اس پر مسئلہ راجح ہے جو قرآن کریم سے ثابت نہیں ہے۔

Marfat.com

۴- احادیث صحیحہ مرفوعہ سے صراحت کے ساتھ ثابت ہوگیا کہ قرآن پڑھنا امام کی ذمہ داری ہے اور مقتدی کے ذمہ خاموش رہنا ہے۔

۵- کسی صحیح مرفوع حدیث سے اس صراحت کے ساتھ یہ ثابت نہیں کہ باجماعت نماز میں مقتدی پر سورۃ فاتحہ پڑھنا لازم ہے۔

۶- جو مسئلہ احادیث صحیحہ مرفوعہ سے صراحت کے ساتھ ثابت ہے وہ بہرحال اس مسئلہ پر راجح ہے جو کسی صحیح و مرفوع حدیث سے صراحتاً ثابت نہیں ہے۔

۷- جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے واضح ارشادات سے معلوم ہوگیا کہ مقتدی کو سورۃ فاتحہ نہیں پڑھنی چاہئے۔

۸- بعض حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے فاتحہ خلف الامام کے جو اقوال منقول ہیں وہ یا تو ضعیف ہیں یا ان میں نماز باجماعت کی صراحت نہیں یا وہ منسوخ ہیں یعنی اس زمانہ سے متعلق ہیں جب ممانعت والا حکم نازل نہیں ہوا تھا اور اگر کچھ صحیح آثار بھی ہوں تو ظاہر ہے کہ قرآن وحدیث و جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم والے دلائل کو اولیت حاصل ہوگی۔

۹- جو مسئلہ جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے وضاحت وصراحت کے ساتھ منقول ہے وہ یقیناً راجح ہے اس مسئلہ کے دلائل میں صراحت وضاحت اور قوت نہیں ہے۔

لہٰذا: ہر شخص کو اپنی پوری نماز قرآن کریم کے واضح ارشادات پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشن تعلیمات اور جمہور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات کے مطابق پڑھنی چاہئے کہ اگر وہ منفرد ہے تو ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ پڑھے لیکن اگر وہ مقتدی ہے تو سورۃ فاتحہ اور سورۃ نہ پڑھے۔ اس کے باوجود اگر کسی کا فرقہ وارانہ تعصب اور مسلکی وابستگی آڑے آئے تو خدارا اسے بالائے طاق رکھ دے۔

نوٹ: آج کل کچھ لوگ فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں بہت مبالغہ آرائی سے کام لے رہے ہیں اور یہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں۔ کہ اہل سنت و جماعت کے پاس امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھنے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ لہٰذا اس مسئلہ کو قدرے تفصیل سے بیان کر دیا ہے اور مخالفین کے اہم دلائل کا تجزیہ بھی کر دیا گیا ہے تاکہ انصاف پسند طبائع اصل حقیقت حال کا اندازہ کر سکیں۔

Marfat.com

آمین

(۱۱۲)(الف) جب امام سورۃ فاتحہ مکمل کر چکے تو مقتدی آہستہ سے آمین کہے۔ یہی اولیٰ ہے۔

عن أبي هريرة رضی الله عنه أن رسول الله صلی الله عليه وسلم قال إذا قال أحدكم آمين وقالت الملائكة فی السماء آمين، فوافقت احداهما الاخری غفرله ما تقدم من ذنبه۔ (بخاری: فضل التامين)

"حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی آمین کہے اور آسمان میں ملائکہ بھی کہیں اور ایک دوسری میں موافقت ہو جائے تو آمین کہنے والے کے سابقہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔"

قال ابن منير فی ذكر مناسبة الباب بأن التامين دعاء وقال إن التامين قائم مقام التلخيص بعد البسط فالداعی فصل المقاصد والمؤمن أتی بكلمة تشمل جميعاً۔

(فتح الباری شرح بخاری: ج۲۔ص۲۶۳)

"ابن منیر باب کے ساتھ حدیث کی مناسبت کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ آمین دعا ہے اور آمین تفصیل کے بعد اختصار کے مترادف ہے، امام نے اپنے مقاصد و مطالب کو تفصیلاً ذکر کیا اور اس پر آمین کہنے والا صرف یہ کلمہ کہتا ہے جو ساری دعا کو شامل ہے۔"

اور آمین کا معنی ہے:

اللّٰھم استجب

"اللہ اس دعا کو قبول فرما۔"

نیز:

كذلك يكون

Marfat.com

"اے اللہ ایسا ہی ہو جائے۔"

(۱۱۳) جب یہ ثابت ہوا کہ آمین دعا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ دعا وہ ہے جس میں عاجزی اور اخفاء ہو۔

ارشاد ربانی ہے:

ادعوا ربکم تضرعاً وخفیة إنه لا یحب المعتدین:

(الاعراف ۵۵)

"اللہ سے دعا کرو گڑگڑا کر اور خفیہ وہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔"

اس آیت کے ذیل میں ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں۔

عن أبي موسی الاشعری رضی الله عنه قال رفع الناس أصواتهم بالدعاء فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم أیها الناس أربعو علی انفسکم فانکم لا تدعون أصم ولا غائباً إن الذین تدعونه سمیع قریب۔

(تفسیر ابن کثیر۔ ج ۲۔ ص ۲۲۱)

"حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے دعا میں اپنی آوازوں کو بلند کرنا شروع کر دیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اے لوگو! میانہ روی سے کام لو تم کسی بہرے یا غائب شخص کو نہیں پکار رہے، جس کو تم پکارتے ہو وہ ہر بات کو سننے والا ہے نزدیک ہے۔"

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ:

- جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہوگی۔ اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔
- آمین دعا ہے۔
- اللہ تعالیٰ نے دعا میں اخفاء پوشیدگی، اور عاجزی کا حکم دیا ہے۔
- جو لوگ اونچی آواز سے دعا کرتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو روکا۔
- اللہ تعالیٰ ہر آواز کو سننے والے اور ہر شخص کے قریب ہے۔

Marfat.com

لہٰذا آہستہ آواز سے آمین کہنی چاہئے چونکہ یہی طریقہ اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ پسندیدہ ہے۔

(۱۱۴)(ج) بعض علماء کا کہنا ہے کہ آمین ذکر ہے۔ اس صورت میں بھی اس کا اخفا اولیٰ ہے۔

چونکہ ارشاد ربانی ہے:

واذكر ربك فى نفسك تضرعاً وخيفة ودون الجهر من القول. (اعراف۔۲۰۵)

اسی لئے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مختصر سے جملہ میں سارے مسئلہ کو حل کر دیا کہ: اگر آمین دعا ہو تو سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۵۵ کی رو سے آمین آہستہ کہنی چاہئے اور اگر آمین ذکر ہو تب بھی سورہ اعراف کی آیت نمبر ۲۰۵ کی رو سے آہستہ کہنی چاہئے۔

۱۔ ارشاد نبوی ہے:

عن أبي هريرة رضى الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمنا يقول لا تبادروا الامام اذا كبر فكبروا إذا قال ولاالضالين تقولوا آمين : وإذا ركع فاركعوا وإذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا اللّٰهم ربنا لك الحمد۔ (مسلم : النهى عن مبادرة الامام بالتكبير وغيره)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں تعلیم دیتے تھے۔ آپ فرماتے ہیں امام سے جلدی نہ کرو، جب وہ تکبیر کہے پھر تم تکبیر کہو اور جب وہ ولا الضالین کہے، تو تم آمین کہو اور جب وہ رکوع کرے تو تم رکوع کرو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللّٰھم ربنا لك الحمد کہو۔''

اس روایت میں ارشاد ہوا کہ امام کے ولا الضالین کہنے پر تم آمین کہو اور اسی روایت میں ہے کہ امام کے سمع اللہ لمن حمدہ کہنے پر اللّٰھم ربنا لك الحمد کہو، ظاہر ہے کہ اللھم ربنا لك الحمد آہستہ آواز میں کہا جاتا ہے اور بعینہٖ اسی قسم کے الفاظ آمین

Marfat.com

کہنے کے لئے استعمال ہوئے ہیں۔ لہٰذا دلالت حدیث سے معلوم ہوا کہ آمین بھی آہستہ آواز سے ہی کہنی چاہئے۔

(د) فرمان عمر رضی اللہ عنہ

عن أبي معمر عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه أنه قال يخفي الامام اربعاً، التعوذ، وبسم الله الرحمن الرحيم، وآمين، وربنا لك الحمد۔ (عینی شرح ھدایہ۔ ج ا۔ ص ۶۲۰)

ابو معمر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد نقل کرتے ہیں امام چار چیزوں کو آہستہ آواز سے کہے۔

۱- اعوذ باللہ

۲- بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

۳- آمین۔

۴- ربنا لك الحمد۔"

حضرت عمر رضی اللہ عنہ و علی رضی اللہ عنہ کا طریقہ

عن أبي وائل قال لم يكن عمرو علي يجهران ببسم الله الرحمن الرحيم ولا بآمين۔ (الجواھر النقی۔ ج ۲۔ ص ۴۸)

"حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دوسرے خلیفہ راشد حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور چوتھے خلیفہ راشد حضرت علی رضی اللہ عنہ کا معمول بھی یہی تھا کہ وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور آمین بلند آواز سے نہیں کہتے تھے۔"

فرمان حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ

عن عبدالله بن مسعود رضی الله عنه قال يخفي الامام ثلاثاً الاستعاذة وبسم الله الرحمن الرحيم، وآمين۔

(المحلی۔ ج ۳۔ ص ۱۸۴)

Marfat.com

"حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ امام تین چیزوں کو آہستہ کہتے۔ تعوذ، بسم اللہ الرحمن الرحیم اور آمین۔"

(۱۱۵) اس تحقیق کے بعد یہ نتائج نکھر کر سامنے آ گئے ہیں۔

- قرآنی تعلیمات کی رو سے آمین آہستہ کہنی چاہئے۔

صحیح مسلم شریف میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد سے بھی معلوم ہوا کہ ربنا لك الحمد کی طرح آمین بھی آہستہ آہستہ آواز سے کہنی چاہئے۔

- آہستہ آمین کی ترجیح کے لئے اتنا کافی ہے کہ آیات قرآنیہ اور مسلم کی حدیث سے یہی معلوم ہوتا ہے۔
- قرآن کریم کی کسی ایک آیت سے بھی اونچی آمین کا ثبوت نہیں ملتا۔
- کسی صحیح حدیث میں آمین اونچی کہنے کا حکم نہیں دیا گیا۔
- اونچی آمین کی بابت جو روایات بیان کی جاتی ہیں سب ضعیف ہیں۔
- آج کل کچھ لوگ مصر ہیں کہ آمین ہمیشہ اونچی آواز سے کہنی چاہئے، لیکن وہ جتنی روایات کا سہارا لیتے ہیں (قطع نظر اس کے کہ وہ ضعیف ہیں) ان میں ایک آدھ دفعہ اونچی آمین کہنے کا ذکر ہے لہٰذا ان سے ہمیشہ والا دعویٰ ثابت نہیں ہوتا۔
- حدیث کا علم رکھنے والے حضرات کا کہنا ہے کہ جس روایت میں اونچی آمین کا ذکر ہو تو وہ حاضرین کی تعلیم کے لئے ہے۔ چونکہ بہت سی روایات میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورۃ فاتحہ کے بعد چند لمحے خاموش رہتے تھے۔ لہٰذا ایک آدھ دفعہ اونچی آمین کہہ کر حاضرین کو بتا دیا کہ سورۃ فاتحہ کے بعد خاموشی والے لمحات میں یہ کلمہ کہا جاتا ہے، جیسا کہ دیگر روایات میں ہے کہ کبھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر وعصر میں ایک آدھ آیت اونچی پڑھ لیتے تاکہ نئے آنے والے حضرات کو معلوم ہو جائے کہ قرأت ہو رہی ہے نیز مسلم میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ سبحانك اللهم بلند آواز سے پڑھا تعلیم کے لئے اب اس سے یہ نتیجہ نکالنا صحیح نہیں کہ ظہر وعصر میں ایک آیت اور نماز کے شروع میں سبحانك اللّٰهم بلند آواز سے کہنا چاہئے۔ بعینہٖ یہی کیفیت آمین کی بھی ہے۔

Marfat.com

- اگر اونچی آمین کہنا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول ہوتا تو صحیح احادیث کے ذخیرہ میں اس کا ذکر کثرت سے ملتا کہ جن حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اشارہ اور اس کی کیفیت تک کو نقل کیا ہے وہ اس عظیم عمل کو ضرور نقل کرتے، لیکن ایسا نہیں، یہی وجہ ہے کہ امام بخاری رضی اللہ عنہ نے اونچی آمین کا عنوان باندھا ہے لیکن اونچی آمین کی کوئی صحیح مرفوع حدیث نقل نہیں کی۔

اس لئے علامہ نیموی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

لم يثبت الجهر بالتامين عن النبى صلى الله عليه وسلم ولا عن الخلفاء الاربعة وما جاء فى الباب فهو لا يخلو من شيءٍ۔ (آثار السنن۔ ج ا۔ ص ۹۴)

"بلند آواز سے آمین کہنا نہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہوا اور نہ ہی چاروں خلفاء اور جو کوئی روایت اس سلسلہ میں پیش کی جاتی ہیں۔ وہ جرح وتنقید سے خالی نہیں۔" ❶

---

❶ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ذیل میں بعض ایسی روایات کی نشاندہی کر دی جائے۔

۱- ام الحصین رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ أنها صلت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما قال ولا الضالين قال آمين فسمعته وهى فى صف النساء۔

۲- عن أبى هريرة رضى الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا تلا غير المغضوب عليهم ولا الضالين قال آمين. حتى يسمع من يليه من الصف الأول. وزاد بن ماجة فيرتج بها المسجد۔

۳- عن على أنه سمع النبى صلى الله عليه سلم يقول آمين حين يفرغ من قرأة أم الكتاب۔

جائزہ دلیل نمبر ا

عن ام الحصين أنها صلت...

اس میں ایک راوی اسماعیل بن مسلم مکی۔ جس کو علامہ بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے مجمع الزوائد۔ ج ا۔ ص ۲۶۴ میں اور شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے نیل الاوطار میں ضعیف قرار دیا ہے۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

سورۃ

(۱۱۶) سورۃ فاتحہ کے بعد امام اور منفرد کوئی اور سورۃ ایک بڑی آیت، یا تین چھوٹی آیات پڑھیں۔

ظہر، عصر، عشاء اور مغرب کی پہلی اور دو رکعتوں میں فاتحہ کے ساتھ کوئی اور سورت ملائیں آخری رکعات میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھیں۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ علامہ مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: کہ ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ منکر الحدیث۔ (تحفۃ الاحوذی۔ ج ۲۔ ص ۹۸)

جائزہ دلیل نمبر ۲

علی أبی هریره رضی الله عنه قال کان رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم اذا تلا غیر المغضوب علیهم ولا الضالین

(الف) اس میں ایک راوی بشر بن رافع ہے جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن حصین رحمۃ اللہ علیہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔ (نصب الرأیۃ۔ ج ۱۔ ص ۳۷۱)

علامہ بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ابو الأسباط بشر بن رافع وقد اجمعوا علی ضعفه (مجمع الزوائد۔ ج ۱۔ ص ۱۹۲)

تمام علماء کا اجماع کہ ابوالاسباط بن رافع ضعیف ہیں۔

(ب) اس کی سند میں دوسرا راوی ابوعبداللہ بن عم أبی ہریرۃ ہے۔

وابوعبدالله هٰذا لا یصرف له حال ولا روٰی عنه غیر بشر والحدیث لا یصح. (نصب الرأیۃ ج ۱۔ ص ۳۷۱)

ابوعبداللہ یہ راوی مجہول ہے اور بشر بن رافع کے علاوہ کسی اور نے اس سے نقل نہیں کیا۔ لہٰذا یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔

جائزہ دلیل نمبر ۳

عن علی أنه سمع النبی صلی الله علیه وسلم.....

اس روایت کی بابت ابن ابی حاتم فرماتے ہیں ''هذا عندی خطاء'' میرے ہاں یہ غلط ہے نیز اس میں ابن ابی لیلیٰ ہے جس کا حافظہ خراب ہو گیا تھا۔ (تلخیص الحبیر۔ ص ۲۳۸) باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

عن أبی قتادة عن ابیه أن النبی صلی الله علیه وسلم کان یقرأ فی الظهر و فی الأولیین بأم الکتاب وسورتین وفی الرکعتین الاخریین بأم الکتاب ولیسمعنا الایة ویطول فی الرکعة الاولی ما لا یطول فی الرکعة الثانیة۔ وهکذا فی العصر وهکذا فی الصبح۔

(بخاری : ما یقرأ فی الاخریین بفاتحة الکتاب)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

جائزہ دلیل نمبر ۴

عن أبی هریرة رضی اللہ عنہ قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم إذا فرغ من أم القرآن رفع صوته فقال آمین.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منسوب اس حدیث کا مدار اسحاق بن ابراہیم پر ہے اس کی بابت ملاحظہ ہو:

اسحاق بن ابراهیم بن العلاء الزبیدی. قال النسائی لیس بثقة، وقال ابوداؤد لیس بشیء، وکذبه محدث حمص محمد بن عوف.

(میزان الاعتدال۔ ج ۱۔ ص ۱۸۱)

اسحاق بن ابراہیم زبیدی کی بابت امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وہ قابل اعتماد نہیں ہے۔ امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ حدیث کے میدان میں اس کی کوئی حیثیت نہیں۔ حمص کے شیخ الحدیث محمد بن عوف نے اس کو جھوٹا کہا ہے۔

جائزہ دلیل نمبر ۵

قارئین پر واضح رہے کہ بعض روایات حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے منقول ہیں ان میں اونچی آمین کے مختلف الفاظ ہیں جو صرف تعلیم کے لئے ہیں اور حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی ان روایات میں تعلیم کی خصوصیت اس لحاظ سے بھی ہے کہ وہ چند دن آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کے لئے آئے تھے۔ تاکہ وہ براہ راست کچھ باتیں سیکھ لیں۔ اس مناسبت سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تعلیم کے لئے بتادیا کہ سورۃ فاتحہ کے بعد آمین کہی جاتی ہے۔ اگر آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم حسب سابق سورۃ فاتحہ کے بعد ایک لمحہ خاموش رہتے اور آہستہ آمین ہی کہتے تو حضرت وائل کو یہ پتہ نہ چلتا کہ اس موقع پر یہ کلمہ کہا جاتا ہے۔ الغرض حضرت وائل سے منقول روایت میں مسئلہ آمین کے اونچا کہنے پر استدلال نہیں کیا جاسکتا۔

Marfat.com

"حضرت ابوقتادہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ دو سورتیں اور آخری دو رکعتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھتے تھے اور کبھی کبھار ہمیں ایک آیت سنا دیتے تھے اور پہلی رکعت کو دوسری رکعت سے لمبا ادا کرتے تھے، عصر اور صبح میں بھی یوں ہی کرتے۔"

ظہر اور عصر میں آہستہ قرأت

(۱۱۷) امام اور منفرد ظہر، عصر میں قرأت آہستہ کریں، فجر، نماز جمعہ، نماز عیدین، وتر (باجماعت) میں امام بلند آواز سے قرأت کرے، مغرب اور عشاء کی پہلی دو رکعتوں میں بلند اور بقیہ میں آہستہ قرأت کرے۔

عن أبي معمر قال قلت لخباب بن الارت، أكان النبي صلى الله عليه وسلم يقرأ في الظهر والعصر؟ قال نعم، قال قلت بأي شيءٍ كنتم تعلمون قرأته؟ قال باضطراب لحيته۔ (بخاری: باب القرأة فی العصر)

"حضرت ابومعمر نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر، عصر میں قرأت کیا کرتے تھے؟ فرمایا "ہاں" ابومعمر نے عرض کیا آپ کو کیسے معلوم ہوتا تھا؟ فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی داڑھی مبارکہ کے ہلنے سے معلوم ہو جاتا کہ آپ پڑھ رہے ہیں۔"

Marfat.com

(۱۱۸) رفع یدین (ہاتھوں کو اٹھانا)

قرأت سے فارغ ہوکر سیدھا رکوع میں چلا جائے اور رفع یدین نہ کرے، اس طرح رکوع سے اٹھتے ہوئے اور تیسری رکعت کے لئے کھڑے ہوتے وقت بھی رفع یدین نہ کرے چونکہ قرآن قریم، حدیث شریف، حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تعامل اور بہت سے اسلاف کا یہی عمل رہا لہٰذا یہی اولیٰ اور بہتر ہے۔

(۱۱۹) دلیل نمبر ۱، نماز نبوی

قال عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ألا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فصلی فلم یرفع یدیہ إلا فی أول مرۃ۔ (حدیث حسن) (ترمذی: ماجاء فی رفع الیدین)

"حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا میں تمہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسنون نماز کا طریقہ نہ بتاؤں؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھی اور صرف نماز کی ابتداء میں رفع الیدین کیا۔"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف نماز کے شروع میں رفع یدین کیا کرتے تھے۔ بعد میں نہیں لہٰذا ہمیں بھی پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری سنت پر عمل کرتے ہوئے صرف نماز کے شروع میں رفع یدین کرنا چاہئے بعد میں نہیں۔ ◆۱

◆۱ بقول احمد شاکر: ھٰذا الحدیث صححہ بن حزم و غیرہ من الحفاظ وھو حدیث صحیح وما قالوہ فی تعلیلہ لیس بعلۃ۔ (ترمذی محقق۔ ج ۲۔ ص ۴۱)

۱- احمد شاکر فرماتے ہیں کہ ابن حزم اور دیگر حفاظ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے اور یہ حدیث صحیح ہے اور جو لوگ اس کی طرف کمزوری کی نسبت کرتے ہیں اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۱۲۰) دلیل نمبر ۲، رفع یدین سے ممانعت

عن جابر بن سمرة رضی الله عنه قال خرج علینا رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال مالی اراکم رافعی ایدیکم کأنها أذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلاة۔

(مسلم : الأمر بالسکون فی الصلاة)

۲- علامہ ترکمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے تمام راوی مسلم شریف کے راوی ہیں۔

(الجوہر النقی۔ ج ۲۔ ص ۷۸)

واضح رہے کہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کا جو قول نقل کیا ہے وہ حضرت ابن مسعود رحمۃ اللہ علیہ کی اس حدیث کی بابت ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

''إنه علیه السلام لم یرفع یدیه إلا فی أول مرة''

جب کہ مندرجہ بالا روایت سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے اس بات میں بہت سے علماء کو غلطی ہوئی ہے یا وہ مغالطہ دیتے ہیں۔ (نصب الرایہ۔ ج ۱۔ ص ۳۹۴)

اس لئے ترمذی شریف کے مختلف نسخوں میں یہ روایت مستقل باب کے تحت نقل کی گئی ہے لہٰذا ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کا وہ قول گذشتہ باب میں رہ جاتا ہے۔ آئندہ باب کی حدیث سے اس کا کیا تعلق ہے ملاحظہ ہو۔ (ترمذی محقق۔ ج ۲۔ ص ۴۱)

اس موقع پر احمد شاکر کا یہ تجزیہ بھی ملاحظہ ہو:

وذهبوا یصحون بعض الأسانید ویضعفون انتصاراً لمذهبهم وترکوا. او کثیراً منهم. سبیل الانصاف والتحقیق. (ترمذی محقق۔ ج ۲۔ ص ۴۲)

مسئلہ رفع یدین میں بعض متعصب لوگ ضعیف احادیث کو صحیح اور صحیح کو ضعیف ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں حتی کہ ان میں سے اکثر لوگ حقیقت وانصاف کا دامن بھی چھوڑ بیٹھتے ہیں۔

نوٹ

آج کل کے غیر مقلدین بھی اپنے پرانے ہمنواؤں کی طرح سادہ لوح عوام کو یہی باور کراتے ہیں کہ رفع یدین نہ کرنے کی بابت تمام روایات ضعیف ہیں۔ لہٰذا ہم نے مندرجہ بالا تمام دلائل کے ساتھ ساتھ بڑے بڑے محدثین کے حوالہ سے ان کا صحیح ہونا بھی نقل کر دیا ہے تا کہ قارئین کرام غیر مقلدین کے مغالطوں سے محفوظ رہیں۔

Marfat.com

"حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر سے باہر تشریف لائے اور فرمایا: کیا ہوا میں تمہیں رفع یدین کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ گویا وہ شریر گھوڑوں کی دُمیں ہیں۔ نماز میں سکون اختیار کرو۔"

مسلم شریف کی اس حدیث میں آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رفع یدین کرنے والوں کو سکون کے ساتھ نماز پڑھنے کا حکم دیا چونکہ رفع یدین کرنا سکون کے منافی ہے لہٰذا ہمیں آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق سکون کے ساتھ نماز پڑھنی چاہئے۔ ❶

---

❶ مسلم شریف کی ایک اور روایت میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کے وقت رفع یدین کرنے سے بھی روکا ہے۔ اس میں بھی کأنھا اذناب خیل شمس کا جملہ استعمال فرمایا اس سے بعض حضرات کو شبہ ہو گیا کہ دونوں حدیثیں ایک ہی واقعہ سے متعلق ہیں حالانکہ ایسا نہیں دونوں حدیثوں میں علیحدہ اور مستقل احکام بیان ہوئے ہیں۔ دونوں کا باہمی فرق ملاحظہ ہو۔

۱- دونوں روایتوں میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف قسم کے الفاظ نقل کئے ہیں اس حدیث میں ہے۔

مالی أراکم رافعی أیدیکم کانھا أذناب خیل شمس

جب کہ دوسری سلام والی روایت میں ہے:

علام تئومون أیدیکم کانھا أذناب خیل شمس إنما یکفیکم أن یضع یدہ علی فخذہ ثم یسلم علی أخیہ من علی یمینہ وشمالہ

دونوں میں فرق واضح ہے۔

۲- اس حدیث میں ہے کہ ہم اپنی اپنی نماز پڑھ رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا جب کہ دوسری حدیث میں ہے کہ ہم نے نماز باجماعت میں سلام کے وقت اشارہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا۔

۳- اس حدیث میں اسکنوا فی الصلوٰۃ کا جملہ ہے جو کہ دوسری حدیث میں نہیں ہے۔

۴- اس حدیث میں ہے کہ نماز میں رفع یدین کرنے سے روکا جب کہ دوسری حدیث میں ہے کہ سلام کے وقت دائیں بائیں اشارہ کرنے سے روکا۔

اب ظاہر ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی ان دونوں روایات کے راوی ہیں۔ اب یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک ہی صحابی ایک ہی واقعہ کو مختلف الفاظ مختلف اسلوب اور مختلف باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۱۲۱) دلیل نمبر ۳، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عمل

عن الأسود قال رأيت عمر بن الخطاب رضى الله عنه يرفع يديه فى أول تكبيرة ثم لايعود۔ (طحاوی: رفع اليدين۔ صححه الزيلعى۔ وهذا رجاله ثقات، دراية۔ ج۱۔ ص۱۵۲۔ وهذا سند صحيح على شرط مسلم الجوهر النقى۔ ج۲۔ ص۷۵)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ پس منظر میں بیان کریں؟ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم حدیث کے معاملہ میں بہت محتاط تھے۔ وہ آپ کے الفاظ مبارکہ کو جوں کا توں محفوظ کر کے نقل کرتے تھے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ دونوں حدیثیں علیٰحدہ علیٰحدہ ہیں اور دونوں کو ایک ہی واقعہ سے متعلق کرنا صحیح نہیں۔

چند بنیادی حقائق

مسئلہ رفع یدین کو ترجیحی بنیادوں پر سمجھنے کے لئے چند اصولی حقائق کو سمجھنا ضروری ہے۔

پہلی حقیقت

احادیث میں وارد ہے کہ ابتداء اسلام میں دوران نماز گفتگو کرنی جائز تھی۔ حتی کہ خود آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم دوران نماز آنے والے شخص کے سلام کا جواب دیتے تھے۔ لیکن بعد میں یہ حکم باقی نہ رہا۔ ملاحظہ ہو

عن عبدالله رضى الله عنه قال كنا نسلم على النبى صلى الله عليه وسلم وهو فى الصلوة فيرد علينا فلما رجعنا من عند النجاشى سلمنا عليه فلم يرد علينا، وقال إن فى الصلوٰة شغلاً.

(بخارى: ما ينهى عن الكلام)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شروع میں جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں سلام کیا کرتے تھے تو آپ جواب دے دیتے تھے، لیکن نجاشی کے ہاں سے واپس آنے کے بعد ہم نے سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب نہیں دیا اور فرمایا کہ نماز میں اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہوتی ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ ابتداء اسلام میں دوران نماز گفتگو جائز تھی، لیکن پھر یہ حکم باقی نہ رہا گویا کسی مسئلہ کا ثابت ہونا اور اس کا باقی رہنا دو علیٰحدہ چیزیں ہیں۔ اب اگر کوئی شخص ابتدائی دور والی احادیث صحیحہ کو پیش کر کے یہ دعویٰ کرے کہ نماز میں گفتگو کرنا جائز ہے اور سلام کا جواب دینا سنت ہے تو اس کا یہ دعویٰ صحیح نہ ہوگا چونکہ یہ حکم باتفاق ثابت ہے، لیکن اب باقی نہیں رہا، اس طرح رکوع باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

قال الطحاوی رحمۃ اللہ علیہ وفعل عمر هذا وترك أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم أياه على ذلك دليل صحيح على أن ذلك هو الحق الذى لا ينبغى لأحد خلافه۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ وغیرہ کے وقت رفع یدین کا ثابت ہونا تو متفق علیہ ہے لیکن حضرات غیر مقلدین کا یہ دعویٰ ہے کہ یہ حکم آخر تک باقی رہا، واضح رہے کہ اس کے باقی رہنے والے دعوے پر کوئی حتمی دلیل نہیں ہے اور بیہقی کی روایت اس دعوے کی دلیل نہیں بن سکتی چونکہ وہ بالکل ضعیف ہے۔ ملاحظہ ہو۔

فمازالت تلك صلوته حتى لقى الله. بيهقى

کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخر تک رفع یدین والی نماز پڑھتے تھے۔

تجزیہ

(الف) اس روایت میں ایک راوی عبدالرحمن بن قریش بن خزیمہ ہے۔

اتهمه السليمانى بوضع الحديث۔ (میزان الاعتدال۔ ج ۲۔ ص ۵۸۲)

علامہ سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عبدالرحمن بن قریش حدیثیں گھڑتا ہے۔

اس دوسرے راوی عصمۃ بن محمد کی بابت ملاحظہ ہو۔

قال يحى كذاب يضع الحديث وقال العقيلى حديث بالبواطيل عن الثقات وقال الدار قطنى وغيره متروك (میزان الاعتدال۔ ج ۲۔ ص ۶۸)

یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عصمۃ جھوٹا ہے اور حدیثیں گھڑتا ہے، علامہ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ثقہ راویوں کی طرف باطل روایتیں منسوب کرتا ہے۔ علامہ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ محدثین رحمۃ اللہ علیہ اس کو چھوڑ چکے ہیں۔

۲- حضرات غیر مقلدین کے مشہور عالم مولانا عطاء اللہ حنیف صاحب نسائی شریف کی تعلیقات میں لکھتے ہیں:

وحديث البيهقى ما زالت آه ضعيف جداً۔ (التعلیقات السلفیۃ۔ ص ۱۰۴)

کہ بیہقی کی مازالت والی روایت تو بہت زیادہ ضعیف ہے۔"

الغرض حضرات غیر مقلدین کا یہ دعویٰ کہ رفع یدین والا عمل باقی ہے کوئی حتمی امر نہیں، چونکہ اس کی کوئی ٹھوس اور واضح دلیل نہیں ہے۔ اس لئے غیر مقلدین عموماً ایسی روایات پیش کر کے عوام پر رعب جماتے ہیں جن میں صرف رفع یدین کے ثبوت کا ذکر ہے، لیکن اس سے تو ان کا دعویٰ ثابت نہیں ہوتا۔ چونکہ سابقہ مرحلہ میں تو کسی کا اختلاف نہیں ہے ان کا دعوی تو اس صورت میں ثابت ہوگا۔ جب وہ اس عمل کے باقی رہنے پر واضح دلیل پیش کریں۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ صرف پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے بعد میں نہیں۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

دوسری حقیقت

رفع یدین کی حقیقت سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس مسئلہ سے متعلق تمام احادیث کو پیش نظر رکھا جائے اگر مطلقاً ثبوت والے سابقہ مرحلہ کی روشنی میں دیکھا جائے تو درج ذیل مقامات پر رفع یدین کرنا صحیح احادیث سے ثابت ہے۔

۱- نماز کے شروع میں۔ ۲- رکوع کرتے اور اٹھتے ہوئے۔
۳- سجدہ میں جاتے اور اٹھتے وقت۔ ۴- ہر رکعت کے آغاز میں۔
۵- ہر تکبیر کرتے وقت۔ ۶- سلام پھیرتے وقت

(اب غور طلب امر یہ ہے کہ اگر حضرات غیر مقلدین رفع یدین کے عمل کو باقی سمجھتے ہیں تو پھر ان تمام مقامات پر رفع یدین کیوں نہیں کرتے؟ بعض جگہ کرنا اور بعض جگہ چھوڑنا اس تفریق کی کیا بنیاد ہے؟)

ملاحظہ ہو:

۱- عن أنس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يرفع يديه فى الركوع والسجود (وهذا اسناد صحيح جداً) (المحلی۔ج۴۔ص۲۹۶)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع اور سجدہ میں رفع یدین کرتے تھے۔

۲- عن أبى هريرة رضى الله عنه أنه كان يرفع يديه فى كل خفض ورفع۔

(تلخیص الجیر۔ج۱۔ص۲۱۹)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہر اونچ نیچ کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

۳- احمد شاکر نے حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی روایت میں بحوالہ مسند احمد نقل کیا ہے۔

كلما كبر ورفع ووضع و بين السجدتين۔ (ترمذی محقق۔ج۲۔ص۴۲)

کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر تکبیر، ہر اٹھتے بیٹھتے وقت اور سجدوں کے درمیان رفع یدین کرتے تھے۔

۴- عن ابن عمر رضى الله عنه أنه كان يرفع يديه اذا دخل فى الصلوة وإذا ركع وإذا قال سمع الله لمن حمده وإذا سجد وبين الركعتين. (المفرد للبخارى)

(المحلی۔ج۴۔ص۲۹۷)

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

علامہ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو صحیح کہا ہے۔شارح بخاری علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے تمام راویوں کو ثقہ کہا ہے۔ علامہ ترکمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ سند صحیح مسلم کے معیار پر صحیح ہے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے شروع میں، رکوع کرتے اور اٹھتے وقت، سجدہ کرتے وقت اور ہر دو رکعت کے درمیان رفع یدین کرتے تھے۔

تجزیہ

حضرات غیر مقلدین حدیث پر عمل کے بڑے بلند بانگ دعوے کرتے ہیں۔لیکن ان چھ مقامات میں سے اڑھائی مقامات نمبر ا-نماز کے شروع۔ ۲-رکوع کرتے اٹھتے وقت اور تیسری رکعت کے آغاز میں تو رفع یدین کرتے ہیں،لیکن ہر سجدہ ہر تکبیر ہر رکعت اور سلام کے وقت رفع یدین نہیں کرتے، آخر کیوں؟

اب واضح ہو گیا کہ رفع یدین کی تمام روایات پر حضرات غیر مقلدین کا اپنا عمل کہاں تک ہے؟ لیکن تعجب ہے کہ جو حضرات دلائل کی بنیاد پر رکوع کے وقت بھی رفع یدین نہیں کرتے ان پر تو انہیں اعتراض ہے،لیکن اپنی حقیقت کی خبر نہیں۔الغرض ان مؤخر الذکر مقامات میں غیر مقلدین جس بنیاد پر رفع یدین نہیں کرتے اسی بنیاد پر ہم رکوع کے وقت رفع یدین نہیں کرتے اور ان مقامات میں رفع یدین نہ کرنے کی بابت ان کا جو موقف ہے وہی موقف ہم رکوع کے وقت بھی اختیار کرتے ہیں۔

تیسری حقیقت

حضرات غیر مقلدین کے فرقہ پرست واعظ اور مصنف سادہ لوح عوام کو یہ مغالطہ بھی دیتے ہیں کہ رفع یدین کرنے کی روایات تو بخاری و مسلم میں ہیں جب کہ رفع یدین نہ کرنے کی روایات دوسری کتب حدیث میں ہیں لہٰذا بخاری و مسلم کی روایات راجح ہوں گی۔

تجزیہ

ا- اس مسئلہ کی تمام روایات کو پیش نظر رکھنے سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ رفع یدین کرنے کی روایات ابتدائی دور سے متعلق ہیں پھر اُن سے کیسے استدلال کیا جا سکتا ہے۔

۲- یہ دعویٰ غلط ہے کہ رفع یدین نہ کرنے کی روایات بخاری و مسلم میں نہیں ہیں۔ چونکہ مندرجہ بالا دلائل کے ضمن میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم شریف والی حدیث بیان ہو چکی جس میں رفع یدین سے ممانعت ہے۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر صرف اسی حدیث کو ہی بنیاد بنایا جائے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایسا کرتے تھے اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے انہیں ایسا کرتے رہنے دیا تو یہ واضح دلیل ہے کہ یہی وہ صحیح بات ہے جس کی خلاف ورزی کسی اور کو بھی نہیں کرنی چاہئے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

۳- غیر مقلدین کا یہ اصول کہ بخاری کی روایت اس لئے راجح ہے کہ وہ بخاری میں ہے ایک عوامی نعرہ تو ہوسکتا ہے لیکن علم حدیث سے اس کا کوئی تعلق نہیں چونکہ خود امام بخاری امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کو یہ دعویٰ نہیں کہ انہوں نے تمام صحیح روایات کا احاطہ کرلیا ہے، بلکہ احادیث صحیحہ کا ایک عظیم ذخیرہ ان کے علاوہ بھی موجود ہے۔ لہٰذا جب صحیح ہونے کی صفت میں اور احادیث بھی شریک ہیں تو پھر یہ دعویٰ کیونکر صحیح ہے کہ بخاری کی روایت اسی لئے راجح ہے کہ وہ بخاری میں ہے۔

فقد قال البخاری ما أدخلت فی کتاب الجامع إلا ما صح وترکت من الصحاح مخافة الطول، وقال مسلم لیس کل شیءٍ عندی صحیح وضعته هنا انما وضعت هنا ما أجمعوا علیه۔ (تدریب الراوی۔ ج ۱۔ ص ۹۸)

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے جامع الصحیح میں صرف صحیح احادیث کو ذکر کیا ہے اور میں نے بہت سی صحیح احادیث کو طوالت کے ڈر سے چھوڑ دیا ہے۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے ہر صحیح حدیث کو اپنی کتاب میں نقل نہیں کیا البتہ جن کو ذکر کیا ہے ان کے صحیح ہونے پر علمائے حدیث کا اتفاق ہے۔

نیز حضرات غیر مقلدین رفع یدین کے مسئلہ میں تو اس نعرہ کا سہارا لینے کی کوشش کرتے ہیں لیکن سورۃ فاتحہ سے پہلے اونچی بسم اللہ پڑھ کر اس نعرہ کو نظر انداز کر کے خود ہی اس کی دھجیاں بکھیر دیتے ہیں چونکہ بخاری و مسلم کی احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم سورۃ فاتحہ سے پہلے بسم للہ آہستہ پڑھتے تھے اور کسی ایک صحیح حدیث میں بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اونچی تسمیہ پڑھنا ثابت نہیں ہے، لیکن غیر مقلدین پھر بھی تسمیہ اونچی پڑھتے ہیں الغرض یہاں بخاری و مسلم کی روایات کو ترجیح دینے والا اصول کیوں بے اثر ہوجاتا ہے؟

چوتھی حقیقت

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں احادیث نبویہ کا ایک عظیم ذخیرہ جمع کیا ہے اور ان احادیث کے انتخاب میں انہوں نے جو بلند معیار اپنایا ہے وہ ان کی دوسری تالیفات ''رسالہ رفع یدین، اور رسالہ قرأۃ خلف الامام'' میں نہیں ہے اس لئے کتب حدیث میں جو حیثیت صحیح بخاری باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۱۲۲) دلیل نمبر ۴، حضرت علی رضی اللہ عنہ کا عمل

عن عاصم بن كليب عن أبيه أن عليًا رضى الله عنه كان يرفع يديه فى أول تكبيرة من الصلوٰة ثم لا يرفع بعد۔

(بيهقى: من لم يذكر الرفع إلا عند الإفتتاح)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ کو حاصل ہے وہ ان کی کسی دوسری کتاب کو حاصل نہیں ہے حتیٰ کہ ان کو توصحاح ستہ کے درجہ میں بھی نہیں رکھا گیا۔ چونکہ ان میں بہت سی روایات ضعیف ہیں لیکن غیر مقلدین کے متعصب واعظ رسالہ رفع یدین اور رسالہ قرأۃ خلف الامام کی روایات بیان کر کے بار بار امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا نام لے کر سادہ لوح عوام کو یہ تاثر دیتے ہیں کہ ان روایات کا مقام بھی وہی ہے جو صحیح بخاری شریف کا ہے اور وہ اس حقیقت کو چھپاتے ہیں کہ ان میں سے بیشتر روایات صحیح بخاری کی نہیں بلکہ امام بخاریؒ کے رسالوں کی ہیں حضرات قارئین متنبہ رہیں۔

پانچویں حقیقت

حضرات مقلدین عوامی محفلوں میں تو یہ تاثر پھیلاتے ہیں کہ رکوع کے وقت رفع یدین نہ کرنے کی بابت کوئی صحیح حدیث موجود نہیں لیکن میدان تحقیق اور علمی محافل میں وہ بھی یہ حقیقت ماننے پر مجبور ہیں کہ رفع یدین نہ کرنا بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ ملاحظہ ہو:

۱- مشہور غیر مقلد عالم سید نذیر حسین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: علمائے حقانی پر پوشیدہ نہیں کہ رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین کرنے میں لڑنا جھگڑنا تعصب اور جہالت سے خالی نہیں ہے۔ کیونکہ مختلف اوقات میں رفع یدین کرنا اور نہ کرنا دونوں ثابت ہیں اور دونوں طرح کے دلائل موجود ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (آگے دلائل کا ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں) قصہ مختصر کہ رفع یدین کا ثبوت اور عدم ثبوت دونوں مروی ہیں۔ (فتاویٰ نذیریہ۔ ج ۱۔ ص ۶۴۱ تا ۶۴۳)

۲- حضرات غیر مقلدین کے مشہور محقق مولانا عطاء اللہ حنیف صاحب نسائی شریف کی تعلیقات میں لکھتے ہیں:

فالوجه أن الحديث ثابت لكن يكفى فى اضافة الصلوة إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم كونه صلى هذه الصلوة احياناً وإن كان المتبادر الإعتياد والدوام فيجب الحمل على كونها كانت أحيانا توفيقاً بين الأدلة ودفعاً للتعارض، وعلى هذا فيجوز أنه صلى الله عليه وسلم ترك الرفع عند الركوع وعند الرفع إما لكون الترك سنة باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

صححه الزيلعي۔ قال ابن حجر رواته ثقات۔ ج۱۔ص۱۵۲۔
قال العيني فى العمدة اسناد عاصم صحيح على شرط مسلم۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

كالفعل أو لبيان الجواز..... والإنصاف فى هذا المقام أنه لا سبيل إلى ردّ روايات الرفع برواية بن مسعود وفعله وأصحابه ودعوىٰ عدم ثبوت الرفع ولا إلى ردّ روايات الترك بالكلية ودعوى عدم ثبوته۔

(التعلیقات السلفیۃ۔ص ۱۲۳ تا ۱۲۶)

حقیقت یہ ہے کہ مندرجہ بالا حدیث ثابت ہے اور اس سے واضح طور پر یہی معلوم ہوتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ رفع یدین کئے بغیر نماز پڑھتے تھے، لیکن ہم بہرحال اس کی یہی تاویل کریں گے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی کبھی رفع یدین کئے بغیر نماز پڑھتے تھے تاکہ دونوں طرح کی احادیث میں تعارض نہ رہے، لہٰذا یہ صحیح ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع کے لئے جاتے اور اٹھتے ہوئے رفع یدین نہیں کیا تاکہ معلوم ہوجائے کہ رفع یدین کرنا اور نہ کرنا دونوں سنت ہیں، یا یہ بتانے کے لئے کہ رفع یدین نہ کرنا بھی جائز ہے (مولانا مزید لکھتے ہیں کہ) اس مسئلہ میں انصاف کی بات یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث اور ان کے عمل کی وجہ سے رفع یدین والی روایات کو رد نہیں کیا جاسکتا اور یہ بھی انصاف کی بات ہے کہ رفع یدین نہ کرنے والی روایات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی یہ دعویٰ کیا جاسکتا ہے کہ رفع یدین نہ کرنا ثابت نہیں ہے۔

۳۔ احمد شاکر نے بھی غیر مقلد ہونے کے باوجود اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے لیکن رفع یدین کے عمل کو یوں ترجیح دی ہے کہ جب بعض احادیث سے ایک مسئلہ ثابت ہوتا ہو اور بعض سے اس کی نفی ہوتی ہو تو ثبوت والی روایات راجح ہوں گی، وہ تحقیق ترمذی میں لکھتے ہیں :

وليس فى رواية من روىٰ ترك الرفع إلا ما قلنا ''أن المثبت مقدم على النافى'' (ترمذی محقق۔ج۲۔ص۴۲)

کہ جن روایات میں رفع یدین نہ کرنے کا ذکر ہے ان میں کوئی قابل اعتراض چیز نہیں ہے بس یہی کہہ سکتے ہیں کہ رفع یدین ثابت کرنے والی روایات اُن روایات پر راجح ہیں جن میں رفع یدین کی نفی ہے۔

تجزیہ

یہ تو ثابت ہوگیا کہ حضرات غیر مقلدین کے ذمہ دار علماء بھی یہ حقیقت تسلیم کرنے پر مجبور ہیں کہ رفع یدین نہ کرنا بھی سنت ہے اور احادیث سے ثابت ہے۔ رہا ثبوت ونفی کا باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ خلیفہ راشد حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز میں پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے او راس کے بعد رفع یدین نہیں کرتے تھے۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ یہ اصول تو اس سلسلہ میں عرض ہے کہ احادیث صحیحہ میں سجدہ وغیرہ کے وقت رفع یدین کرنا اور نہ کرنا دونوں ثابت ہیں۔ لہٰذا مندرجہ بالا اصول کے مطابق رفع یدین کے ثبوت والی روایات کو ترجیح دے کر غیر مقلدین کو ان تمام مقامات پر بھی رفع یدین کرنا چاہئے۔ حالانکہ وہ خود بھی ان مقامات پر رفع یدین نہیں کرتے۔ آخر یہ اصول یہاں بے اثر کیوں ہو جاتا ہے۔ الغرض جو اصول سجدہ وغیرہ کے وقت رفع یدین کی ترجیح میں اثر انداز نہیں ہوتا وہ صرف رکوع کے وقت رفع یدین کی ترجیح کا باعث کیونکر بن سکتا ہے؟

چھٹی حقیقت

حضرات مقلدین کے علمائے کرام سادہ لوح عوام کو یہ کہہ کر بھی مرعوب کرتے ہیں کہ رکوع کرتے اور اٹھتے وقت اور تیسری رکعت کے شروع میں رفع یدین کرنا چار سو احادیث میں وارد ہے۔ کبھی کہتے ہیں کہ رفع یدین کی روایات پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم سے منقول ہیں نیز حضرات خلفائے راشدین اور عشرہ مبشرہ سے بھی منقول ہیں۔

تجزیہ

۱- ان مقامات پر رفع یدین کی بابت چار سو احادیث کا یہ دعویٰ بلا دلیل ہے ویسے بھی اس بحث کو فکری میدان میں رکھنے کے بجائے حضرات غیر مقلدین سے گزارش ہے کہ عملی میدان میں اس دعوے کو ثابت کریں کہ چودہ سو سال میں کسی ایک شخص نے بھی ان چار سو روایات کو جمع کیا ہو تو وہ مجموعہ منظر عام پر لائیں یا وہ خود ان چار صد روایات کو جمع کر کے پیش کریں۔ واضح ہے کہ قیامت تک وہ ایسا نہیں کر سکتے۔

۲- جہاں تک رفع یدین کی بابت پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم کی روایات کا تعلق ہے تو وہ نماز شروع کرتے وقت ہے، رکوع کرتے اور اٹھتے وقت اور تیسری رکعت کے آغاز میں نہیں۔ ملاحظہ ہو:

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ غیر مقلد ہونے کے باوجود اس حقیقت کے معترف ہیں کہ پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے جو رفع یدین منقول ہے، وہ ابتداء نماز سے متعلق ہے۔

وجمع العراقی عدد من روی رفع الیدین ابتداء الصلوۃ فبلغوا خمسین صحابیا منهم العشرہ المشهود لهم بالجنة۔ (نیل الأوطار۔ ج ۲۔ ص ۱۹۱)

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

علامہ زیلعی نے اس روایت کو صحیح کہا ہے شارح بخاری علامہ ابن حجر کہتے ہیں کہ اس کے سب راوی ثقہ ہیں شارح بخاری علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ سند صحیح مسلم کے معیار پر ہے۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ علامہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے نماز کے شروع میں رفع یدین کی روایات نقل کرنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم کو شمار کیا تو ان کی تعداد پچاس تک پہنچ گئی۔ انہی میں عشرہ مبشرہ بھی ہیں۔

- نیز علامہ صنعانی نے غیر مقلد ہونے کے باوجود سبل السلام شرح بلوغ المرام میں اسی حقیقت کا اعتراف کیا ہے۔

قال المصنف إنه روى رفع اليدين فى أول الصلوة خمسون صحابياً منهم العشرة المشهود لهم بالجنة وروى البيهقى عن الحاكم لا تعلم سنة اتفق على روايتها عن رسول الله صلى الله عليه وسلم الخلفاء الأربعة ثم العشرة المشهود لهم بالجنة فمن بعدهم من الصحابة مع تفرقهم فى البلاد الشاسعة غير هذه السنة۔

(سبل السلام۔ ج ۱۔ ص ۲۷۴)

(شارح بخاری) ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں نماز کے شروع میں رفع یدین کی روایات کو پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم نے نقل کیا ہے جن میں عشرہ مبشرہ بھی ہیں اور علامہ بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے حاکم کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ نماز کے شروع میں رفع یدین کا عمل ایسا ہے کہ اس کے نقل کرنے میں خلفائے راشدین، عشرہ مبشرہ اور دیگر بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم متفق ہیں باوجود یہ کہ وہ مختلف شہروں میں پھیل چکے تھے۔

نیز علامہ نیموی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد گزر چکا کہ حضرات خلفائے راشدین سے ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین کا عمل ثابت نہیں ہے۔ (آثار السنن۔ ج ۱۔ ص ۱۱۱)

الغرض معلوم ہوا کہ پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم سے جو رفع یدین منقول ہے وہ ابتداء نماز سے متعلق ہے۔ اور انہیں میں سے خلفائے راشدین اور عشرہ مبشرہ بھی ہیں، اب پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم سے رفع یدین کا ذکر کرنا اور اس کے مقام و محل کو چھپا کر یہ تاثر دینا کہ یہ رفع یدین رکوع کرتے اٹھتے وقت اور تیسری رکعت کے شروع میں تھا۔ ایک واضح علمی خیانت اور امانت و دیانت کا خون کرنے کے مترادف ہے۔

ساتویں حقیقت

حضرات غیر مقلدین حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ اور حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کی روایات کو بنیاد بناتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ حضرات آخری زمانہ میں تشریف لائے باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۱۲۳) دلیل نمبر ۵، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت

عن مجاهد قال صليت خلف ابن عمر رضى الله عنهما فلم يكن يرفع يديه إلا فى التكبيرة الأولى من الصلوة۔

(طحاوی: باب رفع الیدین)

عن مجاهد قال ما رأيت ابن عمر رضى لله عنهما يرفع يديه إلا فى أول ما يفتتح۔ مصنف ابن ابى شيبه۔ ج۱۔ ص۲۳۷۔ وهذا سند صحيح۔ الجوهر النقى۔ ج۲۔ ص۷۴۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ اور انہوں نے بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی جو کیفیت بیان کی ہے اس میں رکوع کے وقت رفع یدین کا ذکر ہے جس سے معلوم ہوا کہ ان کے آنے تک رفع یدین کا عمل موجود تھا۔

تجزیہ

اگر ان حضرات کی روایات کو اس لئے بنیاد بنایا جائے کہ وہ آخر میں تشریف لائے تھے تو پھر جہاں جہاں انہوں نے رفع یدین کا عمل نقل کیا ہے۔ غیر مقلدین کو وہاں وہاں رفع یدین کرنا چاہئے، لیکن یہ خود بھی ایسا نہیں کرتے آخر کیوں؟ چونکہ حضرت وائل رضی اللہ عنہ اور مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کی روایات میں سجدہ کرتے اٹھتے وقت اور ہر تکبیر کے وقت بھی رفع یدین منقول ہے۔ ملاحظہ ہو۔

۱- عن مالك بن الحويرث رضى الله عنه رأى النبى صلى الله عليه وسلم رفع يديه فى الصلوة إذا ركع وإذا رفع رأسه من ركوعه وإذا سجد و إذا رفع رأسه من سجوده۔ (المحلی۔ ج۴۔ ص۲۹۶)

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کرتے اور اٹھتے وقت نیز سجدہ کرتے اور اٹھتے وقت رفع یدین کیا۔

عن وائل بن حجر رضى الله عنه قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم. ثم سجد ووضع وجهه بين كفيه وإذا رفع رأسه من السجود ايضاً رفع يديه۔

(المحلی۔ ج۴۔ ص۲۹۶)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو اپنے چہرہ مبارک کو دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھا اور جب سجدہ سے سر اٹھایا تو بھی رفع یدین کیا۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اقتداء میں نماز پڑھی میں نے دیکھا کہ وہ صرف نماز شروع کرتے وقت پہلی تکبیر کے موقع پر رفع یدین کرتے تھے۔ علامہ ترکمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ سند صحیح ہے۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

۳- علامہ احمد شاکر نے تحقیق ترمذی میں مسند احمد کے حوالہ سے حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث ذکر کی ہے جس میں ہر ہر تکبیر کے وقت رفع یدین کا ذکر ہے ملاحظہ ہو۔

ففی روایة لأحمد من حدیث وائل بن حجر کلما کبر و رفع ووضع وبین السجدتین۔ (ترمذی محقق: ج ۲۔ ص ۴۲)

مسند احمد میں حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر تکبیر ہر اٹھنے بیٹھنے اور سجدوں کے درمیان رفع یدین کرتے تھے۔

آٹھویں حقیقت

ذیل میں حضرات غیر مقلدین کے چند دلائل کی تحقیق اور ان کا پس منظر بیان کیا جاتا ہے جسے انہوں نے اپنے عوام سے اوجھل رکھا ہوا ہے۔

دلیل نمبر ا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرات غیر مقلدین رفع یدین کے مسئلہ میں عموماً حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایات پیش کرتے ہیں۔

تجزیہ

ان روایات کے نقل کرنے والوں میں سب سے پہلا واسطہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں جو ان روایات کا مفہوم اور پس منظر ہم سے زیادہ بہتر سمجھتے تھے، لیکن ان کا اپنا عمل بھی ان روایات پر نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو۔

عن مجاهد رضی اللہ عنہ قال ما رأیت ابن عمر رضی اللہ عنہما یرفع یدیه إلا فی أول ما یفتتح۔ (مصنف بن أبی شیبۃ۔ ج ۱۔ ص ۲۳۷) (وھذا سند صحیح۔ جوھر النقی۔ ج ۲۔ ص ۷۴)

حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

الغرض جب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں خود ان کے ہاں یہ روایات رفع باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۱۲۴) دلیل نمبر ۶، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت

عن الأسود أن ابن مسعود رضی الله عنه كان يرفع يديه فی اول التكبير ثم لا يعود۔ (جامع المسانید۔ ج۱۔ ۳۵۵)

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ یدین کرنے کی بنیاد نہیں تھیں۔ تو بعد کے زمانوں میں ایسی روایات کو رفع یدین کی بنیاد کیونکر بنایا جاسکتا ہے ورنہ اگر یہ روایات اپنے ظاہری مفہوم پر ہوں تو یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک صحابی راوی اپنی ہی بیان کردہ حدیث پر عمل نہ کریں۔

(ب) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایات میں دوسری اہم بات پیش نظر رکھنی چاہئے کہ ان کی تمام روایات کو دیکھنے سے درج مقامات پر رفع یدین کرنا ملتا ہے۔ نماز شروع کرتے ہوئے رکوع کرتے اور اٹھتے وقت سجدہ کرتے اور اٹھتے وقت اور ہر رکعت کے شروع میں۔

عن ابن عمر رضی الله عنه أنه كان يرفع يديه إذا دخل فی الصلوة وإذا ركع وإذا قال سمع الله لمن حمده وإذا سجد وبين الركعتين۔

(المفرد للبخاری۔ المحلی۔ ج۴۔ ص۲۹۷)

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ آپ نماز شروع کرتے وقت رکوع کرتے اور سمع اللہ لمن حمدہ کہتے وقت، سجدہ کرتے وقت اور ہر دو رکعتوں کے درمیان رفع یدین کرتے تھے۔

واضح رہے کہ سند صحیح کے ساتھ ثابت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سجدہ کے وقت رفع یدین کرنا چھوڑ دیا تھا اسی طرح حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ والی روایت صحیحہ سے معلوم ہوا کہ ابتداء نماز کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر موقع پر رفع یدین کرنا چھوڑ دیا تھا۔ اسی لئے ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی تمام روایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے صرف نماز کے شروع میں رفع یدین کرتے ہیں۔

لیکن جب حضرات غیر مقلدین سے پوچھا جاتا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی بعض روایات میں سجدہ کے وقت رفع یدین بھی وارد ہے تو آپ سجدہ کے وقت بھی رفع یدین کیوں نہیں کرتے تو وہ کہتے ہیں صحیح روایت سے ثابت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بال آخر سجدہ کے وقت رفع یدین کرنا چھوڑ دیا تھا۔ لہٰذا ہم بھی سجدہ کے وقت رفع یدین نہیں کرتے۔ اس موقع پر حضرات غیر مقلدین کی خدمت میں بصد آداب عرض ہے کہ صحیح روایت سے یہ بھی ثابت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ابتداء نماز کے علاوہ ہر جگہ رفع یدین کرنا چھوڑ دیا تھا۔ پھر آپ لوگ اس پر بھی کیوں عمل نہیں کرتے؟ (شاید اپنی مسلکی مجبوری کی وجہ سے)۔

الغرض حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی تمام روایات کو پیش نظر رکھے بغیر باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"حضرت اسود فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صرف پہلی تکبیر کے وقت رفع یدین کرتے تھے اور اس کے بعد رفع یدین نہیں کرتے۔"

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ مسئلہ کی حقیقت سمجھ میں نہیں آسکتی۔ لہٰذا آپ کی چند روایات کو لے کر اور باقی کو نظر انداز کر کے رکوع اور تیسری رکعت کے لئے رفع یدین کو ثابت نہیں کیا جاسکتا۔

دلیل نمبر ۲

حضرات غیر مقلدین عموماً بیان کرتے ہیں کہ رکوع وغیرہ کے وقت رفع یدین کی روایات کثیر صحابہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔ چھٹی حقیقت کے ضمن میں ان کے اس پروپیگنڈہ کی حقیقت تو بیان ہو چکی کہ رکوع کے وقت رفع یدین کی روایات پچاس صحابہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں، یہاں ان کے ایک دوسرے اسلوب کی تحقیق عرض کرنا مقصود ہے کہ حضرت ابوحمید ساعدی نے دس صحابہ رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں نماز پڑھی اور اس میں رفع یدین کیا۔ اب حضرات غیر مقلدین تعداد بڑھانے کے لئے اس روایت میں سے دس کے عدد کو لے کر رفع یدین کا عمل نقل کرنے والے دیگر چند صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ شامل کر دیتے ہیں۔

تجزیہ

اگر اسی اسلوب سے تعداد کا اندازہ لگانا ہو تو پھر ملاحظہ ہو کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفۃ المسلمین و امیر المومنین تھے۔ مندرجہ بالا دلائل کے ضمن میں ان کا عمل گزر چکا کہ وہ ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے اور تمام صحابہ رضی اللہ عنہم مختلف اوقات میں ان کی اقتداء میں نماز پڑھتے تھے اور یہ ایک واضح دلیل ہے کہ رفع یدین کے مسئلہ میں جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کا موقف بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ والا تھا کہ صرف نماز کے شروع میں رفع یدین کرنا چاہئے بعد میں نہیں۔ اسی لئے امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

و فعل عمر رضی اللہ عنہ هذا وترك أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم إياه على ذلك دليل صحيح على أن هذا هو الحق الذى لا ينبغى لأحد خلافه۔ (طحاوی۔ رفع الیدین)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا رفع یدین نہ کرنا اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا انہیں اسی عمل پر رہنے دینا ایک واضح دلیل ہے کہ یہی وہ صحیح بات ہے جس کی مخالفت کسی اور کو بھی نہیں کرنی چاہئے۔

باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۱۲۵) دلیل نمبر ۷، خلفائے راشدین اور رفع یدین

نامور محدث علامہ نیموی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مکمل تحقیق کے بعد یہ نتیجہ بیان کرتے ہیں کہ:

وأما الخلفاء الاربعة فلم يثبت عنهم رفع الأيدى فى غير تكبيرة الإحرام۔ (آثار السنن۔ ج۱۔ ص۱۰۹)

"حضرات خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم سے ابتدائی تکبیر کے علاوہ کسی اور جگہ رفع یدین کرنا ثابت نہیں ہے۔"

حضرات انبیاء علیہم السلام کے بعد انسانیت کی بزرگ ترین ہستیاں حضرات خلفائے راشدین ہیں۔ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اتنے سچے متبع تھے کہ آپ نے ان کی سنت کو بھی اپنی سنت کی طرح قابل عمل قرار دیا ہے۔ اب ابتداء نماز کے علاوہ ان کا رفع یدین نہ کرنا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ ان کے نزدیک بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت یہی ہے اور ان کے نزدیک بھی ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین نہ کرنا ہی بہتر ہے۔

(۱۲۶) دلیل نمبر ۸، صحابہ رضی اللہ عنہ کا طرز عمل

قال ابو عيسى حديث بن مسعود حديث حسن وبه يقول

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ

دلیل نمبر ۳

بعض لوگ حضرت سعید رحمۃ اللہ علیہ کی ایک ضعیف و کمزور روایت کا سہارا لے کر یہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رکوع کے وقت رفع یدین کرتے تھے۔

عن سعيد بن المسيب رحمۃ اللہ علیہ قال رأيت عمر بن الخطاب يرفع يديه حذو منكبيه إذا افتتح الصلاة وإذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع۔

تجزیہ

یہ روایت بہت ہی کمزور اور ضعیف ہے چونکہ اس میں ایک راوی رشدین بن سعد ہے اس کی بابت محدثین کا نظریہ ملاحظہ ہو۔

قال ابوزرعة ضعيف قال الجوزجانى عنده مناكير وقال النسائى متروك۔

Marfat.com

غير واحد من أهل العلم من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم والتابعين، وهو قول سفيان وأهل الكوفة۔

(ترمذی۔ رفع الیدین)

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث (متعلقہ عدم رفع یدین) درجہ حسن کی ہے اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے اہل علم حضرات کا یہی مسلک ہے، نیز بہت سے تابعین حضرت سلیمان، حضرت سفیان اور فقہاء کا بھی یہی مسلک ہے۔

علامہ ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ التمہید (شرح موطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ) میں رفع یدین کی بابت حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا طریق کار نقل کرتے ہیں۔

وهما يدل على أن رفع اليدين ليس بواجب ما أخبر به الحسن عن الصحابة أن من رفع منهم لم يعب على من تركه۔ (التمهيد۔ ج۹۔ ص۲۲۶)

"حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی بابت فرماتے ہیں کہ ان میں رفع یدین کے قائلین ان صحابہ رضی اللہ عنہم پر بھی کوئی اعتراض نہیں کرتے تھے۔ جنہوں نے رفع یدین کو چھوڑ دیا تھا اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ رفع یدین کرنا کوئی ضروری نہیں ہے۔"

اس سے معلوم ہوا کہ یہ مسئلہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم میں بھی مختلف فیہ تھا کہ بعض کے نزدیک ابتداء نماز کے علاوہ بھی رفع یدین کرنا بہتر تھا اور بعض کے نزدیک ابتداء نماز کے علاوہ کسی اور جگہ رفع یدین نہ کرنا بہتر تھا۔ نیز اس مسئلہ میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا عملی موقف بھی سامنے آ گیا کہ ان میں سے رفع یدین کے قائلین رفع یدین نہ کرنے والوں پر کوئی اعتراض نہیں کرتے تھے۔

اب اس مسئلہ میں شدت کا پہلو اختیار کرنا اور رفع یدین نہ کرنے والوں پر اعتراض کرنا ان حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم پر بھی اعتراض کرنا ہے۔ نیز جب حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم بھی رفع یدین نہ کرنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم پر کوئی اعتراض نہیں کرتے تھے تو آج کے دور میں جو شخص بھی رفع یدین نہ کرنے والوں پر اعتراض کرے گا وہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم

Marfat.com

کے طریقے سے ہٹا ہوا ہے۔

(۱۲۷) دلیل نمبر ۹، اہل مدینہ اور رفع یدین

استاذ المحدثین امام مالک رحمۃ اللہ علیہ ۹۳ھ میں پیدا ہوئے مرکز علم مدینہ منورہ میں مقیم ہوئے۔ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین رحمۃ اللہ علیہ کا عمل اور احادیث کا عظیم ذخیرہ ان کے سامنے تھا۔ وہ مسائل میں اہل مدینہ کے عمل کو بنیادی اہمیت دیتے تھے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور شاگرد ابن قاسم رحمۃ اللہ علیہ رفع یدین کی بابت ان کا تجزیہ نقل کرتے ہیں۔

ملاحظہ ہو:

قال مالك رحمۃ اللہ علیہ لا أعرف رفع اليدين فی شيءٍ من تكبير الصلوة لا فی خفض ولا فی رفع إلا فی افتتاح الصلوة قال بن قاسم وكان رفع اليدين عند مالك ضعيفاً۔

(المدونۃ الکبری۔ ج ۱۔ ص ۷۱)

"امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نماز کی ابتداء کے علاوہ کسی تکبیر یا اونچ نیچ کے وقت رفع یدین کو نہیں جانتا۔ ابن قاسم فرماتے ہیں کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ ابتدائی تکبیر کے علاوہ رفع یدین کے مسلک کو ضعیف قرار دیتے تھے۔"

(۱۲۸) دلیل نمبر ۱۰، حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد

عن ابراهيم أنه قال لا ترفع الأيدی فی شيءٍ من صلاتك بعد المرة الأولى۔ (جامع المسانید۔ ج ۱۔ ص ۳۵۳)

"حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نماز کے شروع میں رفع یدین کر کے بعد میں کسی جگہ نہ کرو۔"

(۱۲۹) نتائج

اس علمی تحقیق وتجزیہ کے بعد درج ذیل حقائق ثابت ہوئے۔

Marfat.com

نمبر ۱۔ نبوی تعلیمات کی رو سے نماز کے دوران رفع یدین نہ کرنا بہتر ہے، چونکہ خشوع کا تقاضا یہی ہے۔

نمبر ۲۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سفر و حضر کے ساتھی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی نماز کی ابتداء میں رفع یدین کرتے تھے۔ بعد میں نہیں۔

نمبر ۳۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز میں رفع یدین کرنے سے روک دیا تھا۔

نمبر ۴۔ خلیفہ دوم حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور خلیفہ چہارم حضرتِ علی رضی اللہ عنہ کی روایات صحیحہ سے معلوم ہوا کہ خلافت راشدہ میں امت اسلامیہ کے ان ذمہ دار حضرات کے نزدیک بھی رفع یدین نہ کرنا زیادہ صحیح اور راجح تھا، نیز حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا ان کو اسی عمل پر رہنے دینا اس بات کی دلیل ہے کہ جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کا مسلک بھی یہی ہے۔

نمبر ۵۔ خلفائے راشدین سے ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین کرنا ثابت نہیں ہے۔

نمبر ۶۔ خلفائے راشدین کا زمانہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ہے اس دور میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مصلے پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانشینوں کا رفع یدین نہ کرنا اس بات کی واضح علامت ہے کہ ان کے نزدیک بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آخری عمل رفع یدین نہ کرنے کا تھا۔

نمبر ۷۔ رفع یدین کرنے یا نہ کرنے میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا بھی اختلاف تھا، دلائل کی روشنی میں ان حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا مسلک زیادہ وزنی اور راجح ہے جن کے نزدیک رفع یدین نہ کرنا بہتر ہے۔

نمبر ۸۔ سند صحیح سے ثابت ہوا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی ابتداء نماز کے علاوہ رفع یدین نہیں کرتے تھے چونکہ وہ مسئلہ رفع یدین کی صورتِ حال اور اس کے پس منظر سے بخوبی واقف تھے۔ لہٰذا اب رفع یدین کرنے کے لئے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور دوسرے حضرات کی روایات کو پیش نظر نہیں کیا جا سکتا۔

Marfat.com

رکوع

(۱۳۰) قرأت سے فارغ ہوکر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں چلا جائے۔

عن أبي هريرة رضی الله عنه أنه كان يصلی بهم فيكبر كلما خفض ورفع فإذا انصرف قال إني لا شبهكم صلاة رسول الله صلی الله عليه وسلم۔ (بخاری۔ باب اتمام التكبير فی الركوع)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نماز ادا کرتے تو جب بھی (کسی رکن کی ادائیگی کے لئے) اوپر یا نیچے ہوتے تو تکبیر کہتے۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا۔ میری یہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کی طرح ہے۔"

رکوع میں پشت کو سیدھا رکھے

(۱۳۱) جب رکوع میں جائے تو کمر کو سیدھا رکھے، سر کو اس کے برابر رکھے نہ تو اس سے اونچا کرے نہ نیچا کرے۔

عن أبي مسعود الأنصاری رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم لا تجزئ صلاة لا يقيم الرجل فيها يعنی صلبه فی الركوع والسجود۔ حسن صحيح۔

(ترمذی: من لا يقيم صلبه فی الركوع والسجود)

"حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ نماز کافی نہیں جس میں نمازی رکوع میں اپنی کمر کو سیدھا نہ رکھے۔"

رکوع کی مسنون کیفیت

(۱۳۲) تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں جائے کمر اور سر کو برابر رکھے، ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھے، کہنیوں کو جسم سے نہ ملائے، اطمینان سے رکوع کرے۔

Marfat.com

عن سالم البراء أتينا أبا مسعود الانصارى فقلنا له حدثنا عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم : فقام بين ايدينا فى المسجد فكبر فلما ركع وضع يديه على ركبتيه وجعل أصابعه اسفل من ذلك وجافى بين مرفقيه حتى استقر كل شيءٍ منه ثم قال سمع الله لمن حمده فقام حتى استقر كل شيءٍ منه ثم كبر وسجد ووضع كفيه على الارض ثم جا فى بين مرفقيه حتى استقر كل شيءٍ منه ثم رفع رأسه فجلس حتى استقر كل شيءٍ ثم صلى أربع ركعات مثل هذه الركعة فصلى صلاته ثم قال هكذا رأينا رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلى۔

(ابوداؤد: صلوۃ من لا یقیم صلبه فی الرکوع والسجود)

"حضرت سالم البراء فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کی کیفیت بتائیں۔ حضرت ابومسعود مسجد میں ہمارے سامنے کھڑے ہوگئے۔ تکبیر کہی، جب رکوع کیا تو ہاتھوں کو گھٹنوں پر اس طرح رکھا کہ انگلیاں گھٹنوں سے نیچے اور کہنیاں کوکھ سے فاصلہ پر تھیں، تا آنکہ ہر عضو میں ٹھہراؤ پیدا ہوگیا، پھر۔ سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہوئے کھڑے ہوگئے، تا آنکہ ہر عضو میں ٹھہراؤ پیدا ہوگیا۔ پھر تکبیر کہتے ہوئے سجدہ میں گئے، ہاتھوں کو زمین پر رکھا اور کہنیوں کو جسم سے علیٰحدہ رکھا تا آنکہ اعضاء میں ٹھہراؤ پیدا ہوگیا۔ پھر سجدہ سے سر اٹھایا اور بیٹھ گئے۔ تا آنکہ اعضاء میں ٹھہراؤ پیدا ہوگیا۔ اس طرح چار رکعات پڑھ کر نماز مکمل کی، پھر فرمایا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔"

Marfat.com

رکوع کی تسبیح

(۱۳۳) رکوع میں جا کر تین یا پانچ دفعہ تسبیح پڑھے۔

سبحان ربی العظیم۔

"میرا رب جس کی بڑی شان ہے۔ ہر قسم کے عیب سے پاک ہے۔"

عن عقبة بن عامر رضی اللہ عنہ قال لما نزلت فسبح باسم ربك العظيم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اجعلوها فى ركوعكم فلما نزلت سبح اسم ربك الأعلى قال اجعلوها فى سجودكم۔

(وهو صحيح الاسناد: زيلعى ابوداؤد: ما يقول الرجل فى ركوعه)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی۔ "فسبح باسم ربك العظيم" تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس تسبیح کو رکوع میں رکھو اور جب یہ آیت نازل ہوئی۔ "سبح اسم ربك الاعلى" تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس تسبیح کو سجدوں میں پڑھا کرو۔

عن حذيفة أنه صلى مع النبى صلى الله عليه وسلم فكان يقول فى ركوعه سبحان ربى العظيم وفى سجوده سبحان ربى الأعلى۔ (حسن صحيح) (ترمذى: ماجاء فى التسبيح فى الركوع)

"حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ آپ رکوع میں سبحان ربی العظیم اور سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ کہتے تھے۔"

(۱۳۴) تسمیع وتحمید

(الف) پھر سمع اللہ لمن حمدہ کہتے ہوئے سیدھا کھڑا ہو جائے اور ربنا لك الحمد کہے۔

Marfat.com

باجماعت نماز ہوتو امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے اور مقتدی ربنا لك الحمد کہے۔

عن أبي هريرة رضى الله عنه.... وفيه ثم يقول صلى الله عليه وسلم سمع الله لمن حمده حين يرفع صلبه من الركعة ثم يقول وهو قائم ربنا لك الحمد.... الحديث۔

(بخاری: باب التکبیر إذا قام من السجود)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے۔ پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ رکوع سے اٹھتے ہوئے سمع اللہ لمن حمدہ کہتے اور کھڑے ہوکر ربنا لك الحمد کہتے۔"

(ب) ربنا لك الحمد کے بعد حمداً کثیراً طیبًا مبارکًا فیہ پڑھنا مستحب ہے اس کی بڑی فضیلت ہے۔

عن رفاعة الزرقي قال كنا يوماً نصلي وراء النبي صلى الله عليه وسلم فلما رفع رأسه من الركعة قال سمع الله لمن حمده۔ قال رجل ورائه ربنا لك الحمد حمداً كثيراً طيباً مباركًا فيه فلما انصرف قال من المتكلم؟ قال أنا۔ قال رأيت بضعة وثلاثين ملكا يبتدرونها أيهم يكتبها أولاً۔

(بخاری: فضل اللهم ربنا ولك الحمد)

"حضرت رفاعہ زرقی فرماتے ہیں کہ ایک دن ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے جب آپ رکوع سے اٹھے تو سمع اللہ لمن حمدہ کہا، ایک مقتدی نے کہا۔ "ربنا لك الحمد حمداً کثیراً طیبًا مبارکًا فیہ" آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: یہ انوکھی بات کس نے کی؟ ایک شخص نے عرض کیا۔ "جی میں نے" آپ نے فرمایا میں نے تیس (۳۰) سے زائد فرشتوں کو دیکھا کہ وہ ان کلمات کو لکھنے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانا چاہتے تھے۔

Marfat.com

سجدہ

(۱۳۵) پھر تکبیر کہتے ہوئے سجدہ میں چلا جائے۔ سجدہ میں جاتے ہوئے پہلے گھٹنے زمین پر رکھے پھر ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی اور سجدہ سے اٹھتے ہوئے اس کے برعکس دوران سجدہ کہنیوں کو جسم سے علیٰحدہ رکھے۔

عن وائل بن حجر قال رأيت النبى صلى الله عليه وسلم إذا سجد وضع ركبتيه قبل يديه واذا نهض رفع يديه قبل ركبتيه (ترمذی: ماجاء فی وضع الیدین قبل الرکبتین فی السجود)

"حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ سجدہ کرتے تو گھٹنوں کو ہاتھوں سے پہلے زمین پر رکھتے اور اٹھتے وقت گھٹنوں سے پہلے ہاتھ اٹھاتے۔"

سجدہ کی تسبیح

(۱۳۶) سجدہ میں جا کر یہ تسبیح پڑھے

سبحان ربی الأعلی۔

"میرا رب بلند مرتبے والا ہر برائی سے پاک ہے۔"

عن حذيفة رضى الله عنه أنه صلى مع النبى صلى الله عليه وسلم فكان يقول فى ركوعه سبحان ربى العظيم، وفى سجوده سبحان ربى الأعلى۔ (حسن صحيح)

(ترمذی: ماجاء فی التسبیح فی الرکوع)

"حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ نے رکوع میں سبحان ربی العظیم اور سجدہ میں سبحان ربی الأعلی پڑھا۔"

سجدہ میں کہنیاں زمیں پر نہ بچھائے کہ یہ آداب سجدہ کے خلاف ہے۔

عن أنس عن النبى صلى الله عليه وسلم قال اعتدلوا فى

Marfat.com

السجود ولا یبسط احدکم ذراعیه انبساط الکلب۔

(مسلم: الاعتدال فی السجود)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ سجدہ میں اعتدال کرو۔ اور تم میں سے کوئی بھی سجدہ میں کہنیوں کو کتے کی طرح نہ بچھائے۔"

اعضائے سجدہ

(۱۳۷) سجدہ سات اعضاء کو زمین پر لگا دینے کا نام ہے۔ اگر کوئی عضو بھی زمین سے بلند رہے گا تو اسی درجہ میں سجدہ ناقص شمار ہوگا۔ اعضاء سجدہ کا ذکر حدیث میں ہے۔

عن ابن عباس رضی الله عنه قال قال النبی صلی الله علیه وسلم "أمرت أن أسجد علی سبعة اعظم علی الجبهة وأشار بیدہٖ علی انفه والیدین والرکبتین، وأطراف القدمین، ولا نکفت الثیاب والشعر۔

(بخاری: باب السجود علی الانف)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مجھے حکم دیا گیا کہ میں سات ہڈیوں پر سجدہ کروں، پیشانی پر اور آپ نے ناک کی طرف بھی اشارہ کیا، دونوں ہاتھوں پر، دونوں گھٹنوں پر، دونوں پاؤں کی انگلیوں پر اور (ہمیں یہ بھی حکم دیا کہ) ہم نماز میں کپڑوں اور بالوں کو نہ سمیٹیں۔"

(۱۳۸)(الف) دوران سجدہ ہاتھوں کی انگلیوں کو ملا کر زمین پر رکھے، تاکہ ان کا رخ قبلہ کی طرف رہے۔

عن وائل بن حجر أن النبی صلی الله علیه وسلم کان إذا رکع فرج بین اصابعه وإذا سجد ضم أصابعه۔

(حاکم۔ صحیح علی شرط مسلم)

Marfat.com

"حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکوع میں انگلیوں کو کھول کر رکھتے اور سجدہ میں انگلیوں کو ملا کر رکھتے۔"

(ب) ہتھیلیاں کندھوں کے برابر رکھے کہ انگوٹھے کانوں کی لَو کے برابر رہیں۔ چونکہ اس طرح دونوں قسم کی روایات پر عمل ہو جائے گا۔

۱- عن أبی حمید الساعدی أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان إذا سجد امکن أنفه وجبهته الارض نحی یدیه عن جنبه ووضع کفیه حذو منکبیه۔ (ترمذی: ما جاء فی السجود علی الجبهة والأنف)

"ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ میں ناک اور پیشانی کو خوب ٹکا کر رکھتے اور ہاتھ کندھوں کے برابر رکھتے۔"

۲- عن أبی اسحاق قال قلت للبراء بن عازب أین کان النبی صلی اللہ علیه وسلم یضع وجهه إذا سجد؟ فقال بین کفیه۔

(حسن) (ترمذی: ما جاء این یضع الرجل وجهه)

"حضرت ابواسحاق نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے چہرۂ انور کو سجدہ میں کہاں رکھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: دونوں ہاتھوں کے درمیان۔"

جلسہ

(۱۳۹) پھر تکبیر کہتا ہوا سیدھا بیٹھ جائے، اس دوران یہ دعا پڑھنا مستحب ہے۔

اللّٰھم اغفرلی، وارحمنی، واجبرنی، واھدنی، وارزقنی۔

(ترمذی: ما یقول بین السجدتین)

پھر تکبیر کہتے ہوئے دوسرا سجدہ کرے۔ اب ایک رکعت مکمل ہو گئی۔

قیام

(۱۴۰)(الف) دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر پھر دوسری رکعت کے لئے سیدھا کھڑا ہو جائے چونکہ یہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے اور اسلافِ امت کا اجماع اس پر ہے کہ

Marfat.com

جلسۂ استراحت نہ کرے۔

عن ابن سهل الساعدی وفیه، ثم کبر فسجد ثم کبر فقال ولم یتورك صححه النیموی۔

(ابوداؤد: من ذکر التورك فی الرابعة)

"حضرت سہل کے صاحبزادے سعد ساعدی کی روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تکبیر کہہ کر سجدہ کیا پھر تکبیر کہہ کر بیٹھے بغیر سیدھے کھڑے ہو گئے۔"

(ب) عمل صحابہ رضی اللہ عنہم

حضرت عبدالرحمن بن یزید رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی بابت فرماتے ہیں:

"فرأیته، ینهض علی صدور قدمیه ولا یجلس إذا صلی فی أول رکعة حین یقضی السجود۔"

(بیهقی: من قال یرجع علی صدور قدمیه)

"کہ میں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ پہلی رکعت میں بیٹھتے نہ تھے، بلکہ سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے۔ نیز حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما وغیرہم کا بھی یہی عمل تھا کہ آپ بغیر بیٹھے سیدھے کھڑے ہو جاتے۔" (جوہر النقی۔ ج ۲۔ ص ۱۲۵)

شارح بخاری ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں:

عن النعمان بن ابی عیاش: أدرکت غیر واحد من أصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم فکان أحدهم إذا رفع رأسه من السجدة الثانیة من الرکعة الأولی والثالثة نهض کما هو ولم یجلس۔ (الدرایة۔ ج ۱۔ ص ۱۴۷)

"حضرت نعمان بن ابی عیاش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بہت سے

Marfat.com

حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کو دیکھا کہ وہ پہلی اور تیسری رکعت میں دوسرے سجدے سے اٹھتے تو بیٹھے بغیر سیدھے کھڑے ہوجاتے تھے۔"

اور یہی منقول ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے۔ (زیلعی: نصب الرأیۃ۔ ج۱۔ص۳۸۹)

(ج) اجماع امت

اسلاف امت کا اجماع واتفاق اس بات پر ہے کہ پہلی اور تیسری رکعت کے بعد بیٹھے بغیر سیدھا کھڑا ہوجانا چاہئے۔

اجمعوا أنه إذا رفع رأسه من آخر سجدة من الركعة الأولى والثالثة نهض ولم يجلس إلا الشافعي.

(جوهر النقي۔ ج۲۔ص۱۲۶)

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے سوا تمام اسلاف کا اجماع ہے کہ پہلی اور تیسری رکعت میں دوسرے سجدہ کے بعد سیدھا کھڑا ہوجائے۔ ◆1

◆1 جلسہ استراحت کوئی مسنون عمل نہیں۔ ذخیرہ احادیث میں جن صحابہ رضی اللہ عنہم نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی کیفیت بیان کی۔ ان میں جلسہ استراحت کا ذکر نہیں ملتا۔

البتہ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ جلسہ استراحت فرماتے تھے، جب کہ دوسری روایت میں ہے کہ جلسہ استراحت نہیں فرماتے تھے۔

امام طحاوی اس مضمون کی تمام احادیث کو پیش نظر رکھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

فلما تخالف الحديثان احتمل أن يكون ما فعله في حديث مالك بن الحويرث لعلة كانت به فقعد من أجلها لا لأنه ذلك من سنة الصلوٰة وقال ولو كانت هذا الجلسة مقصودة لشرع لها ذكر مخصوص

کہ جب دونوں حدیثوں میں بظاہر اختلاف معلوم ہوتا ہے تو اس کا حل یہی ہے کہ آپؐ نے کسی خاص ذاتی کیفیت کی وجہ سے یہ جلسہ فرمایا ہوگا نہ اس لئے کہ یہ نماز کی سنت ہے اور اگر یہ جلسہ نماز میں مطلوب ہوتا تو خاص طور پر اس کا علیٰحدہ تذکرہ ضرور ہوتا۔

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کے اس فرمان کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

دوسری رکعت کو پہلی رکعت کی طرح مکمل کرے بس اس میں ثناء، تعوذ نہ پڑھے۔، صرف سورۃ فاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھ کر رکوع وسجدہ کرے۔

قعدہ (بیٹھنا)

(۱۴۱) دوسری رکعت میں دونوں سجدوں کے بعد تشہد کے لئے بیٹھ جائے بیٹھنے کی مسنون ترکیب ملاحظہ ہو۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ آپ نے خود یہ فرمایا کہ بڑھاپے کے سبب اب میں جسیم ہوگیا ہوں۔ لہٰذا اسی دور میں اس خاص کیفیت کے پیش نظر پہلے بیٹھ کر پھر کھڑے ہوتے تھے۔

ملاحظہ ہو:

عن معاوية بن أبي سفيان رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم لا تبادرونی بالركوع ولا بالسجود فمهما اسبقكم به إذا ركعت تدركونی به إذا رفعت ومهما اسبقكم إذا سجدت تدركونی به إذا رفعت إنی قد بدنت.(ابن ماجه:النهی أن يسبق الامام بالركوع)

علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ اس مضمون کی جملہ روایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ولو كان هديه صلی الله عليه وسلم وفعلها دائما لذكرها كل واصف لصلاته ومجرد فعله صلی الله عليه وسلم لا يدل على أنها من سنن الصلاة الا إذا علم أنه جعلها سنة يقتدیٰ به فيها وأما إذا قدر أنه فعلها للحاجة لم يدل على كونها سنة من سنن الصلوة۔

(ملخص زاد المعاد۔ ج ۱۔ ص ۲۴۰)

اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ ہمیشہ جلسہ استراحت کی ہوتی تو یقیناً ہر وہ شخص اس کا ذکر کرتا جس نے آپ کی نماز کی کیفیت بیان کی ہے اور فقط آپ کا یہ عمل کر لینا اس پر دلالت نہیں کرتا کہ یہ نماز کی سنت ہے۔ إلا یہ کہ جب معلوم ہو کہ آپ نے یہ عمل بطور سنت کیا ہے تاکہ لوگ بھی ایسا کریں۔ البتہ جب یہ معلوم ہو کہ آپ نے یہ عمل سی ذاتی ضرورت کے پیش نظر کیا ہے پھر تو اس سے قطعاً یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ نماز کی سنتوں میں سے ایک ہے۔

الغرض اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ: ذخیرہ احادیث میں جلسہ استراحت کا ذکر ایک مسنون عمل کی حیثیت سے نہیں ملتا، چونکہ آخری عمر میں جلسہ استراحت کرنا ایک ذاتی کیفیت بڑھاپے کی وجہ سے تھا، اس لئے امت کا اجماع ہے کہ یہ جلسہ سنت نہیں ہے۔

Marfat.com

عن عائشة رضی الله عنها وفيه وكان يقول فی كل ركعتين التحية وكان يفرش رجله اليسرى وينصب رجله اليمنى..... الحديث (مسلم : صفة الصلوة)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ ہر دو رکعتوں کے بعد التحیات کے لئے بیٹھنا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا بایاں پاؤں بچھاتے تھے اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھتے تھے۔"

تشہد

(۱۴۲) قعدہ میں یہ تشہد پڑھے:

التحيات لله والصلوات والطيبات السلام عليك ايها النبی ورحمة الله وبركاته السلام علينا وعلى عباده الله الصالحين، اشهد ان لا إله إلا الله واشهد ان محمداً عبده ورسوله۔

"سب زبانی عبادتیں، سب بدنی عبادتیں اور سب مالی عبادتیں صرف اللہ کے لئے ہیں اے نبی! آپ پر سلام ہو، اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ بندگی کے لائق صرف اللہ تعالیٰ ہے اور اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔"

عن عبدالله قال كنا نقول خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم السلام على الله السلام على فلان ، فقال لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم إن الله هو السلام فإذا قعد أحدكم فی الصلوٰة فليقل! التحيات لله والصلوات والطيبات السلام عليك ايها النبی ورحمة

Marfat.com

الله وبركاته السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين، فإذا قالها أصابت كل عبدالله صالح فى السماء والارض اشهد ان لا إله إلا الله واشهد ان محمداً عبده ورسوله۔ ثم يتخير من المسألة ماشاء۔

(مسلم: التشهد فى الصلاة۔ بخارى: التشهد فى الاخرة)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز میں ہم پڑھا کرتے اللہ پر سلامتی ہو، فلاں پر سلامتی ہو، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ تو خود ہی سلامتی ہے۔ جب تم نماز میں بیٹھو تو یہ پڑھا کرو۔

التحیات للہ والصلوات والطیبات۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر جو دعا چاہے مانگے۔

انگلی کا اشارہ

(۱۴۳) انگوٹھے کے پاس والی انگلی کو شہادت کی انگلی کہتے ہیں، چونکہ جب نمازی نماز میں اپنی زبان سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دیتا ہے تو یہ انگلی بھی یہی شہادت دیتی ہے۔ لہٰذا جب اشهد أن لا إله پر پہنچے تو ہاتھ کی بڑی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنائے۔ شہادت کی انگلی سے اشارہ کرے اور الا الله پر انگلی کو نیچے کرے اور یہ حلقہ آخر تک بنائے رکھے۔

عن عبدالله بن الزبير رضى الله عنهما قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قعد يدعو وضع يده اليمنى على فخذه اليمنى ويده اليسرى على فخذه اليسرى وأشار باصبعه السبابة ووضع ابهامه على اصبعه الوسطى ويلقم كفه اليسرى ركبته۔ (مسلم: صفة الجلوس فى الصلاة)

"حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب دعا کے لئے بیٹھتے تو دائیں ہاتھ کو دائیں ران پر رکھتے اور بائیں ہاتھ کو بائیں ران پر رکھتے اور اپنی شہادت کی انگلی سے اشارہ

Marfat.com

کرتے ❶ اور انگوٹھے کو درمیانی انگلی سے ملا لیتے۔"

قیام

(۱۴۴) اب اگر تین یا چار رکعت والی نماز ہو تو تشہد کے بعد سیدھا کھڑا ہو جائے اور حسب سابق باقی تمام نماز مکمل کرے، البتہ فرائض کی تیسری چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد کوئی اور سورۃ نہ ملائے۔ سنن و نوافل میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ بھی ملائے۔

عن عبداللہ بن أبی قتادۃ عن أبیہ أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرأ فی الظھر فی الأولیین بأم الکتاب وسورتین فی الرکعتین الاخریین بأم الکتاب، ولیسمعنا الایۃ..... الحدیث (بخاری: یقرأ فی الأخریین بفاتحۃ الکتاب)

حضرت عبداللہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ اور دو سورتیں پڑھتے تھے اور آخر

---

❶ بعض لوگ انگلی سے اشارہ کے بجائے انگلی کو ہلاتے رہتے ہیں۔ شاید ان کی نظر صرف اس حدیث پر ہو۔

عن وائل بن حجر---------- وفیہ، ثم قبض ثلاثۃ من أصابعہ وحلق حلقۃ ثم رفع اصبعہ فرأیتہ یحرکھا یدعوبھا.

حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین انگلیوں کو ملا کر حلقہ بنایا ایک کو اٹھایا۔ میں نے دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو ہلاتے دعا کرتے۔

عن عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یشیر باصبعہ إذا دعا لا یحرکھا.

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا پڑھتے تو انگلی سے اشارہ کرتے تھے اس کو ہلاتے نہیں تھے۔ اب جو لوگ اشارہ میں انگلی کو ہلاتے ہیں بزعم خویش وہ پہلی حدیث پر عمل کرتے ہیں، لیکن دوسری کا خلاف کرتے ہیں۔

حالانکہ اس مضمون کی تمام احادیث پیش نظر رہنی چاہئیں۔ اسی لئے امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

یحتمل أن یکون مرادہ بالتحریک الاشارۃ بھا لا تکریر تحریکھا فیکون موافقاً لروایۃ ابن الزبیر. (سنن بیھقی)

"کہ حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی حدیث میں تحریک سے مراد اشارہ ہے نہ کہ اس کو ہلاتے ہی رہنا۔ اس طرح وہ حدیث بھی حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ کی حدیث کے موافق ہو جائے گی۔"

Marfat.com

دو رکعتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھتے تھے اور کبھی ایک آیت ہمیں بھی سناتے۔

درود شریف

(۱۴۵) اگر دو رکعت والی نماز ہو تو تشہد کے بعد درود شریف پڑھے۔ اگر تین یا چار رکعت والی نماز ہو تو تیسری یا چوتھی رکعت پڑھ کر آخری قعدہ میں تشہد کے بعد درود شریف پڑھے۔

اللّٰھم صلی علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم إنك حمید مجید، اللھم بارك علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انك حمید مجید۔

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملاحظہ ہو:

عن کعب بن عجرۃ وفیہ۔۔۔۔قال: قولوا "اللّٰھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انك حمید مجید۔ اللھم بارك علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم إنك حمید مجید۔ (بخاری: کتاب احادیث الانبیاء (باب))

"حضرت کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ تم یہ کہا کرو۔ ترجمہ: اے اللہ، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر رحمت بھیج، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر رحمت بھیجی۔ یقینا تو تعریف والا بزرگی والا ہے۔ اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر برکت نازل فرما۔ جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر برکت نازل کی۔ یقینا تو تعریف والا بزرگی والا ہے۔"

Marfat.com

دعا

(۱۴۶)(الف) درود کے بعد مسنون دعاؤں میں سے جو دعا چاہے مانگ سکتا ہے۔ ایک سے زائد دعائیں بھی مانگ سکتا ہے۔

ارشادِ نبوی ہے:

ثم یتخیر من المسئلة ماشاء (مسلم)

''پھر جو دعا چاہے مانگ لے۔''

(ب) دعاءِ ابراہیمی

رب اجعلنی مقیم الصلوة ومن ذریتی ربنا وتقبل دعاء ربنا اغفرلی ولوالدیّ وللمؤمنین یوم یقوم الحساب۔

(سورۃ ابراھیم: ۴۰،۴۱)

"اے رب مجھ کو اور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا، اے رب ہماری دعا قبول کر، اے رب قیامت کے دن مجھے اور میرے ماں باپ اور تمام مومنوں کو معاف کر۔"

(ج) ربنا آتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار۔

(سورہ بقرۃ:۲۰۱)

"اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں نعمت دے اور آخرت میں ثواب دے اور دوزخ کی آگ سے بچا۔"

(د) عن أبي بكر الصديق رضی الله عنه انه قال لرسول الله صلى الله عليه وسلم علمنی دعاءً أدعو به فی صلاتی قال ''قل'' اللّٰهم إنی ظلمت نفسی ظلماً كثيراً ولا يغفر الذنوب إلا انت فاغفرلی مغفرة من عندك وارحمنی انك انت الغفور الرحيم۔ (بخاری: باب الدعاء قبل السلام)

"حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا

Marfat.com

کہ مجھے کوئی ایسی دعا سکھائیں جو نماز میں مانگا کروں، آپ نے فرمایا۔ ''یہ دعا مانگا کرو۔''

ترجمہ! ''اے اللہ میں نے تو اپنے آپ پر بہت ظلم کیا اور گناہوں کو بخشنے والا ترے سوا کوئی ہے نہیں بس اپنے خاص فضل وکرم سے میری مغفرت کر دیجئے اور میرے ساتھ مزید رحم کا معاملہ کیجئے، یقینا صرف تو ہی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔''

سلام

(۱۴۷) درود شریف کے بعد دعا مانگ کر دائیں اور بائیں طرف منہ موڑتے ہوئے کہے۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ تم پر اللہ کی رحمت اور سلام ہو۔

عن عامر بن سعد عن أبيه قال كنت أرى رسول الله صلى الله عليه وسلم يسلم عن يمينه وعن يساره حتى أرى بياض خده۔ (مسلم: السلام التحليل من الصلوة عند فراغها)

''حضرت عامر کے والد فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھتا کہ آپ دائیں بائیں سلام پھیرتے ہیں حتیٰ کہ میں آپ کے رخسار مبارک کی سفیدی کو بھی دیکھتا۔''

عن ابن مسعود رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم أن كان يسلم عن يمينه وعن يساره السلام عليكم ورحمة الله، السلام عليكم ورحمة الله۔ (حسن صحيح) (ترمذی: ماجاء فی التسليم فی الصلوة)

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم السلام علیکم ورحمۃ اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے دائیں اور بائیں طرف سلام پھیرتے۔''

Marfat.com

امام لوگوں کی طرف متوجہ ہو

(۱۴۸) اگر باجماعت نماز ہوتو امام کو چاہئے کہ سلام پھیرنے کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھے۔

عن سمرة بن جندب قال كان النبى صلى الله عليه وسلم إذا صلى صلوة اقبل علينا بوجهه۔

(بخاری: يستقبل الإمام الناس إذا سلم)

"حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے فارغ ہوکر ہماری طرف متوجہ ہوکر بیٹھتے۔"

مسنون تسبیح

(۱۴۹) نماز سے فارغ ہوکر ان مسنون تسبیحات کا پڑھنا بہت فضیلت کا باعث ہے۔

عن أبي هريرة رضى الله عنه أن فقراء المهاجرين أتوارسول الله عليه وسلم فقالوا ذهب أهل الدثور بالدرجات العلى والنعيم "بمقيم،فقال وما ذاك،قالوا يصلون كما نصلى، يصومون كما نصوم ويتصدقون ولا نصدق ويعتقون ولا نعتق فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أفلا أعلمكم شيئاً تدركون به من سبقكم وتسبقون به من بعدكم ولا يكون أحد افضل منكم،الا من صنع مثل ما صنعتم،قالوا بلى يا رسول الله صلى الله عليه وسلم قال تسبحون وتكبرون وتحمدون دبر كل صلاة ثلاثاًوثلاثين مرة، قال أبو صالح فرجع فقراء المهاجرين إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا سمع اخواننا أهل الاموال بما فعلنا فصنعوا مثله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ذلك فضل الله يؤتيه من

Marfat.com

یشاء۔ (مسلم: استحباب الذکر بعد الصلاۃ)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں فقراء مہاجرین حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مالدار لوگ تو اعلیٰ درجات اور جنت کی نعمتوں میں ہم سے سبقت لے گئے۔ آپ نے پوچھا کہ وہ کیسے؟ انہوں نے عرض کیا کہ نماز روزہ میں وہ ہمارے ساتھ شریک ہیں لیکن وہ مالی خیرات کرتے ہیں جو ہم نہیں کر سکتے اور غلام خرید کر آزاد کرتے ہیں جو ہم نہیں کر سکتے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں ایسی چیز بتاؤں کہ جس سے تم بھی سبقت لے جانے والوں کے برابر ہو جاؤ اور اپنے بعد والوں کے علاوہ اور کوئی تم سے افضل نہ رہے۔ انہوں نے عرض کیا، ضرور آپ نے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد سبحان اللہ، الحمد اللہ، اللہ اکبر ۳۳ بار پڑھا کرو۔"

حضرت ابوصالح کہتے ہیں کہ کچھ عرصہ بعد پھر فقراء مہاجرین بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہمارے مالدار بھائیوں نے بھی ہماری طرح یہ عمل شروع کر دیا، ارشاد ہوا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے وہ جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔

عن کعب بن عجرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال معقبات لا یخیب قائلھن أو فاعلھن، ثلاث وثلاثون تسبیحۃ، وثلاث وثلاثون تحمیدۃ، وأربع وثلاثون تکبیرۃ دبر کل صلاۃ۔ (مسلم: استحباب الذکر بعد الصلاۃ)

"حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ "ہر نماز کے بعد یہ تسبیحات پڑھنے والا کبھی ناکام نہیں ہوگا۔ (ہمیشہ کامیاب ہوگا)"

سبحان اللہ	۳۳ دفعہ
الحمد للہ	۳۳ دفعہ
اللہ اکبر	۳۴ دفعہ

Marfat.com

دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا

(۱۵۰) نماز کے بعد دعا کی قبولیت کا وقت ہے اس وقت ربّ ذوالجلال کے حضور ہر قسم کی دعا کرسکتا ہے، عربی میں ہو یا اپنی زبان میں بس اس دعا کو سمجھ کر اخلاص اور حضوریٔ قلب کے ساتھ کرنا چاہئے۔ اس وقت دعا کرنا مستحب ہے جو نماز کا لازمی ◆1 حصہ نہیں ہے۔

عن سلمان الفارسی رضی الله عنه قال إن الله حی کریم یستحی أن یرفع الرجل إلیه یدیه أن یردهما صفراً (ترمذی)

"حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ حیا کرنے والا ہے کریم ہے جب بندہ اللہ کی طرف ہاتھ اٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو حیا آتی ہے کہ وہ اس ہاتھ کو خالی واپس کریں۔"

عن محمد بن ابی یحیی قال رأیت عبد الله بن الزبیر ورأی رجلاً رافعاً یدیه یدعو قبل ان یفرغ من صلاته فلما فرغ منها قال إن رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یکن یرفع

◆1 فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے کی بابت بعض لوگ افراط وتفریط کا شکار ہیں۔ بعض تو اس کو نماز کا ایک جز شمار کرتے ہیں جب کہ کچھ اور لوگ اس کو ناجائز اور بدعت کہتے ہیں حالانکہ:

(الف) حافظ عبداللہ روپڑی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر جو دعا مانگی جاتی ہے وہ شرعاً درست ہے۔"

(عبداللہ روپڑی: فتاویٰ اہل حدیث ج ۲ ص ۱۹۰)

(ب) نیز میاں نذیر حسین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"صاحب فہم پر مخفی نہیں کہ بعد نماز فرائض کے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا جائز مستحب ہے اور زید مخطی ہے (جو اس کو بدعت کہتا ہے۔) (نذیر حسین رحمۃ اللہ علیہ: فتاویٰ نذیریہ ج ۱ ص ۵۶۶)

(ج) نیز مولانا ثناء اللہ امرتسری فرماتے ہیں:

"بعد نماز کے ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا بعض روایات میں ثابت ہے۔

(ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ فتاویٰ ثنائیہ ج ۱ ص ۵۲۷)

Marfat.com

یدیه حتی یفرغ من صلاته رواه الطبرانی ورجاله ثقات۔

(مجمع الزوئد۔ ج۱۰۔ ص۱۶۹)

"حضرت محمد بن ابی یحییٰ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ نماز مکمل کرنے سے پہلے ہی ہاتھ اٹھا کر دعا مانگ رہا ہے۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ نماز سے فارغ ہو کر ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے تھے۔ (اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔)"

عن سلمان رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما رفع قوم اکفهم إلی الله عزوجل یسألونه شیئاً الا کان حقاً علی الله أن یضع فی ایدیهم الذی سألوا۔ رواه الطبرانی ورجاله رجال الصحیح۔

(مجمع الزوائد۔ ج۱۰۔ ص۱۶۹)

"حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب بھی کچھ لوگ اجتماعی طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے ہیں تو اللہ ضرور ان کے ہاتھوں میں وہ چیز ڈال دیتے ہیں جو انہوں نے مانگی ہے۔"

عن أبی أمامة رضی الله عنه قیل لرسول الله صلی الله علیه وسلم ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الآ خر ودبر الصلوت المکتوبات۔ (حسن) (ترمذی: کتاب الدعوات)

"حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ رات کے آخری حصہ کی دعا اور فرض نمازوں کے بعد کی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے۔"

پہلی حدیث سے معلوم ہوا کہ ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

Marfat.com

دوسری روایت سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے تھے۔

تیسری حدیث سے معلوم ہوا کہ اجتماعی دعا قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

چوتھی حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز کے بعد قبولیت دعا کا وقت ہے اسے ضائع نہ کرنا چاہئے۔

مسنون دعائیں

(۱۵۱) عن ثوبان رضی الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا انصرف من صلاته استغفر ثلاثا وقال "اللهم أنت السلام ومنك السلام تباركت ذاالجلال والإكرام۔ (مسلم: استحباب الذكر بعد الصلوة)

"حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز سے فارغ ہوتے تو تین دفعہ استغفار پڑھتے اور پھر فرماتے۔

اللّٰهم أنت السلام ومنك السلام تباركت ذاالجلال والإكرام۔"

دعا کرنے کا طریقہ

(۱۵۲) دعا کے شروع و آخر میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنا چاہئے۔ انہماک توجہ حضوریٔ قلب کے ساتھ گڑگڑا کر دعا مانگنی چاہیے اور اس یقین کے ساتھ دعا مانگنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعاؤں کو سن رہا ہے اور قبول کرتا ہے وہی مشکلات کو حل کرتا ہے۔ پریشانیوں کو رفع کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی دعاؤں کو سننے والا، ان کو قبول کرنے والا اور مشکلات کو حل کرنے والا نہیں ہے۔

عن عبدالله قال كنت أصلي والنبي صلى الله عليه وسلم وأبوبكر وعمر معه فلما جلست بدأت بالثناء على الله ثم الصلوة على النبي صلى الله عليه وسلم دعوت لنفسي

Marfat.com

فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم : سل تعطہ، سل تعطہ۔

(حسن صحیح) الصلاۃ والسلام قبل الدعاء (ترمذی)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما تھے۔ جب میں نماز پڑھ کر بیٹھ گیا تو میں نے اللہ تعالیٰ کی ثنا بیان کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھا پھر اپنے لئے دعا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اب اللہ تعالیٰ سے مانگ تجھے دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ سے مانگ تجھے دیا جائے گا۔"

(الف) سجدۂ سہو

(۱۵۳) اگر نماز کے فرائض میں سے کوئی فرض بھولے سے پہلے ادا ہو جائے یا اسکی ادائیگی میں کچھ تاخیر ہو جائے یا کوئی واجب چھوٹ جائے یا رکعتوں کی صحیح تعداد بھول جائے، تو سجدہ سہو کر لینے سے نماز صحیح ہو جائے گی اور اگر جان بوجھ کر ایسا کیا تو نماز ٹوٹ جائے گی اور نئے سرے سے ادا کرنی پڑے گی۔

(ب) سجدۂ سہو کا طریقہ

قعدہ اخیرہ میں تشہد کے بعد ایک طرف سلام پھیر کر دو سجدے کرے، پھر تشہد درود شریف و دعا پڑھ کر سلام پھیر دے۔

عن عبداللہ رضی اللہ عنہ: قال السھو أن یقوم فی قعود، أویقعد فی قیام أو یسلم فی الرکعتین، فإنہ یسلم ثم یسجد سجدتی السھو، ویتشھد ویسلم۔

(طحاوی: باب سجود السھو فی الصلوۃ)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بھول یہ ہے کہ نمازی بیٹھنے کی بجائے کھڑا ہو جائے یا کھڑا ہونے کے بجائے بیٹھ جائے یا (تین چار رکعت والی نماز میں) دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دے، تو ایسا شخص

Marfat.com

سلام پھیرنے کے بعد دوسجدے کرے پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرے۔"

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما انس رضی اللہ عنہ حضرت سعد بن أبی وقاص رضی اللہ عنہ وغیرہم حضرات سے بھی سلام کے بعد سجدہ سہو منقول ہے۔(طحاوی :باب سجود السھو فی الصلاۃ)

عن عبداللہ رضی اللہ عنہ أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی الظھر خمسا فقیل لہ:أزید فی الصلوٰۃ فقال وماذاك قال صلیت خمساً فسجد سجدتین بعد ما سلم۔

(بخاری : باب إذا صلی خمساً)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر کی پانچ رکعات پڑھ لیں تو آپ سے عرض کیا گیا کیا نماز میں اضافہ ہو گیا ہے؟ آپ نے فرمایا۔کیا ہوا؟ عرض کیا کہ آپ نے پانچ رکعتیں پڑھی ہیں،تو آپ نے سلام پھیرنے کے بعد سجدۂ سہو فرمایا۔"

عن عمران بن الحصین رضی اللہ عنہ۔قال سلم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ثلاث رکعات من العصر ثم قام فدخل الحجرۃ فقام رجل بسیط الیدین فقال أقصرت الصلوۃ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخرج مغضباً فصلی الرکعۃ التی کان ترك ثم سلم ثم سجد سجدتی السھو ثم سلم۔ (مسلم:السھو فی الصلاۃ والسجود لہ)

"حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عصر کی تین رکعات پڑھ کر سلام پھیر دیا پھر آپ اٹھے اور کمرہ میں چلے گئے تو ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا۔"یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا نماز میں تخفیف ہو گئی؟ تو آپ اسی غصہ کی حالت میں واپس آئے اور متروکہ رکعت ادا کی۔پھر سلام پھیر کر سجدہ سہو

Marfat.com

کیا، پھر سلام پھیرا۔"

عن عمران بن الحصين رضى الله عنه أن النبى صلى الله عليه وسلم صلى بهم فنسيها فسجد سجدتين ثم تشهد ثم سلم۔ (صححه الحاكم)۔

(ابو داؤد: سجدتی السهو فیهما تشهد وتسلیم)

"حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب کے ساتھ نماز پڑھی اور اس میں کچھ بھول گئے، تو آپ نے دو سجدۂ سہو کر کے تشہد پڑھی۔ پھر سلام پھیرا۔"

ان روایات سے معلوم ہو گیا کہ سجدۂ سہو سلام کے بعد ہے اور سجدۂ سہو کے بعد پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرا جاتا ہے۔

عمل صحابہ رضی اللہ عنہم

شیخ ابو بکر ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۵۸۴ھ لکھتے ہیں:

وقد روى عن النبى صلى الله عليه وسلم سجود السهو بعد السلام من غير وجهٍ وهو فى حديث عمران بن حصين وأبى هريرة وعبد الله بن جعفر والمغيرة بن شعبة وثوبان قد اختلف اهل العلم فى هذا الباب على أربعة أوجهٍ فطائفة رأت السجود كله بعد السلام عملاً بهذا الحديث وممن روينا ذلك عنه من الصحابة على بن أبى طالب، وسعد بن أبى وقاص وعبد الله بن مسعود وعمار بن ياسر وعبد الله بن عباس وعبدالله بن الزبير رضى الله عنهم ومن التابعين الحسن وابراهيم النخعى وعبد الرحمن بن أبى ليلى والثورى والحسن بن صالح وابو حنيفة واهل الكوفة۔

(همدانى: الإعتبار فى الناسخ والمنسوخ من الأثار ص ۸۵)

"سلام کے بعد سجدۂ سہو کرنا آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مختلف طریقوں

Marfat.com

سے منقول ہے جیسا کہ حضرت عمران وأبی ہریرۃ وعبداللہ بن جعفر ومغیرۃ وثوبان رضی اللہ عنہم سے منقول احادیث میں ہے اور اس مسئلہ میں حضراتِ علماء سے چار قسم کے اقوال منقول ہیں۔ پہلا یہ ہے کہ مندرجہ بالا احادیث پر عمل کرتے ہوئے تمام سجدۂ سہو سلام کے بعد کئے جائیں اور جن حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے یہی منقول ہے وہ یہ ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما، حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما اور حضرات تابعین میں یہی منقول ہے، حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ حضرت ثوری رحمۃ اللہ علیہ حضرت حسن بن صالح رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ودیگر اہل کوفہ سے۔"

۱- جب امام بھول جائے

(۱۵۴) اگر باجماعت نماز میں امام سے کوئی غلطی ہوجائے تو مقتدی کو چاہئے کہ امام کو متنبہ کرنے کے لئے بلند آواز سے سبحان اللہ کہے تاکہ وہ صحیح کیفیت پر لوٹ آئے اور اگر مقتدی عورتوں کی توجہ پہلے اس غلطی کی طرف ہوجائے تو ان کو چاہئے کہ ہاتھ کو ہاتھ پر ماریں تاکہ اس آواز سے امام کو تنبیہ ہوجائے اور منہ سے آواز نہ نکالیں کیونکہ ان کی آواز کا بھی پردہ ہے۔

عن أبي هريرة رضى الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم التسبيح للرجال والتصفيق للنساء۔

(مسلم : تسبيح الرجل وتصفيق امرأة)

"حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تسبیح مردوں کے لئے ہے اور عورتوں کے لئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ہے۔"

عن سهل بن سعد عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال

Marfat.com

من نابه شيئٌ فی صلاته فليقل سبحان الله انما التصفيح للنساء والستبيح للرجال۔ (طحاوی : الکلام فی الصلاۃ...)

"حضرت سہل سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب نماز (کی ترتیب) میں کوئی اور چیز آ جائے تو مقتدی کو سبحان اللہ کہنا چاہئے چونکہ ہاتھ پر ہاتھ مارنا عورتوں کے لئے ہے مردوں کے لئے تو (زبان سے) سبحان اللہ کہنا ہے۔"

سجدۂ سہو کی چند صورتیں

(۱۵۵)(الف) قعدۂ اولیٰ چھوٹ جانے پر سجدۂ سہو: جو شخص بھول کر قعدۂ اولیٰ نہ کرے، تو اگر کھڑے ہونے سے پہلے پہلے یاد آئے تو بیٹھ جائے، اگر کھڑے ہونے کے بعد یاد آئے تو اب بیٹھے نہیں نماز کے آخر میں سجدۂ سہو کر لے۔

عن عبد الله أنهٗ قال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم قام من اثنتين من الظهر لم يجلس بينهما فلما قضى صلوته سجد سجدتين ثم سلم بعد ذلك۔

(بخاری : ما جاء فی السهو إذا قام)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں بیٹھے بغیر کھڑے ہو گئے۔ پھر جب آپ نے نماز پوری کر لی تو سجدۂ سہو کیا اور پھر سلام پھیرا۔"

(ب) رکعات کی تعداد میں شک آنے پر سجدہ

عن أبي سعيد الخدری رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا شك احدكم فی صلاته فليلغ الشك وليبن على اليقين، فإذا استيقن التمام سجد سجدتين، فإن كانت صلوته كاملة كانت الركعة نافلة وإن كانت ناقصةً كانت الركعة لتمام صلوته وكانت السجدتان

Marfat.com

رغم أنف الشيطن۔ (ابن ماجه: ماجاء فيمن شك فی صلاة)

"حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تمہیں نماز میں شک آ جائے تو چاہئے کہ شک کو ختم کر کے یقینی بات پر عمل کیا جائے (یعنی کم والے احتمال کو اختیار کیا جائے) جب اسے مکمل ہونے کا یقین ہو جائے تو پھر دو سجدۂ سہو کر لے، اب اگر اس کی نماز پہلے سے مکمل تھی تو یہ ایک اضافی رکعت نفل ہو جائے گی اور اگر واقعی ایک رکعت کم تھی تو اس سے نماز پوری ہو جائے گی اور دو سجدہ شیطان کو ذلیل کرنے کے لئے ہوں گے۔"

نماز میں گفتگو

آغازِ اسلام میں دوران نماز ضرورت کی بات چیت کر لی جاتی تھی لیکن بعد میں اس کی اجازت نہ رہی، لہٰذا سجدۂ سہو کی جن روایات میں نماز اور سجدۂ سہو کے مابین بات چیت کا ذکر ملتا ہے، وہ ابتدائی دور سے متعلق ہیں، اب اس کے بجائے صرف سبحان اللہ کہنے کی اجازت ہے۔ اب بھی اگر کوئی شخص سلام پھیر کر سجدۂ سہو کرنے سے پہلے بات چیت کرے تو اس کی نماز ٹوٹ جائے گی اور اس کو پھر نئے سرے سے نماز پڑھنا ہوگی جیسے کے دوران نماز بات چیت کرے تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

عن زيد بن أرقم رضی الله عنه قال كنا نتكلم فی الصلاة يكلم الرجل صاحبه وهو إلى جنبه فی الصلاة حتى نزلت "وقوموا لله قانتين"۔ فأمرنا بالسكوت ونهينا عن الكلام)

(مسلم: تحريم الكلام فی الصلوة، بخاری: ما ينهى من الكلام فی الصلوة)

"حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نماز میں بات کر لیا کرتے تھے۔ ایک آدمی اپنے پہلو میں کھڑے دوسرے آدمی سے بات کر لیتا تھا تا آنکہ یہ آیت نازل ہوگئی، اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی کے

Marfat.com

ساتھ کھڑے ہوا کرو تو ہمیں خاموشی کا حکم دیا گیا اور بات چیت سے روک دیا گیا۔"

اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے جزء القرأۃ والی روایت میں "فی حاجتہٖ" کا لفظ بھی نقل کیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ آیت کے نزول سے قبل ضرورت کی بات چیت جائز تھی، لیکن یہ آیت نازل ہونے کے بعد ضرورت کی گفتگو سے بھی ممانعت کر دی گئی۔ لہٰذا اب نماز میں کسی قسم کی گفتگو کرنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

نیز حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی سابقہ روایات سے بھی معلوم ہوا کہ ایک دفعہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عصر کی تین رکعات پڑھ کر سلام پھیر دیا۔ نماز کے بعد حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے یاد دلایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزید ایک رکعت پڑھی اور سلام پھیر دیا گویا اس وقت دوران نماز گفتگو جائز تھی، لیکن پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرما دیا کہ اگر امام نماز میں بھول جائے تو مقتدی سبحان اللہ کہیں تا کہ امام کو اصل کیفیت یاد آ جائے گویا اب مقتدی پہلے کی طرح خاموش نہیں رہیں گے کہ سلام کے بعد امام کو بتایا جائے چونکہ اب نماز میں گفتگو کی ممانعت ہے۔ البتہ ایسے موقع پر دورانِ نماز سبحان اللہ کہنے کی اجازت ہے۔

عن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال کنا نسلم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو فی الصلوۃ فیرد علینا فلما رجعنا من عند النجاشی سلمنا علیہ فلم یرد علینا، وقال إن فی الصلوۃ شغلاً۔ (بخاری: ما ینھی من الکلام فی الصلاۃ)

"حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شروع میں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز میں سلام عرض کیا کرتے تو آپ اس کا جواب دے دیتے تھے، لیکن جب ہم نجاشی کے پاس سے لوٹے تو ہم نے سلام کیا، آپ نے جواب نہ دیا اور پھر فرمایا کہ نماز میں اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان ہوتا ہے۔"

ذیل میں نماز کی شرائط، نماز کے فرائض، نماز کے واجبات، نماز کی سنن اور بعض مکروہات نماز کا ذکر کیا جاتا ہے، تا کہ سجدۂ سہو کا مسئلہ سمجھنے اور اس کو متعین کرنے میں آسانی

Marfat.com

ہو۔ ❶

(۱۵۷) شرائط نماز

اگر ان شرائط میں سے کوئی ایک شرط بھی چھوٹ جائے تو نماز نہ ہوگی۔

۱- وقت (دیکھئے نمبر ۶۴)

۲- جسم کا پاک ہونا۔ طہارت ظاہرۃ، یعنی ظاہری گندگی سے پاک ہونا اور طہارت باطنہ یعنی باوضو اور باغسل ہونا۔

۳- کپڑوں کا پاک ہونا۔ (قال تعالیٰ ''وثیابك فطهر'' المدثر)

۴- نماز پڑھنے کی جگہ کا پاک ہونا۔

۵- ناف سے گھٹنوں تک جسم کو ڈھانپنا (دیکھئے نمبر ۸۲)

۶- قبلہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا۔ (دیکھئے نمبر ۸۴)

۷- نیت کرنا (دیکھئے نمبر ۸۶)

---

❶ الغرض آج کل کے بعض لوگوں کا یہ کہنا صحیح نہیں کہ اگر نماز میں بھول ہو جائے تو سلام پھیرنے کے بعد اسی موضوع پر گفتگو کر کے سجدہ سہو کر لینا کافی ہے اور اس گفتگو سے نماز نہیں ٹوٹے گی چونکہ یہ نماز کی اصلاح کے لئے ہے۔ واضح رہے کہ خود نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ بھی اس حقیقت کے معترف ہیں کہ ہر قسم کی گفتگو سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ گو کہ اس کا تعلق نماز کی اصلاح کے ساتھ ہو۔

ان هذه الصلوة لا يصلح فيها شيء من كلام الناس

نواب صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:-

پس حدیث دلالت کند بر آنکہ مخاطبۃ در نماز مبطل نماز است برابر است کہ برائے اصلاح نماز باشد یا غیر او۔ (مسک الختام ج ۱ ص ۳۰۹)

یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے نماز کے دوران گفتگو کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے کہ چاہے وہ گفتگو نماز کی اصلاح کے لئے ہو یا کسی اور مقصد کے لئے ہو۔ نیز مشہور غیر مقلد مترجم مولانا وحید الزمان رحمۃ اللہ علیہ بھی یہی لکھتے ہیں کہ جس شخص کے ذمہ سجدۂ سہو ہو اور وہ سجدہ کئے بغیر مسجد سے نکل جائے یا جان بوجھ کر کوئی بات کرے یا کچھ کھائے پیئے یا بے وضو ہو جائے تو اب اس کو پوری نماز لوٹانی ہوگی۔ صرف سجدۂ سہو کر لینا کافی نہیں ہے۔ (نزول الابرار ج ۱ ص ۱۳۹)

Marfat.com

فرائض نماز

(۱۵۸) اگران فرائض میں سے کوئی فرض بھی چھوٹ جائے تو نماز نہ ہوگی۔
اور اگر کسی فرض کی ادائیگی میں کچھ تاخیر ہوجائے (جیسے آخری رکعت میں بیٹھنے کے بجائے بھولے سے کھڑا ہوگیا پھر یاد آنے پر بیٹھ گیا) تو سجدۂ سہو کرلینے سے نماز صحیح ہوجائے گی۔

۱- قیام (کھڑے ہوکر نماز پڑھنا، اگر کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہوتو بیٹھ کر، اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو لیٹ کر بھی نماز پڑھ سکتا ہے)۔ (دیکھئے نمبر ۸۵)
۲- قرأۃ (دیکھئے نمبر ۹۵، ۹۶)
۳- رکوع (دیکھئے نمبر ۱۳۰)
۴- دوسجدے (دیکھئے نمبر ۱۳۵)
۵- قعدۂ اخیرہ (دیکھئے نمبر ۱۴۱)
۶- تمام ارکان کو ترتیب وار ادا کرنا (تعامل)
۷- نماز سے باارادہ فارغ ہونا (دیکھئے نمبر ۱۴۷)

واجبات نماز

(۱۵۹) ان واجبات میں سے اگر کوئی واجب بھولے سے چھوٹ جائے یا اس کی ادائیگی میں کچھ تقدیم یا تاخیر ہوجائے تو سجدۂ سہو کرلینے سے نماز صحیح ہوجائے گی۔

۱- نماز شروع کرنے کے لئے اللہ اکبر کہنا (دیکھئے نمبر ۸۷)
۲- سورۃ فاتحہ پڑھنا (امام اور منفرد کے لئے) (دیکھئے نمبر ۹۵، ۹۶)
۳- پہلی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک بڑی آیت، تین چھوٹی آیتیں، یا ایک سورۃ پڑھنا (امام اور منفرد کے لئے) (دیکھئے نمبر ۱۱۶)
۴- بوقت قرأۃ مقتدی خاموش رہنا (دیکھئے نمبر ۱۰۰)
۵- قعدۂ اولیٰ (دیکھئے نمبر ۱۴۱)
۶- قعدۂ اولیٰ اور قعدۂ اخیرہ میں تشہد پڑھنا (دیکھئے نمبر ۱۴۲)

Marfat.com

۷- تمام ارکان کو اطمینان کے ساتھ ادا کرنا (حدیث مسیٔ الصلوٰۃ "مسلم")

۸- ہر فرض اور ہر واجب کو بغیر کسی تقدیم وتاخیر کے اپنی صحیح جگہ پر ادا کرنا۔

(حدیث مسیٔ الصلوٰۃ)

۹- جہری نمازوں میں جہراً اور سری نمازوں میں آہستہ قرأت کرنا (امام کے لئے)

(دیکھئے نمبر ۱۱۷)

۱۰- السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ کر سلام پھیرنا۔ (دیکھئے نمبر ۱۴۷)

۱۱- وتر میں دعاءِ قنوت پڑھنا۔ (دیکھئے نمبر ۱۸۸)

۱۲- عید الفطر، عید الاضحیٰ میں زائد تکبیرات کہنا۔

نماز کی سنتیں

(۱۶۰) ان سنتوں کا اہتمام ضروری ہے، لیکن اگر ان میں سے کوئی سنت بھولے سے چھوٹ جائے تو بغیر سجدۂ سہو کئے نماز ہو جائے گی۔

۱- تکبیر تحریمہ کہتے وقت ہاتھوں کو کانوں تک اٹھانا اور انگلیوں کو کھلا رکھنا۔

(دیکھئے نمبر ۸۸)

۲- دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑ کر ناف کے نیچے باندھنا۔ (دیکھئے نمبر ۸۹، ۹۰)

۳- ثناء (سبحانك اللهم .....) پڑھنا (دیکھئے نمبر ۹۱)

۴- تعوذ وتسمیہ آہستہ پڑھنا (دیکھئے نمبر ۹۲، ۹۳)

۵- آہستہ آواز سے آمین کہنا (دیکھئے نمبر ۱۱۲)

۶- ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہونے کے لئے تکبیر کہنا۔

(دیکھئے نمبر ۱۳۰)

۷- رکوع اور سجدہ میں ۳ دفعہ تسبیح پڑھنا (دیکھئے نمبر ۱۳۳، ۱۳۶)

۸- رکوع میں گھٹنے کو پکڑنا، انگلیوں کو کھلا رکھنا (دیکھئے نمبر ۱۳۲)

۹- امام کا سمع اللہ لمن حمدہٗ اور مقتدی کا ربنا لك الحمد کہنا، اور منفرد کے لئے دونوں کا کہنا۔ (دیکھئے نمبر ۱۳۴)

۱۰- رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا (قومہ) (دیکھئے نمبر ۱۳۴)

Marfat.com

۱۱- دوسجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا (جلسہ) (دیکھئے نمبر ۱۳۹)

۱۲- قعدہ میں دایاں پاؤں کھڑا کر کے بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھنا۔
(دیکھئے نمبر ۱۴۱)

۱۳- آخری قعدہ میں تشہد کے بعد [illegible] ھنا۔ (دیکھئے نمبر ۱۴۵)

۱۴- آخری قعدہ میں درود شریف کے بعد دعا مانگنا۔ (دیکھئے نمبر ۱۴۶)

۱۵- سلام کے وقت دائیں بائیں منہ پھیرنا۔ (دیکھئے نمبر ۱۴۷)

۱۶- سلام کے بعد تسبیحات ثلاثہ، سبحان اللہ ۳۳، الحمدللہ ۳۳، اللہ اکبر ۳۴۔
(دیکھئے نمبر ۱۴۹)

مکروہات نماز

(۱۶۱) ایسے افعال جو نماز میں کرنا سخت ناپسندیدہ ہیں۔ ان سے بچنا چاہئے۔ ذیل میں چند مکروہات کا ذکر کیا جاتا ہے جن میں عام لوگ مبتلا ہیں۔

مندرجہ بالا سنتوں میں سے کسی سنت کو چھوڑنا مکروہ ہے۔

نماز میں آسمان کی طرف دیکھنا

(۱۶۲) حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، خبردار، لوگ نماز میں دعا کے وقت اپنی نظریں آسمان کی طرف اٹھانے سے رک جائیں، یا پھر ان کی بینائی کو اُچک لیا جائے گا۔ (مسلم: النھی عن رفع البصر إلی السماء فی الصلاۃ)

(۱۶۳) نماز میں ادھر اُدھر دیکھنا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنے کی بابت پوچھا تو آپ نے فرمایا: یہ شیطان کا حصہ ہے جسے وہ بندہ کی نماز میں سے اُچک لیتا ہے۔ (بخاری: الإلتفات فی الصلوٰۃ)

(۱۶۴) ایسی حالت میں نماز پڑھنا کہ توجہ منتشر ہو

دھیان کسی اور چیز کی طرف ہو۔

Marfat.com

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب کھانا سامنے موجود ہو، تو نماز کامل نہیں ہوتی اور نہ اس صورت میں جب وہ بیت الخلاء کی ضرورت محسوس کر رہا ہو۔ (مسلم: باب کراھة الصلاة بحضرة الطعام)

(۱۶۵) سجدہ میں کہنیوں کو بچھانا

حضرت انس رضی اللہ عنہ ارشاد نبوی نقل کرتے ہیں کہ سجدہ کو خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرو اور تم میں سے کوئی بھی سجدہ میں اپنی کہنیوں کو کتے کی طرح نہ بچھائے۔

(بخاری: باب لا یفترش ذراعیه فی السجود)

(۱۶۶) ایسی اشیاء کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا جس سے توجہ منتشر ہو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک دفعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا کپڑا لے کر نماز پڑھی جس پر نقش ونگار تھے۔ نماز کے بعد فرمایا یہ لے جا کر عامر بن حذیفہ کو دے دو کہ اس کے نقوش نے میری توجہ کو منتشر کر دیا۔ اور اس کا وہ موٹا کپڑا لاؤ جس پر نقش ونگار نہیں ہیں۔ (مسلم: کراھیة الصلاة ثوب لهٗ اعلام)

(۱۶۷) کپڑے یا رومال وغیرہ کو بغیر باندھے یونہی لٹکا کر نماز پڑھنا

عن أبي هريرة رضی الله عنه قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن السدل فی الصلاة۔

(ترمذی: ماجاء فی کراھیة السدل فی الصلاة)

"حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کپڑا وغیرہ لٹکا کر نماز پڑھنے سے منع فرمایا:"

(۱۶۸) نیند کے غلبہ کے وقت نماز پڑھنا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم کو اونگھ آئے تو ذرا سو جاؤ تا کہ نیند کا غلبہ جاتا رہے۔ اگر اسی حالت میں نماز پڑھی تو عین ممکن ہے

Marfat.com

اپنی طرف سے استغفار کرنا شروع کرے۔ جب کہ حقیقت میں وہ اپنے آپ کو گالی دے رہا ہو۔ (حسن صحیح) (ترمذی: الصلوٰۃ عند العطاس)

(۱۶۹) نماز کے لئے کسی خاص جگہ کا تعین کہ ہر حال میں وہیں نماز پڑھے

حضرت عبدالرحمن کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا ''جلدی جلدی نماز پڑھنے سے (کوے کی طرح ٹھونگے مارنے سے) اور درندہ کی کھال بچھا کر نماز پڑھنے سے اور اس سے کہ کوئی شخص مسجد میں نماز کی کوئی خاص جگہ مقرر کر لے جیسے کہ اونٹ (اپنے اصطبل) میں ایک خاص جگہ مقرر کر لیتا ہے۔ (رواہ أحمد، والحاکم)

(۱۷۰) نماز باجماعت کی فضیلت واہمیت

نماز تمام مسلمانوں کی انفرادی واجتماعی زندگی میں ایک اصلاحی انقلاب بپا کر دیتی ہے باجماعت نماز کی ادائیگی سے جہاں اور بہت سے دنیوی واخروی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ وہاں بطور خاص حکم ربانی وارشاد نبوی کی تکمیل کے ساتھ ساتھ مسلمانوں میں اجتماعیت کے جذبات نشوونما پاتے ہیں۔ اخوت، محبت، ہمدردی اور باہمی تعاون کو فروغ ملتا ہے۔ اسی لئے جماعت کی نماز کو اکیلی نماز پر فضیلت ہے۔

ارشاد ربانی ہے:

وأقیمو الصلوٰۃ وآتوا الزکوٰۃ وارکعوا مع الراکعین۔

(البقرۃ۔۴۳۵)

''اور پابندی سے نماز ادا کرو اور جو لوگ ہمارے سامنے عبادت کرتے ہیں تم بھی ان کے ساتھ جھکا کرو۔''

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جماعت کی نماز کا ثواب اکیلے نماز سے ستائیس گنا بڑھا ہوا ہے۔ (مسلم: فضل الجماعۃ)

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''آدمی کی

Marfat.com

باجماعت نماز اس کی گھر اور بازار کی نماز سے پچیس گنا بڑھائی جاتی ہے چونکہ جب وہ خوب اچھی طرح وضو کرتا ہے۔ پھر مسجد کی طرف چلتا ہے اور اس کو مسجد کی طرف صرف نماز نے ہی نکالا ہے تو ہر قدم کے بدلے اس کا ایک درجہ بلند کیا جاتا ہے اور اس کی ایک خطا معاف کی جاتی ہے۔ جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے تو فرشتے مسلسل اس کے لئے یہ دعا کرتے ہیں جب تک وہ مسجد میں رہتا ہے۔ اے خدا اس پر اپنی رحمت نازل فرما، اے اللہ اس پر رحم فرما اور جب تک وہ نماز کے انتظار میں رہتا ہے اس کو نماز کا ثواب ملتا رہتا ہے۔"

(بخاری: باب فضل صلوۃ الجماعۃ)

تارک جماعت آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں

(۱۷۱) حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، منافقین پر عشاء اور فجر کی نماز سب سے بھاری ہوتی ہے اگر وہ ان کی فضیلت اور اجر وثواب کو جان لیں تو ضرور شریک ہوں چاہے انہیں لڑکھڑاتے گھسٹتے ہوئے آنا پڑے، میں نے پکا ارادہ کر لیا کہ جماعت کھڑی کرنے کا حکم دے کر کسی کو نماز پڑھانے کے لئے مقرر کر دوں اور اپنے ساتھ کچھ آدمیوں کو لے کر جن کے پاس لکڑیوں کا ایندھن ہو ان لوگوں کی طرف چلوں جو جماعت میں حاضر نہیں ہوتے، اور جا کر ان کے سمیت گھروں کو آگ سے جلا کر خاکستر کر دوں۔ (مسلم: فضل صلاۃ الجماعۃ والتشدید فی التخلف عنہا)

(۱۷۲) معیارِ انتخاب امام

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لوگوں کی امامت ایسا شخص کرے جو قرآن کا سب سے زیادہ علم رکھتا ہو۔ اگر سارے برابر ہوں تو پھر جو شخص سنت کا زیادہ عالم ہو، اگر اس میں بھی برابر ہوں تو پھر جس نے سب سے پہلے ہجرت کی ہو، اگر اس میں بھی سب برابر ہوں تو عمر میں سب سے بڑا شخص امامت کرے۔ اور کوئی شخص کسی کے گھر میں اس کی عزت کی جگہ پر بلا اجازت نہ بیٹھے۔

(مسلم: من أحق بالإمامۃ)

Marfat.com

صف بندی

(۱۷۳) باجماعت نماز میں صفوں کو اہتمام کے ساتھ سیدھا کرنا اور رکھنا چاہئے۔ اس مضمون کی جملہ روایات کو پیش نظر رکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز میں ٹخنے، کندھے اور گردن ایک سیدھ میں ہونی چاہئے۔

عن أنس رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم سوّوا صفوفکم فإن تسویة الصف من تمام الصلاة۔ (مسلم: تسویة الصف واقامتها)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنی صفوں کو برابر کرو (سیدھا رکھو) چونکہ صفوں کی برابری نماز کو کامل بنانے کے لئے ضروری ہے۔"

عن النعمان بن بشیر قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لتسون صفوفکم او لیخالفن الله بین وجوهکم۔ (مسلم: تسویة الصفوف) (بخاری: عند الإقامة)

"حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اپنی صفوں کو درست کرلو یا پھر اللہ تعالیٰ تم میں باہمی اختلاف وانتشار ڈال دے گا۔"

(۱۷۴) صف اول کی اہمیت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر لوگوں کو اذان دینے اور صف اول میں نماز پڑھنے کی قدر و قیمت معلوم ہوجائے پھر اس کو حاصل کرنے کے لئے انہیں قرعہ اندازی کرنی پڑے تو قرعہ اندازی بھی کریں گے۔

(مسلم: تسویة الصفوف واقامتها)

حضرت ابوسعید خدری صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعض صحابہ میں سستی اور تاخیر کے آثار دیکھے تو فرمایا آگے بڑھو اور میری مکمل اقتداء کرو

Marfat.com

تاکہ تمہارے بعد والے تمہاری مکمل اقتداء کریں، جب بھی کوئی قوم پیچھے ہٹتی ہے اللہ اسے پیچھے ہٹا دیتا ہے۔ (مسلم: تسوية الصفوف)

(۱۷۵) (الف) امام کی اقتداء

دوران جماعت امام کی اتباع کرنی چاہئے:

عن أنس رضی الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ركب فرساً فصرع عنه فجحش شقه الأيمن فصلى صلوة من الصلوات وهو قاعد فصلينا وراءه قعوداً فلما انصرف قال انما جعل الامام ليؤتم به فإذا صلى قائما فصلوا قياماً فاذا ركع فاركعوا وإذا رفع فارفعوا وإذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا ربنا ولك الحمد۔

(بخاری: انما جعل الامام ليؤتم به)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھوڑے سے گر پڑے۔ آپ کے دائیں طرف چوٹ لگی۔ آپ نے کوئی ایک نماز بیٹھ کر پڑھائی۔ ہم نے بھی آپ کے پیچھے بیٹھ کر نماز پڑھی۔ جب آپ فارغ ہوئے تو فرمایا امام اس لئے مقرر کیا گیا ہے کہ اس کی مکمل اقتداء کی جائے۔ جب وہ کھڑے ہو کر نماز پڑھے تم بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھو جب وہ رکوع کرے تم بھی رکوع کرو جب وہ اٹھے تم بھی اٹھو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تم ربنا ولك الحمد کہو۔"

(ب) اقتدا نہ کرنے کی سزا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی امام سے پہلے سر اٹھائے تو کیا وہ اس بات سے نہیں ڈرتا کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر کو گدھے کا سر بنا دیں یا اس کی صورت کو گدھے کی صورت بنا دیں۔

(بخاری: اثم رفع رأسه قبل الإمام)

Marfat.com

(۱۷۶) امام ہلکی نماز پڑھائے

امام کو چاہئے کہ باجماعت نماز میں متقدیوں کا خیال رکھے۔ نماز ہلکی پڑھائے اتنی لمبی نہ کرے کہ تھکاوٹ سے اکتاہٹ ہوجائے اور خشوع وخضوع جاتا رہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی لوگوں کی امامت کرے تو نماز ہلکی پڑھائے چونکہ نمازیوں میں بچے، بوڑھے، کمزور، بیمار لوگ بھی ہوتے ہیں۔ البتہ جب اکیلا نماز پڑھے تو جیسے چاہے پڑھے۔

(مسلم: امر الائمة بتخفیف الصلوة)

(۱۷۷) سترہ کا بیان

(الف) نماز پڑھنے والے کے آگے سے گزرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ لہٰذا گزرنے والوں کو چاہئے کہ وہ نمازی کا خیال رکھیں۔ اسی طرح نماز پڑھنے والے کو بھی چاہئے کہ وہ ایسی جگہ نماز پڑھے جہاں سے گزرنے والوں کو پریشانی نہ ہو اور اگر کوئی ایسی جگہ نہ ملے تو اسے چاہئے کہ وہ اپنے سامنے کوئی چیز رکھ لے، جس کی اونچائی ایک ہاتھ کے قریب ہو (تقریباً ایک فٹ) واضح رہے کہ باجماعت نماز میں امام کا سترہ سب کی طرف سے کافی ہے۔ پھر سترہ کی موجودگی میں اگر کوئی شخص سامنے سے گزر جائے تو گنہگار نہیں ہوگا۔

(ب) سترہ کی تشریح

عن عائشة رضی الله عنها أنها قالت سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم عن سترة المصلی فقال صلی الله علیه وسلم مثل مؤخرة الرحل۔ (مسلم: سترة المصلی)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا نمازی کے سترہ کی بابت تو آپ نے فرمایا موخرۃ الرحل کی طرح۔"

علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ اس کی تشریح میں فرماتے ہیں۔

سترہ کی کم سے کم مقدار کجاوہ کے کیل جتنی ہوتی ہے جو کلائی کی ہڈی اور ۲-۳

Marfat.com

ذراع کے برابر ہوتا ہے اور اس طرح کی کوئی بھی چیز کھڑی کرنے سے یہ مقصد حاصل ہوجائے گا۔اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اپنے سامنے سترہ گاڑ کر نماز پڑھنا بہتر ہے۔

(نووی شرح مسلم)

عن أبي عمر رضی الله عنهما قال كان النبی صلی الله عليه وسلم يغدو إلى المصلى والعنزة بين يديه تحمل وتنصب بالمصلى بين يديه فيصلى إليها۔

(بخاری: حمل العنزة بين يدی الامام يوم العيد)

"حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیدگاہ تشریف لے جاتے اور آپ کے آگے نیزہ بردار ہوتا، یہ نیزہ عیدگاہ میں آپ کے سامنے گاڑ دیا جاتا پھر آپ اس طرف نماز پڑھتے۔"

(ج) سامنے سے گزرنے کی سزا

اگر نمازی کے سامنے سترہ نہ ہو، پھر بھی کوئی شخص اس کے سامنے سے گزر جائے، تو احادیث میں اس کی بابت سخت وعید آئی ہے۔

حضرت ابوجہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نمازی کے سامنے سے گزرنے والا اگر جان لے کہ اس پر کتنی بڑی سزا ہے تو وہ اس کے سامنے سے گزرنے کے بجائے چالیس تک ٹھہرا رہتا، تو یہ بہتر تھا۔

(موطا مالک: التشديد فی أن يمر احد۔۔۔)

ابوالنضر کہتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں، آپ کی مراد چالیس دن یا چالیس مہینہ یا چالیس سال۔

حضرت کعب احبار فرماتے ہیں کہ اگر نمازی کے سامنے سے گزرنے والے کو معلوم ہوجائے کہ اس پر کتنی سخت سزا ہے تو اس کے بدلے اگر وہ زمین میں دھنس جائے تو اس کے سامنے سے گزرنے سے یہ بہتر ہے۔(موطا مالک۔۔۔)

Marfat.com

رکعات نماز

(۱۷۸) ذیل میں ہم تمام نمازوں کی رکعات کا ایک تفصیلی نقشہ پیش کر رہے ہیں۔

نام شمار	فرائض	سنن موکدہ	سنن غیر موکدہ نوافل	واجب
فجر	۲	۲ پہلے	×	×
ظہر	۴	۴ پہلے	۲ بعد	۲ بعد میں
عصر	۴	×	۴ نماز سے پہلے	×
مغرب	۳	۲ بعد میں	×	۲ بعد میں
عشاء	۴	۲ بعد میں	۴ نماز سے پہلے	۲ وتر سے پہلے ۲ بعد۔ ۳ وتر
جمعہ	۲	۴ پہلے	۶ بعد میں	×
عیدالفطر عیدالاضحیٰ	×	×	×	۲

فرائض: جن کا کرنا ضروری ہے اور چھوڑنا حرام ہے۔

واجب: جس کا کرنا ضروری ہے اور چھوڑنا مکروہ تحریمی ہے۔

سنن مؤکدہ: جن پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مسلسل عمل رہا، ان کو چھوڑنا گناہ ہے۔

سنن غیر موکدہ: جن پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اکثر عمل رہا اور کبھی کبھار چھوڑنا بھی ثابت ہے۔

نوافل: جن کا پڑھنا باعث ثواب اور چھوڑنے پر گناہ نہیں ہے۔

ذیل میں مندرجہ بالا رکعات کی علیٰحدہ علیٰحدہ تشریح اور احادیث سے ان کی فضیلت بیان کی جاتی ہے۔

(۱۷۹) سنن مؤکدہ

عن أم حبيبة رضى الله عنه قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى فى يوم وليلة ثنتى عشرة ركعة بنى له بيت فى الجنة، اربعاً قبل الظهر وركعتين بعدها وركعتين بعد المغرب وركعتين بعد العشاء وركعتين قبل الفجر

Marfat.com

صلاۃ الغداۃ۔

(ترمذی: من صلی ثنتی عشرۃ رکعۃ) (رواہ مسلم مختصراً أفضل السنن الراتبۃ)

"حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص دن رات میں یہ بارہ رکعتیں پڑھے گا اس کے لئے جنت میں گھر بنایا جائے گا۔ (وہ یہ ہیں)

۴ ظہر سے پہلے اور ۲ ظہر کے بعد ۲ مغرب کے بعد
۲ عشاء کے بعد ۲ فجر سے پہلے"

ظہر کی رکعات

(۱۸۰) ۴ سنت، ۴ فرض، ۲ سنت، ۲ نفل۔

(الف) عن عائشۃ رضی اللہ عنہا أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان لا یدع أربعاً قبل الظھر ورکعتین قبل الغداۃ۔ (بخاری: الرکعتان قبل الظھر)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر سے پہلے چار رکعتیں اور فجر سے پہلے دو رکعتیں کبھی نہیں چھوڑتے تھے۔

عن ام حبیبۃ رضی اللہ عنہا زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم تقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من حافظ علی أربع رکعات قبل الظھر وأربع بعدھا حرمہ اللہ علی النار۔

(صحیح غریب) (ترمذی: باب آخر من سنن الظھر)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جس نے ظہر سے پہلے کی چار رکعات اور ظہر کے بعد کی چار رکعات کی حفاظت کی اللہ تعالیٰ اس کو آگ پر حرام کر دیں گے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا والی روایت سے ظہر سے پہلے کی چار سنتیں اور فجر سے پہلے کی دو سنتیں ثابت ہوئیں اور یہ سنن مؤکدہ ہیں چونکہ آپ نے کبھی ان کو چھوڑا نہیں۔ جب کہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا والی روایت میں ظہر کے بعد والی چار رکعات کی فضیلت بیان ہوئی ہے۔

Marfat.com

دو رکعت سنت مؤکدہ کے علاوہ یہ دو نفل ہیں۔

(ب) اگر ظہر کی پہلی چار سنتیں چھوٹ جائیں تو نماز کے بعد پڑھ لے۔

عن عائشة رضی الله عنها أن النبی صلی الله علیه وسلم کان إذا لم یصل أربعاً قبل الظهر صلاهن بعدها۔

(ترمذی: باب آخر من سنن الظهر)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ اگر ظہر سے پہلے چار رکعات نہ پڑھ سکتے تو نماز کے بعد پڑھ لیتے۔"

(۱۸۱) عصر کی رکعات

۴ سنتیں، ۴ فرض

عصر کی نماز سے پہلے چار رکعتیں بطور سنت غیر مؤکدہ پڑھی جاتی ہیں۔ اگر وقت کم ہو تو دو رکعتیں بھی پڑھ سکتا ہے۔ اگر یہ چھوٹ جائیں تو گناہ نہیں ہوگا۔

عن ابن عمر رضی الله عنهما عن النبی صلی الله علیه وسلم قال رحم الله امرءً صلی قبل العصر أربعاً۔

(ترمذی: ماجاء فی الاربع قبل العصر)

"حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کریں جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتا ہے۔"

(۱۸۲) مغرب کی رکعات

۳ فرض، ۲ سنتیں، ۲ نفل۔

عن ابی معمر قال کانوا یستحبون اربع رکعات بعد المغرب۔

(مروزی: قیام اللیل۔ ص۵۸)

حضرت ابو معمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین مغرب کے بعد چار رکعت پڑھنے کو مستحب سمجھتے تھے۔

Marfat.com

نیز دیکھئے ۱۷۹ سنن موکدہ کے ذیل میں اس کا ذکر ہے۔

(۱۸۳) عشاء کی رکعات

۴ سنتیں، ۴ فرض، ۲ سنتیں، ۲ نفل، ۳ وتر، ۲ نفل۔

عشاء کی نماز سے پہلے اگر وقت ہو تو ۴ رکعت پڑھ لے ورنہ دو رکعتیں ہی پڑھ لے اگر یہ چھوٹ جائیں تو گناہ نہیں ہے۔

عن البراء رفعه : من صلى قبل العشاء أربعاً كان كأنما تهجد من ليلته، ومن صلاهن بعد العشاء كمثلهن من ليلة القدر، وأخرجه البيهقي من حديث عائشة رضی اللہ عنہا موقوفاً وأخرجه الدار قطني والنسائي موقوفاً على كعب۔

(الدارية : ج۱۔ ص۱۹۸)

"شارح بخاری علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت براء رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ "جس نے عشاء سے پہلے چار رکعتیں پڑھیں گویا اس نے رات کو تہجد پڑھی اور عشاء کے بعد چار رکعات پڑھنے والے کو شب قدر میں چار رکعت پڑھنے کا ثواب ملے گا، بیہقی نے اس روایت کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور نسائی و دار قطنی نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔"

۱- عن سعيد بن جبير رحمۃ اللہ علیہ كانوا يستحبون اربع ركعات قبل العشاء الاخرة۔ (مروزی : قيام الليل۔ ص۵۸)

"حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عشاء کی نماز سے پہلے چار رکعات کو مستحب سمجھتے ہیں۔"[1]

---

[1] نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ شرح بلوغ المرام میں نقل کرتے ہیں وپیش عشاء چہار رکعت مستحب است (نیز لکھتے ہیں) دامادو رکعت قبل عشاء فقط پس شامل است آن را حدیث بین کل اذانیں صلوٰۃ۔ (نواب صدیق حسن مسک الختام۔ ج۱۔ ص۵۲۵ تا ۵۲۹) کہ عشاء سے پہلے چار رکعات مستحب ہیں نیز عشاء سے قبل دو رکعات نماز پڑھنے کو بھی وہ حدیث شامل ہے جس کی رو سے اذان و اقامت کے درمیان نفل نماز پڑھنے کی ترغیب ہے۔

Marfat.com

۲- عن عائشة ام المومنين رضى الله عنها انها سئلت عن صلوة الرسول صلى الله عليه وسلم فقالت كان يصلى بالناس العشاء ثم يرجع إلى أهله فيصلى أربعاً ثم يأوى إلى فراشه۔۔۔ (الحديث) (ابوداؤد: باب صلوة الليل)

"ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کی بابت پوچھا گیا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آپ لوگوں کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھ کر گھر آتے اور چار رکعتیں پڑھ کر بستر پر آرام فرماتے۔"

۳- عن على رضى الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يوتر بثلاث يقرأ فيهن بتسع سور من المفصل يقرأ فى كل ركعة بثلاث سور آخرهن قل هو الله احد۔

(ترمذی: ما جاء فى الوتر بثلاث)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین وتر پڑھا کرتے تھے اور ان میں آخر سے نو سورتیں پڑھتے، ہر رکعت میں تین سورتیں، جن میں آخری سورۃ قل ہو اللہ احد ہوتی تھی۔"

۴- عن أبى سلمة رضى الله عنه قال سألت عائشة رضى الله عنها عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت كان يصلى ثلاث عشرة ركعة يصلى ثمان ركعات۔ ثم يوتر ثم يصلى ركعتين وهو جالس۔ (مسلم: صلاة الليل والوتر)

"حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کی بابت پوچھا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آپ تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے، پہلے آٹھ رکعت تہجد پڑھتے پھر تین وتر پڑھتے، پھر دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھتے۔"

روایت نمبر ۱ سے معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ کے نزدیک عشاء سے پہلے چار رکعات مستحب تھیں۔

Marfat.com

روایت نمبر ۲ سے معلوم ہوا کہ آپ عشاء کے بعد ۴ رکعتیں پڑھتے۔ یہ ہوئے ۲ سنتیں، ۲ نفل۔

روایت ۳ سے معلوم ہوا کہ آپ تین وتر پڑھتے تھے۔

روایت ۴ سے معلوم ہوا کہ تین وتر پڑھ کر پھر آپ دو نفل بیٹھ کر پڑھا کرتے تھے۔

(۱۸۴) وتر میں چند اہم مسائل جن سے ہم تعرض کریں گے

(۱) وتر واجب ہے۔

(۲) اگر چھوٹ جائے تو بعد میں پڑھے۔

(۳) کم از کم وتر تین رکعات ہیں۔

(۴) تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھی جاتی ہے۔

(۵) دعائے قنوت کے لئے تکبیر کہہ کر ہاتھ اٹھائے، پھر باندھ لے۔

(۶) دو رکعتوں پر بیٹھے، مگر سلام نہ پھیرے۔

(۱۸۵) وتر واجب ہے

عشاء کی نماز کے بعد سے فجر تک نماز وتر پڑھنا ضروری ہے جو شخص نہیں پڑھے گا۔ گنہگار ہوگا۔

عن خارجة بن حذافة أنه قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إن الله أمركم بصلوة هى خير لكم من حمر النعم الوتر جعله الله لكم فيما بين صلوة العشاء إلى ان يطلع الفجر۔

قال الحاكم صحيح الاسناد: زيلعى (ترمذى: باب الوتر)

"حضرت خارجہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: "یقیناً اللہ تعالیٰ نے تم پر ایک ایسی نماز کا اضافہ کیا ہے جو تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے اور یہ وتر ہے، جن کا وقت عشاء اور فجر کے درمیان ہے۔"

عن بريدة عن أبيه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه

Marfat.com

وسلم يقول الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا فمن لم يوتر فليس منا۔ صححه الحاكم: زيلعي (ابوداؤد: من لم يوتر)

"حضرت بریدہ کے والد کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ وتر حق ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں۔ وتر حق ہے جو وتر نہ پڑھے۔ وہ ہم میں سے نہیں۔ وتر حق ہے جو وتر نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں۔"

(۱۸۶) وتر چھوٹ جائے تو قضا پڑھے

وتر پڑھنے کا وقت عشاء سے لے کر طلوع فجر تک ہے اور جو شخص تہجد کے لئے اٹھنے کا عادی ہے اس کے لئے بہتر یہی ہے کہ وہ تہجد کے بعد وتر پڑھے ورنہ نماز عشاء کے ساتھ ہی پڑھ لے، اگر کوئی شخص فجر تک وتر نہ پڑھ سکا تو قضا پڑھے۔

عن ابي سعيد الخدري رضى الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من نام عن وتره أو نسيه فليصله إذا ذكره۔ (ابوداؤد: ابواب الوتر)

"حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص وتر پڑھے بغیر سو گیا یا بھول گیا تو جب یاد آئے ضرور پڑھے۔"

وفي البيهقي عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من نام عن وتره أو نسيه، فليصله إذا أصبح أو ذكره۔ (سنن کبری بیہقی: ابواب الوتر)

"سنن بیہقی میں حضرت ابوسعید کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص وتر پڑھے بغیر سو گیا۔ وہ صبح کو پڑھے اور جو بھول گیا وہ یاد آنے پر پڑھے۔"

عن مالك أنه بلغه ان عبدالله بن عباس وعبادة بن

Marfat.com

الصامت والقاسم بن محمد وعبداللہ بن عامر قد أو تروا بعد الفجر۔ (موطا مالك: الوتر بعد الفجر)

"امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، انہیں یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت عبادۃ بن صامت رضی اللہ عنہ حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے فجر کے بعد وتر پڑھے۔ (یعنی بروقت نہ پڑھ سکے تو فجر کے بعد بطور قضاء پڑھے۔)"

(۱۸۷) کم از کم وتر تین رکعات ہیں

نمازوں میں کوئی نماز بھی دو رکعتوں سے کم نہیں اس سے زائد ہے۔ اس طرح وتر بھی کم از کم تین ہیں جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے۔

عن أبي سلمة بن عبدالرحمن أنه سال عائشة رضی الله عنها كيف كانت صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم فی رمضان؟ قالت ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يزيد فی رمضان ولا فی غيره على احدى عشرة ركعة، يصلی اربعاً فلا تسئل عن حُسنهن وطولهن ثم يصلی اربعاً فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم يصلی ثلاثا۔

(مسلم: صلاة الليل والوتر)

"حضرت ابوسلمہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رمضان کی نماز کیا ہوتی تھی؟ آپ نے فرمایا کہ (رمضان کی کیا خصوصیت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہ پڑھتے تھے، پہلے چار رکعتیں پڑھتے۔ ان کے حسن اور لمبائی کی بابت کچھ نہ پوچھو، پھر چار رکعتیں پڑھتے تھے۔ ان کے حسن اور لمبائی کی بابت بھی کچھ نہ پوچھو، پھر تین رکعتیں وتر کی پڑھتے تھے۔"

Marfat.com

عن عائشة رضی الله عنها أن النبی صلی الله علیه وسلم كان يقرأ فی الاولی من الوتر بفاتحة الكتاب وسبح اسم ربك الاعلی وفی الثانية قل يا ايها الكافرون وفی الثالثة قل هو الله احد۔

(قال الحاكم صحيح علی شرط الشيخين زيلعی) (ترمذی: مايقرأ فی الوتر)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سبح اسم ربك الاعلی، دوسری رکعت میں قل یا ایھا الکافرون اور تیسری میں قل ھو اللہ احد پڑھتے تھے۔"

عن ابن عباس رضی الله عنهما قال كان رسول الله صلی الله عليه وسلم يصلی من الليل ثمان ركعات ويوتر بثلاث ويصلی ركعتين قبل صلاة الفجر۔ (نسائی: باب الوتر)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ وہ رات تہجد کی آٹھ رکعات پڑھتے، پھر تین وتر پڑھتے۔ اور فجر کی نماز سے پہلے دو رکعتیں پڑھتے۔"

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم کو بھی تین وتر پسند تھے۔

والذی اختاره اكثر أهل العلم من أصحاب النبی صلی الله عليه وسلم ومن بعدهم أن يقرأ بسبح اسم ربك الأعلی، وقل يا أيها الكافرون وقل هو الله احد، يقرأ فی كل ركعة من ذلك بسورة۔ (ترمذی)

"آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور بعد میں آنے والے جمہور اہل علم کا پسندیدہ عمل یہ ہے کہ وتر کی پہلی رکعت میں سبح اسم ربك الأعلی دوسری رکعت میں سورۃ کافرون اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھی جائے۔"

عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه أنه قال ما احب أنی

Marfat.com

ترکت الوتر بثلث وأن لی حمر النعم۔

(موطا امام محمد رحمۃ اللہ علیہ : السلام فی الوتر)

"خلیفہ راشد حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر مجھ کو تین وتر چھوڑنے کے بدلے سرخ اونٹ بھی پیش کئے جائیں تو میں تین وتر نہیں چھوڑوں گا۔"

ان دلائل سے ثابت ہوا کہ نماز وتر میں تین رکعات ہیں۔ نیز تین رکعت وتر کے جواز پر تمام علماء امت کا اجماع ہے۔ جب کہ ایک رکعت وتر پڑھنے میں امت کا اختلاف ہے بعض کے ہاں یہ صحیح نہیں، لہٰذا قوت دلائل کے ساتھ ساتھ احتیاط کا تقاضا بھی یہی ہے کہ تین رکعت وتر ہی پڑھی جائیں۔

(۱۸۸) تیسری رکعت میں دعائے قنوت

وتر کی تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھے۔ دعا یہ ہے :

اللّٰھم انا نستعینك ونستغفرك ونؤمن بك ونتوكل عليك ونثنى عليك الخير ونشكرك ولانكفرك ونخلع ونترك من يفجرك اللّٰھم اياك نعبد ولك نصلى ونسجد وإليك نسعىٰ ونحفد ونرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك بالكفار ملحق۔

ملاحظہ ہو:

عن خالد بن ابی عمران قال بینا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدعو علی مضر إذ جاءہ جبریل فأومأ إلیہ أن اسکت، فسکت فقال یا محمد إن اللہ لم یبعثك سباباً ولا لعاناً وإنما بعثك رحمة، ولم یبعثك عذاباً، لیس لك من الامر شیء أو یتوب علیھم أو تعذبھم فإنھم ظالمون ثم علمہ ھذا القنوت۔ اللّٰھم انا نستعینك ونستغفرك ونؤمن بك ونتوكل علیك ونثنی علیك الخیر ونشکرك

Marfat.com

ولا نكفرك ونخلع ونترك من يفجرك اللّٰهم اياك نعبد ولك نصلى ونسجد وإليك نسعى ونحفد ونرجو رحمتك ونخشى عذابك إن عذابك بالكفار ملحق۔ (قد روى عن عمر بن الخطاب صحيحاً موصولاً)

(سنن بیہقی: باب دعاء القنوت۔ مروزی: قیام اللیل۔ ص ۲۳۲)

"حضرت خالد بن ابی عمران کہتے ہیں کہ ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبیلہ مضر کے لئے بددعا کررہے تھے کہ اچانک جبریل علیہ السلام آئے اور خاموش ہونے کا اشارہ کیا، آپ خاموش ہوگئے۔ جبریل علیہ السلام کہنے لگے۔ "اللہ تعالیٰ نے آپ کو گالی دینے والا اور لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ عذاب کے لئے نہیں بھیجا۔ آپ کے اختیار میں اس قسم کے امور نہیں ہیں۔ اللہ چاہے تو انہیں توبہ کی توفیق دے یا ان کے ظلم کی وجہ سے انہیں عذاب دے۔" یہ کہہ کر پھر آپ کو یہ دعاء قنوت بتائی۔"

ترجمہ! "اے اللہ، ہم تجھی سے مدد چاہتے ہیں اور معافی مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں اور تیری اچھی تعریف کرتے ہیں، تیرا شکر ادا کرتے ہیں اور ناشکری نہیں کرتے، جو شخص تیری نافرمانی کرتا ہے۔ ہم اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔ اور اس سے الگ ہوجاتے ہیں۔ اے اللہ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تیرے لئے نماز پڑھتے ہیں اور تجھی کو سجدہ کرتے ہیں اور تیری طرف دوڑتے ہیں اور تیری خدمت بجالاتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔"

(یہ دعا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی سند متصل کے ساتھ نقل کی ہے)

عن الأسود صحبت عمر رضى الله عنه ستة أشهر فكان يقنت فى الوتر وكان عبدالله يقنت فى الوتر فى السنة كلها۔

Marfat.com

وعن عبداللہ وجب القنوت فی الوتر علی کل مسلم۔

(مروزی: قیام اللیل۔ ص۲۲۵)

"حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں چھ مہینہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صحبت میں رہا وہ ہمیشہ وتر میں دعاء قنوت پڑھتے تھے اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بھی سال بھر دعاء قنوت پڑھتے تھے۔ نیز حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ وتر میں دعا قنوت پڑھنا واجب ہے۔"

عن حماد وسفیان اذا نسی القنوت فی الوتر فعلیه سجدتا السهو۔ (مروزی: قیام اللیل۔ ص۲۴۲)

"حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ وسفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص وتر میں دعاء قنوت پڑھنا بھول جائے تو وہ سجدہ سہو کرے۔"

(۱۸۹) دعاء قنوت رکوع سے پہلے پڑھے۔ (سنت نبوی کی روشنی میں)

عن عاصم قال سألت أنس بن مالك عن القنوت فقال قد كان القنوت قلت قبل الركوع او بعده؟ قال قبله، قال فإن فلاناً اخبرنی عنك أنك قلت بعد الركوع فقال كذب، انما قنت رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد الركوع شهراً.... الحديث۔ (بخاری: القنوت قبل الركوع أو بعده)

"حضرت عاصم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے قنوت کی بابت پوچھا؟ آپ نے فرمایا قنوت ثابت ہے۔ میں نے عرض کیا، رکوع سے پہلے یا بعد؟ آپ نے فرمایا، رکوع سے پہلے، میں نے عرض کیا کہ فلاں نے مجھے آپ کی بابت بتایا ہے کہ آپ نے رکوع کے بعد کہا ہے؟ فرمایا اس نے جھوٹ کہا ہے، رکوع کے بعد تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف ایک مہینہ دعاء قنوت پڑھی ہے۔"

ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وقد وافق عاصم على روايته هذه عبدالعزيز بن صهيب كما فی المغازی بلفظ سأل رجل أنسا عن القنوت بعد

Marfat.com

الركوع أو عند الفراغ من القرأة قال بل عند الفراغ من القرأة۔ وقال ومجموع ما جاء عن أنس فی ذالك أن القنوت للحاجة بعد الركوع لاخلاف عنه فی ذالك، أما بغير الحاجة فالصحيح عنه أنه قبل الركوع۔

(فتح الباری: ص۴۹۔ باب القنوت قبل الركوع وبعده)

"حضرت عاصم کی یہ روایت کتاب المغازی میں عبدالعزیز کی روایت کے مطابق ہے جس میں ایک شخص نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ دعاء قنوت رکوع کے بعد ہے یا قرأت سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے فرمایا بلکہ قرأت سے فارغ ہونے کے بعد۔"

ابن حجر فرماتے ہیں کہ حضرت انس کی تمام روایات کو پیش نظر رکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جب دعاء قنوت کسی خاص وجہ سے (دعا وغیرہ کے لئے پڑھی جائے تو بالاتفاق وہ رکوع کے بعد ہے اور جو قنوت عام حالات میں پڑھی جائے تو حضرت انس سے صحیح طور پر یہی ثابت ہے کہ وہ رکوع سے پہلے ہے۔

عن أبی بن كعب رضی الله عنه أن رسول الله صلی الله عليه وسلم كان يوتر فيقنت قبل الركوع۔

(ابن ماجة: ماجاء فی ابواب الوتر)

"حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر پڑھتے اور دعاء قنوت رکوع سے پہلے پڑھتے تھے۔"

عمل صحابہ رضی اللہ عنہم

عن علقمة أن ابن مسعود، واصحاب النبی صلی الله عليه وسلم كانوا يقنتون فی الوتر قبل الركوع۔

(مصنف ابن ابی شیبه) (قال الحافظ فی الدراية اسناده حسن)

وروی ذالك عن ابن عباس والبراء وأبی موسی، وأنس وعمر بن عبدالعزيز۔ (المغنی: مسئلة القنوت)

Marfat.com

حضرت علقمہ فرماتے ہیں کہ ابن مسعود اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم رکوع سے قبل دعاء قنوت پڑھتے تھے۔

اور یہی منقول ہے حضرت ابن عباس، حضرت براء، حضرت ابوموسیٰ، حضرت انس اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہم سے۔

دعاء قنوت کے لئے تکبیر کہہ کر ہاتھ اٹھائے پھر باندھ لے اور دعاء قنوت پڑھے۔

عن عبداللہ انه کان یرفع یدیه إذا قنت فی الوتر۔

(مصنف ابن أبی شیبة۔ ج۲۔ ص۳۰۷)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نماز وتر میں دعا قنوت سے پہلے رفع یدین کرتے تھے۔"

عن علی رضی الله عنه انه کبر فی القنوت حین فرغ من القرأة وحین رکع.... وکان عبدالله بن مسعود رضی الله عنهما فی الوتر إذا فرغ من قرأته حین یقنت وإذا فرغ من القنوت وعن البراء أنه کان إذا فرغ من السورة کبر ثم قنت وعن سفیان کانوا یستحبون أن تقرأ فی الثالثة من الوتر قل هو الله احد ثم تکبر وترفع یدیك ثم تقنت۔

(مروزی: قیام اللیل۔ ص۲۲۹ تا ۲۳۰)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ نے قرأت سے فارغ ہوکر دعاء قنوت کے لئے تکبیر کہی پھر رکوع میں جاتے وقت تکبیر کہی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نماز وتر میں قرأت سے فارغ ہوکر دعائے قنوت سے پہلے اور دعاء قنوت کے بعد تکبیر کہتے تھے اور حضرت براء رضی اللہ عنہم سے منقول ہے کہ جب وہ سورۃ پڑھ کر فارغ ہوتے تو تکبیر کہتے پھر قنوت پڑھتے اور حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پسند کرتے تھے کہ وتر کی تیسری رکعت میں قل هو الله احد پڑھیں، پھر تکبیر کہتے ہوئے ہاتھ اٹھائیں اور قنوت پڑھیں۔"

Marfat.com

قال بن قدامة : وروى رفع اليدين عن ابن مسعود وعمر وابن عباس رضى الله عنهم۔

دعائے قنوت کے لئے رفع یدین منقول ہے حضرت ابن مسعود حضرت عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے۔ (المغنی بمسئلۃ القنوت)

قال الطحاوى وأما التكبير فى القنوت فى الوتر فانها تكبيرة زائدة فى تلك الصلوٰة وقد اجمع الذين يقنتون قبل الركوع على الرفع معها۔

(طحاوی: رفع الیدین عند رؤیۃ البیت)

"امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اور وتر میں دعاء قنوت کی تکبیر تو زائد تکبیر ہے اور تمام وہ حضرات جو رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے ہیں۔ ان کا اجماع ہے کہ تکبیر قنوت کے ساتھ ہاتھ اٹھائے جائیں۔"

اب دوران نماز دعا کا اصول یہ ہے کہ جس رکن میں دعا کی جارہی ہے۔ اسی رکن کی کیفیت پر رہتے ہوئے دعا کی جاتی ہے۔ جیسے قعدہ اخیرہ کے آخر میں دعا کی جاتی ہے۔ نیز جلسہ (سجدوں کے درمیان) میں دعا کی جاتی ہے، اسی طرح نفل نماز کے سجدوں میں اگر دعا کی جائے تو اسی کیفیت پر رہتے ہوئے دعا کی جائے گی۔ لہٰذا وتروں میں رکوع سے قبل جب قنوت پڑھی جائے گی تو ہاتھ باندھے ہوئے ہی پڑھی جائے گی۔

(۱۹۰) قعدہ اولیٰ اور سلام

دو رکعتوں کے بعد بیٹھے اور تشہد کے بعد تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو، پھر تین رکعتیں مکمل کر کے سلام پھیرے۔

عن عائشة رضى الله عنها أنه كان يوتر بثلاث لافصل فيهن۔ (زاد المعاد۔ ص ۱۱۰)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین وتر پڑھتے تھے اور دوران وتر سلام نہیں پھیرتے تھے۔"

عن أبى سعيد الخدرى رضى الله عنه قال قال رسول الله

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم لا فصل فی الوتر۔

(جامع المسانید۔ ج۱۔ ص۴۰۲)

"حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وتر علیحدہ علیحدہ نہیں ہیں۔"

عن سعد بن هشام أن عائشة رضی الله عنها حدثته أن رسول الله صلی الله علیه وسلم کان لا یسلم فی رکعتین الوتر۔ (قال الحاکم صحیح علی شرط الشیخین : (زیلعی، نسائی: کیف الوتر بثلاث)

"حضرت سعد بن ہشام کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر کی دو رکعتوں میں سلام نہیں پھیرتے تھے۔"

نقل بن الحجر حدیث ابی ابن کعب وفیه ولا یسلم إلا فی آخرهن وثبت عن عمر أنه او تر بثلاث لم یسلم إلا فی آخرهن وروی ذلك عن ابن مسعود وأنس، وابن المبارك، وأبی العالیة أنهم أوتروا بثلاث کالمغرب۔

(ملخص فتح الباری۔ ج۲۔ ص۴۸۱۔ کتاب الوتر)

"ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے اس میں ہے کہ آپ تین وتروں کے آخر میں سلام پھیرا کرتے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ وہ تین وتر پڑھتے تھے اور صرف آخر میں سلام پھیرتے تھے۔"

اور یہی منقول ہے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ، حضرت ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ابوالعالیۃ رحمۃ اللہ علیہ سے کہ وہ مغرب کی نماز کی طرح تین وتر پڑھتے تھے۔

مروزی رحمۃ اللہ علیہ نے ابواسحاق سے نقل کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کے تمام ساتھی وشاگرد بھی نماز وتر میں دو رکعت کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے۔ (مروزی: قیام اللیل۔ ص۲۱۱)

Marfat.com

عن عبداللہ بن دینار عن عبداللہ بن عمر کان یقول صلوۃ المغرب وتر صلوۃ النہار۔ (موطا مالك: الأمر بالوتر)

"حضرت عبداللہ بن دینار سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ مغرب کی نماز دن کے وتر ہیں۔"

ان روایات سے معلوم ہوا کہ:

- صرف وتروں کے آخر میں سلام پھیرنا چاہئے۔ درمیان میں نہیں۔
- وتروں کی مشابہت مغرب کی نماز کے ساتھ ہے تو جس طرح مغرب کی نماز میں حسب اصول دو رکعتوں کے بعد تشہد پڑھی جاتی ہے۔ اس طرح وتروں میں بھی دو رکعتوں کے بعد تشہد پڑھنی چاہئے۔

(۱۹۱) رکعات فجر

۲ سنت ۲ فرض

احادیث مبارکہ میں فجر کی پہلی دو سنتوں کی بہت زیادہ اہمیت وارد ہے، یہی وجہ ہے کہ جب نماز کھڑی ہو جائے اس وقت اور کوئی نماز حتیٰ کہ نمازوں کی سنتیں بھی نہیں پڑھی جا سکتیں جیسا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ جب نماز شروع ہو جائے تو فرض نماز کے علاوہ کوئی اور نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے۔

(ترمذی: إذا أقیمت الصلوٰۃ)

لیکن فجر کی سنتوں کی اہمیت کے پیش نظر نماز شروع ہونے کے بعد بھی حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم یہ سنتیں پڑھ کر نماز میں شریک ہوا کرتے تھے۔

لہٰذا اگر نماز کی دوسری رکعت مل جانے کی امید ہو تو مسجد کے دروازہ کے قریب سنتیں پڑھ کر نماز میں شریک ہو جائے۔

(۱۹۲) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا عمل

عن عبداللہ بن أبي موسی قال جاء نا ابن مسعود رضی اللہ عنه والإمام یصلی الصبح فصلی رکعتین إلی سارية ولم

Marfat.com

یکن صلی رکعتی الفجر (قال الھیثمی رجالہ موثقون)

(مجمع الزوائد۔ ج۱۔ ص۷۵)

"حضرت عبداللہ ابن اُبی موسیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہماری مسجد میں تشریف لائے تو امام فجر کی نماز پڑھا رہا تھا۔ آپ نے ایک ستون کے قریب فجر کی سنتیں ادا فرمائیں چونکہ وہ اس سے پہلے سنتیں نہیں پڑھ سکے تھے۔"

(۱۹۳) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا عمل

عن أبی عثمان الانصاری قال جاء عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما والإمام فی صلوۃ الغداۃ لم یکن صلی الرکعتین فصلی عبداللہ بن عباس الرکعتین خلف الإمام ثم دخل معھم

(صححہ النیموی، آثار السنن۔ ج۲۔ ص۳۳) (طحاوی: الرجل یدخل المسجد والامام)

"حضرت ابوعثمان انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تشریف لائے جب کہ امام فجر کی نماز پڑھا رہا تھا اور آپ نے دو رکعتیں نہیں پڑھی تھیں۔ تو پہلے انہوں نے دو رکعتیں پڑھیں پھر جماعت میں شامل ہو کر فجر کی نماز پڑھی۔"

(۱۹۴) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل

عن محمد بن کعب قال خرج عبداللہ بن عمر من بیتہ فأقیمت صلوۃ الصبح فرکع رکعتین قبل أن یدخل المسجد، وھو فی الطریق ثم دخل المسجد فصلی الصبح مع الناس۔ (اسنادہ حسن: طحاوی: الرجل یدخل المسجد والإمام)

"محمد بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما گھر سے نکلے تو فجر کی نماز کھڑی ہو گئی، آپ نے مسجد میں داخل ہونے سے

Marfat.com

پہلے ہی دو رکعتیں پڑھیں پھر با جماعت نماز پڑھی۔"

(۱۹۵) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کا عمل

عن أبي الدرداء رضی الله عنه أنه كان دخل المسجد والناس صفوف فی صلوة الفجر فيصلی الركعتين فی ناحية المسجد ثم يدخل مع القوم فی الصلوة۔

(طحاوی: الرجل يدخل المسجد والإمام)

"حضرت ابوالدارداء رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف لائے تو لوگ فجر کی نماز کے لئے صفوں میں کھڑے تھے، آپ نے مسجد میں ایک طرف دو رکعتیں پڑھیں پھر لوگوں کے ساتھ نماز میں شریف ہو گئے۔"

(۱۹۶) دور فاروقی میں صحابہ کا عمل

عن أبي عثمان المهندی يقال كنا نأتی عمر بن الخطاب قبل أن نصلی الركعتين قبل الصبح وهو فی الصلاة فنصلی الركعتين فی آخر المسجد ثم ندخل مع القوم فی صلاتهم۔ (طحاوی: الرجل يدخل المسجد والإمام فی صلاة الفجر)

"حضرت عثمان مہندی فرماتے ہیں کہ ہم عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے دور میں فجر سے پہلے کی دو رکعتیں پڑھے بغیر آیا کرتے تھے۔ جب کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز پڑھا رہے ہوتے ہم مسجد کے آخر میں دو رکعتیں پڑھ لیتے۔ پھر لوگوں کے ہمراہ نماز میں شریک ہو جاتے۔"

ان جلیل القدر حضرات صحابہ کے عمل سے معلوم ہوا کہ اگر نماز با جماعت مل جانے کی توقع ہو تو مسجد میں ایک طرف سنتیں پڑھ کر جماعت میں شریک ہونا چاہئے۔

(۱۹۷) اگر سنتیں پڑھ کر جماعت میں شریک ہونا ممکن نہ ہو تو سنتیں چھوڑ دے اور جماعت میں شریک ہو جائے، پھر حکم نبوی کے مطابق سورج نکلنے کے بعد ان سنتوں کی قضا پڑھ لے۔ فجر کی نماز کے بعد یہ سنتیں نہ پڑھے، چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فجر کے بعد

Marfat.com

سے لے کر طلوع آفتاب تک نماز پڑھنے سے روکا ہے۔ ❶

عن أبي هريرة رضى الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم "من لم يصل ركعتى الفجر فليصلها بعد ما تطلع الشمس۔

(ترمذی: ماجاء فی اعادتهما بعد طلوع الشمس) (قال الحاکم صحیح علی شرط الشیخین)

---

❶ مندرجہ بالا حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے صراحتاً معلوم ہو گیا کہ اگر فجر کی سنتیں چھوٹ جائیں تو سورج نکلنے کے بعد پڑھی جائیں، لیکن بعض لوگ فجر کے فرائض سے فارغ ہوتے ہی پڑھ لیتے ہیں اور دلیل میں جو حدیث پیش کرتے ہیں وہ مرسل ہے جس کی سند ہی متصل نہیں ملاحظہ ہو:

عن قيس قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم فأقيمت الصلوٰة فصليت معه الصبح ثم انصرف النبى صلى الله عليه وسلم فوجدنى أصلى فقال مهلاً ياقيس أ صلاتان معاً؟ قلت يا رسول الله صلى الله عليه وسلم إنى لم أكن ركعت ركعتى الفجر قال فلا إذن. (ترمذى : ماجاء فيمن تفوته الركعتان)

حضرت قیس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے تشریف لائے۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم جانے لگے تو مجھے دیکھا کہ میں نماز پڑھنے لگا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیس ذرا ٹھہرو، کیا دونوں اکٹھی پڑھنے لگے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ میری فجر کی دو رکعتیں رہ گئی تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلا اذن پھر کوئی حرج نہیں۔

واضح رہے کہ خود امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کے بارہ میں فرماتے ہیں۔

إنما يروى هذا الحديث مرسلا واسناد هذا الحديث ليس بمتصل ومحمد لم يسمع من قيس.

کہ یہ حدیث مرسل ہے اور اس کی سند ہی متصل نہیں۔ چونکہ محمد بن ابراہیم نے قیس سے کچھ نہیں سنا۔

اس دلیل میں دوسری کمزوری یہ ہے کہ اس میں فجر کے بعد سنتیں پڑھنے کا جواز صراحتاً معلوم نہیں ہوتا۔ چونکہ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم "فلا اذن" کا دوسرا مفہوم و معنی زیادہ واضح ہے کہ پھر بھی نہ پڑھو، تو گویا یہ الفاظ سنتیں پڑھنے کے جواز اور عدم جواز دونوں کی دلیل بن سکتے ہیں، بلکہ دوسرا مفہوم اس لئے راجح ہے کہ وہ دیگر روایات کے مطابق ہے جیسا کہ روایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں صراحت ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے اس کی مزید تائید ہوتی ہے، نیز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کے بعد سورج نکلنے تک نماز پڑھنے سے روکا ہے۔

Marfat.com

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے فجر کی دو رکعتیں نہ پڑھی ہوں وہ سورج نکلنے کے بعد پڑھ لے۔"

عن مالك أنه بلغه أن عبدالله بن عمر رضى الله عنه فاتته ركعتا الفجر فقضاهما بعد أن طلعت الشمس۔

(موطا مالك: ماجاء فى ركعتى الفجر)

"امام مالک فرماتے ہیں کہ انہیں یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی فجر کی دو رکعتیں فوت ہوگئیں۔ تو آپ نے سورج نکلنے کے بعد انہیں قضا پڑھا۔"

(۱۹۸) جمعہ کی فضلیت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جمعہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ ''اس میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ جس میں ایک مسلمان جو نماز کا پابند ہو اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگتا ہے۔ اللہ تعالیٰ عطا فرما دیتے ہیں۔ (مسلم: کتاب الجمعۃ)

(۱۹۹) جمعہ کے دن غسل کرنا

حضرت عبداللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے جب کوئی جمعہ پڑھنے کے لئے آئے تو اس کو غسل کر کے آنا چاہئے۔'' (مسلم: کتاب الجمعۃ)

(۲۰۰) جمعہ نہ پڑھنے کی سزا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بتلایا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپ منبر کی سیڑھیوں پر فرما رہے تھے۔ خبردار لوگ جمعہ چھوڑنے سے رک جائیں یا پھر اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر مہر لگا دے گا۔ پھر یہ لوگ غافلین میں سے ہو جائیں گے۔ (مسلم: التغليظ فى ترك الجمعة)

Marfat.com

(۲۰۱) اذان جمعہ

پہلی اذان خطبہ شروع ہونے سے کچھ وقت پہلے دی جائے تا کہ لوگ مسجد میں جمع ہو جائیں اور دوسری اذان مسنون عربی خطبہ سے پہلے دی جائے۔

عن السائب بن یزید یقول إن الاذان یوم الجمعة کان اوله حین یجلس الإمام یوم الجمعة علی المنبر فی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم وابی بکر وعمر رضی الله عنهما فلما کان خلافة عثمان رضی الله عنه و کثروا أمر عثمان یوم الجمعة بالأذان الثالث فأذن به علی الزوراء فثبت الأمر علی ذلك۔ (بخاری: التاذین عند الخطبة)

"حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں جمعہ کی پہلی اذان اس وقت ہوتی جب امام منبر پر بیٹھتا، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں لوگ زیادہ ہو گئے تو آپ نے (خطبہ سے پہلے) ایک اور اذان دینے کا حکم دیا، یہ اذان ایک اونچی جگہ پر دی جاتی تھی پھر اس اذان پر امت کا مسلسل عمل شروع ہو گیا۔"

(۲۰۲) خطبہ مسنونہ

نماز جمعہ سے پہلے دو خطبے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری سنت ہے۔ دونوں خطبوں کے درمیان چند لمحات کے لئے بیٹھنا چاہئے۔ نیز دونوں خطبے عربی زبان میں پڑھنا آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے۔ احادیث مبارکہ سے یہی ثابت ہے۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تابعین تبع تابعین اور پوری امت اسلامیہ کا مسلسل عمل اسی پر ہے۔ اسی لئے عربی خطبے خطبہ مسنونہ کہلاتے ہیں جمعہ کے موقع پر اس اجتماع کو غنیمت جانتے ہوئے اگر کوئی شخص مقامی زبان میں کسی اصلاحی و تعمیری موضوع پر تقریر کرنا چاہے تو کرے، لیکن حدیث کی رو سے یہ تقریر خطبہ مسنونہ کا حصہ نہیں کہلائے گی، چونکہ خطبہ مسنونہ عربی میں ہوتا ہے۔

Marfat.com

شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں:

وعربی بودن نیز بجہت عمل مستمر مسلمین در مشارق
ومغارب باوجود آنکہ در بسیارے از اقالیم مخاطبان عجمے بودند

(مصفی شرح موطا۔ص ۱۵۴)

اور خطبہ جمعہ عربی زبان میں دینا سنت ہے چونکہ روز اول سے آج تک مشرق ومغرب کے تمام مسلمانوں کا عمل یہی ہے، باوجود یہ کہ بہت سے علاقوں میں سامعین عجمی ہوتے تھے، مگر آج کل کے بعض غیر مقلدین ایک خطبہ مقامی زبان میں اور دوسرا عربی میں دیتے ہیں جو کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مبارکہ اور عمل صحابہ سے ثابت نہیں ہے۔ ◆1

◆1 واضح رہے کہ حضرات غیر مقلدین اپنے اس گروہی شعار کو مذہبی رنگ دینے کے لئے مختلف حیلے بہانے تراشتے ہیں۔ مثلاً

ا- خطبہ کا مقصد وعظ ونصیحت اور تذکیر ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر سامعین عربی زبان جانتے ہوں تو خطبہ کا یہ مقصد حاصل نہ ہوگا۔

تجزیہ

(الف) اسلامی تعلیمات سب عرب وعجم کے لئے ہیں۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کو بھی اس بات کا علم تھا کہ ان کے بعض یا سب مخاطب عجمی ہیں پھر بھی انہوں نے جمعہ کے دونوں خطبے عربی میں دیئے، الغرض ایک خطبہ مقامی زبان اور دوسرا عربی زبان میں دینا حدیث شریف سے ثابت نہیں ہے، لہٰذا جو اصول خیر القرون میں غیر عربی خطبہ کا معیار نہیں بن سکا وہ آج کل غیر عربی خطبہ کا معیار ومدار کیونکر بن سکتا ہے؟

(ب) مندرجہ بالا اصول قرآنی نقطہ نظر سے بھی صحیح نہیں ہے چونکہ قرآن کریم انسانیت کی رہنمائی ہدایت اور موعظت ونصیحت کے لئے نازل ہوا۔

ارشاد ربانی ہے:

یاایھا الناس قد جاء تکم موعظة من ربکم وشفاءٌ لما فی الصدور و ھدیٌ ورحمة للمؤمنین. (یونس:۵۷)

گویا قرآن کریم کا عربی میں ہونا اس کے موعظت وہدایت کے لئے ہونے کے منافی نہیں لہٰذا خطبہ مسنونہ کا عربی میں ہونا بھی اس کے موعظت ونصیحت ہونے کے منافی نہیں ہے۔

(ج) اگر مقامی زبانوں میں خطبہ دینے کی بنیاد یہ ٹھہرے کہ سامعین کو سمجھانا مقصود ہے۔ باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

(۲۰۳) رکعات جمعہ

۴ سنت، ۲ فرض، ۶ سنت

جو شخص جمعہ کے لئے آئے یا تو گھر سے چار سنتیں پڑھ کر آئے یا خطبہ شروع ہونے سے پہلے پہلے پڑھ لے، دوران خطبہ سنتیں نہ پڑھے بلکہ باادب ہوکر خطبہ کی طرف

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ تو پھر دونوں خطبے مقامی زبان میں دینے چاہئیں۔ جب کہ خود غیر مقلدین بھی ایک خطبہ مقامی زبان میں اور دوسرا عربی میں دیتے ہیں۔ آخر یہی اصول دوسرے عربی خطبہ میں کیوں نہیں چلتا۔ اب یا تو یہ خودساختہ اصول صحیح نہیں یا بالفرض اگر صحیح ہے تو غیر مقلدین اس پر بھی پورا عمل نہیں کرتے۔

۲- اگر جمعہ پڑھانے والا شخص عربی میں خطبہ پڑھ ہی نہیں سکتا تو پھر اس مجبوری کے پیش نظر مقامی زبان میں خطبہ پڑھ لے۔ حضرات احناف کا راجح اور مفتی بہ مسلک بھی یہی ہے۔ واضح رہے کہ غیر مقلدین حضرات کو جب ایک خطبہ مقامی زبان میں اور دوسرا عربی میں پڑھنے کی کوئی دلیل قرآن وسنت وآثار صحابہ رضی اللہ عنہم سے نہیں ملتی تو حضرات احناف رحمۃ اللہ علیہم کے اس مسلک کا سہارا لینے کی کوشش کرتے ہیں۔

تجزیہ

(الف) حضرات احناف کا راجح ومفتی بہ مسلک مجبوری کی حالت سے متعلق ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام احناف کے ہاں دونوں مسنون خطبے عربی میں پڑھے جاتے ہیں۔ اب غیر مقلدین اس سے کیونکر استدلال کرسکتے ہیں چونکہ ان کے ہاں مجبوری کا کوئی پہلو نہیں ہے اس لئے کہ ان کے خطیب دوسرا خطبہ عربی میں ہی پڑھتے ہیں۔ نیز غیر مقلدین کا موقف اس نقطۂ نظر سے بھی مختلف ہے کہ وہ ایک خطبہ مقامی زبان میں اور دوسرا عربی میں پڑھتے ہیں۔ جب کہ احناف کے ہاں مجبوری کی حالت میں جو مسئلہ ہے وہ یہ ہے کہ دونوں خطبے مقامی زبان میں ہوں۔

(ب) حضرات احناف چونکہ حدیث پر عمل کرتے ہیں لہٰذا وہ سنت کے مطابق دونوں مسنون خطبے عربی میں پڑھتے ہیں اور اس موقع پر لوگوں کے اجتماع کے پیش نظر مقامی زبان میں کچھ تقریر بھی کر لیتے ہیں لیکن اس تقریر کو خطبہ مسنونہ قرار نہیں دیتے۔ اگر آجا کے غیر مقلدین کو احناف کے مسلک کو ہی بنیاد بنانا ہے تو پھر انہیں بھی ایسا ہی کرنا چاہئے، لیکن ان کا تو قصہ ہی نرالا ہے وہ اپنی پنجابی اردو کی تقریر کو پہلا مسنون خطبہ قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری سنت میں تو پہلا اور دوسرا ہر دو خطبہ عربی میں ہوتے تھے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی دونوں مسنون خطبے مسنون زبان میں پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

Marfat.com

متوجہ رہے، پھر دو رکعت فرض نماز پڑھے جس میں امام بلند آواز سے قرأت کرے نماز جمعہ کے بعد ۲ رکعتیں یا ۴ رکعتیں یا چھ رکعتیں پڑھے چونکہ یہ تینوں عمل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے اور مختلف اوقات میں حالات کے مطابق آپ نے یہ رکعات ادا فرمائیں۔ بہتر یہ ہے کہ چھ رکعتیں پڑھ لے تاکہ تمام احادیث پر عمل ہوجائے اور چھ رکعتوں کا ثواب بھی مل جائے۔

عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال من اغتسل ثم اتی الجمعة فصلی ما قدر له ثم انصت حتی يفرغ من خطبته ثم يصلی معه غفر له ما بينه وبين الجمعة الأخری وفضل ثلاثة أيام۔

(مسلم : فضل من استمع وانصت للخطبة)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے غسل کیا پھر جمعہ کے لئے آیا، پھر جتنی نفل نماز اس کے مقدر میں تھی اس نے پڑھی پھر امام کے خطبے سے فارغ ہونے تک خاموش رہا، پھر امام کے ساتھ نماز پڑھی تو اس کے دس دنوں کے گناہ صغیرہ معاف کردیئے جائیں گے۔"

عن ابراهيم قال كانوا يصلون قبلها اربعاً۔

(مصنف ابن ابی شیبہ۔ ج۱۔ ص۱۳۱)

"حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نماز جمعہ سے پہلے چار رکعت پڑھا کرتے تھے۔"

عن سالم عن أبيه أن النبی صلی الله عليه وسلم كان يصلی بعد الجمعة ركعتين۔ (مسلم : الصلاة بعد الجمعة)

"حضرت سالم اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کی دو رکعتیں پڑھتے تھے۔"

عن أبی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم اذا صلی أحدكم الجمعة فليصل بعدها

Marfat.com

اربعاً۔(مسلم: الصلاۃ بعد الجمعۃ)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی جمعہ پڑھ لے تو اس کے بعد چار رکعتیں پڑھے۔"

عن عطاء أنه رأى بن عمر رضی الله عنهما يصلی بعد الجمعة فينحاز عن مصلاه الذی صلی فيه الجمعة قليلاً غير كثير، قال فيركع ركعتين قال ثم يمضی أنفس من ذلك فيركع اربع ركعات قلت لعطاء كم رأيت بن عمر يصنع ذلك؟ قال مراراً۔(ابوداؤد: الصلاۃ بعد الجمعۃ)

"حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ انہوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو جمعہ کے بعد نماز پڑھتے دیکھا کہ جس مصلے پر آپ نے جمعہ پڑھا ہے اس سے تھوڑا سا ہٹ جاتے تھے۔ پھر دو رکعتیں پڑھتے، پھر چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

میں نے حضرت عطاء سے پوچھا کہ آپ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو کتنی دفعہ ایسا کرتے دیکھا۔ انہوں نے فرمایا کہ "بہت دفعہ"۔"

الغرض، روایت نمبر ۱، اور نمبر ۲ سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی ان بابرکت گھڑیوں میں جتنی زیادہ نماز پڑھ سکے پڑھے، لہٰذا خطبہ شروع ہونے سے پہلے کم از کم چار رکعات تو پڑھ ہی لے۔

روایت نمبر ۳ میں جمعہ کے بعد دو رکعت۔

روایت نمبر ۴ میں چار رکعت اور روایت نمبر ۵ میں چھ رکعت کا ذکر ہے جو کہ مختلف اوقات میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے۔

اسی لئے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وصح أنه صلی الله عليه وسلم قال من كان مصلياً بعد الجمعة فليصل أربعاً، وروی الست ركعات عن طائفة من الصحابة رضی الله عنهم۔ (مختصر فتاوی ابن تیمیۃ۔ ص ۷۹)

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

Marfat.com

ہے جمعہ کے بعد چار رکعات پڑھنی چاہئیں اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے چھ رکعات بھی منقول ہیں۔"

(۲۰۴) نماز جمعہ میں مسنون قرأت

عن ابن أبي رافع قال استخلف مروان أبا هريرة رضى الله عنه على المدينة وخرج إلى مكة، فصلى لنا ابوهريرة الجمعة فقرأ بعد سورة الجمعة فى الركعة الاخرة إذا جاءك المنافقون قال فأدركت أباهريرة حين انصرف فقلت له انك قرأت بسورتين كان على بن أبي طالب يقرأ بهما بالكوفة فقال ابوهريرة رضى الله عنه إنى سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ بهما يوم الجمعة۔

(مسلم: ما يقرأ فى صلوة الجمعة)

"ابورافع کے صاحبزادہ کہتے ہیں کہ مروان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں نائب بنایا اور خود مکہ مکرمہ چلا گیا تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جمعہ پڑھایا آپ نے پہلی رکعت میں سورہ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورہ منافقون پڑھی، نماز سے فراغت کے بعد میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی کوفہ میں یہی دو سورتیں پڑھتے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا ہے کہ آپ جمعہ میں یہ دو سورتیں پڑھا کرتے تھے۔"

عن عبيدالله بن عبدالله قال كتب الضحاك بن قيس الى النعمان بن بشير ليسأ له أى شىء قرأ رسول الله يوم الجمعة فقال كان يقرأ هل اتاك۔ (مسلم: ما يقرأ فى يوم الجمعة)

"حضرت عبیداللہ بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ ضحاک نے نعمان بن بشیر

Marfat.com

سے تحریری طور پر پوچھا کہ جمعہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (سورہ جمعہ کے علاوہ اور) کون سی سورہ پڑھا کرتے تھے؟ تو آپ نے بتایا کہ پھر وہ سورۃ ھل اتاك پڑھا کرتے تھے۔"

Marfat.com

نماز تراویح

(۲۰۵) تراویح کی تعریف

قال بن حجر رحمه الله : التراويح جمع ترويحة وهى المرة الواحدة من الراحة، كتسليمة من السلام، سميت الصلوة فى الجماعة فى ليالى رمضان التراويح لأنهم اول ما اجتمعوا عليها كانوا يستريحون بين كل تسليمتين۔

(فتح البارى: كتاب صلوة التراويح)

"تراویح ترویحہ کی جمع ہے اور ترویحہ بمعنیٰ ایک دفعہ آرام کرنا، جیسے تسلیمہ بمعنیٰ ایک دفعہ سلام پھیرنا اور رمضان کی راتوں میں باجماعت نماز کو تراویح کہا جاتا ہے۔ اس مناسبت سے کہ ابتداء جب حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا اتفاق اس امر پر ہو گیا تو وہ ہر دو سلاموں کے بعد (چار رکعت کے بعد) کچھ آرام کرتے تھے۔ (واضح رہے کہ خود تراویح کا صیغہ بتلا رہا ہے کہ تراویح کی رکعات آٹھ سے زائد ہیں چونکہ چار رکعت، ایک ترویحہ اور آٹھ رکعت، ترویحتین بارہ اور اس سے زائد رکعات تراویح)۔"

(۲۰۶) نماز تراویح عہد نبوی میں

عن عائشة رضى الله عنها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى فى المسجد ذات ليلة فصلى بصلاته ناس، ثم

Marfat.com

صلى من القابلة فكثر الناس، ثم اجتمعوا من الليلة الثالثة أو الرابعة فلم يخرج إليهم رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما أصبح قال، قد رأيت الذى صنعتم، فلم يمنعنى من الخروج إليكم إلا انى خشيت أن تفرض عليكم قال وذلك فى رمضان۔ (مسلم: الترغيب فى الصلوة التراويح)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (رمضان کی) ایک رات مسجد میں نماز تراویح پڑھی، لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھی، پھر دوسری رات کی نماز میں شرکاء زیادہ ہوگئے۔ تیسری یا چوتھی رات آپ نماز تراویح کے لئے مسجد میں تشریف نہ لائے اور صبح کو فرمایا: میں نے تمہارا شوق دیکھ لیا اور میں اسی ڈر سے نہیں آیا کہ کہیں یہ نماز تم پر رمضان میں فرض نہ کردی جائے۔"

عن أبي هريرة رضى الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يرغب فى قيام رمضان من غير أن يأمرهم فيه بعزيمة فيقول من قام رمضان ايماناً واحتساباً غفرله ما تقدم من ذنبه فتوفى رسول الله صلى الله عليه وسلم، والأمر على ذلك ثم كان الأمر على ذلك فى خلافة أبي بكر رضى الله عنه وصدرًا من خلافة عمر رضى الله عليه على ذلك۔ (مسلم: الترغيب فى صلاة التراويح)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیام رمضان کی ترغیب دیتے وجوب کا حکم نہیں۔ آپ فرماتے جو شخص رمضان کی راتوں میں نماز تراویح پڑھے اور وہ ایمان کے دوسرے تقاضوں کو بھی پورا کررہا ہو اور ثواب کی نیت سے یہ عمل کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے سابقہ گناہ معاف کردیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات تک یہی عمل دورِ صدیقی اور ابتدائی عہد فاروقی میں بھی یہی عمل رہا۔"

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ:

Marfat.com

۱- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف تین دفعہ مسجد میں آ کر باجماعت تراویح پڑھی۔
۲- پورا رمضان تراویح پڑھنا باعث اجر وثواب ومغفرت ہے۔
۳- نماز تراویح کی تعداد مقرر نہیں فرمائی۔

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

ومن ظن أن قيام رمضان فيه عدد مؤقت عن النبى صلى الله عليه وسلم لا يزاد فيه ولا ينقص منه فقد أخطا۔

(فتاوى بن تيمية مصرية۔ ج۲۔ ص۴۰۱)

"جس شخص کا یہ خیال ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تراویح کی کوئی تعداد مقرر کی ہے جس میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی تو وہ غلطی پر ہے۔"

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

والحاصل ان الذى دلت عليه احاديث الباب وما يشابهها هو مشروعية القيام فى رمضان، والصلوة فيه جماعة وفرادى فقصد الصلوة المسماة بالتراويح عل عدد معين و تخصيصها بقرأة مخصوصة لم يرد به سنة۔

(نیل الاوطار۔ ج ۳ ص ۶۴)

"خلاصہ کلام یہ ہے کہ مسئلہ تراویح کی تمام روایات میں نماز تراویح، ان کا باجماعت یا تنہا پڑھنا تو ثابت ہے لیکن خاص نماز تراویح کی تعداد اور اس میں قرأت کی تعیین آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول نہیں۔"

Marfat.com

نماز تراویح خلافت راشدہ میں

(۲۰۷) عہد صدیقی کا معمول حسب سابق رہا اور لوگ اپنے طور پر عبادت کرتے رہے۔

(۲۰۸) دورِ فاروقی

رمضان کی تمام راتوں میں عشاء کے فرائض کے بعد وتروں سے پہلے باجماعت نماز تراویح میں قرآن مکمل کرنے کا باضابطہ سلسلہ عہد فاروقی میں شروع ہوا اور بیس رکعت تراویح پڑھی جانے لگیں اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے اسی کیفیت پر اسی تعداد میں تراویح پڑھیں اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں، اسلاف صحابہ اسلاف تابعین و اسلاف فقہاء امت کا بھی یہی معمول رہا اور حرمین شریفین میں آج تک اس پر عمل ہو رہا ہے، چونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تراویح کی ترغیب تو دی، لیکن ان سب تفصیلات کی وضاحت نہ فرمائی، تاکہ یہ فرض نہ ہو جائیں، اس لئے مزاج شناس رسالت "لو کان بعدی نبی لکان عمر رضی اللہ عنہ" نے انصار و مہاجرین صحابہ کے مشورے سے اس محبوب و مرغوب عمل کو باضابطہ شکل دی، چونکہ وحی کا سلسلہ منقطع ہونے کے بعد اب فرضیت کا خطرہ نہ تھا۔

ان سب کے باوجود اس مقدس و بابرکت مہینہ میں بعض لوگ کا ہلی [1] کا مظاہرہ

---

[1] واضح رہے کہ ۱۲۸۴ھ میں مشہور غیر مقلد عالم مفتی محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلی دفعہ باضابطہ طور پر یہ فتویٰ جاری کر دیا کہ آٹھ رکعات تراویح سنت اور بیس تراویح بدعت ہے۔ اس انوکھے فتوے سے مسلمانان ہند میں اضطراب کی لہر دوڑ گئی۔ علمائے اہل سنت نے اس کے رد میں بہت کچھ لکھا حتی کہ ۱۲۹۰ھ میں مشہور غیر مقلد بزرگ عالم مولانا غلام رسول صاحب رحمۃ اللہ علیہ قلعہ میاں سنگھ گوجرانوالہ نے بھی اس فتوے کا رد لکھا، وہ اس فتوے کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "میں کہتا ہوں کہ اس حدیث کے مطابق جس میں آتا ہے کہ تم میں سے ہرگز کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا، بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

کرتے ہیں اور صرف آٹھ رکعتوں پر ہی اکتفاء کر لیتے ہیں، مزید یہ کہ اپنے اس عمل کے لئے مختلف حیلے بہانے تراشتے ہیں، مثلاً یہ کہ بیس رکعت کی تعداد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں مقرر ہوئی، یہ عجیب نرالی منطق ہے کہ عہد فاروقی میں تراویح کی کیفیت تو قابل قبول ہو، لیکن تعداد محل نظر، چونکہ:

۱- پورا رمضان تراویح پڑھنا۔
۲- تراویح کا مستقل باجماعت پڑھنا۔
۳- بیس رکعت تراویح پڑھنا۔
۴- رمضان میں وتر باجماعت پڑھنا۔

آخر یہ سب کچھ عہد فاروقی میں شروع ہوا۔ ملاحظہ ہو۔

عن عبد الرحمن القارئ أنه قال خرجت مع عمر بن

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ جب تک کہ میں (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے ہاں باپ اولاد تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ محبت ہونے کی علامت یہ ہے کہ ہم آپ کے خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کی سنت کی پیروی بھی کریں اور آپ کے ارشاد گرامی کہ ''ان کی سنت کو مضبوطی سے پکڑو اور اس کو داڑھوں سے مضبوط کرو۔'' کو اپنی آنکھوں کے سامنے رکھیں نہ یہ کہ کم ہمتی کی وجہ سے صرف گیارہ رکعات پر اکتفا کرتے ہوئے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل کو بدعت قرار دیں اور ان کے اجماع پر طعن کریں اور تئیس رکعات پڑھنے والوں پر فعل مشرکین اور اپنے آباء اجداد کی تقلید کرنے کی چوٹ کریں اور اس باب میں ہماری پہلی دلیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیثیں ہیں کہ فضائل اعمال میں ان پر عمل کرنا اجماعی امر ہے اور دوسری دلیل حضرات صحابہ کرام، تابعین ائمہ اربعہ اور مسلمانوں کی بڑی جماعت کا عمل ہے جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور سے لے کر اس وقت تک مشرق و مغرب میں جاری ہے کہ وہ تئیس رکعت ہی پڑھتے رہے ہیں بخلاف اس غالی مفتی (بٹالوی) کے کہ وہ اس عمل کو بدعت اور مخالف سنت کہتا ہے اور حد سے تجاوز کرتا ہے۔'' مزید لکھتے ہیں کہیہ مفتی سینہ زوری کے ساتھ سنت کی پیروی کرنے والوں کے عمل کو بدعت کہتا ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم تابعین، ائمہ مجتہدین اور مشرق و مغرب کے علماء کی بہت بڑی جماعت کو مخالف سنت قرار دیتا ہے، بلکہ اس مفتی نے بات یہاں تک پہنچادی ہے کہ ان حضرات کے اس عمل کو تعریضاً مشرکین کا فعل کہتا ہے اور ان کو اپنے آباء اجداد کی تقلید کا عامل قرار دیتا ہے۔

(غلام رسول۔ رسالہ تراویح۔ ص ۲۸، ص ۵۶)

Marfat.com

أو زاع متفرقون يصلى الرجل لنفسه ويصلى الرجل الخطاب رضى الله عنه فى رمضان إلى المسجد فإذا الناس فيصلى بصلاته الرهط، فقال عمر، والله إنى لأرانى لو جمعت هؤلاء على قارئ واحد لكان أمثل فجمعهم على أبى بن كعب، قال ثم خرجت معه ليلة أخرى والناس يصلون بصلوة قارئهم فقال عمر نعمت البدعة هذه التى تنامون عنها افضل من التى تقومون يعنى آخر الليل وكان الناس يقومون أوله۔ (موطا مالك: ماجاء فى قيام رمضان)

"حضرت عبدالرحمن قاری فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ رمضان میں مسجد میں گیا تو دیکھا کہ لوگ مختلف گروپوں میں علیٰحدہ علیٰحدہ نماز تراویح پڑھ رہے ہیں۔ کوئی تو اکیلا پڑھ رہا ہے اور کسی کے ساتھ کچھ اور لوگ بھی شریک ہیں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا میرا خیال ہے کہ اگر ان سب کو ایک امام کی اقتداء میں جمع کر دیا جائے، تو بہت اچھا ہے اور سب کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں جمع کر دیا۔

حضرت عبدالرحمن فرماتے ہیں کہ پھر جب ہم دوسرے دن نکلے اور دیکھا کہ سب لوگ ایک ہی امام کی اقتداء میں نماز تراویح ادا کر رہے ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "یہ بڑا اچھا طریقہ ہے۔" اور مزید فرمایا کہ ابھی تم رات کے جس آخری حصہ میں سو جاتے ہو وہ اس وقت سے بھی بہتر ہے جس کو تم نماز میں کھڑے ہو کر گزارتے ہو۔ آپ کا مقصد اس آخری حصہ کی اہمیت بتلانا تھا اور رات کا ابتدائی حصہ تو لوگ پہلے ہی نماز میں گزارتے تھے۔"

عن يزيد بن رومان أنه قال كان الناس يقومون فى زمان

Marfat.com

عمر بن الخطاب رضی الله عنه فی رمضان بثلاث وعشرین ركعة۔ ◆1

(موطا مالك: ماجاء فی قیام رمضان)

"حضرت یزید بن رومان کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں حضرات صحابہ تیئس رکعت ادا فرماتے تھے۔"

روی البیهقی فی المعرفة عن السائب بن یزید كنا نقوم فی زمن عمر بن الخطاب بعشرین ركعة والوتر۔

(اسنادہ صحیح) (زیلعی: نصب الرأیة۔ ج۲۔ ص۱۵۴)

"بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب المعرفۃ میں نقل کیا ہے حضرت سائب بن یزید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں ہم بیس رکعت تراویح اور وتر پڑھا کرتے تھے۔"

◆1 عن السائب بن یزید أنه قال امر عمر بن الخطاب أبی بن كعب وتمیماً الداری ان یقوما للناس بأحدی عشرة ركعة ... الخ

اس روایت کی بنیاد پر بعض لوگوں کو شبہ ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گیارہ رکعت تراویح کا حکم دیا حالانکہ خود اس روایت کی کیفیت یہ ہے کہ:

۱- یہ حدیث تین طرح سے منقول ہے، ایک میں اکیس کا ذکر ہے۔ دوسری میں گیارہ کا تیسری میں تیرہ کا، ظاہر ہے کہ اس میں سے صحیح تو ایک قول ہے اور وہ موطا کی شرح میں زرقانی نے نقل کیا ہے۔

قال بن عبدالبر روی غیر مالك فی هذا الحدیث أحد وعشرون وهو الصحیح

کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ دوسرے راویوں نے حضرت سائب کی اسی روایت میں اکیس تراویح کا ذکر کیا ہے اور یہی صحیح ہے۔

۲- ظاہر ہے جب ایک ہی روایت میں تین الفاظ منقول ہیں اور ایک صحیح ہے تو باقی غلط ہوں گے۔ ابن عبدالبر نے اس کی بھی توضیح وتعیین کر دی فرماتے ہیں:

الا أن الاغلب عندی أن قوله احدی عشرة وهم (زرقانی شرح موطا، ج۱، ص۳۵۴، قیام رمضان)

کہ میرے نزدیک زیادہ غالب یہی ہے کہ گیارہ کا ذکر وہم کی بنیاد پر ہوا ہے۔

۳- حضرت سائب کی بیہقی والی روایت میں بیس رکعات تراویح کا ذکر ہے جو قرینہ ہے کہ حضرت سائب کی بیس تراویح والی روایت ہی صحیح ہے۔

Marfat.com

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق

فلما جمعهم عمر على أبي بن كعب كان يصلي بهم عشرين ركعة ثم يوتر بثلاث۔ (الفتاوى المصرية۔ ج۲۔ ص۴۰۱)

"جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی امامت میں جمع کیا تو وہ بیس رکعت تراویح اور تین وتر پڑھاتے تھے۔"

فلما كان عمر رضى الله عنه جمعهم على امام واحدٍ وهو أبي بن كعب الذى جمع الناس عليه بأمر عمر بن الخطاب، وعمر هو من الخلفاء الراشدين حيث يقول صلى الله عليه وسلم عليكم بسنتى وسنة الخلفاء الراشدين المهديين من بعدى عضوا عليها بالنواجذ يعنى الأضراس لأنها اعظم فى القوة وهذا الذى فعله هو سنة۔

(فتاوى ابن تيمية۔ ج۲۲۔ ص۲۳۴)

"حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سب صحابہ رضی اللہ عنہم کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی امامت میں جمع کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلفاء راشدین میں سے ہیں جن کی بابت آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری سنت اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت پر عمل کرو اور اسی کو داڑھوں کے ساتھ مضبوطی سے پکڑے رکھو۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے داڑھوں کا ذکر اسی لئے کیا کہ داڑھوں کی گرفت مضبوط ہوتی ہے۔ الغرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ اقدام عین سنت ہے۔"

(۲۰۹) عہد عثمانی

خلیفہ راشد حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک میں بھی بیس تراویح کا

Marfat.com

معمول رہا۔

عن سائب بن یزید قال کانوا یقومون علی عهد عمر بن الخطاب فی شهر رمضان بعشرین رکعة وکانوا یقرؤن بالمئین۔ وکانوا یتوکئون علی عصیهم فی عهد عثمان من شدة القیام۔

(رجاله ثقات: آثار السنن) (بیهقی: عدد رکعات القیام فی رمضان)

"حضرت سائب بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں حضرات صحابہ رمضان میں بیس رکعات پڑھتے تھے اور ایک سو سے زائد آیات والی سورتیں پڑھتے تھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں تو بعض لوگ شدت قیام کی وجہ سے لاٹھیوں کا سہارا لیا کرتے تھے۔"

(۲۱۰) عہد علی رضی اللہ عنہ

خلیفہ راشد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے مبارک دورِ خلافت میں بیس تراویح پڑھنے کا حکم دیا۔

عن عبدالرحمن بن أبی سلمی عن علی قال دعا القراء فی رمضان فأمر منهم رجلا یصلی بالناس عشرین رکعة قال وکان علی یوتر بهم۔

(بیهقی: عدد رکعات القیام فی رمضان)

"حضرت عبدالرحمن فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رمضان میں قراء حضرات کو بلایا اور ان میں سے ایک کو حکم دیا کہ لوگوں کو بیس رکعت تراویح پڑھائے۔ عبدالرحمن کہتے ہیں کہ وتر حضرت علی پڑھاتے تھے۔"

عن شتیر بن شکل وکان من أصحاب علی رضی الله عنه انه

Marfat.com

كان يؤمهم فی شهر رمضان بعشرين ركعة ويوتر بثلاث.

(قال البيهقی وفی ذلك قوة) (بيهقی: عدد ركعات القيام)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے حضرت شتیر بن شکل رمضان میں بیس رکعات تراویح اور تین وتر پڑھاتے تھے۔"

(۲۱۱) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا عمل

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سفر وحضر کے ساتھی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی بیس تراویح پڑھا کرتے تھے۔

قال الأعمش رحمة الله عليه كان (ابن مسعود رضی الله عنه) صلی عشرين ركعة ويوتر بثلث.

(مروزی: قيام الليل۔ص ۱۵۷)

"حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا معمول بھی بیس رکعات تراویح اور تین وتر پڑھنے کا تھا۔"

(۲۱۲) جمہور صحابہ رضی اللہ عنہم اور اہل مکہ کا عمل

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

واكثر اهل العلم على ما روى عن على رضی الله عنه وعمر رضی الله عنه وغيرهما من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم عشرين ركعة، وهو قول سفيان الثوری وابن المبارك والشافعی وقال الشافعی وهكذا ادركت ببلدنا بمكة يصلون عشرين ركعة

(ترمذی: ماجاء فی قيام شهر رمضان)

"کہ جمہور اہل علم کا مسلک وہی ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ ودیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے منقول ہے کہ تراویح میں بیس رکعات ہیں۔ حضرت سفیان ثوری، ابن مبارک اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی

Marfat.com

مسلک ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اہل مکہ کو بیس رکعات پڑھتے دیکھا۔"

واضح رہے کہ جمہور کے علاوہ بعض حضرات مدینہ منورہ میں اکتالیس رکعات تراویح پڑھتے تھے جیسا کہ ترمذی نے بھی نقل کیا ہے جس کا پس منظر حضرت داؤد بن حصین رضی اللہ عنہ کی روایت کے حاشیہ میں ملاحظہ ہو کہ وہ بھی بنیادی طور پر بیس رکعات ہی پڑھتے تھے۔ بہرحال امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اہل مکہ و اہل مدینہ میں سے آٹھ تراویح پر کسی کا عمل نقل نہیں کیا۔

(۲۱۳) اجماع اسلاف امت

حضرت صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین رحمۃ اللہ علیہم و فقہاء امت رحمۃ اللہ علیہم کا اتفاق ہے کہ رمضان میں بیس تراویح سنت ہے۔ ابن قدامہ فرماتے ہیں۔

والمختار عند احمد فیها عشرون رکعة وبهذا قال الثوری، واستدل بان عمر رضی الله عنه لما جمع الناس علی ابی کان یصلی بهم عشرین رکعة، وروایة مالك عن یزید بن رومان (کما مر) وروایة علی رضی الله عنه (کما مر) ویقول، وهذا کالإجماع۔ وما کان علیه اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم أو فی وأحق أن یتبع۔

(ملخص، المغنی، ج ۲، ص ۱۳۹، صلوۃ التراویح)

"اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں پسندیدہ عمل بیس رکعات کا ہے اور حضرت ثوری بھی یہی کہتے ہیں اور ان کی دلیل یہ ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو حضرت ابی بن کعب کی اقتداء میں جمع کیا تو وہ بیس رکعات پڑھتے تھے۔ نیز حضرت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا استدلال حضرت یزید و علی رضی اللہ عنہما کی روایات سے ہے۔ ابن قدامہ کہتے ہیں کہ یہ بمنزلہ اجماع کے ہے۔ نیز فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

جس چیز پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ عمل پیرا رہے ہوں۔ وہی اتباع کے لائق ہے۔"

وری محمد بن نصر عن طریق عطاء قال ادرکتهم فی رمضان یصلون عشرین رکعة والوتر ثلاث رکعات.

(مروزی: قیام اللیل۔ص ۵۷)

"محمد بن نصر نقل کرتے ہیں کہ حضرت عطاء نے فرمایا کہ میں نے حضرات صحابہ کو رمضان میں بیس تراویح اور تین رکعت وتر پڑھتے ہوئے پایا۔"

علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ شرح مسلم میں فرماتے ہیں:

والمراد بقیام رمضان صلوة التراویح، واتفق العلماء علی استحبابها وإختلفوا أن الأفضل صلواتها منفردا فی بیته أم فی جماعة فی المسجد فقال الشافعی رحمة الله علیه وابوحنیفة رحمة الله علیه واحمد رحمة الله علیه وبعض المالکیة رحمة الله علیه وغیرهم، الافضل صلوتها جماعة کما فعله عمر بن الخطاب والصحابة، واستمر عمل المسلمین علیه لأنه من الشعائر الظاهرة۔

(شرح مسلم للنووی، ملخص، الترغیب فی قیام رمضان)

"کہ قیام رمضان سے مراد تراویح ہے اور تمام علماء متفق ہیں کہ یہ نماز اللہ تعالیٰ کی محبوب ہے البتہ اس میں کچھ اختلاف ہے گھر میں اکیلا پڑھنا بہتر ہے یا مسجد میں باجماعت؟ تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ و ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ واحمد رحمۃ اللہ علیہ بعض مالکیہ اور دیگر حضرات فرماتے ہیں کہ باجماعت پڑھنا بہتر ہے چونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایسا ہی کیا اور اس پر مسلمانوں کا مسلسل عمل جاری ہے۔ حتی کہ یہ مسلمانوں کی ظاہری علامات میں سے ایک علامت

Marfat.com

ہے۔"

نیز علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

إعلم أن صلوة التراويح سنة باتفاق العلماء وهى عشرون ركعةً يسلم من كل ركعتين۔ (الأذكار۔ ص۸۳)

"جان لو کہ نماز تراویح کے سنت ہونے پر تمام علماء کا اجماع ہے اور یہ بیس رکعات ہیں۔ جن میں ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرا جاتا ہے۔"

عن داؤد بن الحصين انه سمع الأعرج يقول ما أدركت الناس إلا وهم يلعنون الكفرة فى رمضان قال وكان القارئ يقرأ سورة البقرة فى ثمان ركعات، فإذا قام بها فى اثنتى عشرة ركعات رأى الناس انه قد خفف۔ (قال الباجى ادركت الناس اى الصحابة)

(قدر القراءة فى رمضان)

"حضرت داؤد اعرج سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کو اس کیفیت میں دیکھا کہ وہ رمضان میں کفار کے لئے بددعا کرتے تھے۔

نیز یہ کہ امام سورۃ بقرۃ تراویح کی آٹھ رکعات میں مکمل کرتا تھا اور اگر کبھی بارہ رکعت میں مکمل کرتا، تو حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سمجھتے کہ آج اس نے ہلکی نماز پڑھائی۔"

اس روایت سے یہ بھی واضح ہوا کہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کی نماز تراویح آٹھ رکعت سے زائد ہوتی تھی جب کہ دوسری روایت میں تصریح ہو چکی ہے کہ سب بیس رکعت ہی پڑھتے تھے، لہٰذا ہمیں بھی پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمودات کی روشنی میں سچے متبعین حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے مستقل اور متفقہ عمل کے مطابق بیس رکعات تراویح پڑھنی

Marfat.com

چاہئے۔ اسلاف تابعین ❶ واسلاف فقہاء امت نے بھی ایسا ہی کیا۔

---

❶ حضرات تابعین کے دور میں بعض اہل مدینہ کا یہ عمل منقول ہے کہ وہ چھتیس یا چالیس رکعات پڑھا کرتے تھے۔

اس عمل کی تفصیلات سے واقف ہونے کے بعد واضح ہوتا ہے کہ یہ حضرات بھی بنیادی تراویح بیس رکعت کے ہی قائل تھے اور باقی زائد رکعات پڑھنے کا قصہ ابن قدامہ نقل کرتے ہیں کہ:

انما فعل اهل المدينة لأنهم أرادوا مساواة أهل مكة فإن أهل مكة كانوا يطوفون سبعاً بين كل ترويحتين فجعل أهل المدينة مكان كل سبع اربع ركعات وما كان عليه اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم أولىٰ واحق أن يتبع. (المغنی۔ ج ۲۔ ص ۱۳۹۔ صلوۃ التراویح)

بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ اہل مدینہ نے اہل مکہ کے ساتھ ثواب میں برابری کے لئے ایسا کیا، چونکہ اہل مکہ ہر چار رکعت کے بعد ایک طواف کرلیا کرتے تھے تو اہل مدینہ نے طواف کی بجائے چار رکعت پڑھنا شروع کیں۔ اس سب کے باوجود جس چیز پر سلف صحابہ کا عمل ہو وہ اتباع کے زیادہ قابل ہے۔

Marfat.com

نمازِ تراویح کی چودہ سو سالہ تاریخ

حرم مکی شریف

مکہ مکرمہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے آج تک مسلسل بیس تراویح کا معمول چلا آ رہا ہے اور کسی بھی دور میں بیس سے کم یا زیادہ تراویح باجماعت پڑھنا تاریخی طور پر ثابت نہیں ہے۔ اسی لئے آج کل بھی حرم مکی شریف میں بیس تراویح ہی پڑھی جاتی ہیں، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اہل مکہ کا معمول نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:-

واحب إلیّ عشرون، لأنه روی عن عمر رضی الله عنه و کذلك یقومون بمکة ویوترون بثلاث۔ (الأم ج ۱ ص ۱۴۲)

"مجھے بیس تراویح پڑھنا اس لئے پسند ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہم سے یہی منقول ہے اور اہل مکہ کا یہی عمل ہے نیز وہ بھی تین وتر پڑھتے ہیں۔"

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اہل مدینہ کا عمل نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ:

وأکثر اهل العلم علی ما روی عن علی وعمر وغیرهما من أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم عشرین رکعةً، وهو قول سفیان الثوری وابن المبارك، والشافعی، وقال الشافعی وهکذا أدرکت ببلدنا بمکة یصلون عشرین رکعة۔

(ترمذی: ماجاء فی قیام رمضان)

"اکثر اہل علم کا وہی مسلک ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ وعلی رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے منقول ہے کہ تراویح بیس رکعت ہیں۔

Marfat.com

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ، ابن مبارک اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ اہل مکہ بیس رکعات پڑھتے ہیں۔"

الغرض معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان کے بعد جمہور اہل علم اور اہل علم مکہ کا مسلسل عمل بیس رکعات تراویح پڑھنے کا ہے۔

حرم مدنی شریف

چودہ سو سالہ تاریخی جائزہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل مدینہ بھی بیس تراویح ہی پڑھتے تھے البتہ بعض اوقات میں چھتیس رکعات اور تین وتر پڑھنے کا قصہ یوں ہے کہ اہل مکہ ہر چار رکعات تراویح کے بعد والے وقفہ کو غنیمت سمجھتے ہوئے ایک طواف کر لیا کرتے تھے تو اہل مدینہ اس فضیلت وثواب کو حاصل کرنے کے لئے طواف کے بجائے اس وقفہ کو غنیمت سمجھتے ہوئے چار رکعات پڑھ لیتے تھے، مگر ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کے باوجود جس چیز پر حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل تھا وہ زیادہ اتباع کے قابل ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (المغنی ج ۱ ص ۱۶۷)

سعودی عرب کے نامور عالم مسجد نبوی کے مشہور مدرس اور مدینہ منورہ کے موجودہ قاضی شیخ عطیہ سالم نے مسجد نبوی میں نماز تراویح کی چودہ سو سالہ تاریخ پر عربی میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ کتاب کے مقدمہ میں تصنیف کا سبب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مسجد نبوی میں تراویح ہو رہی ہوتی ہے تو بعض لوگ آٹھ رکعات پڑھ کر ہی رک جاتے ہیں۔ ان کا یہ گمان ہے کہ آٹھ تراویح پڑھنا بہتر ہے اور اس سے زیادہ جائز نہیں ہیں۔ اس طرح یہ لوگ مسجد میں نبوی میں بقیہ تراویح کے ثواب سے محروم رہتے ہیں ان کی اس محرومی کو دیکھ کر بہت افسوس ہوتا ہے۔ لہٰذا میں یہ کتاب لکھ رہا ہوں تا کہ ان لوگوں کے شکوک وشبہات ختم ہوں اور ان کو بیس تراویح پڑھنے کی توفیق ہو جائے، البتہ جو متعصب لوگ نماز عشاء کے بعد ہی مسجد نبوی سے اس لئے نکل جاتے ہیں کہ دور دراز کی کسی مسجد میں جا کر آٹھ تراویح پڑھیں گے تو ان کو بس اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ مسجد سے نکل کر نہ تو تم نے اس حدیث پر عمل کیا جس میں گھر جا کر نوافل پڑھنے کو افضل کہا گیا ہے اور نہ ہی تمہیں مسجد نبوی شریف

Marfat.com

میں نماز تراویح کا ثواب ملا۔ جہاں ایک نماز کی مسجد میں ایک ہزار نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔"

پہلی صدی میں نماز تراویح

گزشتہ صفحات میں خلافتِ راشدہ، اور بعد کے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل تفصیلاً مذکور ہوا کہ آپ سب حضرات مسجد نبوی میں بیس تراویح ہی پڑھتے تھے۔

(۲۱۷) دوسری تیسری صدی

شیخ عطیہ سالم فرماتے ہیں:

مضت المائة الثانية والتراويح ست وثلاثون وثلاث وتر، ودخلت المائة الثالثة، وكان المظنون أن نظل على ماهي عليه تسع وثلاثون بما فيه الوتر۔ (التراویح اکثر من الف عام ص ۴۱)

"دوسری صدی میں چھتیس رکعت تراویح اور تین وتر پڑھے جاتے تھے اور تیسری صدی میں بھی وتروں سمیت انتالیس رکعات ادا کی جاتی تھیں۔"

(۲۱۸) چوتھوی، پانچویں اور چھٹی صدی

عادت التراويح فى تلك الفترة كلها إلى عشرين ركعة فقط بدلا من ست وثلاثين فى السابق۔ (التراویح.....ص ۴۲)

"ان تین صدیوں میں چھتیس کے بجائے پھر سے بیس رکعت تراویح پڑھی جانے لگیں۔"

(۲۱۹) آٹھویں صدی سے تیرہویں صدی تک

فكان يصلى التراويح أول الليل بعشرين ركعة على المعتاد ثم يقوم آخر الليل فى المسجد بست عشرة ركعة۔ (التراویح.....ص ۴۷)

Marfat.com

"آخری صدی میں حسبِ دستور بیس رکعات تراویح پڑھی جاتی تھیں اور پھر رات کے آخری حصہ میں سولہ رکعتیں پڑھی جاتی تھیں۔"

نویں صدی میں بھی یہی معمول رہا۔ (التراویح.....ص۴۹)

دسویں صدی میں بھی یہی معمول رہا۔ (التراویح.....ص۵۰)

گیارہویں بارہویں اور تیرہویں صدی میں بھی یہی معمول رہا۔

(التراویح.....ص۵۲، ۵۳، ۵۷)

(۲۲۰) چودھویں صدی

دخل القرن الرابع عشر والتراویح فی المسجد النبوی علی ما هی علیه من قبل وظلت إلی قرابة منتصفه (التراویح۔ص۵۸)

"چودھویں صدی کے پہلے پچاس سال کے دوران مسجد نبوی میں تراویح کا معمول حسب سابق رہا (کہ بیس رکعات پڑھی جاتی تھیں)۔"

چودھویں صدی ہجری کے آخری پچاس سالوں کے دوران مسجد نبوی میں تراویح کے معمول کی بابت کہتے ہیں۔

ثم جاء العهد السعودی فتوحدت فیه الجماعة فی المسجد النبوی وفی المسجد الحرام للصلوٰت الخمس وللتراویح وعادت حالة الإمامة إلی أصلها موحدة منتظمة أما عدد الرکعات وکیفیة الصلوٰة فکانت عشرین رکعة بعد العشاء وثلاث وتراً وذلك طیلة الشهر... وعلیه فتکون التراویح قد استقر علی عشرین رکعة علی ما یدل علیه العمل فی جمیع البلاد۔ (التراویح.....ص۶۵)

"دوسری نصف صدی میں سعودی حکومت قائم ہوگئی تو حرم مکی شریف وحرم مدنی شریف میں پانچوں نمازوں اور تراویح کو منظم کر دیا گیا۔ اب صورت حال یہ ہے کہ پورا رمضان عشاء کے بعد بیس تراویح اور

Marfat.com

تین وتر پڑھی جاتی ہیں۔اس طرح تراویح کا بیس رکعت پڑھنا بالکل پختہ اور مضبوط ہوگیا اور دوسرے تمام علاقوں میں بھی یہی عمل جاری ہے۔"

(۲۲۱) نماز تراویح کا حنفی امام

وكان الشيخ أسعد توفيق من أئمة الأحناف قبل العهد السعودى فأسندت إليه صلوة العشاء ..... والشيخ أسعد هو الذى تولى صلاة التراويح۔ (التراویح۔ص۔۱۰۰۔ص۶۹)

"سعودی حکومت قائم ہونے سے پہلے شیخ اسعد توفیق رحمۃ اللہ علیہ حنفی امام تھے۔سعودی حکومت نے بھی ان کے ذمہ عشاء کی نماز لگائی اور یہی شیخ اسعد تراویح کی نماز بھی پڑھاتے تھے۔"

(۲۲۲) تراویح پڑھانے کی کیفیت

يبدؤها فضيلة الشيخ عبدالعزيز فيصلى عشر ركعات فى خمس تسليمات وتستمر إلى الساعة الثالثة إلا خمس دقائق أى تستغرق نصف ساعة تماماً ثم يبدؤها فضيلة الشيخ عبدالمجيد فى العشر ركعات الأخرى مباشرة يصليها بخمس تسليمات... فيكون العشرون ركعة كاملة بجزءٍ كامل۔ (التراویح۔ص۷۹۔۷۸)

"پہلے شیخ عبدالعزیز پانچ سلاموں کے ساتھ دس تراویح پڑھاتے تھے اور عربی وقت کے مطابق پانچ منٹ کم تین بجے تک نصف گھنٹہ میں مکمل کر لیتے ہیں پھر شیخ عبدالمجید فوراً ہی مزید دس تراویح پڑھاتے تھے اس طرح روزانہ بیس تراویح میں ایک پارہ مکمل ہوجاتا ہے۔"

Marfat.com

(۲۲۳) پندرھویں صدی

بندۂ ناچیز فیصل عرض کرتا ہے کہ ۲۲ صفر ۱۴۰۵ھ تک شیخ عبدالعزیز اور شیخ عبدالمجید مدظلہما بقید حیات ہیں اور اس صدی کے گزشتہ چار سالوں میں بھی دونوں حضرات نے حسب سابق بیس تراویح ہی پڑھائی تھیں۔ اس طرح حرم مکی شریف میں بھی بیس تراویح ہی پڑھی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ تمام مسلمان بھی حرمین شریفین کی طرح رمضان المبارک میں بیس تراویح پڑھنے لگ جائیں۔ آمین

(۲۲۴) دوسوال

اس پوری تحقیق کے بعد شیخ عطیہ سالم لکھتے ہیں:

وفی نهاية هذا العرض التاريخي نستوقف القارئ الكريم لنتسائل معه هل وجد التراويح عبر التاريخ الطويل اكثر من الف عام فی مسجد النبی عليه السلام منذ نشأتها إلى اليوم قد اقتصرت على ثمان ركعات أو قلت عن العشرين ركعة، ام أنها أربعة عشر قرناً وهی على هذا الحال ما بين العشرين والأربعين، وهل سمع قولاً ممن تبوؤا الدار والإيمان من قبلهم أو الذين سبقونا بالإيمان ولو من شخص واحد يقول لا تجوز الزيادة على الثمان ركعات أخذا بحديث عائشة رضی الله عنها..... وإذا لم يوجد طيلة تلك المدة من يقول لا تجوز الزيادة على الثمان ركعات ولا وجد طيلة هذه المدة من يقتصر على ثمان ركعات فی مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم جماعةً، فإن أقل ما يقال لهؤلاء الذين لا يرون جواز الزيادة على الثمان ركعات ولا يقتصرون على أنفسهم فيما ارتأوه بل يدعون غيرهم إليه فيقال لهم إن أتباع الأمة من عهد الخلفاء

Marfat.com

الراشدین إلی الیوم وموافقة الجماعة من الصدر الأول إلی هذا العهد خیر من المخالفة وخصوصاً من یصلی فی المسجد ومع الإمام۔ (التراویح۔۔۔۔ص۱۰۸۔۱۰۹)

اس تفصیلی تجزیہ کے بعد ہم اپنے قراء سے اولاً تو یہ پوچھنا چاہیں گے کہ کیا ایک ہزار سال سے زائد اس طویل عرصہ میں کسی موقع پر بھی یہ ثابت ہے کہ مسجد نبویؐ میں مستقل آٹھ تراویح پڑھی جاتی تھیں؟ یا چلیں بیس سے کم تراویح پڑھنا ہی ثابت ہو؟ بلکہ ثابت تو یہ ہے کہ پورے چودہ سو سالہ دور میں بیس یا بیس سے زائد تراویح ہی پڑھی جاتی تھیں۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ کسی صحابی یا ماضی کے کسی ایک عالم نے بھی یہ فتویٰ دیا کہ آٹھ سے زائد تراویح جائز نہیں ہیں اور اس نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کو اس فتوے کی بنیاد بنایا ہو؟

الغرض جب پورے چودہ سو سالہ دور میں ایک قابل ذکر شخص بھی ایسا نہیں ملتا جس نے یہ فتویٰ دیا ہو کہ آٹھ سے زائد تراویح جائز نہیں، اور نہ ہی ثابت ہوا ہے کہ مسجد نبویؐ میں باجماعت صرف آٹھ تراویح ادا کی گئی ہوں تو پھر بھی جو لوگ آٹھ تراویح پڑھنے پر مصر ہیں اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دیتے ہیں ہم ان سے صرف اتنا عرض کر دیتے ہیں کہ خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کے زمانے سے لے کر آج تک کے تمام مسلمانوں کے طرز پر تراویح پڑھنا ان کی مخالفت سے بہت بہتر ہے خصوصاً اس شخص کے لئے جو مسجد میں باجماعت تراویح پڑھے۔

(۲۲۵) ایک مخلصانہ نصیحت

رمضان جیسے بابرکت ومقدس مہینہ میں رحمت الٰہی کا لامتناہی سمندر جوش میں ہوتا ہے۔ جس میں ایک رکعت کا ثواب کم از کم ستر گنا اور ہر ایک کے اخلاص وخشوع کی مناسبت سے سات سو گنا تک بڑھایا جاتا ہے اور اس سے بھی زائد جتنا اللہ تعالیٰ چاہیں۔ لہٰذا اس نادر فرصت میں زیادہ موتی جمع کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ ورنہ یقیناً گھاٹے میں رہے گا وہ شخص جو اس وقت بھی سستی کرے، یا پھر کسی گروہی تعصب میں مبتلا ہو کر اس سعادت سے محروم رہے اور کم عدد پر اکتفاء کر کے اللہ تعالیٰ کی اس کرم نوازی سے استغناء کا ثبوت

Marfat.com

دے۔ جب کہ قیامت کے دن ایک ایک نیکی کی اہمیت ہوگی۔ اب بیس رکعت اور آٹھ تراویح کا کم از کم ثواب دیکھیں اور فیصلہ کریں۔

۳۰×۲۰ =۶۰۰×۷۰ =۴۲۰۰۰

۳۰×۸ =۲۴۰×۷۰ =۱۶،۸۰۰

تو بیس تراویح پڑھنے والے کو صرف ایک ماہ میں کم از کم بیالیس ہزار رکعات کا ثواب ملتا ہے۔ (بلکہ اس سے بھی زیادہ)۔

جب کہ آٹھ رکعات کا ثواب صرف سولہ ہزار آٹھ سو تک ہے، لہٰذا ہمیں زیادہ ثواب والی راہ اختیار کرنی چاہئے۔

(۲۲۶) بعض شبہات کا ازالہ

گزشتہ سطور میں گزرا کہ تراویح کے معاملے میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم پورے رمضان میں بیس رکعت تراویح بعد عشاء مسجد میں باجماعت پڑھتے تھے، بعض لوگ ان سب تفاصیل سے متفق ہیں لیکن تعداد تراویح کے معاملہ میں وہ حضرات صحابہ پر اعتماد کرنے کے بجائے اپنے ذاتی فہم پر اعتماد کرتے ہیں اور بجائے اس کے کہ اپنے عمل کو سنت کے تابع بنائیں وہ سنت کو اپنے فہم و عمل پر منطبق کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مثلاً۔

شبہ ۱- عن أبي سلمة رضی الله عنه أنه سأل عائشة رضی الله عنها كيف كانت صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم فی رمضان قالت ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يزيد فی رمضان ولا فی غيره على احدى عشرة ركعة، يصلی اربعاً فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم يصلی اربعا فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم يصلی ثلاثاً فقالت عائشة يا رسول الله صلى الله عليه وسلم أتنام قبل أن توتر فقال يا عائشة إن عينی تنامان ولا ينام قلبی۔ (مسلم: صلاة الليل والوتر)

"حضرت ابوسلمہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ رمضان میں

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کیا ہوتی تھی؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان میں اور رمضان کے علاوہ گیارہ رکعات سے زائد تہجد نہ پڑھتے تھے۔ پہلے چار رکعات پڑھتے جن کے حسن وطول کا کیا کہنا پھر چار رکعات پڑھتے جن کے حسن وطول کا کیا کہنا پھر آپ تین رکعات وتر پڑھتے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ وتروں سے پہلے سوتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: عائشہ رضی اللہ عنہا میری آنکھیں سوتی ہیں دل بیدار رہتا ہے۔"

جائزہ

اس روایت کو آٹھ تراویح کے لئے بنیاد بنانے کی کوشش کی جاتی ہے، لیکن یہ حدیث تراویح پر منطبق نہیں ہوتی، چونکہ

۱- تراویح صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے اور اس روایت میں ایسی نماز کا ذکر ہے جو رمضان کے علاوہ بھی پڑھی جاتی ہے۔ الفاظ حدیث ''فی رمضان ولا فی غیرہٖ'' سے یہی واضح ہوتا ہے اور وہ تہجد ہے۔

اور چونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان میں عبادت کا زیادہ اہتمام فرماتے تھے۔ اس لئے حضرت ابوسلمہ نے پوچھ لیا کہ شاید رکعات تہجد میں بھی اضافہ فرمادیا ہو تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے جواب سے واضح ہوا کہ تہجد میں آپ کا رمضان وغیر رمضان کا عمل یکساں تھا۔'' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رمضان میں اہتمام کے لئے ملاحظہ ہو۔

قالت عائشة رضی الله عنها کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یجتهد فی العشر الاواخر ما لا یجتهد فی غیره۔

(مسلم: الاجتهاد فی العشر الاواخر)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں اتنی محنت کرتے کہ اس کے علاوہ اتنی محنت نہ کرتے۔"

Marfat.com

۲- یہ بڑی واضح حقیقت ہے کہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معمولات سے خوب واقف تھے اور آپ کی حدیث کا صحیح فہم رکھتے تھے۔ انہوں نے بھی اس حدیث کو تہجد پر ہی محمول کیا، چونکہ اگر اس سے مراد تراویح ہوتی تو حضرات صحابہ بھی یقیناً آٹھ تراویح پڑھتے، حالانکہ وہ تو بیس رکعات ادا فرماتے تھے۔

۳- اس سے یہ حقیقت بھی کھل کر سامنے آ گئی کہ تراویح اور تہجد دو علیٰحدہ چیزیں ہیں، چونکہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے آٹھ رکعات والی تہجد کی اس حدیث کے باوجود بیس تراویح پڑھیں اگر رمضان میں تہجد تراویح ایک ہی چیز ہوتی تو حضرات صحابہ اس حدیث کی وجہ سے آٹھ تراویح پڑھتے، چونکہ وہ تو ایک ذرا سی چیز میں بھی آپ کی مخالفت نہ کرتے تھے۔ ◆1

الغرض اس حدیث کا اصل مفہوم وہ ہے جو حضرات صحابہ نے سمجھا۔ تہجد اور دوسرا مفہوم وہ ہے جو بعض لوگوں نے نکالا اور ہمیں تو بہر حال حضرات صحابہ والا مفہوم پسند ہے۔

◆1 واضح رہے کہ حضرات غیر مقلدین کے ذمہ دار علماء بھی اس حقیقت کے معترف ہیں کہ تہجد اور تراویح دو علیٰحدہ نمازیں ہیں۔ چونکہ جب منکر حدیث عبداللہ چکڑالوی نے یہ دعویٰ کیا کہ نماز تراویح اور تہجد ایک ہی چیز ہے تو مشہور غیر مقلد عالم مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ اس پر رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

(الف) ایسے صاف اور صحیح جواب کو پا کر بھی ان مولوی صاحب (چکڑالوی) نے قبول نہیں کیا بلکہ اس کے جواب میں بہت کوشش کی ہے جس ساری کوشش کا خلاصہ یہی ہے کہ پہلے وقت کی نماز اور پچھلے وقت کی ایک ہی ہے دو نہیں۔ یہی تراویح جو اول وقت پڑھی جاتی ہے۔ تہجد کی نماز ہے اور کوئی نہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس دعویٰ پر بھی کوئی دلیل نہیں، بلکہ اس کے خلاف دلیل موجود ہے کیونکہ تہجد کے معنیٰ ہیں نیند سے اٹھ کر نماز پڑھنا، قاموس میں ہے۔ تہجد، استیقظ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وعن أبیہا کی حدیث سے جو ذیل میں درج ہے۔

ما كان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم يزيد في رمضان ولا في غيره على إحدى عشرة ركعة

یہ امر ثابت نہیں ہوتا کہ اول شب کی نماز اور آخر شب کی نماز ایک ہی ہے، بلکہ اس سے اگر کچھ ثابت ہوتا ہے تو یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گیارہ رکعتیں پڑھتے تھے۔ (ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ: اہل حدیث کا مذہب۔ ص ۹۲۔ ۹۳)

بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

"وللناس فیما یعشقون مذاھب"

۴- اس حدیث میں ایسی نماز کا ذکر ہے جو تنہا ہوتی تھی اور وہ تہجد ہے، تراویح تو باجماعت ہوتی ہیں۔ لہٰذا اس حدیث کو تراویح پر منطبق کرنا صحیح نہیں۔

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ اس عبارت سے معلوم ہو گیا کہ منکرین حدیث چکڑالویوں کا مذہب ہے کہ تراویح اور تہجد ایک ہی نماز ہے۔ جب کہ مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ نے دلائل سے ثابت کر دیا کہ تراویح اور تہجد ایک نماز نہیں ہے۔ نیز یہ کہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی یہ ثابت نہیں ہوتا کہ تراویح اور تہجد ایک چیز ہے۔ لہٰذا ہمیں تو وہ نظریہ پسند ہے جو بقول مولانا موصوف دلائل سے ثابت ہے اور یہی اہل حدیث کا مذہب ہے، اگر کچھ لوگوں کو منکرین حدیث چکڑالویوں والا نظریہ پسند ہے جو بقول مولانا موصوف دلائل سے ثابت نہیں تو پھر یہی کہا جا سکتا ہے کہ ہر شخص کا اپنا اپنا ذوق انتخاب!

وللناس فیما یعشقون مذاھب.

(ب) دوسرا غور طلب امر یہ ہے کہ رمضان کی راتوں میں تراویح کے بعد تہجد کی نماز بھی پڑھی جائے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں فتاویٰ ثنائیہ کے دو سوال و جواب ملاحظہ ہوں۔

سوال: جو شخص رمضان المبارک میں عشاء کے وقت نماز تراویح پڑھ لے وہ پھر آخر رات میں تہجد پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: پڑھ سکتا ہے تہجد کا وقت ہی صبح سے پہلے کا ہے۔ اول شب تہجد نہیں ہوتی۔

سوال: رمضان المبارک میں تراویح اور تہجد دونوں ہیں یا تہجد کے بدل تراویح؟

جواب: اگر تراویح پہلے وقت میں پڑھے تو صرف تراویح ہے۔ پچھلے وقت پڑھے تو تہجد کے قائم مقام ہو جاتی ہے۔ (ثناء اللہ امرتسری: فتاویٰ ثنائیہ۔ ج۱۔ ص ۶۸۲ و ۶۵۴)

اس سے معلوم ہوا کہ:

- جو شخص شروع رات میں تراویح پڑھ لے وہ آخر رات میں تہجد پڑھ سکتا ہے اور چونکہ آج کل تو سبھی لوگ رات کے شروع میں تراویح پڑھ لیتے ہیں۔ لہٰذا انہیں آخر رات میں تہجد پڑھ لینی چاہئے۔
- تہجد کا وقت رات کا آخر حصہ ہے۔
- شروع رات کی عبادت کو تہجد کے قائم مقام نہیں کہہ سکتے۔

بالفرض اگر کہیں کوئی شخص رات کے آخری حصہ میں تراویح پڑھے تو صرف وہ تہجد کے قائم مقام ہو جائے گی، لیکن مولانا امرتسری رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "اہل حدیث کا مذہب۔ ص ۹۳" پر قائم مقام ہونے کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس آخری صورت میں تراویح تہجد کے قائم مقام ہونے سے دونوں کا ایک ہونا لازم نہیں آتا جیسے کہ جمعہ ظہر کا قائم مقام ہے لیکن دونوں ایک نہیں۔ بقیہ اگلے صفحہ پر

Marfat.com

۵- اس روایت میں چار چار رکعت نماز کا ذکر ہے اور تراویح تو بالاتفاق دو دو رکعت کر کے پڑھی جاتی ہیں۔ لہٰذا اس حدیث کو تراویح پر منطبق کرنا صحیح نہیں۔

۶- اس حدیث میں تین وتروں کا بھی ذکر ہے۔ عجیب اتفاق ہے کہ جس طرح حضرات صحابہ کے عمل سے اور سب کچھ تو لے لیا مگر بیس کی تعداد کو چھوڑا اور آٹھ میں اپنا آرام سمجھا، اس طرح خود اس حدیث میں سے آٹھ کے عدد کو تو لے لیا اور اسی روایت میں مذکور تین وتروں کو چھوڑا اور ایک وتر کو اختیار کیا چونکہ بیس تراویح اور تین وتر بھاری ہیں۔

"وإنها لكبيرة إلا على الخاشعين"

اور بے شک نماز گراں ہے مگر خشوع رکھنے والوں پر دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خاشعین میں سے بنا دے۔ (آمین)

۷- آرام پرستی کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ اس حدیث میں سے آٹھ کی تعداد کو تو نکال لیا۔ مگر ان آٹھ کی کیفیت کو چھوڑ دیا چونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قیام اتنا طویل ہوتا تھا کہ قدم مبارک سوج جاتے۔ بالفرض اگر اسی حدیث کو بنیاد بنانا تھا تو پھر طویل قیام کی اس کیفیت کو کیونکر چھوڑ دیا، حالانکہ یہ کیفیت بھی تو اُسی سنت کا حصہ ہے۔

افسوس ہے مالی معاملات میں تو محنت و ترقی کا رجحان ہوتا ہے اور دین و آخرت کے معاملہ میں آرام پرستی و انحطاط کا اللہ تعالیٰ فہم سلیم عطا فرمائیں۔ (آمین)

(۲۲۷) شبہ ۲- آٹھ رکعات تراویح کے قائلین کا سہارا بال آخر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، جو کہ علماء حدیث کے نزدیک بھی ضعیف ہے۔

عن جابر رضی الله عنه قال صلى الله عليه وسلم فى رمضان ثمان ركعات۔ (ابن خزيمة، ابن حبان)

"حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رمضان

پچھلے صفحہ کا باقی حاشیہ واضح رہے کہ یہ تفصیل ذکر کرنے کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ بعض لوگ رمضان جیسے مقدس و بابرکت مہینہ میں بھی حتی الوسع عبادت سے جی چراتے ہیں۔ مثلاً بیس تراویح کے بجائے آٹھ پر اکتفا کر لیا، تین وتروں کے بجائے ایک وتر پڑھ لیا اور تراویح کے بعد تہجد کو ہضم کر لیا۔ اللہ تعالیٰ سب کو رمضان کی قدردانی کی توفیق سے نوازیں۔ (آمین)

Marfat.com

میں آٹھ رکعات پڑھیں۔"

جائزہ

۱- یہ روایت اس قدر ضعیف ومنکر ہے کہ اس سے استدلال کیا ہی نہیں جا سکتا۔ چونکہ اس میں ایک راوی عیسیٰ بن جاریہ ہے جس کی بابت ابن حجر نے نقل کیا ہے۔

قال ابوداؤد عندہ مناکیرہ۔

"ابوداؤد کہتے ہیں کہ اس کے پاس منکر روایتیں ہیں۔"

ذکرہ الساجی والعقیلی فی الضعفاء۔

"ساجی اور عقیلی نے اس کو ضعیف راویوں میں شمار کیا ہے۔"

قال بن عدی أحادیثه، غیر محفوظة۔

"ابن عدی کہتے ہیں کہ اس کی حدیثیں محفوظ نہیں۔"

(تہذیب التہذیب۔حرف العین)

لہٰذا اس طرح کی روایت منکرہ موضوعہ کو دلیل بنانا صحیح نہیں۔

شب قدر

(۲۲۸) رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں سے ایک رات ''شب قدر'' کہلاتی ہے، چونکہ اس ایک رات کی عبادت، ایک ہزار مہینہ کی مقبول عبادت سے بہتر ہے۔ لہٰذا، ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ کی پانچ راتوں میں جاگنے والے نے یقیناً شب قدر کو پالیا۔ اللہ تعالیٰ اس نعمت کی قدردانی کی توفیق سے نوازیں۔ آمین

ارشاد ربانی ہے:

انا انزلناہ فی لیلة القدر وما ادراك ما لیلة القدر، لیلة القدر خیر من ألف شهر، تنزل الملائكة والروح فیها بإذن ربهم من كل أمر سلام. هی حتی مطلع الفجر. (القدر)

"بیشک ہم نے یہ قرآن شب قدر میں اتارا ہے اور آپ کو خبر ہے کہ

Marfat.com

شب قدر ہے کیا؟ شب قدر ہزار مہینوں سے بڑھ کر ہے اس رات
فرشتے خصوصاً جبریل علیہ السلام اترتے ہیں اپنے پروردگار کے حکم سے ہر
امر خیر کے لئے سلامتی ہی سلامتی ہے۔ وہ طلوع فجر تک رہتی ہے۔"

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا جس میں فرمایا کہ مجھے شب قدر بتائی گئی اور پھر اس کی تعیین مجھے بھلا دی گئی ہے البتہ رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں اسے تلاش کرو۔ (مسلم: فضل لیلۃ القدر)

نماز تہجد

(۲۲۹) تہجد یہ ہے کہ بعد نماز عشاء کچھ دیر نیند کر کے رات کے آخری تہائی حصہ میں بارگاہ الٰہی میں پیش ہونا اور آٹھ رکعات یا جتنا بھی ممکن ہو نماز پڑھنا۔ قرآن وسنت میں اس کا بڑا ثواب بتایا گیا ہے۔

ارشاد ربانی ہے۔

وعباد الرحمن الذین یمشون علی الارض هونا واذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاماً والذین یبیتون لربهم سجدا وقیاماً. (الفرقان۔ ۶۳)

"اور خدائے رحمان کے خاص بندے وہ ہیں جو زمین پر تواضع کے ساتھ چلتے ہیں اور جب ان سے جہالت والے لوگ بات چیت کرتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں خیر۔ اور راتوں کو اپنے پروردگار کے سامنے سجدہ وقیام میں لگے رہتے ہیں۔"

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تہجد کا اہتمام کیا کرو، یہ سلف صالحین کا شیوہ ہے کہ قرب الٰہی کا سبب ہے اور خطاؤں کو مٹانے والی ہے۔ گناہ سے روکنے کا سبب ہے۔ (بیہقی: الترغیب فی قیام اللیل)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اللہ کے نبی رات کو نماز میں کھڑے ہوتے تا آنکہ آپ کے قدم سوج جاتے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ ایسا کیوں کرتے ہیں، جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو بخش دیا جو ہو چکا اور جو

Marfat.com

ہوگا۔آپ نے فرمایا کہ کیا میں شکر گزار بندہ بننے کو پسند نہ کروں۔(بخاری:تفسیر سورۃ الفتح)

(۲۳۰) تہجد کا وقت

نماز تہجد و دعا کا بہترین وقت رات کا آخری تہائی حصہ ہے۔

عن أبی هريرة رضی الله عنه أن رسول الله صلی الله عليه وسلم قال ينزل ربنا تبارك وتعالى كل ليلة إلى السماء الدنيا حين يبقى ثلث الليل الاخر يقول من يدعونی فأستجيب له من يسألنی فأعطيه من يستغفرنی فاغفر له۔ (وزاد الترمذی) ولا يزال كذلك حتى يضيئ الفجر۔

(بخاری: الدعاء والصلوۃ من آخر اللیل)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارا پروردگار ہر رات کے آخری تہائی حصہ میں آسمان دنیا پر جلوہ افروز ہوتا ہے اور فرماتا ہے کہ کیا ہے کوئی دعا کرنے والا کہ میں اس کی دعا قبول کروں کون ہے مانگنے والا کہ میں اس کو عطا کروں کون ہے طالب بخشش کہ میں اس کو بخش دوں اور طلوع فجر تک یہی کیفیت باقی رہتی ہے۔"

(۲۳۱) رکعات تہجد

عن عائشة رضی الله عنها قالت ما كان رسول الله صلی الله عليه وسلم يزيد فی رمضان ولا فی غيره على احدى عشرة ركعة يصلی اربعاً فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم يصلی اربعاً فلا تسئل عن حسنهن وطولهن ثم يصلی ثلاثاً۔ (مسلم: صلاۃ اللیل والوتر)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعات سے زائد نہ پڑھتے تھے۔آپ چار

Marfat.com

رکعتیں پڑھتے۔جن کے حسن وطول کا کیا کہنا؟ پھر آپ چار رکعات
پڑھتے جن کے حسن وطول کا کیا کہنا؟ (تہجد کی آٹھ رکعات کے بعد)
پھر آپ تین رکعات وتر ادا فرماتے۔"

تہجد کی رکعات چار سے لے کر بارہ تک ہیں۔جتنا ہو سکے پڑھے اور اگر کسی کو صبح تہجد کے لئے اٹھنے کا یقین ہو تو بہتر یہ ہے کہ وتروں کو بھی صبح ہی پڑھے، ورنہ نماز عشاء کے بعد پڑھ کر سوئے۔

نماز اشراق

(۲۳۲) طلوع آفتاب سے تقریباً ۲۰ منٹ بعد، دو چار، چھ، آٹھ یا بارہ رکعت نفل پڑھنا نماز اشراق یا ضحیٰ کہلاتا ہے جس کا بہت اجر وثواب منقول ہے۔

حضرت اُنس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے نماز فجر باجماعت پڑھی اور اشراق تک مسجد ہی میں رہا پھر دو رکعات نفل نماز پڑھی تو اس کو ایک حج و عمرہ کا ثواب ملے گا۔(حسن غریب) ترمذی: مایستحب من الجلوس۔

عن أبي ذر رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یصبح علی کل سلامی من أحدکم صدقة فکل تسبیحة،وکل تحمیدة صدقة وکل تهلیلة صدقة، وکل تکبیرة صدقة وأمر بالمعروف صدقة، ونهی عن المنکر صدقة،ویجزی من ذلك رکعتان یرکعهما من الضحی۔

(مسلم: استحباب صلوة الضحی)

"حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہر صبح تمہارے ہر جوڑ وعضو پر صدقہ واجب ہو جاتا ہے اور سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے۔الحمد اللہ کہنا بھی صدقہ ہے۔لا إله إلا الله کہنا صدقہ ہے۔اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے۔بھلائی کی ترغیب دینا بھی صدقہ ہے اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے اور اشراق کی دو رکعتیں اس سب کی

Marfat.com

طرف سے کافی ہیں۔"

عن معاذة أنها سألت عائشة رضی الله عنها کم کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی صلوٰة الضحیٰ قالت اربع رکعات ویزید ماشاء۔ (مسلم: استحباب صلوة الضحی)

"حضرت معاذة نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اشراق کی نفلی نمازیں کتنی رکعت پڑھتے تھے۔انہوں نے بتایا کہ عموماً چار رکعات پڑھتے تھے اور کبھی اس سے بھی زیادہ۔"

عن أبي ذر رضی الله عنه عن رسول الله صلی الله علیه وسلم عن تبارك وتعالی انه قال، ابنَ آدم ارکع لی أربع رکعات من اول النهار، اکفك آخره۔ حسن غریب)

(ترمذی: صلاة الضحی)

"حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ رسول اللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اے ابن آدم دن کے شروع میں چار رکعات پڑھ لیا کر، میں دن کے آخر تک تیرا ذمہ دار ہوں۔"

عن عائشة رضی الله عنها أنها کانت تصلی الضحی ثمان رکعات ثم تقول لو نشر لی أبوای ماترکتهن۔

(مؤطا مالك۔ صلاة الضحی)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اشراق کی آٹھ رکعات پڑھا کرتی تھیں۔پھر فرماتیں کہ اگر میرے والدین کو آرے سے چیر بھی دیا جائے تو میں یہ نہیں چھوڑوں گی۔"

نماز اشراق کی بابت مختلف روایات وارد ہیں۔نتیجتاً اس کی تعیین وتشریح میں کچھ اختلاف ہے خود نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ ان تفصیلات کے ذکر کے بعد لکھتے ہیں۔

وارجح اقوال آنست کہ سنت مستحب است

(نواب صدیق حسن: مسک الختام ج۱ ص۵۵۶)

کہ راجح ترین قول یہ ہے کہ نماز اشراق مستحب ہے۔

Marfat.com

(۲۳۳) مغرب وعشاء کے درمیان نوافل

مغرب وعشاء کا درمیانی وقت بہت قیمتی شمار کیا گیا ہے اس وقت کو غنیمت سمجھتے ہوئے اس میں کچھ نوافل پڑھ لینا باعثِ اجر وثواب ہے۔قرآن پاک میں ایسے لوگوں کی تعریف کی گئی ہے۔

تتجافی جنوبھم عن المضاجع...الآیۃ (السجدۃ ۱۶)

ان کے پہلو سونے کی جگہ سے جدا رہتے ہیں۔

حضرت اَنس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

انھا نزلت فی ناس من أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانوا یصلون مابین المغرب والعشاء۔

(ابن جوزی:زادالمسیر ج۶ص۳۳۹)

یہ آیت ان صحابہ رضی اللہ عنہم کی تعریف میں نازل ہوئی جو مغرب وعشاء کے درمیان نفلی نماز پڑھتے تھے۔

محمد بن نصر المروزی المتوفی ۲۹۴ نے ''قیام اللیل۔ص ۵۶'' پر بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل نقل کیا ہے کہ وہ اس وقت میں نوافل پڑھتے تھے۔

(۲۳۴) نفل نمازیں بیٹھ کر پڑھنے کا جواز

نماز تہجد واشراق اور دیگر نوافل کھڑے ہوکر پڑھنا بہتر ہیں۔بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے مگر اس کا نصف اجر ہے

عن عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ وقال حدثت أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ''صلوۃ الرجل قاعداً نصف الصلوۃ۔'' (مسلم:جواز النافلۃ قائما وقاعداً)

''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آدمی کا بیٹھ کر نماز پڑھنا نصف نماز کے برابر ہے۔''

عن عبداللہ بن شقیق العقیلی قال سألت عائشۃ رضی

Marfat.com

الله عنها عن صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالليل
فقالت كان يصلى ليلا طويلا قائماً وليلا طويلا قاعداً۔
وكان إذا قرء قائما ركع قائما واذا قرأ قاعداً ركع قاعداً۔

(مسلم: جواز النافلة قائما وقاعداً)

"حضرت عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رات کی نماز کیسی ہوتی تھی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کا ایک طویل حصہ کھڑے ہو کر نماز پڑھتے اور دوسرا طویل حصہ بیٹھ کر اور اگر کھڑے ہوکر (فاتحہ وسورۃ کی) قرأت کی ہوتی تو رکوع بھی کھڑے ہوکر کرتے اور اگر بیٹھ کر قرأت کی ہوتی تو رکوع بھی بیٹھ کر کرتے۔"

(۲۳۵) عیدالفطر، عیدالاضحیٰ

رمضان کے بعد عیدالفطر اور ۱۰ ذوالحجۃ کو عیدالاضحیٰ مسلمانوں کی دو عیدین ہیں، یہ دونوں عیدین مسلمانوں کے لئے مسرت وشادمانی کا پیغام لاتی ہیں۔ جنہیں مسلمان بڑے جوش وخروش عقیدت واحترام سے مناتے ہیں۔ عید کی اصل روح دو رکعت نماز ہے جس میں بندہ اپنے مولیٰ کے حضور سجدہ ریز ہوکر اس کے احسانات وانعامات کا شکریہ ادا کرتا ہے اور اس عہد کو تازہ کرتا ہے کہ زندگی بھر شادی وغمی کے لمحات میں یادِ خدا اور خوفِ خدا سے غافل نہ ہوگا اور اپنے مبدأ ومرکز اور مرجع یعنی اسلام کی تعلیمات سے ایک قدم اِدھر اُدھر نہ ہٹے گا۔

عن أنس رضى الله عنه قال قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة ولهم يومان يلعبون۔ فقال ما هذان اليومان؟ قالوا كنا نلعب فيها فى الجاهلية، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله قد أبدلكم بهما خيراً منهما يوم الأضحى ويوم الفطر (ابوداؤد: صلاة العيدين)

Marfat.com

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے اور اہل مدینہ نے دو دن کھیل تماشا کے لئے خاص کر رکھے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ دونوں کی حقیقت کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ زمانہ جاہلیت سے ہم نے ان دنوں کو کھیل تماشے کیلئے مختص کیا ہوا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اب اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان دنوں کے بجائے دو بہتر دن عطا فرمائے ہیں۔ عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر۔"

(۲۳۶) طریقۂ نماز عیدین

طلوع آفتاب سے کچھ بعد اور زوال سے پہلے، بغیر اذان و اقامت کے چھ زائد تکبیروں کے ساتھ دو رکعات نماز باجماعت پڑھی جاتی ہے۔ پہلی رکعت میں ثناء کے بعد تین تکبیریں زائد کہی جاتی ہیں اور ہر تکبیر میں کانوں تک ہاتھ اٹھا کر چھوڑ دیئے جاتے ہیں اور تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لئے جاتے ہیں اور امام جہراً قرأت کرتا ہے۔ پھر رکوع وسجدہ کے بعد دوسری رکعت کا آغاز قرأت سے ہوگا۔ قرأت کے بعد رکوع سے پہلے تین زائد تکبیروں میں ہاتھ اٹھا کر چھوڑ دیئے جاتے ہیں۔ چوتھی تکبیر کے بعد رکوع اور باقی نماز مکمل کی جاتی ہے۔

گویا پہلی رکعت میں تکبیر افتتاح اور تکبیرات زائدہ کل چار تکبیریں ہوئیں۔ اس طرح دوسری رکعت میں تین تکبیرات زائدہ اور تکبیر رکوع، کل چار تکبیریں ہوئیں۔

(۲۳۷) چار تکبیرین

روی ابوداؤد بسندہ أن سعید بن العاص سأل أبا موسی الاشعری وحذیفة بن الیمان، کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبر فی الأضحی والفطر فقال ابو موسی کان یکبر أربعاً تکبیرة علی الجنائز فقال حذیفة صدق فقال ابوموسی کذلك کنت اکبر فی البصرة حیث کنت علیهم

Marfat.com

(سنن أبی داؤد: التکبیر فی العیدین)

"ابوداؤد نے نقل کیا ہے کہ حضرت سعید بن العاص نے حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیدین کی کتنی تکبیریں کہتے تھے۔ حضرت ابوموسیٰ نے بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چار تکبیریں کہتے تھے۔ جنازہ کی چار تکبیروں کی طرح۔ حضرت حذیفہ نے بھی اس بات کی تصدیق کی۔ ابوموسیٰ نے بتایا کہ میں خود بھی جب بصرہ کا گورنر تھا تو ایسے ہی کرتا تھا۔"

عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یقول التکبیر فی العیدین أربع کالصلاۃ علی المیت وفی روایۃ التکبیر علی الجنائز أربع کالتکبیر فی العیدین۔

(طحاوی: التکبیر علی الجنائز کم ھو؟)

"حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ عیدین کی چار تکبیریں ہیں نماز جنازہ کی طرح اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ نماز جنازہ کی چار تکبیریں ہیں۔ نماز عیدین کی طرح۔"

(۲۳۸) اجماع امت

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد تکبیراتِ جنازہ کی تعداد میں اختلاف ہوا کہ چار، پانچ ہیں یا سات؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کو جمع کر کے فرمایا کہ:۔

"إنکم معاشر أصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متی تختلفون علی الناس یختلفون من بعدکم ومتی تجتمعون علی أمر یجتمع الناس علیہ فکأ نما أیقظھم فقالوا نعم مارأیت یا امیر المؤمنین فأشر علینا فقال عمر رضی اللہ عنہ،بل أشیروا أنتم علی فإنما انا بشر مثلکم فتراجعوا الأمربینھم فاجمعواأمرھم علی أن

Marfat.com

يجعلوا التكبير على الجنائز مثل التكبير فى الأضحى والفطر أربع تكبيرات فأجمع أمرهم على ذٰلك۔

(طحاوی: التکبیر علی الجنائز کم ھو؟)

"حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا۔ تمہیں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے اور کسی مسئلہ میں تمہارے اختلاف یا اتفاق پر بعد میں آنے والوں کا اتفاق یا اختلاف مرتب ہوگا۔ اس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو اس طرف متوجہ کیا۔ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ امیر المومنین رضی اللہ عنہ آپ کی یہ رائے بڑی اچھی ہے۔ اس مسئلہ پر آپ اپنی رائے دیں۔ حضرت نے فرمایا بلکہ تم اپنی رائے بتلاؤ یقیناً میں بھی تمہاری طرح کا انسان ہوں۔ تو حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے باہمی غور وخوض کے بعد اس امر پر اتفاق کیا کہ جنازہ کی بھی چار تکبیریں ہیں نماز عید الاضحیٰ وعید الفطر کی چار تکبیروں کی طرح اور اس پر سب کا اتفاق ہوا۔"

گذشتہ سطور سے معلوم ہوا کہ ایک اختلافی چیز تکبیراتِ جنازہ کو ایک طے شدہ چیز تکبیراتِ عیدین کے مشابہ قرار دے کر تعیین کر دی گئی ہے۔

(۲۳۹) محل تکبیرات

طریقہ نماز کے ذیل میں گزرا کہ پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کے بعد ثناء پڑھ کر فاتحہ سے پہلے تین تکبیریں زائد ہیں اور پھر رکوع کی تکبیر سمیت پہلی رکعت میں پانچ تکبیریں ہوئیں دوسری رکعت میں فاتحہ وسورۃ کے بعد تین تکبیریں زائد کہیں اور چوتھی تکبیر کہہ کر رکوع کریں۔

ملاحظہ ہو۔

عن بن مسعود رضى الله عنه أنه قال فى التكبير فى العيدين تسع تكبيرات، فى الركعة الأولى خمساً قبل القراءة وفى الركعة الثانية يبدء بالقراءة ثم يكبر أربعاً

Marfat.com

مع تكبيرة الركوع وقد روى عن غير واحد من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم نحو هٰذا۔

(ترمذی: التكبير فى العيدين)

"حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عیدین کی نماز میں نو تکبیریں یوں ہیں۔ پہلی رکعت میں پانچ تکبیریں قرأت سے پہلے اور دوسری رکعت میں چار تکبیریں قرأت کے بعد رکوع کی تکبیر سمیت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہت سے دیگر صحابہ کا بھی یہی مسلک ہے۔"

(۲۴۰) خطبۂ عیدین

نماز کے بعد دو خطبہ پڑھنا پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری سنت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس خطبہ میں وعظ و نصیحت فرماتے اور دو خطبوں کے درمیان ذرا بیٹھ جاتے۔

عن أبي سعيد الخدرى رضى الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يخرج يوم الفطر والأضحى إلى المصلى فأول شيءٍ يبدء به الصلاة ثم ينصرف فيقوم مقابل الناس والناس جلوس على صفوفهم فيعظهم ويوصيهم ويأمرهم فإن كان يريد أن يقطع بعثاً قطعه أو يأمر بشئً أمر به ثم ينصرف۔ (بخاری: الخروج إلى المصلى)

"حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادتِ مبارکہ یہ تھی کہ آپ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کو مصلیٰ کی طرف نکلتے سب سے پہلے نماز پڑھاتے، پھر نماز سے فارغ ہو کر لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر کھڑے ہو جاتے اور لوگ اپنی اپنی صفوں میں بیٹھے رہتے۔ آپ انہیں وعظ و نصیحت کرتے احکامات جاری کرتے اور اگر کسی لشکر کو روانہ کرنا ہوتا تو اسی وقت روانہ کرتے اور حکم صادر کرنا ہوتا تو حکم صادر کرتے اور پھر تشریف لے جاتے۔"

Marfat.com

عن عبداللہ أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یخطب الخطبتین وھو قائم وکان یفصل بینھما بجلوس۔
(اسنادہ، صحیح من طریق بشر)

(ابن خزیمة عدد الخطب فی العیدین)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوکر دو خطبہ دیا کرتے تھے اور دونوں کے درمیان فرق کے لئے ذرا بیٹھ جاتے۔"

Marfat.com

مسافر کی نماز

جب کسی شخص کا ارادہ اپنے علاقے سے اڑتالیس میل دور جانے کا ہو اور وہاں پہنچ کر تقریباً پندرہ دن قیام کا ارادہ ہو تو اپنی آبادی سے نکلتے ہی نماز میں قصر شروع کر دے تا آنکہ واپسی پر آبادی کی حدود میں داخل ہو۔ قصر کہتے ہیں چار رکعت والی نماز کو دو رکعت پڑھنا، جیسے ظہر، عصر، عشاء کی نماز ہے۔ البتہ دو یا تین رکعت والی فرض نماز میں قصر نہیں ہے جیسے فجر اور مغرب کی نماز۔ اسی طرح وتر، ارشاد ربانی ہے۔

واذا ضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح أن تقصروا من الصلوۃ إن خفتم أن یفتنکم الذین کفروا إن الکافرین کانوا لکم عدواً مبیناً (النساء:۱۰۱)

"اور جب تم زمین میں سفر کرو تو تم پر اس باب میں کوئی مضائقہ نہیں کہ نماز میں کمی کر دیا کرو، اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ستائیں گے۔ بیشک کافر تمہارے کھلے دشمن ہیں۔"

عن یعلی بن أمیۃ قال قلت لعمر بن الخطاب، لیس علیکم أن تقصروا من الصلوۃ إن خفتم أن یفتنکم الذین کفروا، فقد أمن الناس فقال عجبت مما عجبت منه فسألت رسول الله صلی الله علیه وسلم عن ذٰلك فقال صدقة تصدق الله بها علیکم فاقبلوا صدقته۔

(مسلم: صلاۃ المسافرین)

"حضرت یعلی بن امیہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض

Marfat.com

کیا کہ اگر تمہیں کفار کا خطرہ ہو تو نماز میں کمی کرنے سے تم پر کوئی حرج نہیں اور اب تو لوگ کفّار سے محفوظ ہیں (لہٰذا قصر کا حکم باقی ہے یا نہیں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے بھی اس چیز سے تعجب ہوا تھا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس بارہ میں پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ سہولت اللہ تعالیٰ کی طرف سے صدقہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے صدقہ کو قبول کرو۔"

مسافت قصر

کم از کم کتنے لمبے سفر میں قصر کی اجازت ہے اس سلسلہ کی اکثر روایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اگر اڑتالیس میل یا اس سے زیادہ سفر ہو تو قصر کرے ورنہ نہیں، چونکہ اکثر روایات میں چار برد کا لفظ آتا ہے اور ایک برد بارہ میل کا ہوتا ہے۔
(مختار الصحاح للرازی)

۴۸ = ۴ x ۱۲۔ اور واضح رہے کہ ۴۸ میل کی مسافت تقریباً ۷۷ ۱/۲ کیلومیٹر کے برابر ہے۔

عن مالك أنّه بلغه أن عبدالله بن عباس كان يقصر الصلوة فى مثل ما بين مكة والطائف وفى مثل مابين مكة وعسفان وفى مثل مابين مكة وجدة، قال مالك وذلك أربعة برد قال مالك وذلك احب ماتقصر فيه الصلوة قال مالك لايقصر الذى يريد السفر الصلوة حتى يخرج من بيوت القرية ولايتم حتى يدخل أول بيوت القرية (مؤطا مالك: مايجب فيه قصر الصلاة)

"امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ عمل معلوم ہوا ہے کہ آپ مکہ اور طائف، مکہ اور عسفان، مکہ اور جدّہ جیسے سفر میں قصر کرتے تھے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ مسافت چار برد کی ہے اور سب سے پسندیدہ مسافت قصر یہی ہے۔ نیز فرمایا کہ بستی

Marfat.com

کی آبادی سے نکل کر قصر شروع کرے اور واپسی پر بستی میں داخل ہونے پر نماز مکمل پڑھے۔"

مکہ مکرمہ سے جدہ کا فاصلہ ۷۲ کیلومیٹر ہے اور مکہ سے طائف کا فاصلہ تقریباً ۸۸ کیلومیٹر جب کہ مکہ اور عسفان کی درمیانی مسافت ۸۰ کیلومیٹر ہے۔

كان ابن عمر وابن عباس رضى الله عنهم يقصران ويفطران فى أربعة برد وهى ستة عشر فرسَخاً

(بخاری: فی کم یقصر الصلاۃ)

"حضرت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم چار برد کے لمبے سفر میں نماز قصر پڑھتے اور روزہ افطار کرتے اور چار برد سولہ فرسخ کے برابر ہوتے ہیں۔"

(اور ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے ۴ برد = ۱۶ فرسخ ۳○ میل = ۴۸ میل)

عن بن عباس رضى الله عنهما أنه سئل أنقصر الصلاةَ إلى عرفةَ قال لاولٰكن الى عسفان وإلى جدّة و إلى الطائف۔

(صححه ابن حجر) (تلخیص الجیر۔ ج ۲ ص ۴۶۔ صلاۃ المسافرین)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ مکہ سے عرفات تک جاتے ہوئے نماز میں قصر کرلیں؟ آپ نے فرمایا "نہیں" البتہ مکہ سے عسفان، جدہ، طائف جیسے سفر میں قصر کر سکتے ہو۔"

جمہور سلف ومحدثین کا مسلک

حضرات غیر مقلدین کے معروف مفتی مولانا ابوسعید شرف الدین مسافت قصر کی بابت مختلف روایات کے ذکر وتجزیہ کے بعد فتاویٰ ثنائیہ میں لکھتے ہیں:۔

"خلاصہ یہ ہے کہ مسافتِ قصر اڑتالیس میل ہی صحیح ہے نو میل غلط ہے۔

هٰذا والله أعلم ..قال النووى قال الجمهور لايجوز القصر إلاّ فى سفر يبلغ مرحلتين، انتهى۔ (ص ۲۴۲)

یعنی جمہور سلف ومحدثین کا مسلک اڑتالیس میل کے سفر پر قصر ہے اس

Marfat.com

سے کم پر نہیں'' (ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ: فتاویٰ ثنائیہ۔ ج ۱ ص ۴۶۲)

ان سب روایات سے معلوم ہوا کہ ۴۸ میل یا اس سے زائد سفر میں نمازِ قصر شروع ہوجاتا ہے اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مکہ کے لئے رختِ سفر باندھتے تو مدینہ سے باہر ذوالحلیفہ پہنچ کر قصر نماز پڑھتے۔

(۲۴۱) مدّتِ قصر

دوران سفر اگر کسی جگہ پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کی نیت کرلی تو نماز مکمل پڑھے اور اگر پندرہ دن سے کم کی نیت کی ہے تو قصر کرتا رہے اور اگر حتمی پروگرام نہ بن سکے بلکہ آج اور کل کے چکّر میں پندرہ دن کی بجائے انیس دن یا مہینہ بھی قیام ہوجائے تو قصر کرتا رہے، اس لئے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مختلف مدتیں منقول ہیں۔ لیکن حضراتِ صحابہ چونکہ اس کے اسباب وعوامل سے واقف تھے اور ان کے سامنے آپ کی زندگی کا سارا عمل تھا اور خصوصاً زندگی کا آخری عمل۔ اس لئے انہوں نے اس سب کو سامنے رکھتے ہوئے ایک اوسط مقدار ''پندرہ دن'' متعین فرمادی۔ ملاحظہ ہو:

عَن ابن عمر وابن عباس رضی الله عنهم انهما قالاإذا قدمت وفی نفسك أن تقيم بها خمس عشر ليلة فأكمل الصلوة۔ (المغنی ج۲ ص۲۸۸ صلاۃ المسافر)

''حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ جب کسی جگہ تمہارا پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ ہو تو نماز مکمل پڑھو۔''

عن بن عمر رضی الله عنهما أنه قال من أقامَ خمسة عشر يوماً أتم الصلاةَ (ترمذی: فی کم تقصر الصلاۃ)

''حضرت بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جو شخص پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرلے وہ پوری نماز پڑھے۔''

(۲۴۲) جمع بین الصلاتین

یعنی دو نمازوں کو اکٹھا کرکے جیسے ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کو ایک ساتھ پڑھنا

Marfat.com

اس کی دو صورتیں ہیں۔

اوّل

جمع تقدیم یا جمع تاخیر۔یعنی دوسری نماز کا وقت آنے سے پہلے نماز پڑھنا جیسے ظہر وعصر کو ظہر کے وقت میں ایک ساتھ پڑھنا یا پہلی نماز کو مؤخر کر کے دوسری نماز کے وقت میں پڑھنا جیسے مغرب وعشاء کو عشاء کے وقت میں اکٹھا پڑھنا۔

دوم

جمع ظاہری۔یعنی پہلی نماز کو وقت کے آخری حصہ میں اور دوسری نماز کو وقت کے پہلے حصہ میں پڑھ لینا اس میں بظاہر دو نمازیں اکٹھی پڑھی گئیں لیکن دونوں اپنے اپنے مقررہ اوقات میں پڑھی گئیں جیسے ظہر کا وقت ایک بجے سے چار بجے تک ہو اور عصر کا وت چار بجے سے غروب آفتاب تک تو ظہر کو پونے چار بجے اور عصر کو چار بجے پڑھنا۔

(۲۴۳) جمع بین الصلاتین کا کیا حکم ہے؟

اللہ تعالیٰ نے ہر ہر نماز کا وقت متعین فرمایا ہے۔اس لئے قبل از وقت نماز نہیں ہوتی اور بعد از وقت قضاء شمار ہوتی ہے۔

حتیٰ کہ میدان جنگ میں عین لڑائی کے وقت نماز خوف پڑھنے کا حکم ہے نہ یہ کہ نمازوں کو باہم جمع کر کے پڑھا جائے اور اگر لڑائی سخت ہو اور نماز میں اتنی تاخیر ہو جائے کہ اس کا وقت ہی جاتا رہے تو وہ نماز قضاء شمار ہوگی اس کو جمع تاخیر کا عنوان نہیں دیا جا سکتا۔اسی لئے غزوۂ خندق کے موقع پر جب آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کی بعض نمازوں میں تاخیر ہوگئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر افسوس کا اظہار فرمایا، اگر اس کو جمع تاخیر کا عنوان دینا ممکن ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ کیفیت نہ ہوتی۔ارشاد ربانی ہے:۔

إن الصلاة كانت على المؤمنين كتاباً موقوتاً (النساء:۱۰۳)

"بے شک نماز ایمان والوں پر پابندیٔ وقت کے ساتھ فرض ہے۔"

عن أبي قتادة وفيه ...ثم قال أما إنه ليس في النوم تفريط

Marfat.com

إنما التفريط على من لم يصل الصلاة حتى يجيئ وقت الصلاة الأخرى۔ (مسلم: قضاء الفائتة)

"حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ نیند میں گناہ نہیں، گناہ تو یہ ہے کہ کوئی شخص نماز نہ پڑھے تا آنکہ دوسری نماز کا وقت آ جائے۔"

واضح رہے کہ جمع بین الصلوٰتین کی جتنی روایات منقول ہیں وہ جمع ظاہری کی ہیں تمام روایات کے تفصیلی تجزیہ کے بعد یہی نتیجہ نکلتا ہے۔ البتہ دوران حج صرف عرفات میں جمع تقدیم (ظہر کے وقت میں ظہر وعصر) اور مزدلفہ میں جمع تاخیر (عشاء کے وقت میں مغرب وعشاء) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے لہٰذا ان مقامات کے علاوہ اپنے قیاس سے نمازوں کے اوقات میں تقدیم وتاخیر کا اختیار کسی کو نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت اس سلسلہ میں بڑی واضح ہے۔

عن عبدالله رضى الله عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلى الصلوة لوقتها إلا بجمع مزدلفة و عرفات۔ (نسائی)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ بروقت نماز پڑھنے کی تھی مگر مزدلفہ اور عرفات میں جمع کر کے پڑھتے تھے۔"

كتب عمر رضى الله عنه إلى عامل له "ثلاث من الكبائر، الجمع بين الصلوٰتين الا فى عذر، والفرار من الزحف، والنهب۔ بيهقى : ذكر الأثر فى أن الجمع من غير عذر۔

"حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک گورنر کو لکھا کہ تین گناہ بہت بڑے ہیں۔ بلا عذر دو نمازوں کو جمع کر کے پڑھنا میدان جنگ سے بھاگنا اور کسی کی چیز چھیننا۔"

عن عبدالله رضى الله عنه قال مارأيت النبى صلى الله عليه وسلم صلى صلوة بغير ميقاتها إلاّ صلوتين جمع بين

Marfat.com

المغرب والعشاء وصلی الفجر قبل میقاتها۔

(بخاری: کتاب الحج، مَن یصلی الفجر بجمع)

"حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ آپ نے نماز کے اصلی وقت کے بغیر کوئی نماز پڑھی ہو، ہاں دو نمازیں کہ موسم حج میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مغرب وعشاء کو جمع فرماتے اور فجر کو معمول کے وقت سے کچھ پہلے ادا فرماتے۔"

(۲۴۴) جمع ظاہری

اگر سفر کی حالت میں یا کسی اور ضرورت کی وجہ سے جمع ظاہری کرنا چاہے تو اس کی اجازت ہے، چونکہ اس میں پابندیٔ وقت کا لحاظ رہتا ہے۔ عرفات ومزدلفہ کے علاوہ جمع بین الصلاتین کی جو روایات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہیں وہ جمع ظاہری کی ہیں اور اس کا واضح قرینہ یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کو جمع کیا کہ جمع ظاہری کے لحاظ سے یہ ممکن تھا۔ جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی بھی فجر وظہر کو جمع نہیں کیا چونکہ یہاں اوقات کی رعایت نہیں رہتی۔ ملاحظہ ہو۔

عَن أنس أن النبی صلی الله علیه وسلم إذا عجل علیه السفر یؤخر الظهر إلی أول وقت العصر فیجمع بینهما ویؤخر المغرب حتی یجمع بینها وبین العشاء حین یغیب الشفق۔

(مسلم: جواز الجمع بین الصلاتین فی السفر)

"حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سفر کی جلدی ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظہر کو عصر کے ابتدائی وقت تک مؤخر کرتے اور دونوں نمازوں کو جمع کر کے پڑھتے۔ اس طرح غروب شفق تک مغرب کو مؤخر کر کے عشاء کے ساتھ جمع کر کے پڑھتے۔"

یہی وجہ ہے کہ بعض دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خوف وسفر کے عذر کے بغیر بھی جمع ظاہری پر عمل کر لیا کہ ایک نماز کو آخری وقت میں اور دوسری کو ابتدائی وقت میں پڑھ لیا

Marfat.com

تا کہ امت کو اگر ضرورت پڑے تو وہ مشقت میں مبتلا نہ ہو۔ ❶

عن بن عباس رضی الله عنهما قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الظهرَ والعصرَ جمعاً بالمدينة فى غير خوف ولا سفرٍ ،قال ابوالزبير فسألت سعيداً لم فعل ذلك؟ فقال سألت بن عباس كما سألتنى فقال أراد أن لا يحرج أحداً من أمته ۔ (مسلم الجمع بين الصلاتين فى الحضر)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ظہر وعصر کو ملا کر پڑھا، حالانکہ یہ کسی خطرہ یا سفر کی حالت نہ تھی۔ ابوالزبیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید سے پوچھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا کیوں کیا؟ حضرت سعید نے جواب دیا کہ: میں نے بھی یہ بات حضرت ابن عباس سے پوچھی تھی تو انہوں نے بتایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقصد تھا کہ لوگ تنگی میں مبتلا نہ ہوں۔"

---

❶ مشہور غیر مقلد محقق علامہ مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس روایت کی بابت فتاویٰ نذیریہ میں لکھتے ہیں:

"اس حدیث میں جمع بین الصلوٰتین سے مراد جمع صوری ہے یعنی ظہر کو اس کے آخر وقت میں اور عصر کو اس کے اول وقت میں پڑھا وعلیٰ ھٰذا القیاس مغرب وعشاء کو پڑھا۔ اس جواب کو علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ نے پسند کیا ہے اور امام الحرمین رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ترجیح دی ہے اور قدماء میں سے ابن الماجشون اور طحاوی نے اس کے ساتھ جزم کیا ہے اور ابن سید الناس نے اس کو قوی بتایا ہے اس وجہ سے کہ اس حدیث کے راوی ابوالشعثاء (جنہوں نے اس کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے) کا بھی یہی خیال ہے کہ اس حدیث میں جمع سے جمع صوری مراد ہے۔ علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نیل میں لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں جمع سے جمع صوری مراد ہونا متعین ہے۔

(محمد نذیر حسین دہلوی: فتاویٰ نذیریہ ج ۱۔ ص ۴۶۵)

Marfat.com

(۲۴۵) چاند وسورج گہن کی نماز

رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آج سے چودہ سو برس قبل بتایا تھا کہ نظامِ فلکیات اللہ تعالیٰ کے منظم اصولوں کے تابع ہے اور سورج و چاند کا گرہن لگنا عجائبات قدرت اور اس کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے کہ آج اللہ تعالیٰ نے سورج یا چاند کو مکمل یا جزوی طور پر تھوڑے وقت کیلئے بے نور کیا ہے۔ جب چاہے گا مکمل بے نور کر دے گا اور جس طرح یہ گرہن لگانے یا ہٹانے میں کسی کا دخل نہیں اس طرح باقی کائنات میں بھی کسی کا کچھ اختیار نہیں ہے، اس لئے اللہ ہی سے مانگو اسی کے سامنے جھکو اسی سے ڈرو۔ نیز آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت کو خصوصاً اور انسانیت کو عموماً توہم پرستی جاہلانہ افکار کی ظلمتوں سے نکال کر ایک کائناتی حقیقت سے روشناس کرایا کہ کسی کی موت وحیات کے افسوس یا خوشی میں یہ گرہن نہیں لگتا۔

اللہ تعالیٰ نے کائنات کے ہر ذرّہ کو اپنے منظم نظام سے منسلک کر رکھا ہے اور جب وہ خود اس نظام کے تسلسل میں ذرا سا فرق بھی ڈالتے ہیں تو موجودات پر اس کا اثر ایک منطقی عمل ہے کہ کسی کی بینائی ضائع ہوگئی، کسی کا حمل ساقط ہوگیا، کسی پر عجیب وغریب مرض کا حملہ ہوا اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں محفوظ رکھیں جس کو چاہیں مبتلا کر دیں۔

اسی لئے محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جونہی سورج و چاند گرہن لگے، تو خالقِ کائنات کی طرف متوجہ ہو جاؤ، دو رکعت نماز پڑھو، اور اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت میں امن وسلامتی کی دعا مانگو تا آنکہ سورج و چاند اپنی طبعی حالت پر آجائیں۔

عَن أبي مسعود رضی الله عنه أنّ رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ”إنّ الشمس والقمر لاینکسفان لموت أحد

Marfat.com

من الناس ولكنهما آيتان من آيات الله تعالى فإذا رأيتموه فقوموا فصلوا۔ (مسلم: النداء الصلوة الكسوف)

"حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک سورج و چاند کسی کی موت کی وجہ سے بے نور نہیں ہوتے۔ البتہ یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں۔ جب تم یہ کیفیت دیکھو تو اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہو کر نماز پڑھو۔"

عن قبيصة رضى الله عنه قال كسفت الشمس ونحن إذ ذلك مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بالمدينة فخرج فزعاً يجر ثوبه فصلى ركعتين أطالهما (نسائی: صلاة الكسوف)

"حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ مدینہ میں تھے کہ سورج گرہن ہو گیا۔ آپ گھبرا کر جلدی سے باہر نکلے اپنے کپڑے کو کھینچتے ہوئے اور دو رکعتیں خوب لمبی پڑھیں۔"

عن النعمان بن بشير أن النبى صلى الله عليه وسلم قال إذا خسفت الشمسُ والقمرُ فصلوا كأحدث صلوة صليتموها۔ (نسائی: صلوة الكسوف)

"حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب سورج و چاند گرہن ہو جائے تو اس کیفیت پر نماز پڑھو جس طرح تم نے یہ آخری نماز پڑھی ہو۔ (نماز فجر کی طرح)۔"

Marfat.com

(۲۴۶) نماز استسقاء

استسقاء کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ سے بارش مانگنا۔

بارش اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، جب لوگ زیادہ گناہ کرنے لگتے ہیں تو کبھی کبھی تنبیہہ کے لئے اللہ تعالیٰ بارش کو روک دیتا ہے، یا کم کر دیتا ہے۔ جس کا براہِ راست اثر اس علاقہ کی زراعت، معیشت، صحت وصفائی پر پڑتا ہے یہ صرف اسی لئے کہ معاشرہ اپنا احتساب کرے اور اپنے مولیٰ کے حضور پیش ہو کر اپنے قصور کی معافی مانگ لے اور آئندہ کے لئے ارتکابِ گناہ سے باز رہنے کا عہد کر کے بارش کی دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ ضرور بارانِ رحمت نازل فرمائیں گے۔ استسقاء کے مختلف طریقہ منقول ہیں سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ:

(۲۴۷) استسقاء کا پہلا طریقہ

دو رکعت نماز استسقاء باجماعت پڑھے اور جماعت میں سب سے نیک وصالح شخص امامت کرے نماز کے بعد خوب عاجزی وزاری سے گڑگڑا کر دعا مانگے اور نیک فال کے طور پر اپنی اوڑھنے والی چادر کا رخ بدل لے دائیں جانب کو بائیں جانب اور بائیں جانب کو دائیں جانب کر لیں کہ اے اللہ تعالیٰ تو اپنے رحمت والے بادلوں کا رخ ہماری طرف کر دے۔

عن عباد بن تيم عن عمّه قال خرج النبى صلى الله عليه وسلم إلى المصلى فاستسقى واستقبل القبلة وقلّب ردائه وصلى ركعتين۔ (مسلم: صلوة الإستسقاء)

Marfat.com

"حضرت عباد اپنے چچا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مصلیٰ کی طرف تشریف لائے۔ (یہ مسجد سے ایک ہزار فٹ دور کھلی جگہ تھی، فتح الباری) اور بارش کی دعا مانگی۔ قبلہ رخ ہوئے اپنی چادر کا رخ بدلا اور دو رکعت نماز پڑھی۔"

عن أبي هريرة رضى الله عنه قال خرج نبى الله صلى الله عليه وسلم يوماً يستسقى وصلى بنا ركعتين بلا أذانٍ ولا إقامةٍ، ثم خطبنا ودعا الله وحوّل وجهه نحو القبلة رافعا يديه ثم قلّب ردائه۔ فجعل الأيمن على الأيسر والأيسر على الأيمن۔ (ابن ماجة: ماجاء فى صلاة الإستسقاء)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استسقاء کے لئے نکلے اور اذان و اقامت کے بغیر دو رکعت نماز با جماعت پڑھائی۔ پھر ہمیں نصیحت کی اور دعا کی۔ پھر قبلہ رو ہو کر ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی۔ پھر اپنی چادر کا رخ بدلا، دائیں طرف کو بائیں کندھے پر اور بائیں جانب کو دائیں کندھے پر کیا۔"

(۲۴۸) استسقاء کا دوسرا طریقہ

خطبۂ جمعہ کے دوران بارش کے لئے دعا کرنا بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے کہ ایک دفعہ دوران خطبہ ایک دیہاتی شخص نے آ کر بارش نہ ہونے کی شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بارش کیلئے دعا کی۔ فوراً بارش شروع ہوگئی۔ دوسرے جمعہ پھر وہی دیہاتی دوران خطبہ آیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بارش ہوگئی۔ اب رکنے کی دعا فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی کہ:

"اے اللہ بارش کا رخ ٹیلوں، دیواروں اور درختوں کے جھنڈ کی طرف کردے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے بعد ہم دھوپ میں چل رہے تھے۔" (بخاری: الإستسقاء فى المسجد الجامع)

Marfat.com

نماز حاجت

(۲۴۹) زندگی کے علمی یا عملی میدان میں کوئی مشکل درپیش ہوتو یہ کوئی عجیب نہیں، چونکہ مخلوق کی طاقت واختیارات محدود ہیں، لہٰذا ایسی مشکلات کے حل کے لئے ہمیں ایسی ذات کا سہارا لینا ہوگا جس کے سامنے کوئی مشکل مشکل نہ ہو جس کی طاقت وقدرت کی انتہا نہیں اور وہ صرف اللہ جل جلالہٗ کی ذات ہے جس کا کوئی شریک نہیں، چونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر کسی کو مشکلات، مصائب و پریشانیوں کا سامنا ہوتا ہے اور جو خود مبتلائے مشکل ہو اور اپنی مشکل کو حل نہ کرسکا ہو، وہ کسی کی مشکل کشائی کیا کرسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو بدعقیدہ اللہ تعالیٰ کے دروازہ پر حاضر ہونے کی بجائے غیروں کی درگاہوں پر جاتا ہے۔ وہ زندگی بھر یہاں وہاں اِدھر اُدھر کی ٹھوکریں کھاتا ہے اور نامراد رہتا ہے۔ واضح رہے کہ عطاء کرنے والا ہر حال میں صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

لہٰذا ہر مسلمان صرف اللہ تعالیٰ ہی کو اپنا حاجت روا اور مشکل کشا جانتا ہے اور جب کوئی مشکل پیش آتی ہے تو اسی سے مدد چاہتا ہے۔ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نماز خشوع وخضوع سے پڑھ کر خوب عاجزی وزاری سے دعا کرلے یقیناً اللہ تعالیٰ مشکل رفع فرمائیں گے۔

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

عن أبي الدرداء رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم قال: من توضأ فأسبغ الوضوء ثُمَّ صلی رکعتین یتمهما اعطاه الله ما سأل معجلاً أو مؤجلاً۔ (مسند احمد)

"حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اچھی طرح وضو کیا پھر خشوع وخضوع سے دو رکعت نماز پڑھی اللہ تعالیٰ اس کے سوال کو پورا کرے گا اور جلد یا بدیر۔ (جیسے چاہے)۔"

Marfat.com

نماز تسبیح

(۲۵۰) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: اے چچا تمہیں ایک عطیہ، ہدیہ اور تحفہ نہ دوں، کیا تمہیں ایسی دس خصلتیں نہ بتادوں کہ اگر تم ان کو کرلو تو اللہ تعالیٰ تمہارے سب گناہ معاف فرمادے۔ نئے گناہ ہوں یا پرانے، بھول کر کئے ہوں یا جان بوجھ کر چھوٹے ہوں یا بڑے، چھپ کر کئے ہوں یا ظاہراً، وہ دس خصلتیں یہ ہیں کہ تم چار رکعت نماز پڑھو، اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ اور کوئی سورۃ پڑھ لو اور پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ یا سورۃ کے بعد کھڑے ہوکر پندرہ مرتبہ یہ پڑھو:

سبحانَ اللہ والحمد اللہ ولا إلٰہ الا اللہ واللہ أکبر۔

پھر رکوع میں دس مرتبہ اور رکوع سے اٹھ کر دس مرتبہ پڑھو۔ پھر سجدہ میں جا کر دس مرتبہ، سجدہ سے اٹھ کر جلسہ میں دس مرتبہ، پھر سجدہ میں دس مرتبہ، پھر دوسرے سجدہ کے بعد بیٹھ کر دس دفعہ پڑھ کر کھڑا ہو۔ اس طرح ایک رکعت میں کل پچھتر کی تعداد ہوگی اور اس طرح چار رکعتیں مکمل کرو، اگر یہ چار رکعتیں روزانہ پڑھ سکو تو بہت بہتر ورنہ جمعہ میں ایک دفعہ پڑھا کرو۔ اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو ماہانہ پڑھا کرو، ورنہ سال میں ایک مرتبہ ورنہ کم از کم عمر میں ایک مرتبہ تو پڑھ ہی لو۔ (ابوداؤد: صلاۃ التسبیح)

جزء القراءۃ للبخاری: رواہ مختصراً

نماز استخارہ

(۱۵۱) جب بھی کوئی اہم کام درپیش ہو تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر دعائے استخارہ کرتا رہے انشاء اللہ اس کام کے کرنے یا نہ کرنے کی بابت شرح صدر ہوجائے گا۔ یہ نماز اور دعا کسی بھی مناسب وقت میں پڑھی جاسکتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بڑے اہتمام سے یہ عمل حضراتِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بتایا کرتے تھے۔ بعض بزرگان دین کے تجربہ میں یہ بات بھی آئی ہے کہ اگر رات کو سونے سے پہلے سات دن تک یہ عمل کیا جائے تو انشاء اللہ اس دوران متعلقہ کام کی بابت خواب میں کچھ اشارہ ہوجائے گا یا پھر طبیعت کا میلان و

Marfat.com

رجحان کسی ایک طرف ہو جائے گا۔ بس اب وہی کام کرے انشاء اللہ اسی میں خیر و بھلائی ہوگی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں ہر کام میں استخارہ کر لینا سکھاتے تھے۔ جیسے کہ قرآن کی سورۃ سکھاتے ہوں۔ آپ فرماتے کہ تم میں سے جب کوئی کسی اہم کام کا ارادہ کرے، تو دو رکعت نفل نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اللّٰهم إنى استخيرك بعلمك و استقدرك بقدرتك و أسألك من فضلك العظيم فانك تقدر ولا أقدِر و تعلم ولا أعلم و أنت علام الغيوب، اللّٰهم إن كنت تعلم أن هٰذا الامر خير لى فى دينى ومعاشى وعاقبة أمرى (أوقال عاجل أمرى واجله) فاقدره فى يسره ثم بارك لى فيه وإن كنت تعلم أن هذا الامر شر فى فى دينى ومعاشى و عاقبة أمرى (أو قال عاجل أمرى وآجله) فاصرفه عنى واصرفنى عنه و أقدر لى الخير حيث كان ثمّ ارضنى به۔

(بخاری: ماجاء فی التطوع مثنی)

"اے اللہ میں تیرے علم کی مدد سے بہتری کا طالب ہوں اور تیری قدرت کے سہارے (یہ کام کرنے کی) طاقت مانگتا ہوں اور تیرے فضل عظیم کا سوالی ہوں کہ قدرت تیری صفت ہے میری نہیں اور صرف تو ہی علم حقیقی رکھتا ہے میں نہیں اور تو ہی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے اے اللہ اگر تو اس کام کو (جو میں کرنا چاہتا ہوں) میرے لئے بہتر جانتا ہے میرے دین، میری زندگی، اور دنیا و آخرت میں تو اس کام کو میرے مقدر میں کر اور اسے آسان بنا دے اور میرے لئے باعث برکت بنا اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین، میری زندگی میری دنیا و آخرت میں میرے لئے نقصان دہ ہے تو اس کام کو مجھ سے اور مجھے اس کام سے پھیر دے اور جس میں بھی میری بھلائی ہے مجھے اس کی توفیق دے اور میرے دل کو اس سے مطمئن کر۔"

Marfat.com

(دوران دعا ھٰذا الأمر کی جگہ اپنے کام کا ذکر کرے یا دل میں اس کا خیال کرے)۔

نماز توبہ

(۲۵۲) اللہ تعالیٰ نے انسان کو نیکی و بدی دونوں کی صلاحیتیں دی ہیں اور بھلائی و برائی کا راستہ دکھایا تا کہ عملی تمیز ہو جائے کہ کون شخص صدق دل سے رضائے الٰہی اور حصول جنت کا خواہاں ہے اور اس کے لئے عملی جدوجہد کرتا ہے اور کون شخص نفس پرستی کر کے دنیا و آخرت کی کامیابی سے اعراض کرتا ہے۔ حضرات انبیاء علیہم السلام کے علاوہ ہر شخص سے چھوٹی بڑی غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ مسلمان کی شان یہ ہے کہ جب بھی کوئی غلطی یا غلطیاں ہو جائیں تو اپنے مستقبل سے ناامید نہ ہو، بلکہ توبہ کر کے پاک صاف ہو جائے کہ ماضی پر نادم ہو اور آئندہ کے لئے سیدھی راہ پر قائم رہنے کا عہد کرے۔

ارشاد باری ہے۔

قل یعبادی الذین أ سرفوا علی أنفسھم لاتقنطوا من رحمۃ اللہ إنّ اللہ یغفر الذنوبَ جمیعاً إنّہ ھو الغفور الرحیم. (الزمر:۵۳)

"آپ کہہ دیجئے میرے ان بندوں سے جو اپنے آپ پر زیادتی کر چکے ہیں کہ اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہوں یقینا اللہ تعالیٰ سب گناہوں کو بخش دے گا کہ وہی بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔"

وإنی لغفّار لمن تاب وآمن وعمل صالحاً ثمّ اھتدیٰ. (طٰہٰ)

"میں ایسے لوگوں کو بخشنے والا ہوں جو توبہ کرتے ہیں ایمان لاتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں۔"

الغرض اسلام میں توبہ کا بڑا سیدھا اور آسان راستہ ہے جس کے لئے کسی واسطہ، سہارے یا سفارش کی ضرورت نہیں (یہاں ایسا کوئی تصوّر نہیں کہ جب تک پادری کے سامنے گناہوں کا اعتراف نہ کیا جائے اور مغفرت چیک پر دستخط نہ کرائے جائیں توبہ قبول

Marfat.com

نہ ہوگی اور جنت میں داخلہ نہ ہوگا۔)

بہتر ہے کہ دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعا مانگے۔ ملاحظہ ہو۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس سے گناہ سرزد ہو جائے اور وہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ کر استغفار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔

ترجمہ: "اور یہ وہ لوگ ہیں کہ جب کوئی بے جا حرکت کر بیٹھتے یا اپنے ہی حق میں کوئی ظلم کر ڈالتے ہیں تو اللہ کو یاد کر لیتے ہیں اور اپنے گناہوں سے معافی طلب کرنے لگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سوا ہے کون جو گناہوں کو بخشتا ہو اور یہ لوگ اپنے کئے پر اصرار نہیں کرتے۔ درآنحالیکہ وہ جان رہے ہوں۔" (ابوداؤد: باب الاستغفار)

Marfat.com

نماز جنازہ

(۲۵۳) دنیا میں ہر انسان کی زندگی طے شدہ ہے۔ مقررہ وقت پر اسے دنیا سے قبر والے گھر کی طرف منتقل ہونا ہے اس انتقال کا طبعی صدمہ میت کے احباب واقرباء کو ہوگا۔ اس پریشانی کے عالم میں ضرورت ہے کہ ہر کام شریعت کی ہدایات کے مطابق ہو اور مبتدعانہ رسوم وقبائلی رواج سے مکمل اجتناب کیا جائے، ورنہ سب محنت اکارت جائے گی اور بجائے ثواب کے گناہ ہوگا۔

آخری لمحات کا مسنون عمل

(۲۵۴) جب حالات سے ظاہر ہو کہ موت قریب ہے تو گھر کے ذمہ دار حضرات کو چاہئے کہ مریض کے قریب آہستہ آہستہ آواز سے کلمہ دہرائیں تا کہ مبتلائے موت کو بھی خیال آجائے اور وہ بھی پڑھ لے، واضح رہے کہ اس تکلیف دہ وقت میں اس کو پڑھنے کا حکم نہ دیں کہ شیطان اس وقت میں گمراہ کرنے کی بھرپور کوشش میں ہوتا ہے۔ نیز تکلیف اور ہوش وحواس قائم نہ رہنے کے سبب کہیں وہ انکار نہ کر دے۔

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقّنوا موتاكم لا إله الا الله (مسلم: تلقين الموتى)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اپنے مرنے والوں کو لا إله إلا الله کی تلقین کیا کرو۔"

عن معاذ بن جبل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كان آخر كلامه لا إله إلا الله دخل الجنة۔

(ابوداؤد)

Marfat.com

"حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس کا آخری کلام لاإله إلا الله ہوگا وہ جنت میں جائے گا۔"

موت کے بعد مسنون عمل

(۲۵۵) مرنے کے بعد اگر میت کی آنکھیں کھلی ہوں تو بند کر دیں۔ ٹھوڑی کو پٹی سے باندھ دیں۔ اعضاء کو سیدھا کر دیا جائے اور چونکہ اس وقت اللہ کے خاص فرشتے موجود ہوتے ہیں اور دعا کرنے والوں کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔ لہٰذا ان کو یا کسی کو بددعا نہ دی جائے۔ نیز با آواز بلند اور مختلف لہجوں کے ساتھ رونے سے گریز کیا جائے کہ اس سے میت کو تکلیف ہوتی ہے۔

عن أم سلمة رضی الله عنها قالت دخل رسول الله صلی الله علیه وسلم علی أبی سلمة وقد شقّ بصره فأغمضه ثم قال إن الروح إذا قبض تبعه البصر، فضبح ناس من أهله فقال لاتدعوا علی انفسکم اِلاّ بخیر فإنّ الملائکة یؤمّنون علی ما تقولون ثم قال ''اللّٰهم اغفر لأبی سلمة وارفع درجته فی المهدیین واخلفه فی عقبه فی الغابرین، واغفر لنا وله یا رب العالمین وافسح له فی قبره ونوّر له فیه۔ (مسلم: باب فی اغماض المیت)

"حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ابوسلمہ کی وفات کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو ابوسلمہ کی کھلی ہوئی آنکھوں کو بند کیا اور فرمایا کہ جب روح لے جائی جاتی ہے تو آنکھ اس کو دیکھتی رہتی ہے۔ پھر جب اہل وعیال کے جذبات قابو سے باہر ہونے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ صرف اچھی دعائیں کرو چونکہ اس وقت فرشتے بھی تمہاری دعا پر آمین کہہ رہے ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا کی اے اللہ ابوسلمہ کی مغفرت فرما مہدیین میں اس کے درجات بلند فرما۔ اس کے بعد اس کے اہل وعیال کو اچھا جانشین

Marfat.com

عطا فرما، اے جہانوں کے ربّ ہماری اور اس کی مغفرت فرما، اس کی قبر کشادہ اور روشن کر دے۔"

عن عمر رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: المیت یعذب فی قبره بما نیح علیه، وفی روایة قال إن المیت یعذب ببکاء أهله علیه (مسلم: المیت یعذب ببکاء أهله)

"حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نوحہ گری کی وجہ سے میت کو قبر میں عذاب ہوتا ہے اور دوسری روایت میں ہے کہ گھر والوں کی رونے پیٹنے کی وجہ سے میت کو عذاب ہوتا ہے۔"

جنازہ کی نماز

(۲۵۶) جتنی جلدی ہو سکے میت کو غسل، کفن کے بعد چار تکبیروں کے ساتھ نماز جنازہ کا اہتمام کیا جائے۔ پہلی تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ کر ثناء (سبحانك اللهم) یا بطور حمد و ثناء سورۃ فاتحہ پڑھے۔ دوسری تکبیر کے بعد ہاتھ اٹھائے بغیر درود پڑھے اور تیسری تکبیر کے بعد میت کے لئے دعا مانگے اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دے۔

عن أبی هریرة رضی الله عنه قال نعی النبی صلی الله علیه وسلم إلی أصحابه النجاشی ثم تقدم فصفوا خلفه فکبّر اربعاً۔ (بخاری: الصفوف علی الجنازة)

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کو نجاشی کی وفات کی خبر دی، پھر آپ آگے بڑھے۔ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے صف بندی کی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چار تکبیریں کیں۔"

پہلی تکبیر کے بعد حمد و ثنا

(۲۵۷) نماز جنازہ دراصل میّت کے لئے دعا ہے، اس دعا کی تمہید کے طور پر پہلے حمد و ثنا و

Marfat.com

درود پڑھ کر مدعیٰ پیش کیا جاتا ہے اس لئے پہلی تکبیر کہہ کر ہاتھ کانوں تک اٹھا کر باندھ لے اور ثنا (سبحانك اللّٰهم) پڑھے یا پھر حمد وثنا کے طور پر سورہ فاتحہ پڑھ لے (جیسے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے پڑھا) چونکہ نماز جنازہ میں قرأت نہیں ہے (جیسا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے) یہی وجہ ہے کہ ثنا آہستہ پڑھی جاتی ہے۔ چونکہ پوری دعا کا آہستہ کرنا ہی پسندیدہ ہے۔

عن سعيد بن أبي سعيد المقبرى عن أبيه أنه سأل أبا هريرة كيف تصلى على الجنازة فقال ابوهريرة أنا لعمر الله أخبرك اتبعها من أهلها فاذا وُضعت كبرت وحمدتُ الله وصليت على نبيه ثم أقول: اللّٰهم عبدك وابن عبدك ۱۲
(مؤطا مالك: مايقول المصلى على الجنازة)

حضرت سعید کے والد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ نماز جنازہ کیسے پڑھتے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بخدا میں تمہیں بتاتا ہوں۔ میں اس کے گھر سے اس کے ساتھ چلوں گا۔ جب جنازہ رکھ دیا جائے تو میں تکبیر کہہ کر حمد وثنا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھوں گا۔

اللّٰهم عبدك وبن عبدك. قال بن مسعود رضى الله عنه أنّ النبى صلى الله عليه وسلم لم يوقت فيها قولاً ولا قراءة. (المغنى. الجنائز)

نیز حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز جنازہ میں کوئی خاص کلام یا خاص قرأت متعین نہیں فرمائی۔

دوسری تکبیر کے بعد درود شریف

(۲۵۸) ثنا کے بعد دوسری تکبیر کہے امام ومقتدی سب ہاتھ باندھے رہیں بار بار کانوں تک نہ اٹھائیں اور تکبیر کے بعد درود شریف پڑھیں۔

Marfat.com

تیسری تکبیر کے بعد دعا

(۲۵۹) حمد وثنا وصلوٰۃ کے بعد اب تیسری تکبیر کے بعد میت کے لئے دعا پڑھے۔
ابوابراہیم اشہلی کے والد کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنازہ پر یہ دعا پڑھتے تھے۔

اللّٰھم اغفر لحینا ومیتنا وشاھدنا وغائبنا وصغیرنا و کبیرناو ذَکرنا وأنثانا أللّٰھم مَن أحییتَه مِنّافأحیه علی الاسلام ومَن توفّیته منّا فتوفَّه علی الایمان۔ (مصنف عبدالرزاق:القرأۃ والدعاء) (ترمذی: مایقول فی الصلوۃ علی المیت)

"اے اللہ تعالیٰ ہمارے زندوں اور مردوں کو بخش دے۔ ہمارے حاضر و غائب کو بخش دے۔ ہمارے چھوٹوں بڑوں کو بخش دے۔ ہمارے مردوں عورتوں کو بخش دے اے اللہ تو ہم میں سے جس کو بھی زندہ رکھے اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جس کو موت دے ایمان کی حالت میں موت دے۔"

نابالغ میّت کی دعا

(۲۶۰) اگر میت نابالغ بچہ کی ہو تو دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ہمارے لئے آخرت میں اجر وثواب کا سبب بنادے۔ (بخاری: قراءۃ فاتحۃ الکتاب علی جنازۃ)

اور چونکہ نابالغ بچہ احکام کا مکلف نہیں ہوتا لہٰذا دعاءِ مغفرت کی ضرورت نہیں بس یہ دعا پڑھے۔

اللّٰھم اجعله لنا فرطا واجعله لنا أجرًا وّذخراً واجعله لنا شافعاً ومشفّعاً۔

اور اگر وہ میّت نابالغ بچی کی ہو تو یہ دعا پڑھے۔

اللّٰھم اجعلها لنا فرطاً واجعلها لنا اجرًا وذخرًا واجعلها لنا شافعةً ومشفعة۔

"اے اللہ اس بچہ کو ہمارا پیش رو بنادے اور اسے ہمارے لئے باعث

Marfat.com

اجروذخیرہ بنااوراسے ہماری سفارش کرنے والا بنااوراس کی سفارش کو قبول فرما۔"

چوتھی تکبیر کے بعد سلام

(۲۶۱) قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلوا علی النجاشی سماها صلوة لیس فیها رکوعٌ ولا سجودٌ ولایتکلم فیها تکبیرٌ وتسلیمٌ۔ (بخاری: سنة الصلوة علی الجنائز)

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ نجاشی پر نماز پڑھو، یہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو نماز کہا ہے جس میں رکوع سجدہ نہیں ہے اور اس میں گفتگو کی اجازت بھی نہیں بس اس میں تکبیرات ہیں اور سلام پھیرنا ہے۔"

رفع یدین

(۲۶۲) پہلی تکبیر کے علاوہ رفع یدین نہ کرے۔

روی ان بن عباس رضی اللہ عنہما کان یرفع یدیه فی تکبیرة الاولی ثُمّ لاَ یرفع بعدو کان یکبر اربَعاً۔ ورَوی ذلك عن ابن مسعود رضی اللہ عنہما۔

(مصنف عبدالرزاق: رفع یدین فی التکبیر...)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے منقول ہے وہ نماز جنازہ میں صرف پہلی تکبیر میں رفع یدین کرتے تھے بعد میں نہیں اور کل چار تکبیریں کہتے تھے۔ خود علامہ وحیدالزماں بھی یہی کہتے ہیں ملاحظہ ہو:۔

ولا یرفع یدیه إلاّ فی التکبیرة الأولی۔

(نزول الأبرار۔ ج۱۔ ص۱۷۴)

نماز جنازہ میں صرف پہلی تکبیر کہتے وقت ہاتھ اٹھائے بعد میں نہیں۔

Marfat.com

"عَن عَائشة رضی الله عنها عنِ النبی صلی الله علیه وسلم قال لایموت أحدٌ مِن المسلمین فتصلی علیه أمة مِنَ المسلمین یبلغون أن یکونوا مأة فیشفعواله إلاّ شفعوافیه۔"

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی مسلمان فوت ہواوراس پرایک سو کے قریب مسلمان جنازہ پڑھیں اوراس کی مغفرت کی سفارش کریں۔تو ان کی یہ سفارش قبول ہوگی۔"

غائبانہ نماز جنازہ

(۲۶۳) اگرکوئی مسلمان ایسے علاقہ میں فوت ہوجائے جہاں اس کی نماز جنازہ ادانہیں کی گئی،تو ایسے شخص کی نماز جنازہ پڑھنا مسنون ہے۔ چونکہ شاہ حبشہ نجاشی فوت ہوئے تو وہاں کوئی اور مسلمان نہ تھا لہٰذا خود آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی غائبانہ نماز ادا فرمائی۔ ملاحظہ ہو۔

عن أبی هریرة رضی اللہ عنہ أنّ رسول الله صلی الله علیه وسلم نعی النجاشی فی الیوم الذی ماتَ فِیه خَرج إلی المصلی فصف بهم و کبّر أربعاً۔ (بخاری: الرجل ینعی)

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کونجاشی کے فوت ہوجانے کی خبردی، پھر باہر نکل کر صف بندی کی اور چار تکبیریں کہہ کرنماز پڑھی۔"

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس کا جنازہ نہ ہوا ہواس کی غائبانہ نماز پڑھی جائے گی۔البتہ جس کا جنازہ ہوچکا اس کی غائبانہ نماز نہیں پڑھی جائے گی چونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتِ مبارکہ سے یہ عمل ثابت نہیں ہے۔حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہت سے جان نثار صحابہ رضی اللہ عنہم دور دراز علاقوں میں فوت ہوئے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی کا غائبانہ جنازہ نہیں پڑھا۔

Marfat.com

ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا تجزیہ

(۲۶۴) علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

الصواب أنّ الغائب إذا مات ببلد لم يصل عليه فيه صلى عليه صلوة الغائب كما صلى النبى صلى الله عليه وسلم على النجاشى لأنّه مات بين الكفار ولم يصل عليه وأن من صلى عليه حيث مات لم يصل عليه صلاة الغائب، لأنّ الغرض قد سقط بصلاة المسلمين والنبى صلى الله عليه وسلم صلى على الغائب وتركه،وفعله سنةٌ لهٰذا له موضع وهٰذا له موضع۔ (زاد المعاد ج۱ ص۵۲۰) ◆۱

"صحیح بات یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ایسے شہر میں فوت ہو جہاں اس کا جنازہ نہیں پڑھا گیا تو اس کی غائبانہ نماز پڑھی جائے گی۔ چونکہ نجاشی کفار کے علاقہ میں فوت ہوئے جہاں ان کا جنازہ پڑھنے والا کوئی نہ تھا۔ لہٰذا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی غائبانہ نماز جنازہ ادا

◆۱ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کی اس واضح سنت اور طریقہ کے باوجود پھر بھی بعض لوگ ہر موقع پر غائبانہ نماز جنازہ پڑھتے ہیں اور نجاشی کے واقعہ کو بنیاد بناتے ہیں۔

تجزیہ

(۱) نجاشی کی غائبانہ نماز اسی لئے ادا کی گئی کہ ان کا جنازہ نہیں پڑھا گیا تھا۔ لہٰذا اس واقعہ سے ایسے شخص کے غائبانہ جنازہ کا استدلال نہیں کیا جا سکتا جس کا جنازہ ہو چکا ہو، چونکہ ایک دوسرے کی حالت و کیفیت باہم مختلف و برعکس ہے۔

(۲) آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس موقع پر جو کچھ کیا ہے وہاں وہی کچھ کرنا سنت ہے اور یہ تو ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نجاشی کے علاوہ کسی کا غائبانہ جنازہ نہیں پڑھا لہٰذا عام حالات میں غائبانہ جنازہ حدیث سے ثابت نہیں، واضح رہے کہ اس سلسلہ میں معاویہ بن معاویہ رضی اللہ عنہ کی بابت جو روایت بیان کی جاتی ہے وہ بالکل صحیح نہیں، ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ نے یہی لکھا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (زاد المعاد ج۱ ص۵۲۰)

Marfat.com

فرمائی البتہ جس شخص کا جنازہ پڑھا جا چکا ہو اس کا غائبانہ جنازہ نہیں پڑھا جائے گا۔ چونکہ ایک نماز سے فرض پورا ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی ایسے شخص کی غائبانہ نماز نہیں پڑھی۔ جب کہ ایک اور موقع پر آپ کا غائبانہ جنازہ پڑھنا ثابت ہے۔ لہٰذا یہ دونوں عمل اپنی اپنی جگہ سنت ہیں۔ اور موقع محل کے مطابق ہر سنت پر عمل ہوگا۔"

خاتمۃ الکتاب

(۲۶۵) آج یہ دل تشکر و امتنان کے جذبات سے لبریز ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نماز پیمبرؐ لکھنے کی توفیق سے نوازا جس کا علمی مواد مدینہ منورہ میں جمع کیا ترتیب و تدوین کا آغاز بیت اللہ کے سایہ میں مقام ابراہیم سے قریب ہوا۔ کچھ ابتدائی حصّہ اور آخری مباحث مسجد نبوی ریاض الجنۃ میں بیٹھ کر لکھے گئے۔ جس کی تکمیل آج بیت اللہ کے سایہ میں ہو رہی ہے۔ الحمد للہ رب العالمین۔

گذشتہ صفحات سے واضح ہے کہ اس کتاب کا مرکز و محور قرآن کریم، احادیث صحیحہ، اور آثار صحابہ ہیں۔ اس سے یہ حقیقت بھی سامنے آئی کہ یہ نماز سنت کے عین مطابق ہے اور یہ حقیقت بھی واضح ہو گئی کہ فقہ حنفی کا مبدأ، ماخذ و مرکز قرآن و سنت و آثار صحابہ ہیں نیز بعض سطحی نظر رکھنے والوں کا یہ شبہ اور بعض علماء کا یہ مغالطہ بھی ختم ہوا کہ فقہ حنفی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی آراء کا مجموعہ ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن و سنت، حضراتِ صحابہ رضی اللہ عنہم و اسلاف امت رحمۃ اللہ علیہم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ فہم سلیم عطا فرمائے اور اسلاف کی مخالفت و عداوت ان کے ساتھ بغض و کینہ رکھنے سے اور نفس پرستی سے بچائے۔ آمین

یارب العالمین، والحمد للہ رب العالمین

Marfat.com

نمازِ پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم

جس میں مسائلِ نماز کو قرآنِ مجید، احادیثِ مُبارکہ اور آثارِ صحابۂ کرام علیہم الرضوان سے مُدلّل کیا گیا ہے

تالیف: الشیخ مُحمد الیاس فیصل مدینہ منورہ

مکتبہ قاسمیہ

Marfat.com